# نسب الصالحین



حاجی جہانداد خان اعوان

# تصدیق شدہ مستند شجرہ نسب علوی اعوان (بنی عون)

جناب محبت حسین اعوان چیئرمین ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کی سرپرستی میں 1975ء سے تحقیقی کام جاری ہے۔ الحمدللہ ادارہ تحقیق الاعوان کے پلیٹ فارم سے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تاریخ سے متعلق درجنوں کتب شائع کی جاچکی ہیں۔ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی صدیوں پرانی قدیم روایات کہ اعوان حضرت محمد حنفیہؒ کی اولاد سے ہیں دوسری صدی ہجری سے تاحال قدیم عربی و فارسی کتب اور تراجم کے اب تک بے شمار نسخہ جات دستیاب ہوئے ہیں جن سے یہ تصدیق ہوا کہ عون کی وجہ سے اعوان ہے اور عون بن علی کی اولاد دوسری صدی ہجری کی کتاب نسب قریش عربی صفحہ 77 اور ساتویں صدی ہجری کی کتاب المنتخب فی نسب قریش وخیار العرب کے صفحہ 26 کے مطابق "بنی عون" ہے اور منبع الانساب فارسی 830 ہجری کے مطابق عون کا عرف قطب غازی ان کی ساتویں پشت سے سالار مسعود غازی قطب شاہی علوی اعوان شہید 424ھ بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن محمد غازی بن شاہ غازی بن محمد آصف غازی بن عون عرف قطب غازی تھے جو سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے۔ صدیوں پرانی روایات سے یہ تصدیق ہوا کہ عون کی وجہ سے اعوان اور قطب غازی کی وجہ سے قطب شاہی اور حضرت علیؓ کی اولاد ہونے کی وجہ سے یہ قبیلہ قطب شاہی علوی اعوان کہلاتا ہے۔ ذیل میں جگہ کی قلت کی وجہ سے صرف 24 کتب کے حوالہ جات سے شجرہ نسب ترتیب دیا گیا ہے نیز سینکڑوں کتب جو ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کی لائبریری میں موجود ہیں بطور حوالہ پیش کی جاسکتی ہیں۔ جن میں تہذیب الانساب عربی 449ھ، منتقلۃ الطالبیہ 471ھ قابل ذکر ہیں۔

| (1) | (2) | (3) | (4) | (5) | (6) | (7) | (8) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب نسب قریش عربی (156ھ-236ھ) ابی عبداللہ المصعب صفحہ 77 | کتاب المعقبین عربی (214ھ-277ھ) ابی الحسن یحییٰ ص 101 | جمہرۃ الانساب العرب عربی (384ھ) ابی محمد علی بن احمد صفحہ 59 | تہذیب الانساب ونہایۃ الانساب عربی 449ھ ابی الحسن محمد ص 74-273 | منتقلۃ الطالبیہ عربی 471ھ ابی اسماعیل ابراہیم طباطبا ص 303،352 | المنتخب فی نسب قریش و اخبار العرب عربی (656ھ) ابی عبداللہ بن عیسیٰ صفحہ 26 | منبع الانساب فارسی (830ھ) سید معین الحق جھونسوی ص (103)363 | بحر الانساب عربی (900ھ) تالیف السید محمد بن احمد صفحہ 245 |
| ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب |
| علی | علی | علی | علی | علی | علی | علی المرتضیٰ | علی |
| محمد الاکبر [محمد حنفیہ] | محمد بن الحنفیہ | محمد بن الحنفیہ | محمد [حنفیہ] | محمد [حنفیہ] | محمد الاکبر [محمد حنفیہ] | ابوالقاسم محمد حنیف | محمد بن الحنفیہ |
| علی | علی | علی | علی | علی | علی | علی عبدالمنان | علی بن غوث |
| عون | عون | عون | عون | عون | عون | عون عرف قطب غازی | عون |
| محمد [احصل] | محمد | | محمد احصل | محمد احصل | محمد [احصل] | محمد آصف غازی | محمد |
| "بنی عون" | | | علی | علی | قبیلہ "بنی عون" | شاہ علی غازی | علی |
| | | | محمد [غازی] احمد [غازی] | محمد احمد الحسین یمینی | | شاہ محمد غازی | محمد احمد الحسین یحییٰ الحسن علی |
| | | | | | | طیب غازی | |
| | | | | | | طاہر غازی | |
| | | | | | | عطاءاللہ غازی | |

مندرجہ بالا شجرہ نسب کی وضاحت اور حوالہ جاتی کتب کے لیے رابطہ فرمائیں محمد کریم اعوان 0312-9206639

| (9) | (10) | (11) | (12) | (13) | (14) | (15) | (16) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرآت مسعودی فارسی (1037ھ) عبدالرحمن چشتی ص 7 | تاریخ حیدری اردو (1909ء) مولوی حیدر علی اعوان ص 7 | بحر الجمان اردو (1332ھ) سید محبوب شاہ داتا صفحہ 135 | تحقیق الاعوان (1966ء) ایم خواص خان گولڑہ اعوان صفحہ 148، 156 | تاریخ علوی اعوان (1999ء) محبت حسین اعوان صفحہ 347، 370 | علامہ یوسف جبریل علوی اعوان قبیلہ ص 10، انگلش بک USA ص 637 | حقیقت الاعوان (2002ء) صوبیدار (ر) محمد رفیق علوی صفحہ 32، 52 | تاریخ سادات وعلوی اعوان مشائخ (2001ء) زین العابدین علوی ص 14، 33 |
| ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب |
| علی | علی | علی | علی | حضرت علیؓ | علی | حضرت علی کرم اللہ وجہہ | علی |
| محمد حنفیہؒ | محمد [محمد حنفیہ] | ابوالقاسم محمد الاکبر | محمد الحنفیہ | محمد الاکبر [محمد حنفیہ] | محمد الحنفیہ | ابوالقاسم محمد حنفیہ | محمد بن الحنفیہ |
| [علی] عبدالمنان | عبدالمنان غازی | علی | علی عبدالمنان | علی عبدالمنان | عبدالمنان | عبدالمنان غازی | علی |
| بطل غازی | بطل غازی | عون عرف قطب غازی بابا | عون عرف قطب غازی بابا | عون عرف قطب غازی | بطل غازی | بطل غازی | عبدالمنان عون سکندر غازی |
| محمد آصف [احصل] | محمد محمد آصف [احصل] | محمد آصف غازی | محمد آصف غازی | آصف غازی | آصف غازی | محمد آصف غازی | شاہ بطل غازی |
| عمر [علی] غازی | عمر [علی] غازی | شاہ غازی | شاہ عمر [علی] | شاہ غازی | عمر غازی | عمر غازی | شاہ عمر غازی |
| محمد غازی | محمد غازی | شاہ محمد غازی | شاہ محمد غازی | شاہ محمد غازی | محمد غازی | محمد غازی | شاہ محمد غازی |
| طیب غازی | طیب غازی | طیب غازی | شاہ طیب غازی | طیب غازی | طیب غازی | طیب غازی | شاہ طیب غازی |
| طاہر غازی | طاہر غازی | طاہر غازی | شاہ طاہر غازی | طاہر غازی | طاہر غازی | طاہر غازی | شاہ طاہر غازی |
| عطاءاللہ غازی | میر عطاءاللہ غازی | عطاءاللہ غازی | عطاءاللہ غاز | عطاءاللہ غازی | عطاءاللہ غازی | عطاءاللہ شاہ غازی | عطاءاللہ شاہ غازی |
| سالار ساہو غازی (دادا) | میر قطب حیدر | سالار ساہو غازی | میر قطب حیدر (قطب شاہ) | قطب حیدر شاہ | قطب حیدر شاہ غازی | سالار میر قطب شاہ غازی | حضرت قطب شاہ غازی |
| سالار مسعود غازی | | سالار مسعود غازی | 11 فرزندان | 11 فرزندان | | 9 فرزندان | مزمل علی کلگان |

| (17) | (18) | (19) | (20) | (21) | (22) | (23) | (24) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاریخ اعوان (2009ء) محمد سرور خان اعوان صفحہ 163، 241، 247 شجرہ 27 | تاریخ قطب شاہی علوی اعوان (2015) محمد کریم اعوان بحوالہ تاریخ اعوان ص 6 | سوانحیات ملک قطب حیدر شاہ (2014) حافظ ریاض سیالوی ص 26 | متاع رفتہ (تواریخ ہزارہ ایک نظر میں) پروفیسر بشیر احمد سوز | تاریخ نیازی قبائل (2014) اقبال خان نیازی ص 1175 | رحیل کارواں (2019) آمین یوسف زئی صفحہ 434 | اعوان شخصیات ہزارہ (2019) محمد عظیم شاد صفحہ 4 | حضرت بابا سجاول علوی قادریؒ تاریخ کے آئینے میں (2019) محمد کریم اعوان ص 9 |
| ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب | ابی طالب |
| علی | حضرت علی کرم اللہ وجہہ | حضرت علی کرم اللہ وجہہ | حضرت علی کرم اللہ وجہہ | حضرت علیؓ | حضرت علی کرم اللہ وجہہ | حضرت علی کرم اللہ وجہہ | حضرت علی کرم اللہ وجہہ |
| محمد حنفیہؒ | محمد الاکبر [محمد حنفیہ] | حضرت محمد بن حنفیہؒ | محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) | محمد الاکبر [محمد حنفیہ] | حضرت محمد حنفیہؒ | حضرت محمد حنفیہؒ | حضرت محمد حنفیہؒ |
| علی | علی عبدالمنان | غازی عبدالمنان | علی عبدالمنان | علی | غازی عبدالمنان | علی عبدالمنان | علی عبدالمنان |
| عون عرف قطب غازی بابا | عون قطب غازی | غازی بطلؒ | عون عرف قطب غازی | بطل (بطال) | عون قطب غازی | عون عرف قطب غازی لقب بطل | عون عرف قطب غازی لقب بطل |
| محمد آصف غازی | محمد آصف (احصل) غازی | ملک آصف | محمد آصف غازی | محمد آصف غازی | محمد آصف غازی (محمد احصل) | محمد آصف غازی | محمد آصف غازی |
| سید شاہ غازی | شاہ غازی | غازی عمرؒ | شاہ علی غازی | عمر غازی | شاہ علی غازی | شاہ علی غازی | شاہ علی غازی |
| محمد غازی | شاہ محمد غازی | غازی محمدؒ | شاہ محمد غازی | شاہ محمد غازی | شاہ محمد غازی | محمد غازی | شاہ محمد غازی |
| طیب غازی | طیب غازی | غازی طیبؒ | طیب غازی | طیب غازی | طیب غازی | طیب غازی | شاہ طیب غازی |
| طاہر غازی | طاہر غازی | غازی طاہرؒ | طاہر غازی | طاہر غازی | طاہر غازی | طاہر غازی | شاہ طاہر غازی |
| عطاءاللہ غازی | عطاءاللہ غازی | غازی نوراللہ (عطاءاللہ) | عطاءاللہ غازی | ابوعلی عرف عطاءاللہ غازی | عطاءاللہ غازی | عطاءاللہ شاہ غازی | عطاءاللہ شاہ غازی |
| شاہو غازی، میر قطب حیدر | سالار میر قطب حیدر | حضرت ملک قطب شاہ | سالار قطب حیدر شاہ غازی | میر قطب حیدر شاہ علوی اعوان | قطب حیدر شاہ غازی | سالار میر قطب شاہ غازی | حضرت قطب شاہ غازی |
| ص 163، 9 بیٹے | 11 فرزندان | گیارہ فرزندان | | 11 فرزندان | گیارہ فرزندان | 9 فرزندان | 11 فرزند |

ابی طالب
↓
حضرت علی کرم اللہ وجہہ
↓
حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ
↓
علی عبدالمنان
↓
عون عرف قطب غازی لقب بطل غازی (قطب شاہ بابا)
↓
محمد آصف غازی
↓
شاہ علی غازی
↓
شاہ محمد غازی
↓
طیب غازی
↓
طاہر غازی
↓
عطاءاللہ غازی
↓
قطب حیدر شاہ غازی علوی (قطب شاہ ثانی)

عبداللہ گولڑہ، محمد شاہ کنڈان، مزمل علی کلگان، محمد علی، بہادر علی، نجف علی، زمان علی، جہان شاہ، فتح علی، نادر علی، کرم علی

نوٹ: قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہ نسب کی تصدیق کے لیے یہاں چند کتب کا حوالہ دیا گیا ہے جب کہ ان کے علاوہ سینکڑوں کتب ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کی لائبریری میں موجود ہیں جن کی عکسی نقول عند الطلب مہیا کی جاسکتی ہیں

جملہ حقوق محفوظ

کتاب　نسب الصالحین

تصنیف و تالیف　حاجی جہانداد خان اعوان

تاریخ اشاعت　ستمبر 2000ء

تعداد اشاعت　1000

قیمت　250.00 روپے

شجرہ کتابت　آزاد دار الخطاطی اردو بازار راولپنڈی
فون 5534538

پرنٹر　فیض الاسلام پرنٹنگ پریس راولپنڈی

ڈیزائننگ　ظفر حسین آزاد

کمپوزنگ　ملک طارق زمان

حاجی جہانداد خان اعوان
مقام وڈاکخانہ نالیاں پلندری آزاد کشمیر

## انتساب

والدہ (مرحومہ) کے نام
جن کے قدموں تلے
جنت ہے

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | پیش لفظ | ۱۰ |
| | **باب اول** | |
| ۲ | ابتدائیہ | ۱۷ |
| ۳ | اعوانوں کا نسبی تعلق | ۱۹ |
| ۴ | حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی<br>ولادت، بعثت اور دنیا سے پردہ داری | ۲۱ |
| ۵ | حضور ﷺ کی مدنی زندگی | ۲۵ |
| ۶ | امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ | ۲۹ |
| ۷ | حضرت فاطمہ سے نکاح | ۳۱ |
| ۸ | غزوات | ۳۲ |
| ۹ | بیعت خلافت | ۳۵ |
| ۱۰ | جنگ جمل | ۳۷ |
| ۱۱ | جنگ صفین | ۳۸ |
| ۱۲ | خارجی فرقہ کی بنیاد سرکشی اور حضرت علی المرتضیٰ کی شہادت | ۴۰ |
| ۱۳ | تعلیم وتربیت | ۴۱ |
| ۱۴ | قضا اور فیصلے | ۴۲ |
| ۱۵ | تصوف و معرفت | ۴۴ |
| ۱۶ | تقریر و خطابت | ۴۵ |
| ۱۷ | قناعت، دیانت و ایثار | ۴۵ |
| ۱۸ | ابو القاسم امام محمد بن الحنیفہ المعروف محمد اکبر و محمد حنیف | ۴۶ |
| ۱۹ | میر ساہو سالار غازی | ۵۱ |
| ۲۰ | سید سالار مسعود غازی | ۵۶ |
| ۲۱ | معجزہ شق القمر اور سید سالار مسعود غازی کے متعلق | ۶۰ |
| | حضور ﷺ کی پیش گوئی | ۶۰ |


# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۲ | اعوان یا آوان | ۶۲ |
| ۲۳ | اعوان قطب شاہی | ۶۹ |
| ۲۴ | اعوانوں کے حسب نسب کا تحقیقی جائزہ | ۷۱ |
| ۲۵ | سالار میر قطب حیدر شاہ علوی معروف غازی ملک | ۷۸ |
| ۲۶ | نقشہ از دولاج و اولاد میر قطب حیدر شاہ | ۸۰ |
| ۲۷ | ابو احمد عبداللہ گولڑہ | ۸۲ |
| ۲۸ | محمد کندلاں | ۸۵ |
| ۲۹ | مزمل علی کلگاں | ۸۵ |
| ۳۰ | جہاں شاہ در یتیم | ۸۷ |
| ۳۱ | زمان علی کھوکھر | ۸۸ |
| ۳۲ | نجف علی، فتح علی، محمد علی | ۸۹ |
| ۳۳ | بہادر علی، نادر علی، کرم علی | ۹۰ |
| | **باب دوم** | |
| ۳۴ | اعوان قبائل آزاد کشمیر میں | ۹۲ |
| ۳۵ | پونچھ کے گولڑے اعوان | ۱۱۱ |
| ۳۶ | اولاد عزیز بن دلب | ۱۱۴ |
| ۳۷ | اولاد ساماں بن دلب | ۱۲۶ |
| ۳۸ | اولاد دھنگ بن دلب | ۱۳۷ |
| ۳۹ | جہاں شاہ در یتیم کی اولاد آزاد کشمیر میں | ۱۴۰ |
| ۴۰ | پونچھ کے جنوب اور جنوب مشرق میں کلگانی اعوان | ۱۴۱ |
| ۴۱ | دور آپ راجی کا خود مختار علاقہ نالیاں | ۱۵۶ |
| ۴۲ | بدھن اعوان اور بیٹس | ۱۵۸ |
| ۴۳ | پونچھ کے صد قال | ۱۶۶ |
| ۴۴ | سنگولہ کے سادوال، سنگولہ خود مختار علاقہ | ۱۷۰ |
| ۴۵ | غربی باغ کا ہاشمی خاندان | ۱۷۷ |

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۶ | بٹیاں بالا مظفر آباد کا قاضی خاندان | ۱۸۳ |
| ۴۷ | بٹیاں بالا مظفر آباد کا مشہور قبیلہ جندا اعوان | ۱۸۷ |
| ۴۸ | علاقہ کھاوڑہ ضلع مظفر آباد کے مراحل | ۱۸۸ |
| ۴۹ | چلہ بانڈی، چھتر دو میل اور زیرین اعوان پٹی کا کوٹلہ خاندان | ۱۸۹ |
| ۵۰ | حرمل علی ککاں کے بیٹے غلام علی کی اولاد مظفر آباد میں | ۱۹۵ |
| ۵۱ | اعوان پٹی مظفر آباد کا خود مختار علاقہ | ۱۹۸ |
| ۵۲ | حافظ جان محمد کی اولاد آزاد کشمیر میں | ۲۰۳ |
| | **باب سوم** | |
| ۵۳ | ۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی میں اعوانوں کا حصہ | ۲۰۷ |
| ۵۴ | جنگ آزادی میں سنگولہ کے اعوانوں کا کردار | ۲۲۶ |
| | **باب چہارم** | |
| ۵۵ | شجرہ نسب اولاد عبداللہ گولڑہ | ۲۳۴ |
| ۵۶ | اولاد دلب بن مرلد | ۲۳۵ |
| ۵۷ | پڑاں، نالیاں، اچھ موضع نالیاں | ۲۳۶ تا ۲۴۴ |
| ۵۸ | سیمر بل، اکھروٹہ، سر، سر لسوڑہ، گوہڑ سر سری موضع سر | ۲۴۴ تا ۲۵۲ |
| ۵۹ | سر سسالہ بانڈھیاں، پڑچھی، ناڑ، کمرہ نالہ بٹھوٹہ کیری، مالنی، ممب، بطل | ۲۵۲ تا ۲۶۶ |
| ۶۰ | گراں ڈکیاں بدھانالہ، بن جھنڈ کمالہ | ۲۶۷ تا ۲۶۹ |
| ۶۱ | منوڑہ، مالھے، نا جھیڑ، سیلال باڑی بہاکہ | ۲۷۰ تا ۲۷۴ |
| ۶۲ | ترلر کھل موضع کجھری، چھجو پلندری | ۲۷۵ تا ۲۷۸ |
| ۶۳ | لسوڑہ بن، سر بگنا، آراں، ڈونگا اعوان آباد | ۲۷۹ تا ۲۹۲ |
| ۶۴ | نورسہ، رحیم آباد، ڈھک | ۲۹۳ تا ۳۰۰ |
| ۶۵ | چڑہ ایران دھرہ، دلیساہ | ۳۰۱ تا ۳۰۴ |
| ۶۶ | پڑی، قلعاں، تیریاں، گلہ اعوانان، تنگی گلہ، ماجہاں، مدیوٹ، دوداں منگریوٹ، کالاں، ڈنہ | ۳۰۵ تا ۳۱۶ |


# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۶۷ | گورلو، ناڑلوڑی، پتن شیر خان، کانجریں | ۳۱۷ تا ۳۲۵ |
| ۶۸ | کولالہ، چھجو، پلندری، نکر، کوٹ کوٹلی | ۳۲۶ تا ۳۲۸ |
| ۶۹ | دھاد ھرچھ بارل، بلاں ناڑ، اسلام پورہ، ٹھگوری | ۳۲۹ تا ۳۳۱ |
| ۷۰ | ٹلی، منور بنجیرہ، ماکڑیلی، لودھے | ۳۳۲ تا ۳۳۴ |
| ۷۱ | دیول، پوٹھہ، نیلی | ۳۳۴ تا ۳۳۷ |
| ۷۲ | چنیہ گلی، خواص، رکڑ، ککوٹہ، چترہ کوملین، بگاہ، منڈھول | ۳۳۸ تا ۳۴۲ |
| ۷۳ | منڈھول، ککوٹہ، رکڑ، سردل، آروٹہ بیلہ چنیر پگوائی کیری | ۳۴۷ تا ۳۵۲ |
| ۷۴ | چھجو، سنگولہ ونڈدن، ہماناڑی، آگرہ، نکر، کلسن | ۳۵۰ تا ۳۶۳ |
| ۷۵ | برمنگ، دھمنی، ریڑن، پڑکوٹ، تراڑ میال میرہ، ڈھکی پنڈی، کیاٹ، بن بیک | ۳۴۴ تا ۳۶۶ |
| ۷۶ | بھٹی شریف، چیل، چلندرات، منڈی چناٹ زنگہ چھپڑ گھوڑی کیر ڈھک، پدر مستو، چوڑ جھولیاں، چلبری | ۳۶۷ تا ۳۷۱ |
| ۷۷ | چھتر دو میل، جملہ بانڈی، تھچیاں، حسن گلیاں | ۳۷۲ تا ۳۷۵ |
| ۷۸ | ھٹیاں بالا، زیریں اعوان پٹی، اعوان پٹی، ڈنہ کچیلی اعوانی بھون سیری، صالح گلی، کھاوڑہ، ٹھونہ، منڈے بانڈی | ۳۷۶ تا ۳۸۲ |
| ۷۹ | شجرہ نسب زین العابدین علوی سید پور اسلام آباد | ۳۸۳ |
| ۸۰ | میر لپڑوسہ، کومی کوٹ، بھریاں، صالح گلی، جنڈگراں قاضی بمنہ موہری، ٹرالٹ | ۳۸۵ |
| ۸۱ | شجرہ نسب حاجی محبت حسین اعوان بیروٹ (ایبٹ آباد) | ۳۸۶ |
| ۸۲ | شجرہ نسب شوکت حسین علوی دریا گلی مری | ۳۸۷ |
| ۸۳ | حرف آخر | ۳۸۸ تا ۳۹۳ |
| ۸۴ | تاثرات | ۳۹۴ تا ۴۰۲ |


Director ... Faraz Saeed SMS | 05822-922523 | 0300-91970

# پیش لفظ

ضلع پونچھ کے جنوب اور جنوب مشرق میں آباد اعوان قوم کا شجرہ نسب بابائے قوم مولانا ملک حسام الدین خان بساڑوی نے ۱۹۳۴ء میں نسب الاعوان کے نام سے شائع کیا۔ قبل ازیں مقامی سطح کی کوئی ایسی کتاب موجود نہ تھی جس سے ان لوگوں کے حسب و نسب کا پتہ چلتا۔ حضرت مولانا کو خدا تعالی غریق رحمت کریں جنہوں نے انتہائی نامساعد حالات میں زبردست محنت اور تحقیق سے ایسا مواد اکٹھا کر کے اسے کتابی شکل دی جو وقت کے لحاظ سے بہت ہی جامع مدلل اور مکمل تھا۔ انہوں نے دستیاب مواد کی عمیق نظروں سے چھان بین کی اور کسوٹی پر پورا اترنے والے نسب ناموں کو ہی اپنی کتاب میں شامل کیا۔ نسب الاعوان کی تصنیف و تدوین میں اس قدر احتیاط سے کام لیا گیا کہ سینکڑوں کنبے اس میں اس لئے شامل نہیں ہو سکے کہ ان کی جانب سے پیش کردہ دستاویزات مولانا کے مقرر کردہ معیار کے مطابق نہ تھیں۔ علاوہ ازیں سینکڑوں خاندان اعوان ہونے کے باوجود اس لئے کتاب میں شامل نہیں ہوئے کہ انہوں نے اس سلسلہ میں دلچسپی نہیں لی تھی۔

دراصل تیس کی دھائی میں اضلاع پونچھ 'باغ و پلندری (سابق ریاست پونچھ) میں آباد قبائل کے پر آشوب حالات میں ملک حسام ا لدین نے جو قدم اٹھایا وہ پوری چھان بین 'ور مضبوطی سے اٹھایا کہ ان کے کئے ہوئے ہوئے کام کے کسی ایک نقطہ کو بھی کوئی چیلنج نہ کر سکے۔ یہی وجہ ہے کہ بساڑی ' چوکیاں ' نیریاں ' نالیاں ' کھالہ ' رکڑ اور پھگوائی میں آباد آعوانوں کے شجرہ ہانسب کو ہی اس کتاب میں جگہ دی گئی۔ اس زمانہ میں ذرائع آمد و رفت اتنے ترقی یافتہ نہ تھے۔ ہر مقام تک سفر پیدل ہی ہوتا تھا۔ ملک حسام الدین خان



درس و تدریس کے مصروف پیشہ سے منسلک تھے اس لئے دور دراز کے علاقوں تک تحقیق و جستجو کا دائرہ وسیع کرنے میں انہیں مشکلات کا سامنا تھا۔ بدیں وجہ انہوں نے اردگرد کے علاقہ جات کو ہی اپنی کاوشوں کیلئے منتخب کیا۔

لارڈ کرزن کے زمانہ ۱۹۰۰ء میں ایکٹ انتقال اراضی پاس ہوا۔ پنجاب میں ایکٹ ہذا کا نفاذ یکم جنوری ۱۹۰۱ء مطابق ۱۳ صفر ۱۳۱۹ھ مطابق ۲۰ جیٹھ بکرمی ۱۹۵۸ کو ہوا۔ جس میں زراعت پیشہ اقوام کی نشاندہی کی گئی۔ اس ایکٹ کی رو سے دیگر اقوام کے ساتھ اعوان قوم کو زراعت پیشہ قرار دیا گیا لیکن اس قوم کی بعض ذیلی شاخوں کا اس میں ذکر نہ تھا۔ ۱؎

تیس کی دھائی کے ابتداء میں جموں و کشمیر اور پونچھ میں بھی ایکٹ انتقال اراضی کا نفاذ ہوا تو یہاں بھی زراعت پیشہ اور غیر زراعت پیشہ اقوام کی درجہ بندی شروع ہوئی۔ اس ایکٹ کی رو سے غیر زراعت پیشہ اقوام زمین خرید سکتی تھیں نہ مالک ہو سکتی تھیں۔ شائد اس قانون کی رو سے تجارت پیشہ اقوام کی لوٹ کھسوٹ سے زراعت پیشہ لوگوں کو بچانا مقصود تھا۔ غالباً اسی وجہ سے اس قانون کا نفاذ یہاں بھی ضروری سمجھا گیا۔ زراعت پیشہ اقوام کی درجہ بندی میں ان ہی قوتوں کو فوقیت حاصل تھی جن کا ریکارڈ صاف ستھرا اور واضح تھا۔ چنانچہ مولانا حسام الدین خان مرحوم نے نسب الاعوا ن شائع کر کے اعوا ن قوم کو دیگر اقوام کی صف میں نمایاں ا ور ممتاز کر دیا۔

نسب الاعوان میں دیئے گئے شجرہ ہانسب میں اس وقت کے عمر رسیدہ لوگوں کے اسماء گرامی ہی درج ہوئے۔ گزشتہ ساٹھ 'ستر سال کے عرصہ میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے پانچ چھ پشتوں کا واضح فرق قائم ہو چکا ہے۔ لہذا ضروری سمجھا گیا ہے کہ نئی نسل کو اپنے صحیح نسب ناموں اور خاندانی پس منظر سے واقف رکھنے کیلئے مولانا صاحب کے کئے گئے کام کو آگے بڑھایا

۱؎ تحقیق الاعوان صفحہ ۲۵۴۔

جائے اور موجودہ حالات کی روشنی میں اعوان قبائل کا ایک جامع شجرہ نسب جدید خطوط پر مرتب کیا جائے۔

ابتداء میں خیال تھا کہ مولانا مرحوم کے چھوڑے ہوئے کام کو ہی آگے بڑھایا جائے گا ضلع پونچھ کے جنوب اور جنوب مشرق کے علاقوں جن میں یونین کونسل کہالہ 'نیریاں' بساڑی' پچھوائی' اور رکڑ وغیرہ شامل ہیں میں آباد اعوانوں کے شجرہ نسب میں توسیع و تدوین و تکمیل کرنا مقصود تھا لیکن یہ سوچ کر کہ محض شجرہ نسب کے مطالعہ سے قوم کے تاریخی پس منظر سے آگاہی ہو سکتی ہے نہ ہی وہ جملہ فوائد حاصل کئے جاسکتے ہیں جو قوموں کے مستقبل کی منصوبہ بندی کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔

جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ ملک حسام الدین مرحوم اس وقت کے مخصوص حالات کے تحت تھوڑے سے علاقہ کو اپنی سرگرمیوں کا مرکز بنا سکے تھے۔ اعوان قبائل چونکہ پونچھ اور باغ کے علاوہ آزاد کشمیر میں دور دور تک پھیلے ہوئے ہیں اور ان قبائل کے مابین قبائلی اور نسلی تعلقات بھی گہرے ہیں۔ نیز الاعوان ویلفیئر سوسائٹی آزاد کشمیر کے قیام سے جو راقم الحروف کی کوششوں سے ۱۹۸۱ء میں معرض وجود میں آئی تھی کے توسط سے اعوان قوم کے مختلف قبائل کو ایک دوسرے سے تعارف کا موقع فراہم ہوا ہے اور یہ عمل رواں دواں ہے۔ لہذا ضروری سمجھا گیا کہ ملک گیر سطح پر اعوان قوم کے تاریخی پس منظر پر بھی نظر ڈالی جائے اور مختصر طور پر ان حالات و واقعات کو کتاب میں شامل کر دیا جائے جو نئی نسل کے لئے جاننا ضروری ہیں۔ اس اہم مقصد کے حصول کے لئے آزاد کشمیر کے طول و عرض میں صاحب الرائے اور معتبر شخصیات سے رابطہ قائم کیا گیا اور انھیں اپنے خاندانی شجرہ ہائے نسب کے ساتھ ساتھ ان کے پس منظر کے متعلق معلومات بہم پہنچانے کی درخواست



کی گئی جس کا حوصلہ افزاء تعاون حاصل ہوا ہے۔ آزاد کشمیر کے قرب و جوار اور دور دراز کے علاقوں سے سینکڑوں شجرہ ہائے نسب موصول ہوئے جن کی چھان بین اور مختلف شجروں کے درمیان تقابلی جائزہ کے بعد معیار پر پورا اترنے والے شجروں کو درج کیا گیا اور مختلف خاندانوں کے پس منظر سے واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کی گئی۔ علاوہ ازیں آزاد کشمیر میں ورود سے قبل ان لوگوں کی بودوباش کے متعلق معلومات تلاش کی گئیں۔ مزید یہ کہ یہ لوگ کن حالات میں کن کن راستوں سے سفر کرتے ہوئے اس ملک کے دور دراز اور دشوار گذار علاقوں میں پہنچے اور کہاں کہاں مستقل سکونت اختیار کی۔ تحقیق و جستجو کے ان صبر آزما مراحل کو عبور کرتے ہوئے بے پناہ مشکلات کا سامنا رہا لیکن مقصد کے حصول میں پختگی اور لگن کے جذبہ نے ان مشکلات سے عہدہ برآ ہونے میں ایسی دشواریوں کو محسوس تک نہ ہونے دیا۔ یہ امر باعث مسرت ہے کہ دور دراز و نزدیک ترین علاقوں میں آباد جملہ اعوانوں نے دستیاب مواد کو راقم الحروف تک پہنچانے میں زبردست دلچسپی کا اظہار اور تعاون کا مظاہرہ کیا ہے۔

تاریخ کسی قوم کی منزل بمنزل اور عہد بعہد تسلسل کے ساتھ سفر حیات کی روداد کا نام ہے اس کے عیوب و محاسن اور اس کی معتبر شخصیات کے کار ہائے نمایاں کی کہانی کا نام ہے۔ ماضی کے اندھیروں سے حقائق تلاش کرنے' ضبط تحریر میں لانے کا نام تاریخ ہے۔ مشہور تاریخ دان محمد دین فوق نے تاریخ اقوام پونچھ میں قوموں کو اپنے اسلاف کی تاریخ جاننے کی اہمیت کا ذکر اس طرح کیا ہے:

''جو قوم اپنے ماضی کی روایات کو نہیں جانتی' اپنے اسلاف کے کارناموں سے نابلد اور تاریخی حقائق سے ناواقف ہے وہ مردہ ہے۔ ایسی قوم

باعزت زندگی گذارنے کا تصور بھی نہیں کر سکتی۔ تاریخ کا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ اسلاف کے زرین کارناموں کو بھولنے نہ دیا جائے اور قابل تعظیم بزرگوں کے حالات ہر وقت پیش نظر رکھے جائیں۔ اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی توفیق دی وہ اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چل کر دنیا میں عزت اور نیک نامی حاصل کریں بلکہ اپنے طرز عمل سے اپنے بزرگوں کے اسماء گرامی کو حیات دوام بخشنے کا سامان کریں۔ بزرگان سلف کے کارنامے ان کی نسلوں کے لئے وعظ و نصیحت ہوا کرتے ہیں"۔

ان مقاصد کے حصول کے پیش نظر زیر نظر کتاب میں ہم نے شجرۂ نسب کے ساتھ ساتھ اختصار کے ساتھ ایسے معلوم حقائق درج کرنے کی کوشش کی ہے جو آئندہ نسلوں کے لئے مشعل راہ ہوں گے۔ اس قوم کو ایک سلسلہ میں منسلک کرنے اور ان کے منتشر اور متفرق اجزاء کو ایک ہی لڑی میں پرونے کی مقدور بھر کوشش کی ہے۔ تاکہ یہ لوگ اپنے آپ کو پہچان سکیں اور اپنے اسلاف کے اعلیٰ وارفع کارناموں' ان کے اوصاف حمیدہ اور اعمال ستودہ کی روشنی میں اپنی اصلاح کریں۔ اپنی معاشرت اور معیشت کو درست کریں۔ اور صحیح معنوں میں ایک غیور اور باہمت قوم بن کر ابھریں۔ موجودہ معاشرے میں عزت و وقار کے ساتھ رہ سکیں اور اسلام کی ایک مایہ ناز قوت ثابت ہوں۔ اب یہ فیصلہ کرنا قارئین کرام کا کام ہے کہ ہم اس مقصد کے حصول میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں۔

آخر میں ان تمام بزرگوں' بھائیوں اور عزیزوں کا مشکور ہوں جنہوں نے کتاب ہذا کی تدوین و تکمیل میں تعاون کیا۔ خصوصاً حاجی ملک گل زمان قاصد (چھلہ بانڈی مظفر آباد)' ملک محمد اکرم اعوان ایم۔ اے بی۔ایڈ (بیٹھک اعوان آباد)' اور ملک محمد الیاس اعوان (پیرووال برنالہ بھمبر) کا تہہ



دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے کمال محنت اور دلچسپی سے معلومات فراہم کرنے میں مدد کی۔ میں علامہ حافظ ضمیر احمد ساجد ایم۔ اے عربی' امیر جماعت اہل سنت اسلام آباد کا بے حد شکر گذار ہوں جنہوں نے کتاب ہذا کی نوک پلک درست کرنے میں مدد کی اور قیمتی مشوروں سے بھی نوازہ ہے۔

**جہانداد خان اعوان**
نالیاں پلندری آزاد کشمیر
یکم جنوری ۲۰۰۰ء

# باب اول



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

## ابتدائیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ. اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَاللّٰہِ اَتْقَاکُمْ ہ

ترجمہ ۔اے لوگو ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور ہم نے ذاتیں اور قبیلے پہچان کیلئے بنائے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک معزز وہی ہے جو متقی اور پرہیز گار ہے (الحجرات ۔ ۲۶/۱۳)

انسان کے نزدیک عظمت و بزرگی کا انحصار مکمل طور پر اعمال صالح پر ہے اوپر والی آیت میں واضح طور پر فرمایا گیا ہے کہ عظمت و بزرگی کا انحصار تقویٰ اور پرہیز گاری پر ہے۔اور شعوب و قبائل کی تقسیم و تفریق سے صرف تعارف اور پہچان مقصود ہے اور اس کے سوا کچھ نہیں۔اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ سلام سے وعدہ کیا تھا کہ میں آپ کو اور آپ کی اولاد کو طوفان سے بچالوں گا۔ لیکن کنعان نے اپنے باپ نوح علیہ سلام کی صداقت کو ٹھکرا کر کشتی میں بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ جب ڈوبنے لگا تو نوح علیہ سلام نے دعا کی کہ اے اللہ تو نے میری اولاد اور اہل خانہ کو بچانے اور محفوظ رکھنے کا وعدہ کیا ہوا ہے اسے پورا کر۔ کنعان میرا بیٹا اور اہل میں سے ہے۔ تو جواب ملا کہ وہ تیرے اہل میں سے نہیں ہے اس لئے کہ اس کے اعمال غیر صالح ہیں۔ حضور ﷺ نے اپنی پیاری بیٹی حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کہ اس بات پر غرور نہ کرنا کہ میں رسولؐ کی بیٹی ہوں۔ میں تمہیں دنیوی مال و متاع دے سکتا ہوں لیکن قیامت کے دن تیری مدد نہیں

کر سکتا۔ اس دن صرف تمہارے اعمال ہی تمہیں کام آئیں گے۔ ان تصریحات سے ثابت ہے۔ کہ اسلام نے خونی رشتوں اور نسبی تعلق کو کلیتاً نظر انداز کر دیا ہے اگر پیغمبروں کی اولاد غیر صالح اعمال کی بناء پر بخشش سے محروم ہے تو ایک عام انسان اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔

قرآن مجید کی آیت مبارکہ میں اہل انساب نے لفظ "تعارف" سے استدلال کیا ہے۔ کہ سلسلہ نسب شعوب و قبائل کا جاننا ضروری ہے باب الاعوان کے مطابق حدیث کی کتابوں جامع الترمذی، مشکوٰۃ المصابیح اور اشعۃ اللمعات (ترجمہ مشکوٰۃ شریف) وغیرہ میں سلسلہ نسب آباؤ اجداد و اقارب کا جاننا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ تصوف کی کتابوں میں شجرہ ہائے پیران طریقت آتے ہیں جہاں بزرگان دین اور اولیاء کرام کے نسب بیان کئے جاتے ہیں۔

اہل اسلام کے لئے قومی اور قبیلائی تاریخ اور اپنے شجرہ نسب سے واقف ہونا اس لئے بھی ضروری ہے کی بعض شرعی معاملات اور مذہبی فرائض کی ادائیگی میں اس کی بڑی اہمیت ہے۔ مثلاً اہل بیعت (سادات) زکوٰۃ کے حقدار نہیں۔ میراث کی تقسیم اور اس قسم کے دیگر سماجی اور معاشرتی معاملات کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں طے کرنے کے لئے نسب ناموں کی اہمیت اور افادیت بہت زیادہ ہے۔ زمانۂ جاہلیت میں بھی ہر قبیلہ کے پاس شجرہ نسب ہوتا تھا۔ افراد کے اخلاقی کردار، بہادری اور سپہ گری، عادات و خصائل کا تعین قبیلوں کے حوالہ سے ہوتا تھا۔ عربوں میں آج بھی اپنے خاندانی تشخص اور روایات کو برقرار رکھنے کے لئے نسب ناموں کی بڑی حفاظت اور قدر کی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مولانا حسام الدین مرحوم نے اس علاقہ میں رہنے والے اعوانوں کا نسب نامہ مرتب کر کے ۱۹۳۴ء میں "نسب الاعوان" کے نام سے ایک کتاب کی صورت میں شائع کیا۔ اپنے وقت میں یہ کتاب واحد اور منفرد نوعیت کی تھی۔



**الحمد للہ** :۔ کہ اعوان قوم کا نسبی تعلق حضرت علیؓ شیر خدا سے ہے۔ جو رسول ہاشمی کے عم زاد اور اللہ کے محبوب ترین بندوں میں سے ہیں۔ حضور ﷺ کے فرمان کے مطابق وہ باب علوم ہیں جبکہ طریقت کے جملہ سلسلے ان ہی کی ذات اقدس پر منتج ہوتے ہیں۔ لیکن اس تعلق پر فخر و غرور کرنا ناپسندیدہ ہے۔ اس لئے کہ ابلیس بھی نسلی تفاخر اور برتری کے اظہار کے نتیجہ میں ملعون ہوا۔ روز محشر میں ہر مسلمان کو نسبی تعلق سے نہیں بلکہ اعمال کی کسوٹی پر پرکھا جائے گا۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ "جو شخص اپنے باپ کے سوا کسی دوسرے شخص کی اولاد بنے اور جانتا ہو کہ وہ اس کا باپ نہیں تو جنت اس پر حرام ہے۔" (راوی حضرت سعدؓ)۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا کہ "تم اپنے باپ دادوں سے نہ پھرو پس جو کوئی پھرا اس نے کفر کیا"۔ ایک اور مقام پر فرمایا "جو شخص اپنے نسب کو کسی غیر سے ملا دے اس پر لعنت ہے"۔ اس سے ثابت ہوا کہ جان بوجھ کر اپنا حسب نسب بدلنا اللہ اور رسول ﷺ کے نزدیک سخت ناپسندیدہ ہے۔

# اعوانوں کا نسبی تعلق

زیر ترتیب کتاب میں آزاد کشمیر میں آباد اعوان قوم کے متعلق حاصل شدہ مختصر مگر ضروری معلومات جو مختلف تاریخی کتب اور ابلاغ کے دیگر ذرائع سے ملی ہیں کا اندراج ہو گا۔ علاوہ ازیں اعوانوں کے مختلف قبائل کے شجرہ ہا نسب کے ساتھ ساتھ جنگ آزادی میں ان کے کردار کا مفصل ذکر بھی ہو گا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ سب سے پہلے اعوانوں کے مورث اعلیٰ حضرت علی المرتضیٰؓ کا شجرۂ نسب درج کیا جائے۔ اور حضرت محمد ﷺ اور خلفائے راشدین کے ساتھ ان کے نسبی تعلق کو بھی واضح کیا جائے۔

تمام مورخین کے نزدیک حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا نسب نامہ حضرت عدنانؑ تک

اور عصر حاضر تک لکھی جانے والی تمام کتب میں متفقہ طور پر صحیح اور درست ہے۔ آنحضرت ﷺ حضرت عدنان کی اکیسویں پشت میں تھے۔ نسب الاعوان کے مطابق حضرت عدنان کا شجرہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تک دس پشتوں میں ملتا ہے۔ جبکہ بعض مورخین کے نزدیک چالیسویں پشت میں ملتا ہے۔ عدنان سے اوپر کی جانب حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان سے نوح علیہ السلام اور آخر میں حضرت آدم علیہ السلام تک مورخین میں اختلاف ہے۔ قرآن پاک کے نزول سے پہلے کے وہی واقعات صحیح اور درست ہیں جن کا نزول بذریعہ وحی ہوا اور قرآن پاک میں محفوظ ہیں۔

حضرت عدنانؓ کی تیرہویں پشت میں کعب ہوئے۔ کعب کے دو بیٹے مرہ اور عدی تھے۔ عدی کی ساتویں پشت میں حضرت عمرؓ خلیفہ تھے۔ جبکہ مرہ کے دو بیٹے کلاب اور یتم تھے۔ یتم کی چھٹی پشت میں حضرت ابوبکر صدیقؓ خلیفہ اول تھے۔ کلاب کے پوتے عبدالمناف کے دو بیٹے ہاشم اور عبدالشمس ہوئے۔ عبدالشمس کی چوتھی پشت میں حضرت عثمان غنیؓ تیسرے خلیفہ راشد تھے۔ ہاشم کے بیٹے عبدالمطلب کے فرزند عبداللہ سے خاتم الانبیاء حضرت محمد ﷺ اور دوسرے فرزند ابو طالب سے حضرت علیؓ خلیفہ چہارم تھے جو اعوان قبیلہ کے مورث اعلیٰ ہیں۔ جملہ خلفاء راشدین حضرت کعب پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جمع ہو جاتے ہیں۔ قارئین کی آگاہی اور سہولت کے لئے نسب الاعوان کے صفحہ ۱۵ اور ۱۶ پر موجود شجرہ نسب بذیل درج کیا جاتا ہے۔






## حضرت محمد رسول ﷺ کی ولادت،

## بعثت اور دنیا سے پردہ داری

حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ولادت کتاب نبی رحمت صفحہ ۱۲۷ از مولانا سید ابوالحسن ندوی کے تحت ۱۲ ربیع الاول عام الفیل بمطابق ۵۷۰ء بتایا گیا ہے۔ جبکہ فلکیات کے مشہور مصری عالم محمود پاشا کی تحقیق کے حوالہ سے لکھا ہے کہ آپ کی ولادت شریفہ دو شنبہ ۹ ربیع الاول کو واقعہ فیل کے پہلے سال ہوئی جو ۲۰ اپریل ۵۷۱ء ہے آپ عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم کے ہاں پیدا ہوئے والدہ ماجدہ کا اسم گرامی آمنہؓ تھا۔ جو بنی زہرہ کے سردار وہب کی صاحبزادی تھیں۔ اس وقت اپنی اعلیٰ نسبی اور عزت و وجاہت میں سب سے محترم خاتون تھیں۔ آپ کی پیدائش سے چار ماہ قبل حضرت عبداللہ وفات پا چکے تھے۔ آپ پیدائشی طور پر یتیم تھے آپ نے اپنی والدہ اور ابو لہب کی لونڈی ثوبیہ کا دودھ پیا تھا۔ چھ ماہ کی عمر میں وہاں کے شرفاء کے رواج کے مطابق آپؐ کو قبیلہ ہوازن کی ایک شاخ ہو سعد کی ایک خاتون حلیمہ کی رضاعت میں دیدیا گیا۔ بعض تاریخی حوالوں میں دو سال اور بعض کے مطابق پانچ سال تک آپؐ ہو سعد میں رہے۔ مولانا سید ابوالحسن ندوی کی کتاب نبی رحمتؒ کے مطابق جب آپ کی عمر کے دو سال پورے ہو گئے اور بی بی حلیمہؓ نے آپ کا دودھ چھڑا دیا آپؐ کی نشوونما عام بچوں سے مختلف طور پر ہو رہی تھی۔ اس موقعہ پر وہ حضورؐ کو لیکر آپؐ کی والدہ کے پاس حاضر ہوئیں اور خواہش ظاہر کی کہ آپؐ کو مزید کچھ مدت کیلئے ان کے ہاں رہنے دیا جائے۔ چنانچہ بی بی آمنہؓ نے آپؐ کو واپس لوٹا دیا۔ مولانا ندوی نے حضرت شاہ ولی اللہ کی کتاب حجۃ اللہ البالغہ کے ص ۱۰۵ کے حوالے سے لکھا ہے کہ "حضور ﷺ جب بنی سعد میں تھے تو دو فرشتے آئے جنہوں نے آپ کے سینہ مبارک کو شق کر کے دل کو ایمان و حکمت سے بھر دیا اور وہ اسی طرح ہو گیا جس طرح پہلے تھا"۔

چھ سال کی عمر میں آپؐ کی والدہ ماجدہ کا انتقال ہو گیا۔ تب آپؐ اپنے دادا عبدالمطلب کی گود میں پرورش پانے لگے۔ آٹھ سال کی عمر میں عبدالمطلب بھی فوت ہو گئے تو چچا ابو طالب کی پرورش میں چلے گئے۔ یہاں آپؐ سن بلوغت کو پہنچے۔ اس دوران اپنے چچا کے ساتھ تجارت میں بھی حصہ لیتے رہے۔ سارے عرب میں آپؐ صادق اور امین مشہور ہو گئے۔ صدق و دیانت میں آپ کا شہرہ دور دور تک ہو گیا۔ مکہ کی ایک رئیس خاتون خدیجہ کا وسیع کاروبار تھا اس نے آپؐ کی نیک نامی اور دیانت کی شہرت سن کر شراکتِ کاروبار کی دعوت دی جسے آپؐ نے قبول فرمایا۔ آپؐ پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہؓ جو بیوہ تھیں اور جن کی عمر چالیس سال تھی سے ہی رشتہَ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔ آپؐ کی اولاد میں دو بیٹے تھے جنھوں نے بچپن میں ہی وفات پائی اور چار بیٹیاں زینبؓ، رقیہؓ، ام کلثومؓ، اور فاطمۃالزہرہؓ انہی کے بطن سے ہوئیں۔ صرف ایک بیٹا ابراہیم ماریہ قبطیہ کے بطن سے پیدا ہوئے جو چھوٹی عمر میں ہی وفات پا گئے۔

بچپن سے ہی آپؐ صادق اور امین کے لقب سے مشہور تھے۔ عین شباب میں بھی آپؐ لہو لعب اور عام دنیاوی مشاغل سے دور رہے۔ آپؐ تنہا عبادت اور ریاضت میں مشغول رہتے تھے۔ چالیس برس کی عمر تک پہنچتے ہوئے آپؐ زیادہ تنہا پسند ہو گئے تھے۔ شہر مکہ سے تین میل دور جبل نور کی چوٹی پر ایک تنگ و تاریک اور دشوار گذار غار میں عبادت میں مصروف رہتے تھے۔ یہاں ہی ۲۷ رمضان کو پہلی وحی نازل ہوئی۔ حضرت جبرائیلؑ نے حاضر ہو کر پہلی مرتبہ اللہ کا پیغام پہنچایا اور سورہ علق کی پہلی پانچ آیتوں کا نزول ہوا۔

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ(١) خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ(٢) اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ(٣) الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ(٤) عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ(٥) (سورہ علق)

ترجمہ: "پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا۔ پڑھ اور تیرا رب بڑا کریم ہے۔ جس نے قلم کے ساتھ تعلیم دی۔ انسان کو وہ

؎ کتاب نبی رحمت صفحہ نمبر ۱۲۵ پہلی وحی کا نزول



کچھ سکھایا جو وہ جانتا نہ تھا"

پہلی مرتبہ وحی کے نزول سے آپ ﷺ پر لرزہ طاری تھا۔ آپؐ فوری طور پر گھر پہنچے اور سارا واقعہ حضرت خدیجہؓ کو سنایا۔ انہوں نے آپؐ کو تسلی دی اور اپنے چچا زاد بھائی ورقہ بن نوفل جو انجیل کا بڑا عالم تھا کے پاس لے گئیں۔ اس نے پورا واقعہ سن کر آپؐ کی نبوت و رسالت کی شہادت دی جس سے آپ کو تسلی ہوئی۔ تین سال بعد دوسری وحی کا نزول ہوا

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ(١) قُمْ فَأَنذِرْ(٢) وَرَبَّكَ كَبِّرْ(٣) وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ(٤) (سورۃ مدثر ۱-۷۴-۲۹)

ترجمہ: "اے کمبل اوڑھ کر سونے والے! اٹھ اور ڈر سنا اور اپنے رب کی بڑائی بیان کر اور اپنے کپڑے صاف رکھ"۔

پہلی وحی میں ان حقائق کا اظہار تھا کہ اللہ تعالیٰ انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کرنے پر قادر ہے۔ قلم جیسی بے جان چیز کو ذریعہ تعلیم بنا سکتا ہے۔ ایک اُمّی کو قاری اور عالم بنا سکتا ہے تو دوسری وحی میں آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی عظمت و تکبیر بیان کرنے اور ظاہری اور باطنی طہارت اور نفاست کا حکم دیا گیا۔ چنانچہ آپؐ نے اللہ کا پیغام لوگوں تک پہنچانا شروع کر دیا۔ خواتین میں حضرت خدیجہؓ بالغ مردوں میں سے حضرت ابو بکر صدیقؓ بچوں میں حضرت علیؓ اور غلاموں میں سے زید بن حارثہؓ نے سب سے پہلے آپؐ کو لبیک کہا۔ بعد ازاں پہلے خفیہ اور بعد میں اعلانیہ تبلیغ دین کا سلسلہ شروع ہوا۔ تو حضورؐ کو بے حد پریشانیوں اور رکاوٹوں کا سامنا ہوا۔ لیکن دین حق کی آواز بتدریج اذہان اور قلوب میں اترتی رہی۔ حتیٰ کہ عمر بن الخطابؓ جو بنو عدی میں سے تھے اور آپؐ کے چچا حمزہؓ بن عبدالمطلب ہاشمی نے اسلام قبول کیا تو کفار تلملا اٹھے۔ انھوں نے مسلمانوں کو اذیتیں دینا شروع کیں۔ ظلم و تعدی سے ان پر عرصہَ حیات تنگ کرتے رہے۔ اس کے باوجود مسلمانوں کی تعداد میں آہستہ آہستہ اضافہ ہی ہوتا رہا۔ نبوت کے گیارھویں سال حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا۔ ہمدرد چچا ابو طالب بھی

فوت ہو چکے تھے۔ اب حضور ﷺ کو بے پناہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ آپؐ پر بچوں کی پرورش اور گھر کی ذمہ داریاں بھی آن پڑیں۔ ادھر دشمن بھی پوری قوت سے آپؐ کے خلاف صف آرا تھے۔ پے در پے صدموں کی وجہ سے آپؐ نے اس سال کا نام عام الحزن (غم کا سال) رکھا تھا۔ اسی سال واقعہ معراج پیش آیا۔ حضورؐ اپنی چچازاد بہن امّ ہانی کے ہاں مقیم تھے کہ رات کو حضرت جبرائیلؑ آئے۔ آپؐ کو نیند سے بیدار کیا اور براق پر سوار کر کے بیت المقدس لے گئے۔ اس سفر کو اسرا کہا گیا ہے۔ سورۃ بنی اسرائیل کی پہلی آیت سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرَى بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِي بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ(۱)

اس کا ثبوت ہے۔ بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ معراج عالم خواب میں ہوئی علماء کے نزدیک صحیح نہیں ہے۔ بیت المقدس میں ایک سیڑھی نصب کی گئی جس پر چڑھ کر حضور ﷺ پہلے آسمان پر پہنچے اس سیڑھی کو معراج کہا گیا ہے۔ وہاں سے مختلف منازل طے کرتے ہوئے ساتویں آسمان پر پہنچے۔ معراج کا مکمل واقعہ طویل ہے لہذا یہاں اتنا ہی بیان کرنا کافی سمجھا گیا ہے کہ اس سفر کے دوران اللہ تعالیٰ سے ملاقات بیت المعمور اور مختلف مظاہر قدرت کی سیر، جنت اور دوزخ کا نظارہ، نماز کی فرضیت، فرشتوں اور اولا العزم پیغمبروں سے ملاقات اور امامت کرانے کے بڑے بڑے واقعات ہوئے ہیں۔ جدید سائنس نے واقعہ معراج کی واضح طور پر تصدیق کر دی ہے۔ معراج کا واقعہ ہجرت سے ایک سال قبل ۱۷ ربیع الاول کو پیش آیا لیکن بعض علماء و محققین کے نزدیک صحیح ترین تاریخ ۲۷ رجب ۱۱ نبوی ہے۔

اسی سال حج پر آئے ہوئے مدینہ کے کچھ لوگوں نے آپ کی تعلیمات سے متاثر ہو کر دین اسلام قبول کر لیا تو اسلام کی آواز مکہ مکرمہ سے نکل کر دور دور مدینہ تک جا پہنچی۔ ان لوگوں کی تبلیغ سے مدنی قبائل اوس و خزرج کے بہت سے لوگ مسلمان ہو



گئے۔ آئندہ سال یکصد کے قریب انصار مدینہ حج کرنے اور آپؐ سے بیعت ہونے حاضر ہوئے۔ ان لوگوں نے حضورؐ کو یثرب (مدینہ) چلنے کی دعوت دی اور ہر قسم کی مدد دینے کا وعدہ کیا۔ تو آپؐ نے اصحاب کرامؓ کو ہجرت کی اجازت دیدی اور خود نزول وحی کا انتظار کرنے لگے۔ بالآخر آپؐ نے حضرت ابو بکر صدیقؓ کی معیت میں نبوت کے تیرھویں سال مکہ سے مدینہ ہجرت فرمائی۔ ریڈیو تہران مورخہ ۱۸ اگست ۱۹۹۸ء کی نشریات کے مطابق مدینہ پہنچنے پر حضورؐ کا فقید المثال استقبال ہوا۔ ہر شخص حضور کو اپنا مہمان بنانے کا خواہشمند تھا۔ حضرت ابو ایوب انصاری کی والدہ حضور کا سامان چپکے سے اٹھا کر لے گئیں۔ معلوم ہونے پر حضورؐ نے فرمایا کہ سامان کے ساتھ رہنا ہی بہتر ہے۔ چنانچہ آپؐ حضرت ایوب انصاریؓ کے گھر تشریف لے گئے۔ مسجد نبوی کی تعمیر بھی حضرت انصاریؓ کے گھر کے پاس ہوئی۔ یہ واقعہ اس طرح بھی بیان ہوا ہے کہ حضورؐ کے فقید المثال استقبال کے بعد ہر فرد کی خواہش تھی کہ حضورؐ اس کے ہاں قیام کریں۔ لوگوں کی عقیدت اور جذبہ و شوق کو دیکھ کر آپؐ نے فرمایا کہ میں قصویٰ پر سوار ہوں جہاں یہ بیٹھے گی وہاں ہی قیام ہوگا۔ اس پر تمام لوگ مطمئن ہو گئے۔ بالآخر حضورؐ کی اونٹنی قصویٰ ابو ایوب انصاریؓ کے گھر پہنچ کر بیٹھ گئی جہاں آپؐ نے قیام فرمایا۔ بعد ازاں اسی گھر کے نزدیک مسجد نبویؐ بھی تعمیر ہوئی۔

## حضور ﷺ کی مدنی زندگی

حضورؐ کی مدنی زندگی کا دور اس لئے خوشگوار تھا کہ یہاں انہیں خالص اسلامی معاشرہ میسر آیا۔ مدینہ میں آپؐ کے حامیوں کی تعداد ہزاروں سے نکل کر لاکھوں تک جا پہنچی۔ انہیں اپنا علیحدہ وطن اپنی سلطنت اور حکومت ملی۔ جان نثاروں کی بڑی تعداد ان کے گرد جمع تھی لیکن مشرکین اور منافقین کی بڑی تعداد سے بھی معاملہ تھا۔ جو اپنی ریشہ دوانیوں سے اسلام کو مٹانے کے درپے تھے۔ جنگ بدر سے جنگ تبوک تک ایک

طویل سلسلۂ غزوات بھی پیش آیا۔ جنگ بدر میں ۳۱۳ مسلمانوں نے ایک ہزار سے زائد ہتھیاروں سے پوری طرح لیس کفار کو شکست فاش دی۔ یہاں تک کہ ان کے بڑے بڑے سورماؤں کے حوصلے بھی پست ہو گئے۔ جنگ احد میں معمولی ہزیمت کے بعد مسلمان غالب آئے۔ جنگ خندق میں اللہ تعالیٰ کی براہ راست مدد سے کفار نے محاصرہ اٹھا کر دکھ اور افسوس کے ساتھ راہ فرار اختیار کی۔ ۶ھ میں صلح حدیبیہ میں کافروں نے مسلمانوں کو اپنے مدمقابل ایک فریق تسلیم کر لیا۔ اس طرح دس سالہ معاہدۂ امن طے پایا۔ اگلے سال جنگ خیبر میں یہودیوں کی کمر ٹوٹ چکی تھی اور وہ تتر بتر ہو گئے تھے۔ صلح حدیبیہ کے صرف دو سال بعد ۸ھ میں کفار مکہ نے حدیبیہ کے معاہدہ کو خیرباد کہہ کر مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے کا منصوبہ ترتیب دیا تو حضورؐ نے مکہ پر فوج کشی کر دی جس کے نتیجہ میں بدوں لڑائی مکہ فتح ہو گیا۔ ۹ھ میں حج فرض ہو گیا۔ اگلے سال حضورؐ نے خود سوا لاکھ مسلمانوں سمیت مناسک حج ادا کئے۔ عرفات کے میدان میں آپؐ نے جو خطبہ دیا وہ انسانی منشور کی اولین دستاویز ہے۔ جس کے متن کا اردو ترجمہ بذیل ہے:

۱۔ تمہارا خون اور تمہارا مال اسی طرح حرام ہے جس طرح یہ دن اس مہینہ میں اور اس شہر میں حرام ہے۔

۲۔ ہر جاہلی عمل باطل ہے۔ جاہلیت کے تمام خون باطل کر دیئے گئے۔ سب سے پہلے میں اپنے خاندان میں ربیعہ بن حارث کا خون باطل کرتا ہوں جس نے بنی سعد میں پرورش پائی اور اس کو ہذیل نے قتل کر ڈالا۔

۳۔ جاہلیت کے تمام سود باطل کر دیئے گئے اور سب سے پہلے اپنے خاندان میں عباس بن عبدالمطلب کا سود معاف کرتا ہوں۔ یہ سب کا سب باطل ہے۔

۴۔ عورتوں کے معاملہ میں خدا سے ڈرو، تم نے ان کو امانت کے طور پر حاصل کیا ہے۔ اور ان کی شرمگاہوں کو اللہ کی بات کے ساتھ حلال سمجھا ہے۔ اور تمہاری



طرف سے ان پر یہ ذمہ داری ہے کہ وہ تمہارے بستر پر کسی غیر کو نہ آنے دیں۔ اگر وہ ایسا کریں تو ان کو ایسی مار دو جو نمودار نہ ہو اور ان کا حق تمہارے اوپر یہ ہے کہ ان کی خوراک اور پوشاک کا انتظام کرو۔

۵۔ میں تم میں دو چیزیں چھوڑ جاتا ہوں اگر تم نے ان کو مضبوط پکڑ لیا تو کبھی گمراہ نہ ہو گے۔ وہ چیزیں کیا ہیں؟ کتاب اللہ اور میری سنت۔

تم سے خدا کے ہاں میری نسبت پوچھا جائے گا تو کیا جواب دو گے؟ صحابہؓ نے عرض کیا ہم کہیں گے کہ آپ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا، اپنا فرض ادا کر دیا۔ آپؐ نے اپنی انگلی آسمان کی طرف اٹھائی اور تین مرتبہ فرمایا "اے خدا تو گواہ رہنا، اے خدا تو گواہ رہنا، اے خدا تو گواہ رہنا۔" [1]

**ایام تشریق کے وسط میں جو خطبہ آپؐ نے دیا اس کا متن یہ ہے:**

اے لوگو یہ جانتے ہو کہ یہ کون سا مہینہ اور کون سا دن ہے؟ اور تم کس شہر میں ہو؟ لوگوں نے جواب دیا یہ بڑا باحرمت دن اور یہ مہینہ بڑا قابل احترام ہے اور یہ شہر حرمت والا ہے۔ تو آپؐ نے فرمایا تمہارا خون، تمہارا مال، تمہاری عزتیں اسی طرح قیامت تک ایک دوسرے پر حرام ہیں جس طرح یہ دن، یہ مہینہ اور یہ شہر ہے۔ پھر فرمایا مجھ سے وہ باتیں سنو جن سے تم صحیح زندگی گذار سکو گے۔ خبردار! ظلم نہ کرنا، خبردار! ظلم نہ کرنا، خبردار! ظلم نہ کرنا۔ کسی مسلمان کے مال میں سے کچھ لینا جائز نہیں ہاں اگر وہ راضی ہو تو حرج نہیں۔ ہر خون، ہر مال جو جاہلیت سے چلا آتا تھا تا قیامت وہ باطل ہے اور سب سے پہلا خون جو باطل کیا جاتا ہے وہ ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب کا خون اس نے بنی لیث میں پرورش پائی تھی اور ہذیل نے اسے قتل کر دیا تھا۔ جاہلیت کے تمام سود بھی باطل کر دیئے گئے اور اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ فرما دیا کہ جو سب سے پہلا سود باطل کر دیا جائے وہ عباس بن عبدالمطلب کا سود ہے۔ تمہارا راس المال تمہارے لئے محفوظ ہے اس میں نہ تم کسی پر ظلم کرو گے نہ تمہارے اوپر ظلم کیا جائے گا۔ ابتداء

۱۔ نبی رحمت صفحہ ۵۲۴، ۵۲۱ از مولانا سید ابوالحسن ندوی۔

میں جب اللہ پاک نے آسمان وزمین کو پیدا کیا تو زمانہ پھر پھرا کر آج اسی نقطہ پر آگیا۔ پھر آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی :(ترجمہ)''خدا کے نزدیک مہینے گنتی میں بارہ ہیں اس روز سے کہ اس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا۔ کتاب اللہ میں بارہ مہینے ہیں ان میں سے چار مہینے ادب کے ہیں۔ یہی دین کا سیدھا راستہ ہے تو ان مہینوں میں قتال نا حق سے اپنے آپ پر ظلم نہ کرنا (سورہ بقرہ) ہاں ! میرے بعد کافر ہی نہ ہو جانا کہ خود ایک دوسرے کی گردن مارنے لگو۔ اور ہاں ! شیطان بھی اس سے مایوس ہو چکا ہے کہ نماز پڑھنے والے اس کی پرستش کریں لیکن وہ تمہارے درمیان رخنہ اندازی کرے گا۔ عورتوں کے معاملہ میں خدا سے ڈرو کیونکہ وہ تمہاری دست نگر ہیں وہ اپنے لئے خود اختیار نہیں رکھتیں اور ان کا تم پر حق ہے اور تمہارا ان پر کہ وہ تمہارے علاوہ تمہارے بستر پر کسی کو نہ آنے دیں اور نہ ایسے شخص کو تمہارے گھر آنے دیں جسے تم نا پسند کرتے ہو اور اگر تم ان کی نافرمانی سے خوف محسوس کرو تو انہیں نصیحت کرو اور ان کو ان کی خواب گاہوں میں چھوڑ دو اور ہلکی مار مارو اور انہیں کھانے کپڑے کا حق معلوم طریقے پر حاصل ہے تم نے ان کو خدا کی امانت کے طور پر حاصل کیا ہے۔ اور ان کے ناموس کو اللہ کے نام سے حلال کیا ہے۔ آگاہ ہو جاؤ جس کے پاس کوئی امانت ہو وہ صاحب امانت کو واپس کر دے۔

اتنا فرمانے کے بعد آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے اور فرمایا کیا میں نے پیغام پہنچا دیا؟ صحابہ کرام نے عرض کیا۔ ہاں ! یارسول اللہؐ ! پھر فرمایا جو حاضر ہیں وہ غیر حاضر لوگوں تک یہ بات پہنچا دیں۔ کیونکہ بہت سے غیر حاضر سننے والوں سے زیادہ خوش بخت ہوتے ہیں۔ [1]

حجۃ الوداع کے بعد رسول اللہ ﷺ سے ایسی باتیں ظاہر ہوئیں جن سے اشارہ ملتا تھا کہ آپؐ وفات کے قریب ہیں۔ اب جبکہ قرآن کریم کا نزول مکمل تھا، امانت الٰہی بے کم وکاست لوگوں تک پہنچ چکی، راہ حق میں قربانی اور جانفشانی کا حق ادا ہو گیا اور ایک

ا۔ نبی رحمت صفحہ ۵۲۴، ۵۲۸ از مولانا سید ابوالحسن ندوی



ایسی امت تیار ہو گئی جو نبیؐ کے بغیر بھی نبوت کی ذمہ داریوں کو سرانجام دے سکتی تھی اور دعوت کا علم بردار اور دین حق کو تحریف سے محفوظ رکھنے کی اہل تھی۔ اور پورا جزیرۂ عرب آپؐ کے زیر نگیں تھا۔ دنیا کے سلاطین وامراء پر آپؐ کا جلال ورعب طاری تھا۔ اصحاب کرام آپؐ پر اپنے مال ومتاع واولاد تک سب کچھ قربان کرنے کیلئے تیار تھے۔

ہر سال رسول اللہ ﷺ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف فرماتے لیکن امسال بیس روز اعتکاف فرمایا۔ جبریلؑ ہر سال آپؐ سے مل کر قرآن کریم کا ورد فرماتے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اس سال جبریل دو مرتبہ آئے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ میرا وقت قریب ہے۔ ماہ صفر کے آخری ایام میں بروز دو شنبہ نصف شب آپؐ جنت البقیع میں تشریف لے گئے۔ دعائے مغفرت کے بعد حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرہ میں لوٹے تو سر درد تھا۔ یہ آپؐ کی علالت کا آغاز تھا۔ آخری وقت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو لقاء رب اور وصال حق کی اجازت عطا فرمائی تو ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ بروز دو شنبہ بعد از زوال تریسٹھ سال کی عمر میں آپؐ ''فی الرفیق الاعلیٰ'' فی الرفیق الاعلیٰ (سب سے اعلیٰ و برتر رفیق کے پاس) فرماتے ہوئے عالم آب وگل سے دار البقاء کو تشریف لے گئے۔ [2]

## امیر المؤمنین حضرت علی مرتضیٰؓ

حضرت علی مرتضیٰؓ کے والد گرامی ابو طالب مکہ کے ذی اثر بزرگ تھے۔ ابو طالب حضور پاک ﷺ کے حقیقی چچا اور عبد المطلب کے بیٹے تھے۔ آنحضرتؐ نے انہی کی آغوش میں پرورش پائی۔ حضرت کا نام علی، ابوالحسن ابو تراب کنیت اور حیدر لقب تھا۔ حضرت کی والدہ ماجدہ کا نام فاطمہ بنت اسد تھا۔ اسد حضرت ابو طالب کے چچا تھے۔ اسلئے حضرت علی نجیب الطرفین ہاشمی تھے۔ حضرت علی حضور پاک رحمت اللعالمین حضرت محمدؐ کی بعثت سے دس سال پہلے پیدا ہوئے۔ بچپن میں ہی حضورؐ نے

۱ے صہ ۵۳۱ تا ۵۲۵ کتاب نبی رحمت

۲ے کتاب ''رحمۃ اللعالمین'' صہ ۲۴۶

حضرت علیؓ کو اپنی کفالت میں لے لیا تھا۔وہ ہروقت حضور کے ہمراہ رہتے تھے۔ حضرت محمدؐ پر خلعت نبوت عطا ہوا تو بچوں میں سے حضرت علیؓ نے سب سے پہلے ایمان لایا۔ بالغ مردوں میں سے حضرت ابو بکر صدیق ؓ، خواتین میں حضرت خدیجہؓ اور غلاموں سے زید بن حارثؓ سب سے پہلے مشرف بہ اسلام ہوئے۔ منصب نبوت عطا ہونے کے بعد حضورؐ نے تین سال تک خفیہ تبلیغ فرمائی۔ایسے مباحث اور تبلیغی محافل میں حضرت علیؓ حضورؐ کے ہمراہ ہوتے تھے۔ کتاب خلفائے راشدین کے مطابق چوتھے سال اعلان عام ہوا تو سب سے پہلے اپنے قریبی رشتہ داروں میں تبلیغ کا حکم ہوا۔ اور یہ آیت نازل ہوئی۔

ترجمہ :"اپنے قریبی اعزہ کو (عذاب الٰہی سے) ڈراؤ"۔ چنانچہ سرور کائنات ﷺ نے کوہ صفا پر چڑھ کر اپنے خاندان کو دعوت اسلام دی۔ اپنے خاندان والوں کو دعوت حق دینے کیلئے دعوت طعام کا انتظام حضرت علیؓ کے سپرد کیا۔ شیر خدا نے کم سنی کے باوجود شاندار طریق پر دعوت کا انتظام کیا۔ کھانے سے فارغ ہو چکے تو خاندان کے چالیس مہمانوں جن میں حضرت حمزہؓ، حضرت عباسؓ، ابو لہب اور ابو طالب شامل تھے کو ایمان لانے کی دعوت دی۔ لیکن سب چپ رہے صرف حضرت علیؓ نے کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ اگرچہ میں سب سے چھوٹا ہوں' مجھے آشوب چشم ہے اور میری ٹانگیں پتلی ہیں تاہم میں آپؐ کا دست و بازو ہوں گا۔ اسی طرح حضرت علیؓ نے تین مرتبہ اعلان کیا۔ تب حضورؐ نے فرمایا "تم بیٹھ جاؤ تو میرا بھائی اور وارث ہے"۔ تیرہ برس تک رسول اللہؐ نے مکہ میں تبلیغ حق کا مشن جاری رکھا لیکن مشرکین قریش نے اس کا جواب بغض اور عناد سے دیا۔ بلکہ قتل کی دھمکیاں بھی دینے لگے تب حضورؐ کو بذریعہ وحی ہجرت مدینہ کا حکم ہوا تو حضرت علیؓ کو لوگوں کی امانتیں واپس کرنے اور دیگر معاملات انجام دینے کیلئے اپنے بستر پر چھوڑا اور خود حضرت ابو بکر صدیقؓ کے ساتھ سفر مدینہ منورہ کو روانہ ہو گئے بوقت روانگی کفار کی ایک جمعیت حضورؐ سے بد سلوکی کرنے کیلئے انکے راستہ



میں موجود تھی حضورؐ نے مٹی پھونک کر کفار پر پھینکی اور خود روانہ ہو گئے۔ کفار انہیں دیکھ ہی نہ سکے بعد میں حضرت علیؓ کو حضورؐ کے بستر پر پاکر حیران رہ گئے حضرت علیؓ دو یوم مکہ میں رہے اور جملہ معاملات کو سمیٹ کر خود بھی مدینہ کو ہجرت کر گئے۔

حضرت محمد ﷺ کے ہجرت مدینہ کے بعد سب سے پہلا معرکہ غزوۂ بدر ہے۔ حضورؐ تین سو تیرہ جانثاروں کے ساتھ جب مدینہ سے روانہ ہوئے تو سیاہ رنگ کا ایک علم حضرت علی کے ہاتھ میں تھا۔ جب بدر کے قریب پہنچے تو حضورؐ نے حضرت علیؓ کی معیت میں چند جان نثاروں کو دشمن کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے روانہ کیا۔ حضرت علیؓ نے کمال ہوشیاری اور تدبّر سے معلومات بہم پہنچائیں تو مسلمانوں نے بڑھ کر بہتر مقامات پر قبضہ کر لیا۔ حضورؐ نے مبازرت کے لئے تین نوجوان دشمن کے مقابلہ کے لئے بھیجے۔ لیکن کفار نے یہ کہہ کر لڑنے سے انکار کر دیا کہ یہ لوگ انصار میں سے ہیں۔ ہم مہاجرین (قریش) سے لڑیں گے۔ چنانچہ حضرت علیؓ، حضرت حمزہؓ اور حضرت عبیدہؓ میدان میں وارد ہوئے۔ حضرت علیؓ نے اپنے حریف ولید کو ایک ہی وار میں تہ تیغ کر دیا۔ اور عبیدہؓ کی مدد کی ۔اس کے حریف شیبہ کو قتل کیا۔ مشرکین نے طیش میں آکر عام حملہ کر دیا۔اس لڑائی میں شیر خداؓ نے صفیں کی صفیں الٹ دیں۔ تمام مسلمان بے جگری سے لڑے۔ تین سو تیرہ مسلمانوں نے تقریباً ایک ہزار کفار پر فتح پائی۔ ستر کافر گرفتار ہوئے۔ جب کے اتنی ہی تعداد میں قتل بھی ہوئے۔ مسلمانوں کو بے شمار مال و غنیمت ہاتھ لگا۔ حضرت علیؓ کو ایک اونٹ، ایک زرہ اور ایک تلوار ملی۔ [1]

## حضرت فاطمہؓ سے نکاح

حضرت علیؓ جب چوبیس سال کے تھے تو حضور ﷺ نے ان کا نکاح اپنی صاحبزادی خاتون جنت، سیدہ النساء حضرت فاطمۃ الزہرہؓ سے کرا دیا۔ حضرت علیؓ

[1] خلفائے راشدین صفحہ ۲۵۶

صاحبزادی خاتون جنت ، سیدہ النساء حضرت فاطمۃ الزہرہؓ سے کرا دیا۔ حضرت علیؓ کے پاس مہر کے لئے کچھ نہ تھا۔ حضورؐ کے حکم سے اپنا زرہ چار سو اسی درہم میں بدست حضرت عثمانؓ فروخت کیا۔ تو حضرت بلالؓ نے بازار سے عطر اور خوشبو خرید لائی۔ حضورؐ نے خود نکاح پڑھایا۔ اور دونوں میاں بیوی پر وضو کا پانی چھڑک کر خیر و برکت کی دعا کی۔ تقریباً ایک سال بعد حضرت فاطمہؓ کی رخصتی ہوئی۔ ان کا جہیز ایک پلنگ ، ایک بستر ، ایک چادر ، دو چکیاں اور ایک مشکیزہ پر مشتمل تھا۔ ولیمہ میں جَو کی روٹی ، پنیر اور ایک خاص قسم کا شوربہ تھا۔ جو اس زمانے میں پر تکلف ولیمہ تھا۔ حضرت اسماءؓ کا بیان ہے کہ اس سے بہتر ولیمہ کبھی نہیں ہوا۔ ۱؎

## غزوات

حضرت علی شیر خداؓ نے تقریباً ساری ہی غزوات میں حصہ لیا۔ ہر غزوہ میں حضرت علیؓ کا کردار بہت اہم اور منفرد خصوصیات کا حامل ہے۔ غزوۂ احد ۳ھ میں ہوا جس میں حضورؐ کے دندان مبارک شہید ہوئے تو حیدر کرار نے بڑھ کر علم تھام لیا۔ مشرکین کے علم بردار ابو سعد بن ابو طلحہ مقابلہ پر آیا تو شیر خداؓ نے بڑھ کر ہاتھ مارا وہ فرش پر گر گیا اور بدحواسی کے عالم میں برہنہ ہو گیا۔ حضرت علیؓ نے رحم کھا کر اسے زندہ چھوڑ دیا۔ ۴ھ میں غزوہ بنی نضیر اور ۵ھ میں غزوہ خندق پیش آئے۔ غزوہ خندق میں کفار کے سردار عمرو بن عبدود پر وار کر کے حضرت علیؓ نے اسے قتل کر دیا تب اس کے ساتھی بھاگ گئے۔ یہ معرکہ مجاہدین کرام کے ہاتھ رہا۔ غزوہ بنی قریظہ اور بنی سعد کی سرکوبی کی مہم ۶ھ میں ہوئی۔ بنو قریظہ نے مسلمانوں سے معائدہ کے باوجود قریش کا ساتھ دیا تو حضرت علیؓ نے ان کا قلعہ فتح کر لیا اور حضورؐ کے عہد کے مطابق قلعہ کے صحن میں نماز عصر ادا کی۔ اسی طرح بو سعد یہود خیبر کی اعانت کے لئے اکٹھے ہو رہے تھے لہذا حضرت علیؓ کو ایک سو کی جمعیت کے ساتھ ان کی

۱؎ خلفائے راشدین صفحہ ۲۵۶



سرکوبی کو روانہ کیا گیا۔ حضرت علیؓ نے ماہ شعبان میں حملہ کر کے بو سعد کو منتشر کر دیا اور پانچ سو اونٹ اور دو ہزار بکریاں مال غنیمت میں لائے۔ ۱؎

صلح حدیبیہ اسلامی تاریخ کا مشہور و منفرد واقع ہے ۶ھ میں یہ معائدہ حضرت علی المرتضیٰؓ کے ہاتھوں تحریر و تکمیل ہوا۔ ۷ھ کو فتح خیبر کا تاریخی واقعہ پیش آیا۔ خیبر یہودیوں کا گڑھ تھا۔ وہاں کے مشہور قلعے اس قدر مضبوط تھے کہ ان کے ناقابل تسخیر ہونے کا چرچہ عام تھا۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ خیبر فتح کرنے پر مامور ہوئے لیکن ناکامی ہوئی۔ آخر کار شیر خدا حیدر کرارؓ کو اسکی تسخیر پر مامور کیا گیا۔ آپ آشوب چشم میں مبتلا تھے۔ خلفائے راشدین کے مطابق حضور پاکؐ نے اپنا لعاب دھن ان کی آنکھوں پر لگایا جس سے یہ تکلیف فوراً دور ہو گئی۔ حضرت علیؓ نے علم بلند کیا اور فتح خیبر کو روانہ ہو گئے۔ خیبر پہنچ کر حضورؐ کی ہدایت کی روشنی میں یہودیوں کو ایمان لانے کی دعوت دی جس کے جواب میں یہودیوں کا سردار مرحب جوش و خروش سے رجز پڑھتا ہوا نمودار ہوا اور حضرت علیؓ پر حملہ آور ہوا۔ حیدر کرارؓ نے بڑھ کر ایک ہی وار میں اس کا کام تمام کر دیا۔ اس کے بعد یہودیوں کے حوصلے پست ہو گئے اور یہودیوں کا بڑا مرکزی قلعہ خیبر حضرت علیؓ کے ہاتھوں فتح ہو گیا۔ ۲؎

رسول اللہ ﷺ نے ۱۰ھ میں حجۃ الوداع کیا۔ حج سے واپسی پر ابتدائے ربیع الاول ۱۱ھ میں حضورؐ بیمار ہوئے۔ مختصر سی علالت کے بعد ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ دوپہر کے وقت جان نثاروں کو داغ مفارقت دے گئے۔ غسل اور تدفین کے جملہ فرائض حضرت علیؓ کے ہاتھوں انجام پائے۔

رسولِ خدا حضرت محمد ﷺ کی دار الفناء سے رخصتی کے بعد حضرت ابو بکر صدیقؓ خلیفہ مقرر ہوئے۔ سوا دو برس کی خلافت کے بعد انہوں نے وفات پائی تو حضرت عمر فاروقؓ مسند آرا خلافت ہوئے۔ حضرت عمرؓ نے کاروبار سلطنت چلانے کیلئے حضرت علی المرتضیٰؓ کو اپنا چیف ایڈوائزر مقرر کیا ہوا تھا۔ بڑی بڑی مہمات میں حضرت علیؓ کے

۱؎ ۲؎ خلفائے راشدین صفحہ ۲۵۸، ۲۵۹

مشورے ہمیشہ کامیابی کی دلیل ثابت ہوئے۔ حضرت عمرؓ کے بعد حضرت عثمان غنیؓ خلیفہ مقرر ہوئے تو ملک فتنہ و فساد کی گرفت میں آگیا جس کی بڑی وجہ حضرت عثمانؓ کے مقرر کردہ گورنر تھے۔ ان کی من مانی کاروائیوں سے عوام میں بے چینی پھیل گئی۔ حضرت عثمانؓ خود اموی تھے اس لئے انہوں نے سابقہ تجربہ کار اور لائق گورنروں کو سبکدوش کر کے نااہل اور ناتجربہ کار لوگوں کو اہم عہدوں پر تعینات کر دیا جن کی غالب تعداد امویوں کی تھی۔ حضرت علیؓ نے سخت گیر پالیسی اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ لیکن حضرت عثمانؓ چونکہ طبعاً نرم دل تھے وہ کسی قسم کی سختی برتنے سے گریز کرتے رہے۔ اس طرح حالات بد سے بدتر ہوتے گئے جن پر لوگوں میں افراتفری پھیل گئی۔ مصر سے ایک وفد کچھ مطالبات لے کر دربار خلافت پہنچا جنہوں نے حضرت عثمانؓ کے سامنے شکایات کے ڈھیر لگا دیئے اور سخت اور کڑے مطالبات پیش کئے۔ حضرت علیؓ نے ذاتی یقین دہانیوں کی بنیاد پر سمجھا بجھا کر واپس کر دیا۔ یہ وفد راستہ سے واپس ہو کر دوبارہ مدینہ شریف پہنچا۔ انہوں نے حضرت علیؓ کو بتایا کہ حضرت عثمان غنیؓ کا ایک قاصد گورنر مصر کے نام ایک خط لیکر مصر جارہا تھا جس میں لکھا تھا کہ وفد کے اراکین جوں ہی مصر پہنچیں انہیں قتل کر دیا جائے۔ حضرت علیؓ نے حضرت عثمانؓ سے اس سلسلہ میں دریافت کیا تو انہوں نے لاعلمی اور حیرت کا اظہار کیا۔ لیکن وفد کے لوگ اور دیگر ایسے لوگ جو حضرت عثمانؓ سے خوش نہ تھے انہیں خلافت سے ہٹانے کے مطالبہ پر ڈٹ گئے۔ حضرت علیؓ اور دیگر اکابر صحابہ کے سمجھانے پر بھی وہ نہ مانے۔ نتیجتاً انہوں نے حضرت عثمانؓ کو بروز جمعہ بوقت عصر اس وقت قتل کر دیا جب وہ تلاوت قرآن میں مصروف تھے۔ جب قاتل دیوار پھلانگ کر اندر داخل ہوئے تو حضرت نائیلہ حضرت عثمانؓ کے پاس موجود تھیں۔ انہوں نے حضرت عثمانؓ کو بچانے کی کوشش کی تو ان کی تین انگلیاں کٹ گئیں۔ حضرت عثمانؓ باغیوں کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ اس طرح حضورؐ کی پیش گوئی پوری ہو گئی۔ حرم رسولؐ میں قیامت برپا تھی۔ وہاں باغیوں کی



حکومت تھی۔ کسی کو آواز بلند کرنے کی جرأت نہ تھی۔ حضرت عثمانؓ (خلیفۂ وقت) کی لاش دو دن تک بے گور و کفن پڑی رہی۔ سنیچر کی رات کو چند آدمیوں نے جان پر کھیل کر تجہیز و تکفین کی۔ مسند ابن حنبل میں ہے کہ حضرت زبیرؓ نے اور ابن سعد میں ہے کہ حضرت جبیر بن معظمؓ نے نماز جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع کے پیچھے حش کوکب میں بے بسی اور مظلومی کے پیکر کو سپرد خاک کیا گیا۔

حضرت عثمانؓ کی شہادت سے مسلمانوں میں صف ماتم بچھ گئی جس نے سنا وہ انگشت بدنداں رہ گیا۔ حضرت عثمانؓ کی موت سے امت مسلمہ شیعہ، خارجی اور عثمانی فرقوں میں بٹ گئی۔ حضرت عثمانؓ کا خون آلود کرتہ اور حضرت نائیلہ کی کٹی ہوئی انگلیاں شام میں امیر معاویہؓ کے پاس پہنچ گئیں۔ جب کرتہ اور انگلیوں کو کھولا گیا تو انتقام انتقام کی صدائیں بلند ہوئیں۔ ۱؎

## بیعت خلافت

حضرت عثمانؓ کی شہادت سے تین دن بعد تک مسند خلافت خالی رہی۔ اس عرصہ میں لوگوں نے حضرت علیؓ کو اس منصب کو قبول کرنے کے لئے اصرار کیا۔ کتاب خلفائے راشدین کے مطابق حضرت علیؓ نے یہ بار گراں اٹھانے سے انکار کر دیا۔ لیکن آخر میں مہاجرین اور انصار کے اصرار سے مجبور ہو کر اس واقعہ کے تیسرے دن ۲۱ ذی الحج بروز دو شنبہ مسجد نبویؐ میں حضرت علی المرتضٰی کے ہاتھ پر بیعت ہوئی اور انہوں نے خلافت کی ذمہ داریاں باقاعدہ طور پر سنبھال لیں۔

خلیفہ مقرر ہونے کے بعد حضرت علیؓ کا پہلا کام حضرت عثمانؓ کے قاتلوں کا پتہ لگانا اور انہیں سزا دینا تھا۔ تحقیقات سے ثابت ہوا کہ شہادت کے وقت صرف حضرت عثمانؓ کی بیوہ نائیلہ بنت الفرافصہ موقعہ پر موجود تھیں۔ جو اس کے سوا کچھ نہ بتا سکیں کہ محمد بن ابی بکرؓ دو آدمیوں کے ساتھ جن کو وہ پہچانتی نہیں تھی اندر آئے تھے حضرت

۱؎ خلفائے راشدین صفحہ ۲۲۲

علیؓ نے محمد بن ابی بکرؓ کو پکڑا تو انہوں نے قسم کھا کر اپنی بے گناہی ظاہر کی کہ وہ قتل کے ارادے سے ضرور داخل ہوئے تھے لیکن حضرت عثمانؓ کے جملہ سے محجوب ہو کر پیچھے ہٹ آئے۔ البتہ ان دونوں نابکاروں نے بڑھ کر حملہ کیا جن کو وہ بھی نہیں جانتے تھے کہ کون تھے۔ حضرت نائیلہ نے بھی اس بیان کی تصدیق کی کہ قاتلوں میں محمد ابی بکرؓ شریک نہ تھے غرض تحقیق و تفتیش کے دوران قاتلوں کا کوئی پتہ نہ چل سکا اور حضرت علیؓ کوئی کاروائی نہ کر سکے۔ [1]

منصب خلافت سنبھالنے کے بعد حضرت علیؓ نے جملہ اموی گورنر جو حضرت عثمانؓ نے مقرر کئے تھے کو معزول کر کے نئے گورنر مقرر کر دیئے۔ عثمان بن حنیف کو بصرہ کا گورنر مقرر کر دیا۔ عمارہ بن حسان کو کوفہ کی حکومت سپرد کی۔ حضرت عبداللہ بن عباس کو یمن کی ولائت پر مامور کیا اور سہیل کو حکومت شام کا فرمان دیکر روانہ کیا۔ سہیل تبوک کے قریب پہنچے تو امیر معاویہ کے سوار مزاحم ہوئے اور ان کو واپس مدینہ جانے پر مجبور کیا۔ اس وقت حضرت علیؓ کو معلوم ہوا کہ ان کی خلافت جھگڑوں سے پاک نہیں ہے۔

حضرت علیؓ نے امیر معاویہ کو لکھا کہ مہاجرین اور انصار نے اتفاق رائے سے میرے ہاتھ پر بیعت کی ہے اس لئے میری اطاعت قبول کرو ورنہ جنگ کیلئے تیار ہو جاؤ۔ ادھر حضرت عائشہ صدیقہ کو مکہ سے مدینہ کے سفر کے دوران خلیفہ کے قتل کا علم ہوا تو واپس مکہ آکر انہوں نے قصاص کا مطالبہ کر دیا۔ مدینہ میں بے چینی دیکھ کر حضرت زبیرؓ اور حضرت طلحہؓ بھی حضرت علیؓ سے اجازت لے کر مکہ چلے گئے۔ انہوں نے حضرت عائشہؓ جو مکہ میں تھیں سے ملاقات کر کے مدینہ میں بے چینی کی ایسی خبریں دیں جنہیں سن کر حضرت عائشہؓ نے قصاص کی دعوت عام دیدی۔ اموی اکابرین جو مکہ میں پناہ گزین تھے نے قصاص کی تحریک کی دعوت عام کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ بصرہ، کوفہ، عراق کی نو آبادیوں میں اس تحریک کی اشاعت کر کے جم

[1] خلفائے راشدین صفحہ ۲۶۸، ۲۶۹



غفیر کو اپنے ساتھ ملا لیا۔

حضرت علیؓ نے مسند خلافت سنبھالتے ہی جملہ عمال (گورنر) جو اموی تھے کی فوری برطرفی کا حکم دیدیا جن میں امیر معاویہؓ بھی شامل تھے۔ امیر معاویہ نے شام کی گورنری سے دست بردار ہونے سے انکار کر دیا لیکن باقی گورنر مستعفی ہو گئے۔ نئے عمال مقامی حالات سے کماحقہ واقف نہ تھے اس لئے بے چینی اور بد نظمی کو کنٹرول کرنے میں ناکام رہے۔ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ کو بھی بد گمانیوں اور بد نظمی نے قصاص عثمانؓ کے مطالبہ پر آمادہ کیا۔ ان واقعات کی بازگشت جب عراق پہنچی تو مخالفین وہاں بھی سرگرم ہو گئے۔ وہاں بیت المال پر قبضہ کر کے مملکت کی مالی مشکلات میں اضافہ کرنے کا خطرہ بھی درپیش تھا۔ قصاص کی تحریک نے بصرہ، کوفہ اور عراق کی نو آبادیوں میں لوگوں کو ہم آہنگ کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ حالات کو کنٹرول میں رکھنے نیز عراقی بیت المال کی حفاظت کی خاطر حضرت علیؓ نے دارالخلافہ مدینہ منوّرہ کو خیر آباد کہا اور عراق چلے گئے۔ ان اقدامات نے امت مسلمہ کو تقسیم کر دیا۔ ایک گروہ حضرت علیؓ کا طرفدار اور دوسرا حضرت عائشہؓ اور حضرت طلحہؓ کا حامی تھا۔ یہ فتنہ اس قدر بڑھا کہ جنگ جمل تک نوبت پہنچ گئی۔

## جنگِ جمل

دونوں فوجیں آمنے سامنے آگئیں۔ حضرت علیؓ گھوڑا بڑھا کر میدان میں آئے اور حضرت زبیرؓ کو بلا کر کہا کہ "تمہیں یاد ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تم سے پوچھا تھا کہ کیا تم علی کو دوست رکھتے ہو تو تم نے کہا تھا کہ ہاں۔ تو حضورؐ نے فرمایا تھا کہ تم ایک دن اس سے ناحق لڑو گے"۔ حضرت زبیرؓ نے جواب دیا ہاں یاد آگیا۔ [1] حضرت زبیرؓ جنگ سے کنارہ کش ہو گئے تو ان کے ساتھ جنگ سے کچھ دیگر لوگ بھی الگ ہو گئے۔ بہر حال جنگ کی ابتدا ہو چکی تھی۔ حضرت عائشہؓ اونٹ پر سوار ہودج میں تھیں۔ ان

[1] خلفائے راشدین صفحہ ۲۷۳

کے ارد گرد لاشیں گر رہی تھیں۔ ایک شخص نے حضرت عائشہ کے اونٹ کے پاؤں پر تلوار ماری تو اونٹ بلبلا کر بیٹھ گیا۔ اونٹ کے بیٹھتے ہی حضرت عائشہؓ کی فوج کی ہمت جواب دے گئی اور حضرت علیؓ کے حق میں جنگ کا فیصلہ ہو گیا۔ حضرت علیؓ نے نہایت عزت واحترام سے حضرت عائشہؓ کو مدینے بھیجنے کا اہتمام کیا۔ حضرت عائشہؓ نے بصرہ میں چند روز آرام فرمایا۔ حضرت علیؓ نے حضرت عائشہؓ کے بھائی محمد بن ابی بکر کو حکم دیا کہ وہ ہماری ماں اور اپنی بہن کی خبر گیری کریں اور انہیں خیر و خوبی مدینہ پہنچادیں۔ حضرت عائشہؓ نے رخصت ہوتے وقت فرمایا۔ میرے بچو! ہماری باہمی کشمکش غلط فہمی کا نتیجہ تھی ورنہ مجھ میں اور علی میں کوئی جھگڑا نہ تھا۔ حضرت علیؓ نے بھی اس کی تصدیق کردی۔ حضرت عائشہ یکم رجب ۳۶ھ کو سنیچر کے دن مدینہ روانہ ہو گئیں۔

## جنگ صفین

حضرت امیر معاویہؓ گذشتہ دواڑھائی عشروں سے شام کے گورنر تھے وہ شام میں کافی مقبول تھے۔ حضرت عثمانؓ کے قصاص کے سلسلہ میں بہت سرگرم تھے۔ خلیفہ وقت حضرت علیؓ کی حکم عدولی کرکے بطور گورنر قائم اور دائم تھے۔ حضرت عثمانؓ کا قصاص ان کی اولین ترجیح تھا۔ حضرت عائشہؓ سے فارغ ہونے کے بعد حضرت علیؓ امیر معاویہؓ کی جانب متوجہ ہوئے۔ کافی خط وکتابت اور سفارت کاری ہوئی لیکن ناکام۔ بالآخر صفین کے میدان میں خلیفہ کی اور امیر معاویہ کی افواج کا آمنا سامنا ہوا۔ حضرت علیؓ نے اہتمام حجت کے لئے ایک مرتبہ پھر امیر معاویہ سے رجوع کیا کہ صلح ہو جائے۔ جواب تھا کہ قصاص عثمانؓ کیلئے لڑ رہا ہوں۔ عثمانؓ کے قاتل ہمارے حوالے کرو تو میں سب سے پہلے بیعت کے لئے تیار ہوں۔ حضرت ابوالدرداؓ اور حضرت ابو امامہؓ جو سفارت کے فرائض سرانجام دے رہے تھے نے حضرت علی کی خدمت میں حاضر ہو کر امیر معاویہ کی شرائط سے ان کو مطلع کیا۔ اسے سن کر تقریباً بیس ہزار[۱] سپاہیوں نے

۱۔ خلفائے راشدین صفحہ ۲۸۱۔



علوی لشکر سے باہر آکر یک زبان کہا ''ہم عثمانؓ کے قاتل ہیں''۔ یہ دیکھ کر دونوں سفیر لشکر گاہ چھوڑ کر ساحلی علاقہ کی جانب چلے گئے اور لڑائی سے کنارہ کش ہو گئے۔ اس طرح یہ سفارت کاری ناکام ہوئی۔ چند ماہ تک دونوں فوجیں آمنے سامنے رہیں لیکن ماہ صفر کے آغاز سے خونریز جنگ کا بھی آغاز ہو گیا۔ حضرت علیؓ نے اپنی شعلہ بیانی سے فوجوں کو ایسا ابھارا کہ امیر معاویہ کی فوج اس کا مقابلہ نہ کر سکی۔ یہ رنگ دیکھ کر امیر معاویہ نے حضرت علی کو مصالحت کیلئے لکھا لیکن حضرت علیؓ نے انکار کر دیا۔ دوسرے دن صبح شامی فوج ایک عجیب منظر کے ساتھ میدان جنگ میں آئی۔ دمشق کا مصحف اعظم پانچ نیزوں پر باندھا ہوا تھا۔ جسے پانچ آدمی تھامے ہوئے تھے۔ بعض لوگوں نے قرآن پاک کو اپنے نیزوں پر باندھ رکھا تھا۔[۱] یہ دیکھ کر حضرت علیؓ کی فوج میں بعض لوگوں نے چلا کر کہا کہ کتاب اللہ ہمارے درمیان ہے۔ حضرت علیؓ اور ان کے ساتھیوں نے جنگ نہ بند کرنے کا مشورہ اپنی فوج کو دیا۔ لیکن وہ ناکام ہوئے۔ ایک جماعت نے اصرار کیا کہ قرآن کی دعوت کو رد نہ کیا جائے ورنہ ہم خود امیر کا مقابلہ کریں گے۔ اس پر حضرت علیؓ نے اپنی فوج کو جنگ بند کرنے کا حکم دیا اس کے بعد فریقین کے درمیان ایک معاہدہ ہوا کہ عمر بن العاص اور ابو موسیٰ اشعری جو فیصلہ دیں وہ سب کو قبول ہوگا۔ چنانچہ دونوں بزرگوں نے فیصلہ دیا کہ حضرت علی اور امیر معاویہ دونوں کو معزول کر دیا جائے۔ اس کا اعلان ابو موسیٰ نے ممبر پر چڑھ کر اس طرح کیا ''علیؓ اور معاویہؓ دونوں کو معزول کیا جاتا ہے۔ مجلس شوریٰ جسے چاہے اپنا امیر بنائے''۔ اس کے بعد عمر بن العاصؓ نے کھڑے ہو کر کہا ''صاحبو! علی کو جیسا کہ ابو موسیٰ نے معزول کیا میں بھی معزول کرتا ہوں لیکن معاویہ کو اس منصب پر قائم رکھتا ہوں کیونکہ وہ امیر المؤمنین کے ولی اور خلافت کے سب سے زیادہ مستحق ہیں''۔[۱]

۱۔ خلفائے راشدین صفحہ ۲۸۸،۲۸۳

# خارجی فرقہ کی بنیاد، سرکشی اور حضرت علی مرتضیٰؓ کی شہادت

حضرت علیؓ اور امیر معاویہؓ کے درمیان جو معاہدہ ۱۳ صفر ۳۷ھ بروز چہار شنبہ ترتیب پایا اس پر اعتراض ہوا کہ خدا اور رسول ﷺ کے فیصلے کے سوا کسی فرد کو فیصلہ کا حق نہیں۔ اسی طرح بہت سے قبائل نے بھی اسے ناپسند کیا تھا۔ بعض لوگوں نے حضرت علیؓ سے بالمشافہ مل کر اس معاہدہ کو منسوخ کرنے کو کہا لیکن حضرت علیؓ نہ مانے ایک معتدبہ جماعت نے اس کو ناپسند کیا۔ انجام کار اس ناپسندیدگی نے ایک مستقل فرقہ کی بنیاد قائم کر دی جو بعد میں خارجی فرقہ مشہور ہوا اس معاہدہ پر عمل درآمد کے دوران عمرو بن العاص کے فیصلے نے خارجی خطرات کو درست ثابت کر دیا۔ خوارج نے سرکشی سے کام لیا اور حضرت علیؓ کی فوج سے تقریباً بارہ ہزار آدمیوں نے الگ ہو کر اپنا الگ کیمپ لگا لیا اور نوبت حضرت علیؓ کی افواج سے جنگ پر منتج ہوئی۔ نہروان کے مقام پر صرف چار ہزار افراد میدان میں رہ گئے جو مارے گئے یا بھاگنے پر مجبور ہو گئے۔ معرکہ نہروان کے بعد حضرت علی المرتضیٰؓ کو بے شمار بغاوتوں کو فرو کرنا پڑا۔ امیر معاویہؓ کے جارحانہ طرز عمل کا مقابلہ اور حجاز اور عرب کے لیے شام کی جانب سے کشمکش سے نپٹنا پڑا۔ واقعہ نہروان کے بعد چند خارجیوں نے حج کے موقع پر جمع ہو کر مشورہ کیا کہ جب تک علیؓ، معاویہؓ اور عمروؓ بن العاص موجود ہیں امن قائم نہیں ہو سکتا اور نہ ہی خانہ جنگیوں سے نجات حاصل ہو سکتی ہے۔ چنانچہ تین آدمی ان تینوں کو قتل کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ عبدالرحمٰن بن ملجم نے حضرت علیؓ کو، نزال نے معاویہؓ کو اور عبداللہ نے عمرو بن العاصؓ کو قتل کرنے کا عہد کیا اور تینوں اپنی اپنی مہم پر روانہ ہو گئے رمضان ۴۰ھ کو تینوں نے ایک روز صبح کے وقت تینوں بزرگوں پر حملہ کیا۔ امیر معاویہؓ پر وار اوچھا پڑا جبکہ عمرو بن العاص اس دن امامت کے لئے نہیں آئے ان کی جگہ قائم مقام قتل



ہو گیا۔ حضرت علی المرتضیٰؓ کا پیمانۂ حیات بھی لبریز ہو چکا تھا۔

"جب آپؓ (حضرت علیؓ) مسجد میں تشریف لائے تو ابن ملجم سو رہا تھا اسے جگایا جب آپؓ نے نماز شروع کی سر سجدے میں اور دل راز و نیاز الٰہی میں مصروف تھا کہ اسی حالت میں شقی ابن ملجم نے تلوار کا نہایت کاری وار کیا سر پر زخم آیا اور ابن ملجم کو لوگوں نے گرفتار کر لیا حضرت علیؓ اتنے سخت زخمی ہوئے تھے کہ زندگی کی کوئی امید نہ تھی اس لئے حضرت امام حسنؓ اور امام حسینؓ کو بلا کر نہایت مفید نصائح کئے اور محمد بن حنفیہ کے ساتھ لطف و مدارت کی تائید کی۔ جندب بن عبد اللہ نے عرض کی۔ امیر المومنین آپ کے بعد ہم لوگ امام حسن کے ہاتھ پر بیعت کریں۔ فرمایا اس کے متعلق میں کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ تم لوگ خود اس کو طے کر لو اس کے بعد مختلف وصیتیں کیں۔ قاتل کے متعلق فرمایا کہ معمولی طور پر قصاص لینا"۔ ۱

تلوار زہر میں بجھی ہوئی تھی اس لئے نہایت تیزی سے اثر ہوا اور اسی روز ۲۰ رمضان ۴۰ھ جمعہ کی رات یہ فضل و کمال اور رشد و ہدایت کا آفتاب ہمیشہ کے لئے غروب ہو گیا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

## تعلیم و تربیت

حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ کا بچپن رسول خدا حضرت محمد ﷺ کی نگرانی میں گزرا ان کی تعلیم و تربیت بھی حضورؐ نے خود کی۔ اسلام کے احکام و فرائض اور ارشادات نبویؐ کے سب سے بڑے عالم حضرت ابوبکرؓ تھے ان کے بعد علی المرتضیٰؓ کا نمبر ہے۔ آنحضرت ﷺ کے بعد ارشادات و افادات کے مسند پر سب سے طویل عرصہ آپ ہی فائز رہے۔ خلفائے ثلاثہ کے عہد میں اور خود اپنے عہد میں بھی آپؓ ہی کی ذات مبارکہ سے فیض جاری و ساری رہا۔ تمام خلفاء میں سے احادیث کی روایت کا زمانہ سب سے زیادہ آپ ہی کو ملا آپ کی روایات بھی سابقہ خلفاء میں سب سے زیادہ ہیں۔ حضرت

ا۔ خلفائے راشدین صفحہ ۲۹۸

علی المرتضیٰؓ سے کل ۵۸۶ احادیث مروی ہیں جن میں ۲۰ پر مسلم اور بخاری دونوں کا اتفاق ہے ۹ احادیث صرف بخاری میں ہیں مسلم میں نہیں ہیں جبکہ ۱۰ احادیث مسلم میں ہیں بخاری میں نہیں ہیں غرض صحیحین میں آپ کی کل ۳۹ احادیث ہیں حضرت علی المرتضیٰؓ کو شعر اور شاعری سے بھی شغف تھا چند اشعار احادیث صحیحہ میں بھی مذکور ہیں علم نحوی کی بنیاد خاص حضرت علیؓ کے دست مبارک سے رکھی گئی اور اس کے ابتدائی اصول بھی آپؓ ہی کی جانب منسوب ہیں۔

فقہ و اجتہاد کے سلسلہ میں کتاب و سنت کے علم کے ساتھ ساتھ سرعت فہم پیچیدہ و دقیق مسائل پر عبور اور اعلیٰ ذہنی استعداد پر حضرت علیؓ کو دسترس حاصل تھی۔ مشکل سے مشکل مسائل کی گتھیاں سلجھانے، ان کی تہہ تک رسائی آپ کی خداداد فراست کا کمال تھا۔ آپ کی اجتہادی قوت اور وسعت نظر کا اعتراف ان کے حریف بھی کرتے تھے۔ فقہی مسائل میں حضرت کی نظری و ذہنی اپروچ کی بڑی وجہ یہی تھی کہ آپ جو بات نہیں جانتے تھے وہ آنحضرت ﷺ سے پوچھ لیا کرتے تھے۔ حضرت علیؓ تمام عمر مدینہ میں رہے لیکن خلافت کا زیادہ تر زمانہ کوفہ میں گزارا۔ اس لیے آپ کے مسائل و اجتہادات کی زیادہ تر اشاعت بھی عراق میں ہوئی۔ اس لئے حنفی فقہ کی بنیاد حضرت عبداللہؓ بن مسعود کے بعد حضرت علیؓ کے فیصلوں پر ہے۔

## قضا اور فیصلے

آنحضرت ﷺ کی جوہر شناس نگاہ نے حضرت علیؓ کی معاملہ فہمی، استعداد و قابلیت کا اندازہ پہلے ہی کر لیا تھا۔ اس لئے اہل یمن نے اسلام قبول کیا تو آنحضرتؐ نے وہاں کے عہدہ قضا کے لیے آپ کو منتخب فرمایا۔ خلفائے راشدین میں مستدرک حاکم کے حوالہ سے صفحہ ۳۱۸ پر لکھا ہے کہ یمن میں ایک عورت کا مقدمہ حضرت علیؓ کی عدالت میں پیش ہوا جس میں مسلمان ہونے سے قبل اس عورت کے ساتھ ایک ماہ



میں تین مرد خلوت کر چکے تھے۔ نو ماہ بعد بچہ پیدا ہوا تو تینوں مرد بچے کا باپ ہونے کے دعویدار تھے۔ حضرت علیؓ نے یہ فیصلہ کیا کہ اس لڑکے کی دیت کے تین حصے کئے پھر قرعہ ڈالا جس کے نام کا قرعہ نکلا۔ بچہ اس کے حوالے کر دیا اور دو حصے اس سے لے کر دوسرے دونوں کو دیت کا ایک ایک حصہ دیدیا۔ آنحضرتؐ نے جب حضرت علیؓ کا فیصلہ سنا تو تبسم فرمایا۔

ایک اور مقدمہ کا فیصلہ بھی دلچسپ ہے۔ دو مسافر روٹی کھانے بیٹھ گئے ایک کے پاس پانچ اور دوسرے کے پاس تین روٹیاں تھیں ایک اور مسافر کھانے میں شامل ہو گیا۔ کھانے سے فارغ ہو کر اس نے آٹھ درہم ان کو ادا کیے اور آگے بڑھ گیا۔ پانچ روٹیوں والے نے پانچ درہم رکھ لئے اور تین درہم دوسرے کو دیئے لیکن وہ نصف کا طلبگار تھا یہ مقدمہ حضرت علیؓ کی عدالت میں پیش ہوا تو انہوں نے تین روٹیوں والے کو سمجھایا کہ تین درہم قبول کر لو یہ تمہارے لئے فائدہ میں ہے لیکن اس نے کہا کہ انصاف چاہتا ہوں حضرت علیؓ نے ہر روٹی کے تین تین ٹکڑے کیے تو پانچ روٹیوں والے کو پندرہ اور تین روٹیوں والے کے نو۔ کل چوبیس ٹکڑے ہوئے تینوں مسافروں نے مساوی کھانا کھایا یعنی ہر مسافر نے آٹھ آٹھ ٹکڑے کھائے۔ تین روٹیوں والے کا ایک ٹکڑا اور پانچ والے کے سات ٹکڑے مسافر نے کھائے اور آٹھ درہم ادا کئے لہٰذا ایک درہم تین روٹی والے کو اور سات درہم پانچ روٹیوں والے کو ادا ہوئے اور انصاف کے تقاضے پورے ہوئے۔

مشہور ہے کہ حضرت علیؓ کی عدالت میں ایک مرحوم شخص کی وصیت پیش ہوئی کی میرے سترہ اونٹوں میں سے نصف ایک شخص کو، ایک تہائی دوسرے شخص کو اور نواں حصہ تیسرے شخص کو دیدیا جائے اونٹوں کی تقسیم کیلئے مقدمہ پیش ہوا تو حضرت علیؓ نے ایک اونٹ بیت المال سے منگوایا تو تعداد اٹھارہ ہو گئی۔ ان میں سے نصف یعنی نو اونٹ پہلے شخص کو، ایک تہائی یعنی چھ اونٹ دوسرے شخص کو اور

نواں حصہ یعنی دو اونٹ تیسرے کو دیدئے کل سترہ اونٹ تقسیم ہوئے تو بیت المال کا اونٹ بیت المال میں واپس بھیج دیا۔

حضرت کی عدالت میں ایک لغو مقدمہ پیش ہوا۔ ایک شخص نے ایک شخص کو عدالت میں پیش کیا اور کہا کہ اس نے خواب میں دیکھا ہے کہ اس شخص نے میری ماں کی آبروریزی کی۔ فرمایا کہ ملزم کو دھوپ میں کھڑا کر کے اس کے سائے کو سو کوڑے مارو۔ [1]

## تصوف و معرفت

حضرت علیؓ نے کاشانہ نبوتؐ کے آغوش میں پرورش پائی ان ہی کی موجودگی میں وحی کا نزول ہوتا رہا اور قرآن کریم کی تکمیل ہوئی۔ حضرت علی مرتضٰی تصوف و معرفت سے خوب اگاہ تھے جو انہوں نے نہایت حسن و خوبی سے بیان کیے جو مذہب کی جان، شریعت کی روح اور خاصان امت کا حصہ ہے۔ تصوف کے اکثر سلسلے سینہ مرتضوی پر ختم ہوتے ہیں۔ حضرت جنید بغدادیؒ کا قول ہے کہ اصول و آزمائش اور امتحان میں ہمارے شیخ الشیوخ حضرت علی مرتضٰیؓ ہیں۔ شاہ ولی اللہؒ نے ازالۃ الخفاء میں لکھا ہے کہ خلافت سے پہلے حضرت ممدوح کو اس میں بے حد انہماک تھا۔

عبدالرحمٰن صفوری نے نزہۃ المجالس صفہ ۳۵۲ میں اور ابو النور مولانا محمد بشیر نے "سچی حکایات" جلد نمبر ۱ میں لکھا ہے کہ ایک دن حضرت جبریلؑ حضرت علیؓ کے پاس آئے اور علم کا امتحان لینے کیلئے کہا علی! جانتے ہو اس وقت جبریلؑ کہاں ہے؟ حضرت علیؓ نے پہلے دائیں طرف دیکھا پھر بائیں طرف دیکھا پھر زمین کی طرف دیکھا پھر آسمان کی طرف دیکھا اور فرمایا میں نے زمین میں دیکھا تو جبریلؑ کو نہ پایا آسمان کی طرف دیکھا تو پھر بھی جبریلؑ نظر نہ آئے لہذا جبریلؑ تم ہی ہو اس پر جبریلؑ مسکرا دیئے۔

۱۔ خلفائے راشدین صفحہ ۳۲۱



## تقریر و خطابت

حضرت علیؓ بڑے بڑے مجمعوں میں فی البدیع تقریر کرتے تھے فصاحت وبلاغت میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا ان کی تقریر نہایت خطیبانہ مدلل اور مؤثر ہوتی تھی۔ تقریر و خطابت میں حضرت علیؓ کو خداداد ملکہ حاصل تھا۔ شریف رضی نے نہج البلاغۃ کے نام سے چار جلدوں پر مشتمل حضرت علیؓ کے تمام خطبوں کو یکجا کر دیا ہے اور لکھا ہے کہ ان خطبوں نے ہزاروں لاکھوں لوگوں کو فصیح و بلیغ بنا دیا۔

## قناعت، دیانت و ایثار

حضرت علی المرتضٰیؓ تقریباً چھبیس برس آنحضرت ﷺ کے ساتھ رہے۔ اس لئے آپؓ کی ذاتِ مبارکہ میں وہی خوبیاں، صفات اور طور طریقے سرائیت کرتے رہے۔ زُہد و تقویٰ میں ان کی ذات ایک منفرد نمونہ تھی۔ امانت و دیانت میں بھی وہ آنحضرتؐ کے نقش قدم پر چل کر قبول عام کی سند حاصل کر چکے تھے ایک مرتبہ اصفہان سے مال غنیمت میں ایک روٹی آئی۔ علی المرتضٰیؓ نے اس کے سات ٹکڑے کیے اور قرعہ ڈال کر تقسیم کر دی اور دو رکعت نماز ادا کی کہ وہ قیامت میں ان کی امانت و دیانت میں شاہد رہے۔ حضرت ام کلثومؓ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ بیت المال میں نارنگیاں آئیں تو حضرت امام حسنؓ نے ایک نارنگی اُٹھالی تو جناب امیرؓ نے واپس لیکر تقسیم کر دی۔ قناعت و ایثار کا یہ حال تھا کہ شادی کے وقت سیدہ جنت جو سامان میکے سے لائیں تھیں اس میں یہ کچھ اضافہ نہ کر سکے۔ ہفتوں گھر سے دھواں نہیں اُٹھتا تھا۔ عبادت وریاضت میں حضرت علیؓ کو جملہ صحابہؓ پر فضیلت حاصل تھی۔ [1,2]

انفاق فی سبیل اللہ میں وہ اپنی مثال آپ تھے۔ ایک مرتبہ رات بھر باغ سینچ کر تھوڑے سے جَو مزدوری میں حاصل کئے صبح گھر پہنچ کر ایک تہائی پسوا کر حریرہ

۱-۲- کتاب خلفائے راشدین صفحہ ۳۲۹

پکوانے کا اہتمام کیا پک کر تیار ہوا تھا کہ ایک مسکین نے صدا دی حضرت علیؓ نے سب اٹھا کر اسے دے دیا پھر بقیہ میں سے ثلث کے پکنے کا انتظار کیا تیار ہوا تھا تو ایک یتیم مسکین نے دست سوال بلند کیا اسے بھی اٹھا کر اس کی نذر کر دیا تیسرا حصہ بھی پکنے پر ایک مشرک قیدی کے حوالے کر دیا اس طرح شیر خدا رات بھر مشقت کے باوجود فاقہ مست رہے خدا کو یہ ایثار اس قدر پسند آیا کہ اس کے صلہ میں **وَ يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّ يَتِيْمًا وَّ اَسِيْرًا** آیت نازل ہوئی (الدھر آیت نمبر ۸)۔

حضرت علی المرتضیٰؓ میانہ قد، گندمی رنگ، موٹی موٹی آنکھیں، کشادہ سینہ، سڈول جسم نہایت جاذبِ نظر اور پر رونق چہرہ، ریشِ مبارک بڑی اور مونڈھے تک پھیلی ہوئی۔ یہ تھا ان کا سراپا۔ حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کے بعد کل آٹھ شادیاں کیں جن سے کثیر اولاد ہوئی ان سے پانچ بیٹوں کی اولاد جاری ہے۔

## ابو القاسم امام محمد الحنفیہ المعروف محمد الاکبر و محمد حنیف

حضرت سیدنا علیؓ کے نو حرم تھے جن میں سے اٹھارہ فرزند ہوئے ان میں سے صرف پانچ کی اولاد جاری ہے پہلے حرم سے سید النساء فاطمۃ الزہرہؓ سے حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ پیدا ہوئے۔ ان کی اولاد حسنی و حسینی کہلاتی ہے جبکہ باقی حرموں کی اولاد علوی کہلاتی ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں چھٹی صدی ہجری کے شروع سے بنی فاطمہ لقب سید سے مشہور ہیں اس سے قبل علوی برائے مشترک اولاد علی بولا جاتا تھا۔ اولاد فاطمہ اور دیگر ازواج سے اولاد علی میں علویین اور فاطمین وغیرہ کی تمیز قائم ہے۔ جن پانچ فرزندوں کی اولاد جاری ہے ان کے نام اگلے صفحہ پر ہیں۔

۱۔ امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۲۔ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۳۔ امام محمد بن حنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ



۴۔ امام عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۵۔ عمر (عمر الاطرف) رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اعوان قوم کے مورث اعلیٰ میر قطب حیدر شاہ کا سلسلۂ نسب بارہ واسطوں سے حضرت محمد بن الحنفیہؒ بن علی المرتضیٰؓ سے ملتا ہے حضرت امام محمد کی والدہ ماجدہ کا اسم مبارک خولہ تھا۔ حنفی قبیلہ سے تعلق کی وجہ سے ان کا لقب حنفیہ مشہور ہو گیا مسیلمہ کذاب جو یمنی تھا کا تعلق بھی اسی قبیلہ سے تھا۔ مسیلمہ کذاب نے حضور پاکؐ کی زندگی میں ہی جھوٹی نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا حضرت ابو بکر صدیقؓ کے زمانہ خلافت میں مسیلمہ کذاب ایک لڑائی میں حضرت وحشیؓ کے ہاتھوں قتل ہوا۔ اس جنگ میں ایک خاتون خولہ بنت جعفر گرفتار ہو کر آئیں جو بعد میں حضرت علیؓ کی زوجہ ہوئیں یہی خولہ تھیں جن کے بطن سے محمد پیدا ہوئے جن کی اولاد علوی کہلاتی ہے۔

قرآن پاک جس کا ترجمہ مولانا احمد رضا خان بریلوی نے کیا اور جس کی تفسیر مولانا احمد یار خان بدایونی نے لکھی کی سورۃ الانعام کی آیت مبارکہ ۹۳ کی شان نزول اور اس کی تفسیر کے ضمن میں صفحہ ۲۲۱ پر تحریر ہے کہ "یہ آیت مسیلمہ کذاب کے متعلق اتری جو یمن کے قبیلہ بنی حنفیہ میں پیدا ہوا۔ نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا حضورؐ کے زمانہ میں تھا اور صدیق اکبرؓ کے زمانہ میں حضرت وحشیؓ کے ہاتھوں مارا گیا اس جنگ میں خولہ بنت جعفر گرفتار ہو کر آئیں ان ہی کے بطن سے محمد بن حنفیہ پیدا ہوئے جن کی اولاد علوی کہلاتی ہے"

قرآن پاک کی تفسیر گہری چھان بین، پوری تحقیق و تدقیق اور جید علماء کی عرق ریزی کا نتیجہ ہوتی ہے اس لئے اس میں لائے ہوئے واقعات پر شک کی گنجائش نہیں ہے۔ مولانا نور الدین سلیمانی نے باب الاعوان کے صفحہ ۴۲ پر حضرت علی کی دوسری بیوی ام البنین کلابیہ کا ذکر کیا اور لکھا اعوان اسی سے ہیں صحیح نہیں ہے درحقیقت اعوان لوگ حضرت علیؓ کی زوجہ خولہ بنت جعفر بن قیس حنفیہ سے ہیں۔ خواص

خان نے تحقیق الاعوان صفحہ ۶۷ پر جو خیال ظاہر کہ والدہ امام محمد سندھ سے آئی کنیزوں سے ہوگی بھی درست نہیں ہے۔ صاجزادہ محمد حفیظ ٹیکسلا نے رسالہ الاعوان لاہور فروری ۱۹۹۲ کے شمارہ میں خولہ بن لجیم (لجیم حضرت خولہؓ کے اسلاف سے ایک بزرگ تھے) صحیح نہیں لکھا اسی طرح بعض دیگر محققین و مصنفین کے متضاد دعوے بھی درست نہیں ہیں۔ حاجی محبت حسین اعوان نے الاعون لاہور کے شمارہ جولائی ۱۹۹۲ میں اعوان تاریخ کے آئینے میں محمد بن الحنفیہ کے زیر عنوان ایک مدلل اور پر مغز مقالہ تحریر کیا ہے جس میں مستند حوالوں سے ثابت کیا ہے کہ حضرت محمد بن حنفیہ کی والدہ ماجدہ خولہ بنت جعفر تھیں جو حنفی قبیلہ سے تھیں اسی طرح موصوف نے ابن جوزی کی کتاب صعت الصفوۃ کے حوالے سے لکھا ہے کہ محمد بن الحنفیہ کا نام محمد اور کنیت ابوا لقاسم ہے اور یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنا نام اور کنیت خود آپ محمد بن حنفیہ کو دی تھی۔

صاجزادہ عبدالحفیظ ٹیکسلا بھی اس شمارہ میں لکھتے ہیں کہ "امام محمد بن حنفیہ" کی کنیت ابو قاسم تھی آپ ابتدا خلافت فاروقی میں پیدا ہوئے آپ کی پیدائش کی بشارت رسول ﷺ نے حضرت علیؓ کو پہلے ہی دی تھی۔ حدیث کی مشہور کتاب ابو داؤد میں آیا ہے کہ حضرت علیؓ نے آنخضرتؐ سے پوچھا کہ آپ کے بعد اگر میری کوئی نرینہ اولاد ہو تو اس کا نام محمد اور کنیت ابوالقاسم رکھ دوں تو حضورؐ نے فرمایا "ہاں" صاجزادہ صاحب نے مزید لکھا ہے کہ "منتہی الآمال" میں درج ہے کہ رسول خداؐ نے امیر المومنین حضرت علیؓ کو محمد (بیٹے) کی بشارت دی تھی اور اپنا نام اور کنیت ان کو بخشی تھی" اس سے ثابت ہوا کہ حضرت محمد حنفیہ کا نام رسول خدا ﷺ نے تجویز فرمایا تھا۔

آپ بڑے عالم اور فاضل تھے علم و حکمت، زہد و ریاضت میں منفرد مقام رکھتے تھے آپ نے ظاہری اور باطنی علوم اپنے والد گرامی سے حاصل کئے تھے۔ حضرت علیؓ کو ان سے بڑا پیار تھا۔ بوقت وصال حضرت امام حسن و حسینؓ کو نصیحت فرمائی کہ ان کے ساتھ اتحاد و اتفاق قائم رکھنا۔ حضرت علیؓ کی غیر فاطمی اولاد میں آپ سب سے افضل



ہیں آپ شجاعت و بہادری میں بھی بے مثال تھے لشکر مرتضوی کے علم بردار آپ ہی ہوا کرتے تھے جنگ جمل میں حضرت علیؓ نے ان ہی کو جھنڈا عطا کیا تھا جنگ جمل، جنگ صفین اور دیگر کئی لڑائیوں میں آپ نے بہادری اور جوان مردی کے ایسے ایسے جوہر دکھائے کہ عرب کے بڑے بڑے بہادر دنگ رہ گئے۔ تاریخ طبری تاریخ ابن سعد اور تاریخ اسلام میں ان حالات و واقعات کا مفصل ذکر و بیان موجود ہے۔

ملک شیر محمد نے تاریخ الاعوان میں محمد بن حنفیہ کے صرف دو بیٹوں کا ذکر کیا ہے بڑے کا نام عبد المنان اور چھوٹے کا نام عبدالفتاح لکھا ہے۔ حضرت عون قطب شاہ بڑے بیٹے کی اولاد میں سے ہیں جب کہ چھوٹے بیٹے عبدالفتاح کی اولاد سے حضرت احمد گیسو دراز ہیں جو گلبرگہ دکن میں مدفون ہیں۔ لیکن محبت حسین اعوان نے اپنی کتاب "اعوان تاریخ کے آئینے میں" میں حضرت کے دس بیٹے بتائے ہیں۔ بڑے کا نام جعفر الاوّل المشہور عبد المنان سکندر شانی لکھا ہے لیکن دوسرے بیٹے عبدالفتاح نام کا کوئی بیٹا نہیں ہے ممکن ہے یہ کسی بیٹے کا لقب ہو یا صوتی، صفاتی یا عرفی نام ہو تاریخ کے مختلف حوالوں سے پتہ چلتا ہے کہ امام محمد بن حنفیہ کی اولاد نہ صرف پاک و ہند میں بلکہ افغانستان، ایران، ملائیشیا، بلاد عرب اور روس میں بھی کثرت سے آباد ہے اس لئے حضرت کی ذُریات میں دو بیٹوں سے زیادہ کا ہونا قرین قیاس ہے۔

محمد بن حنفیہ کی دسویں پشت میں شاہ حسین غازی تھے جنہوں نے ہرات پر قبضہ کر کے وہاں اپنی حکومت قائم کر لی۔ بعد ازاں ان کا بیٹا میر عطا اللہ غازی المعروف امان شاہ مسند نشین ہوا میر عطا اللہ غازی کے بیٹے میر ساہوؒ، میر قطب حیدر شاہ اور میر سیف الدین تھے جن کا مفصل ذکر بعد میں آئے گا۔

تحقیق الاعوان کے مطابق محمد بن حنفیہ کی جائے مدفن میں اختلاف ہے۔ مولوی حیدر علی لدھیانوی تاریخ حیدری میں لکھتے ہیں کہ روضہ محمد بن الحنفیہؒ خلیج فارس مندر ناپو کوہستان حنفیہ میں ہے دوسرا قول ابو حنفیہ دینوری نے اپنی کتاب اخبار الطول

میں جائے وفات ملک شام لکھا ہے جو صراط السلسلۃ العلویہ کے مطابق صحیح نہیں ہے۔ تاریخ اقوام پونچھ کے مطابق محمد بن حنفیہ ابن زبیر کے خوف سے طائف چلے گئے تھے اور وہاں ہی ماہ محرم یا ربیع الاول ۸۱ھ میں فوت ہوئے لیکن تاریخ الاعوان کے مطابق حضرت محمد بن حنفیہ مدینہ منورہ میں جہاں وہ زیارت روضہ رسولؐ کو آئے تھے بعمر ۶۵ سال ۸۱ھ بمطابق ۷۰۰ء میں وفات پائی اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔[1]

حضرت محمد بن الحنفیہؒ کی اولاد کا نقشہ اس طرح ہے :۔








# میر شاہوؒ سالار غازی

معرکہ کربلا کے بعد بنی فاطمہ (سادات) اور باقی اولاد حضرت علیؓ جو دوسری بیویوں سے تھی اور جو معرکہ کربلا سے بچ رہے اور جن کو امام حسینؓ نے اعوان کا خطاب دیا تھا کو مدینہ اور بعض کو مصر پہنچا دیا گیا اور جو حسین کے ساتھ کربلا میں شرکت نہ کر سکے وہ بھی مدینہ منورہ میں حضورؐ کے روزہ مبارک کے اردگرد رہائش پذیر تھے۔ جب اہل مدینہ کو بغاوت کے الزام میں قتل کیا جانے لگا تو سادات اور علوی خاندانوں کو دوسرے ممالک کا رخ کرنا پڑا۔ بعض حنفی علوی بنو امیہ کے عہد میں اور بعض عباسی خاندان کے دور سلطنت میں ایران سے ہوتے ہوئے خراساں (افغانستان) پہنچے اور ھرات پر قبضہ کر کے اپنی حکومت قائم کرلی۔ ھرات پر شاہ حسین علوی مسند نشین ہوا۔ اس کے بعد اس کا بیٹا امان شاہ معروف میر عطاءاللہ نمازی مسند نشین ہوا جو بعد میں سبکتگین کا داماد اور نائب السلطنت کے مسند جلیلہ پر فائز ہوا۔[1]

عباسی خلیفہ مکتفی باللہ کے عہد میں بخارا میں سامانی خاندان کے فرماں رواؤں نے اپنی حکومت قائم کرلی تھی ۲۶۱ ہجری سے ۲۷۹ ہجری تک انہوں نے ماوراالنہر (ترکستان) اور خراساں (افغانستان) فتح کرلیا تھا خراساں بخارا کا ایک صوبہ بن گیا۔ عبدالمالک سامانی بادشاہ بخارا کے عہد میں الپتگین غلام ترقی پا کر خراساں کا گورنر مقرر ہوا۔ بخارا کے بادشاہ کی تخت نشینی کے سلسلہ میں اختلاف کی وجہ سے اس نے غزنی آکر خود مختار حکومت قائم کرلی پھر اس کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا تخت نشین ہوا جو جلد مر گیا الپتگین کا داماد سبکتگین حاکم غزنی مقرر ہوا۔[2] سبکتگین نے اتنا عروج حاصل کیا کہ بادشاہ بخارا نے غزنی و خراسان کی مسند امارت سبکتگین کے حوالے کر دی۔ سبکتگین نے شاہ بخارا کی امداد کے لئے کئی بار لشکر کشی کی اس میں اسے ھرات کے علویوں کی اعانت حاصل رہی سلطان سبکتگین نے جب افغان سرداروں سے دوستی کر

لی تو راجہ جے پال والئی لاہور جو ان دنوں ملتان، پنجاب، کشمیر اور سرحد پر حکومت کرتا تھا کو سبکتگین کی افغان سرداروں سے دوستی ناگوار گزری کیونکہ افغان حکومت غزنی اور لاہور کے درمیان ایک بفر سٹیٹ کے طور پر موجود تھی چنانچہ جے پال نے کابل پر حملہ کر دیا۔ سلطان سبکتگین نے نہ صرف جے پال کو شکست فاش دی بلکہ راجہ نے خراج ادا کرنے کے وعدہ پر رہائی پائی لیکن لاہور پہنچنے پر خراج دینے سے انکار کر دیا اور اگلے سال پھر ایک زبردست فوج لے کر سرحد کی طرف بڑھا لیکن شکست کھائی دوسری بار بھی خراج دینے کے علاوہ سندھ پار کے چار قلعے دے کر رہائی پائی۔

علوی جو آگے چل کر اعوان کے خطاب سے سرفراز ہوئے سلطان سبکتگین کے عہد سے ہی بخارا اور ہند قدیم کی جنگوں میں نہ صرف حصہ لیتے رہے بلکہ علویوں (اعوانوں) کے ایک بزرگ شاہ عطاءاللہ غازی لقب امان شاہ جو ہرات کے بادشاہ حسین المعروف میر طاہر شاہ غازی کے بیٹے تھے سپہ سالار کے منصب جلیلہ پر فائز ہوئے۔ سلطان سبکتگین کے لشکر میں انہوں نے متعدد جہادوں میں شجاعت اور بہادری کے جوہر دکھائے ان کو غازی کے خطاب سے نوازا گیا۔ آپ نہایت پرہیزگار اور متقی تھے۔ عبادت وریاضت ان کی گھٹی میں تھی اللہ تعالیٰ نے ان کو تین فرزند میر ساہوؒ، میر قطب حیدر شاہؒ (قطب شاہ) اور میر سیف الدین عطا فرمائے۔

یہ تینوں ہونہار بیٹے سن بلوغت کو پہنچے تو شاہ عطاءاللہ غازی دارالحکومت غزنی میں ہی مقیم رہ کر اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے لگے جب کہ ان کے تینوں بیٹے مختلف علاقوں میں تبلیغ دین اور جہاد فی سبیل اللہ میں مصروف رہے۔ شاہ عطاءاللہ کی وفات کے بعد ان کے بڑے بیٹے میر ساہوؒ اپنے باپ کی جگہ دولت غزنویہ کی افواج کے کمانڈر انچیف مقرر ہوئے انہوں نے بڑی بڑی جنگوں میں اپنی بہادری کا لوہا منوایا۔ سبکتگین کی وفات کے بعد سلطان محمود تخت نشین ہوا تو آپ سلطان محمود کے مہتمم خاص اور قائم مقام (نائب السلطنت) تھے۔ سالار ساہو سلطان کے بہنوئی بھی تھے اس لئے



سلطان انہیں بھائی کہہ کر پکارتے تھے۔

سلطان محمود غزنوی کو مظفر خان حاکم اجمیر سے خبر ملی کہ ہندو راجاؤں نے ان کو اور دیگر مسلمانوں کو جبر و تعدی سے کام لیکر محصور کر رکھا ہوا ہے انہیں سخت پریشان کیا جا رہا ہے۔ تب سلطان نے میر ساہوؒ کی قیادت میں ایک مہم بھیجی۔ میر ساہوؒ نے اجمیر کو فتح کر کے وہاں ہی قیام فرمایا اور یہاں ہی سے وہ نائب سلطنت لاہور بھی ہوئے بعد ازاں اپنی اہلیہ بی بی ستر معلیٰ کو غزنی سے یہاں بلا لیا۔ یہاں ہی سید سالار مسعود غازی کی ولادت ہوئی۔ [1]

تحقیق الاعوان کے مطابق سید سالار ساہو نے کاہلر واقعہ کشمیر کے باغی حکمران کی سرکوبی کی اور کاہلر کو فتح کر لیا آپ نے یہاں مقیم رہ کر سالار غازی اور ان کی والدہ کو کاہلر بلا لیا۔

۱۰۰۱ء میں سلطان محمود نے ہندوستان پر حملہ کے ارادے سے پشاور کا رخ کیا تو اس کے ساتھ سواروں کا دس ہزار کا لشکر تھا جس میں علوی پیش پیش تھے۔ سلطان کے مقابلہ کے لیے راجہ جے پال ایک لشکر جرار کے ساتھ جس میں بارہ ہزار سوار، تیس ہزار پیادے اور تین سو ہاتھی تھے مقابلہ کے لیے تیار تھے۔ چنانچہ دریائے اٹک کے کنارے شدید ترین معرکہ آرائی کے بعد سلطان کو فتح نصیب ہوئی۔ اور جے پال اپنے رشتے داروں سمیت گرفتار ہوا۔ بعد میں سلطان نے اس کو اپنا باجگزار بنا کر رہا کر دیا۔ جے پال اسلامی لشکر سے پہلے بھی دو مرتبہ شکست کھا چکا تھا اس لئے اس زمانہ کے ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق وہ سلطنت کے اہل نہ تھا۔ آگ کے سوا اسے کوئی چیز گناہوں سے پاک نہ کر سکتی تھی چنانچہ وہ اپنے بیٹے انندپال کو تخت و تاج سونپ کر خود نذر آتش ہو گیا۔

اعوانوں نے سلطان محمود کے ساتھ مختلف جہادوں میں شاندار کارنامے انجام دیے جن میں ۳۹۵ھ میں ملتان پر فوج کشی ۳۹۹ھ میں معرکہ پشاور اور مشہور

ا۔ تحقیق الاعوان ۱۹۴

قلعہ نگر کوٹ کی فتح اور ۴۰۵ھ میں تھانیسر کی فتح شامل ہیں ان معرکوں میں اعوان مجاہدین نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ میر ساہو سالار غزنی افواج کے کمانڈر انچیف تو تھے ہی اعوان قوم کے دیگر لوگوں نے بھی جو فطرۃً جنگ جو اور جذبہ جہاد سے سرشار تھے ان فتوحات میں اہم کردار ادا کیا۔

ملتان کے قریب ایک ہندو راجہ کی راجدہانی کا نام بھاٹیہ تھا اس زمانہ میں یہاں کا حکمران بیہڑا رائے بڑا مغرور اور متکبر تھا۔ ۳۹۵ھ میں سلطان نے بھاٹیہ پر حملہ کیا کئی روز کی مسلسل لڑائی کے بعد راجہ کو شکست فاش ہوئی اور اسے قتل کر دیا گیا۔ ملتان کا حاکم ابوالفتح سرکشی اور الحاد پروری میں مشہور تھا۔ سلطان نے ملتان پر فوج کشی کا ارادہ کیا تو ابوالفتح نے انند پال سے مدد طلب کی چنانچہ انندپال سلطان کا راستہ روکنے کیلئے لاہور سے پشاور آیا جہاں انندپال کو شکست ہوئی اور وہ بھاگ کر کشمیر چلا گیا بعد ازاں سلطان نے ابوالفتح کو کیفر و کردار تک پہنچایا۔ اور غزنی کو واپس ہوا۔

۳۹۹ھ میں سلطان نے ایک لشکر کثیر جمع کر کے ہندوستان پر حملہ کیا۔ اس دوران انندپال اپنی منتشر طاقت کو جمع کر کے منظم کر چکا تھا۔ اس کے علاوہ اس نے ہندوستان کے دوسرے راجوں مہاراجوں سے بھی مدد طلب کی۔ چنانچہ اجین، گوالیار، کالنجر، قنوج، دہلی اور اجمیر کے راجاؤں نے دل کھول کر مدد کی۔ ان میں راجگاں لوہارا، کشمیر کی فوجیں بھی شامل تھیں اس مرتبہ ہندوؤں میں اس قدر جوش و خروش تھا کہ ہندو عورتوں نے اپنے زیورات بیچ کر رقم جنگی فنڈز میں جمع کرادی تھی۔ لڑائی شروع ہوئی۔ تو مسلمانوں کے پے در پے حملوں کی تاب نہ لا کر ہندو فوجیں میدان جنگ سے رفو چکر ہو گئیں۔ مسلمانوں نے آٹھ روز تک ان کا تعاقب کیا اور تیس ہزار فوجیوں کو تہ تیغ کر دیا اس جنگ میں محمود کے چھ ہزار غازی شہید یا زخمی ہوئے ۴۰۵ھ میں تھانیسر کا قلعہ فتح ہوا تھانیسر کی مہم سے فارغ ہو کر سلطان غزنی چلا گیا۔ ۴۰۶ھ میں سلطان نے کشمیر کو فتح کرنے کا ارادہ کیا۔ وہاں پہنچ کر قلعہ لوہ کوٹ جو بلندی پر تھا اور مضبوطی میں



مشہور تھا کا محاصرہ کیا لیکن موسم کی شدت اور برف باری کے باعث فوج یہاں قیام نہ کر سکی۔

سید محمود آزاد نے تاریخ پونچھ کے صفحہ ۳۶ پر سلطان محمود غزنوی کے سلطنت لوہارا پر حملہ کا ذکر کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ "سلطان محمود غزنوی نے ۱۰۰۵ء میں وادی سندھ کی طرف یلغار کی تو راجہ انندپال کی فوجوں نے پشاور کے مقام پر سلطان کی فوجوں کا مقابلہ کیا اس وقت انندپال کی امداد کے لئے شمالی ہند کے تمام چھوٹے بڑے راجے جتھے لیکر آئے۔ ان میں راجگاں لوہارا کشمیر کی فوجیں بھی تھیں"۔

سلطنت لوہارا جو پونچھ شہر کے شمال میں ایک ہندو راجہ کے ماتحت قائم تھی نے سلطان محمود غزنوی کے خلاف لاہور کے راجہ کی مدد کی تھی شمالی ہند کی فتح کے بعد سلطان نے اس راجہ کی گوشمالی کو فوج بھیجی تھی۔ کاہلر لوہارو یا لوہ کوٹ کے مغرب میں شاہراہ کشمیر کے کنارے ایک مشہور قصبہ ہے شاید میر ساہو نے یہاں ہی قیام کیا ہو گا۔

محمود غزنوی نے ہندوستان پر پے در پے حملے کئے وہ بت شکن مشہور تھا ان حملوں میں اس کی توجہ کے بڑے مرکز وہ مقامات رہے جہاں بڑے بڑے عالیشان مندر اور بت خانے تھے۔ اس سلسلہ میں سلطان کا سب سے بڑا کارنامہ فتح سومنات ہے علامہ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ سلطان جب کسی شہر کو فتح کرتا اور بت توڑتا تھا تو ہندو کہتے تھے سومنات ان بتوں سے ناراض ہو گیا اگر سومنات راضی ہوتا تو بت توڑنے والے ہلاک ہو جاتے جب اس کی اطلاع سلطان کو ہوئی تو اس نے سومنات کو فتح کرنے اور بت توڑنے کا عزم کیا۔

جب سلطان محمود فتح سومنات کیلئے وارد ہوئے تو سالار ساہو کو جو کاہلر یا کہلر میں مقیم تھے سلطان کی افواج کی قیادت کیلئے طلب کر لیا گیا۔ ان کے ہمراہ سید سالار مسعود غازی بھی تھے۔ جنہوں نے کمسن ہونے کے باوجود معرکہ سومنات میں بڑھ چڑھ

کر حصہ لیا۔ عزہ نامہ مسعود کے مصنف عنایت حسین بلگرامی نے فتح سومنات کے سلسلہ میں میر ساہو سالار کا ذکر تفصیل سے کیا ہے۔ اسی طرح آئینہ حقیقت نما میں بھی میر ساہو کا ذکر سومنات کے حوالے سے موجود ہے۔

۴۱۷یا ۴۱۸ھ میں سومنات فتح ہونے کے بعد میر ساہوؒ سلطان کے ہمراہ غزنی تشریف لے گئے تحقیق الاعوان از خواص خان ایبٹ آباد کے مطابق سید سالار مسعود غازی اپنے چچا میر سیف الدین کے ہمراہ وسط ہند میں مجاہدانہ لڑائیوں میں مصروف ہو گئے۔ چند سال بعد سالار ساہوؒ اور ان کے بھائی سالار قطب حیدر شاہ جو اعوان قبیلہ کے جد اعلیٰ ہیں دونوں سالار مسعود غازی اور میر سیف الدین سے ملنے ہندوستان چلے گئے جہاں سالار ساہوؒ نے ۲۵ شوال المکرم ۴۲۳ھ کو ستر کھ بارہ بنکی میں وفات پائی۔ ان کا مزار ستر کھ بارہ منکی سے پانچ میل کے فاصلے پر پختہ سڑک کے کنارے واقع ہے۔ پروفیسر غلام رسول نے سلاطین دھلی میں محمد قاسم فرشتہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ سومنات کی فتح ۴۱۵ھ میں ہوئی جب کہ ابن کثیر نے اس کا ذکر ۴۱۶ھ کے واقعات میں کیا ہے۔

## سید سالار مسعود غازی

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے حضرت میر قطب شاہ کے بڑے بھائی امیر شاہو سالار سلطان محمود کی فوج کے سالار اعلیٰ تھے اور سلطان محمود کے بہنوئی بھی تھے سلطان کی فوج کے اکثر جنرل سادات تھے ان سب کے امیر و سربراہ حضرت ساہو سالارؒ تھے آپ دولت غزنویہ کی طرف سے لاہور میں نائب السلطنت کے منصب پر بھی فائز رہے ہیں۔

خواص خان نے تحقیق الاعوان میں کتاب مراۃ المسعود (فارسی) و تاریخ مسعود غازی مطبوعہ نامی لکھنؤ کے حوالے سے لکھا ہے کہ سلطان محمود کے ہمراہ



علوی حنفی جہاد ہند کو آئے ان میں سالار ساہوؒ امیر تھا اور یہی لاہور میں نائب السلطنت رہا۔ سید سالار مسعود غازی انہی کے فرزند ارجمند ہیں۔

سید مسعود سالار کی والدہ ماجدہ کا اسمِ گرامی بی بی ستر معلیٰ تھا آپ ۲۱ رجب المرجب ۴۰۵ھ بمطابق ۱۰۲۰ء بروز اتوار بوقت صبح صادق اجمیر میں پیدا ہوئے اور ۱۴ رجب المرجب ۴۲۴ھ بمطابق ۱۰۳۹ء بروز اتوار عصر ۱۸ سال ۱۱ مہینے ۲۴ دن کی عمر میں بمقام بھڑائچ صوبہ اودھ میں شہید ہوئے۔ جہاں ان کا مزار مرجع الخلائق ہے۔ حاجی محمد و حاجی احمد سالار ساہو کے مصاحب اور سید سالار مسعود کی نیاز مندوں میں سے تھے مزار پر مجاور ہوئے آپ کے چچا سالار سیف الدین بھی بعد میں اس اس مقام پر شہید ہوئے اور وہاں ہی دفن ہوئے۔ ۱؎

تحقیق الاعوان کے ۲۵۸ کے مطابق سید مسعود سالار غازی سلطان الشہدا ہند کے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں ۱۸۔۴۱۷ھ میں سومنات پر حملہ ہوا تو سید صاحب اپنے والد میر ساہوؒ اور سلطان محمود غزنوی کی معیت میں وہاں موجود تھے۔ فتح سومنات کے بعد سلطان محمود نے بت مسمار کرنے کا ارادہ کیا تو پجاریوں نے سلطان کو بت کے ہم وزن سونے کے عوض بت ان کے حوالے کرنے کی پیشکش کی تو ایک وزیر حسن منہدی غزنوی نے سلطان کو فائدہ اٹھانے کا مشورہ دیا لیکن سید سالار مسعود غازی جو سلطان کے بھانجے بھی تھے نے مشورہ دیا کہ قیامت کے دن سلطان عالی کو بت فروش کے بجائے بت شکن پکارا جانا زیادہ پسندیدہ ہوگا اس کلمہ حق کے سنتے ہی بت توڑ دیا گیا۔ گیارہویں صدی کے ابتدا میں ہندوستان چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں منقسم تھا یہ ریاستیں ہمیشہ آپس میں دست و گریبان رہتی تھیں۔ عوام کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ ظلم و ستم کا بازار گرم تھا پورے ہندوستان میں طوائف الملوکی پھیلی ہوئی تھی ایسے وقت میں سلطان محمود غزنوی نے ہندوستان پر پے در پے حملے کیے۔ مسلمانوں نے اسلام کے سنہری اصولوں کی روشنی میں غیر مسلموں سے مساوات، ہمدردی اور انصاف کے تقاضوں کے

۱؎ تاریخ الاعوان ص ۴۵

مطابق سلوک روا رکھا۔

ہندوؤں میں ذات پات کا مسئلہ ایک مذہبی عقیدہ ہے نچلے طبقہ کے ہندو جنہیں عرف عام میں ہریجن، اچھوت یا ملیچھ کہا جاتا ہے اونچی ذات کے ہندوؤں کی غلامی کرنے کے پابند ہیں۔ وہ کھانے پینے میں اونچی ذات کے ہندوؤں کے ساتھ شامل نہیں ہو سکتے حتیٰ کہ انہیں چھو بھی نہیں ہو سکتے۔ لیکن یہی ملیچھ کلمہ طیبہ پڑھنے کے ساتھ ہی بڑے سے بڑے مسلمان کی برابری کا حقدار ہو جاتا ہے۔ مسلمان مجاہدوں نے ان ہی اصولوں کے پیش نظر ہندو عوام کے دل جیت لئے تھے۔ ظلم کی چکی میں پسے ہوئے عوام مسلمانوں کو فرشتہ رحمت سمجھنے لگے۔ سلطان محمود کے معرکوں میں ہندوستانی راجاؤں کو راجپوتوں اور برہموں کے سوا عوام کی مطلق ہمدردی حاصل نہ تھی۔ اس لئے انہیں مسلسل شکستیں ہوئیں۔ سلطان محمود غزنوی ۴۲۱ھ میں فوت ہوئے۔ سلطان کے انتقال کے بعد اس کا بیٹا سلطان مسعود تخت نشین ہوا اس دوران ہندوستانی راجے اور بھی مطلق العنان ہو گئے تھے عوام پر ظلم و ستم کے پہاڑ ٹوٹنے لگے اس وقت حضرت ساہو سالارؒ بھی گوشہ نشین ہو چکے تھے سید سالار مسعود نے باپ کی جگہ سنبھالی انہوں نے غریبوں اور مظلوموں کی زبوں حالی کی جانب توجہ مبذول کی اس وقت ان کی عمر صرف ۱۴ سال تھی بعض مؤرخین نے سلطان مسعود اور سید سالار مسعود غازی کے واقعات کو غلط فہمی میں خلط ملط کر دیا ہے۔ حالانکہ سلطان مسعود سید مسعود سالار غازی کے ماموں زاد تھے جو ایک ہی زمانہ میں ہوئے اور دونوں کے واقعات میں بڑا فرق ہے۔

جس زمانہ میں سید سالار مسعود غازی ستر کھ ضلع بارہ بنکی میں مقیم تھے تو ایک دن جنگل میں شکار کھیلنے گئے کچھ غریب چرواہے فریادی بن کر سید صاحب کو پیش ہوئے کہ راجہ سہیل دیو کے آدمی ان کی گائیں چھین کر لے گئے۔ راجہ سہیل دیو بہر قوم سے تعلق رکھتا تھا جو سورج پرست تھے۔ بڑا ظالم حکمران تھا اس کی حکومت نیپال کی ترائی



میں ایک وسیع علاقہ پر قائم تھی سید صاحب ان چرواہوں کے ہمراہ بھرائچ آئے جہاں راجہ سے جنگ شروع ہو گئی گھمسان کا رن پڑا کئی دنوں تک جنگ جاری رہی اگر چہ مجاہدین کی تعداد بہت کم تھی لیکن مقامی باشندوں کی مدد سے راجہ کو پے در پے شکستیں ہوئیں اور اس کی قوت زائل ہو گئی راجہ نے دیگر راجگان کی حمایت حاصل کی اور ایک متحدہ فوج کے ساتھ جنگ جاری رکھی۔ ادھر سید سالار مسعود غازی کا مشن پورا ہو چکا تھا اور ان دنیا سے رخصت ہونے کا وقت قریب تھا۔ چنانچہ ۱۴ رجب المرجب ۴۲۴ھ بروز اتوار بوقت عصر ایک تیر سید صاحب کی گردن میں پیوست ہو گیا اور وہ کلمہ شہادت کا ورد کرتے ہوئے حضرت سکندر دیوانہ کی گود میں شہید ہوئے۔ **اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ**۔ سید صاحب کی وفات کے بعد ہندوؤں نے انہیں رحمت کا فرشتہ اور ایک دیوتا سمجھ کر ہر سال ان کی شہادت کی تاریخ کے موقع پر میلہ لگانا شروع کر دیا۔ سید صاحب نے ان غریبوں اور مظلوموں کیلئے جس ایثار و قربانی کا ثبوت دیا تھا اس کے پیش نظر اس محسن اعظم کو بھولنا ممکن نہ تھا۔ آپ کی شہادت کو نو سو سال سے زیادہ ہو چکے ہیں لیکن آپ کی ذات سے ہندوؤں کی عقیدت میں کوئی فرق نہیں آیا۔ میلہ میں لاکھوں انسانوں کا اجتماع ہوتا ہے جس میں تین چوتھائی تعداد ہندوؤں کی ہوتی ہے اور ہندو جس عقیدت و نیاز مندی کا مظاہرہ کرتے ہیں وہ مسلمانوں کیلئے ممکن نہیں۔[1]

سید سالار مسعود غازی کی سوانح زندگی کے متعلق پروفیسر مطیع الرحمٰن صاحب شعبہ اردو پٹنہ یونیورسٹی (بھارت) نے ایک محققانہ مقالہ سپرد قلم کیا ہے جو بھارت اور پاکستان کے اخبارات اور رسائل میں شائع ہو کر خراج تحسین وصول کر چکا ہے یہ مقالہ ہفت روزہ ''چٹان'' لاہور کے شمارہ ۱۸ جولائی ۱۹۵۵ میں بھی شائع ہو چکا ہے۔ اس کی اہمیت اور افادیت کے پیش نظر اس کا اقتباس بذیل درج کیا جاتا ہے۔[2]

''ہندوستان میں شہیدوں کے سردار حضرت سید سالار مسعود غازیؒ کا مدفن بھرائچ شریف ہے۔ آپ عام طور پر غازی میاں کے نام سے مشہور ہیں بہت سے

۱ تاریخ الاعوان صفحہ ۵

علاقوں میں آپ کو بالے میاں اور بالے پیر کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے اطراف دہلی میں پیر سلم اور خراساں میں رجب سالار کے لقب عالی سے یاد کیے جاتے ہیں ہندوستان کے طول و عرض میں آپ کی یاد منائی جاتی ہے آپ کے نام کے علم نکلتے ہیں جن میں کمال عقیدت اور بے پناہ جوش و خروش کا اظہار کیا جاتا ہے آپ کا دربار فیض و روحانیت کا بہت بڑا سر چشمہ ہے اور ہر سال لاکھوں انسان مذہب اور ملت کی تخصیص کیے بغیر اس دریائے فیض سے سیراب ہوتے ہیں بلکہ غیر مسلموں کی عقیدت اور ان کی کثیر اجتماع کے لحاظ سے آپ کا دربار ہندوستان میں ایک واحد مثال ہے۔

حضرت سید سالار مسعودؒ کا شمار ہندوستان کے چند اولین شہدا میں ہے جنہوں نے سسکتی ہوئی انسانیت کو ظلم و ستم سے نجات دلانے کیلئے تلوار اٹھائی تھی اور مظلوم کی حمایت اور حق و صداقت کی راہ میں قربان ہو گئے ہندوستان میں امن و چین اور شانتی کا پیغام لانے والوں میں سید صاحب کو اولیت حاصل ہے ہندوستان میں اسلامی حکومت کے قیام سے پونے دو سو سال پہلے سید صاحب بھرائچ میں شہید ہوئے۔ یہ واقعہ ملک شیر محمد خان کالاباغ کی کتاب تاریخ الاعوان میں ہے۔

## معجزہ شق القمر اور سید سالار مسعود غازی کے متعلق حضور ﷺ کی پیشن گوئی

شق القمر کا معجزہ حضرت رسول پاک ﷺ کی زندگی کا ایک اہم اور مشہور واقعہ ہے تاریخ الاعوان صفحہ ۴۳ تا ۵۰ اور تحقیق الاعوان صفحہ ۲۵۷ کے مطابق کسی ہندوستانی راجہ نے اس کا مشاہدہ کیا تھا لیکن راجہ کے نام سے اختلاف ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ راجپوتانہ کا راجہ تھا لیکن زیادہ تر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ مالابار کا راجہ زیمور سامری تھا۔ اُس نے کاہنوں اور نجومیوں کی مدد سے رسول پاکؐ کی بعثت کا پتہ



چلایا اور حضورؐ کی خدمت میں بھیجنے کیلئے ایک وفد ترتیب دیا جس میں وہ خود بھی شامل تھا لیکن وہ مکہ معظمہ پہنچنے سے پہلے ہی سرزمین عرب میں مر گیا مرتے وقت اس نے اپنے جانشین کو ہدایت کر دی تھی کہ وہ مسلمانوں کو ضروری مراعات دے اور ان سے ہمدردانہ سلوک کرے یہی وجہ تھی کہ عرب کے مسلمان مالابار کے ساحل پر آباد ہوئے اور ان کی نوآبادیاں قائم ہوئیں اب بھی ٹروانکو کے دربار میں راجہ کی تخت نشینی کے وقت راجہ حلف لیتے تھے کہ میرا چچا زیمور سامری جو عرب گیا ہے واپس نہیں آیا اس لئے اس کی تلوار اور تخت میرے پاس محفوظ رہے گا یہ واقعہ اکرام صاحب کی کتاب "چشمہ کوثر" میں مذکور ہے کہا جاتا ہے کہ قیام عرب کے دوران وفد کا ایک ہندو ممبر مسلمان ہو گیا تھا اور آنحضرت ﷺ نے اس کے حق میں درازیٔ عمر کی دعا فرمائی تھی وہ حاجی رتن بابا کے نام سے مشہور ہوئے اور کئی سو سال عمر پائی۔ نمبر۱

زیمور سامری کے وفد نے حضور ﷺ کو ہندوستان آنے کی دعوت دی تو آپؐ نے فرمایا کہ "ہم میں سے کوئی جائے گا" چنانچہ اکثر و بیشتر لوگوں کا خیال ہے کہ ہندوستانی وفد کو رسول پاکؐ نے جس شخص کو ہندوستان جانے کی بشارت دی تھی وہ سید سالار مسعود غازی تھے کیونکہ غریبوں اور مظلوموں کی حمایت میں تلوار بلند کرنے والے مجاہدین میں آپ کو اوّلیت حاصل ہے ہندوستان میں اسلامی حکومت کے قیام سے دو سو سال قبل سید صاحب بھرائچ میں شہید ہو چکے تھے۔

برصغیر میں بیرونی اولیاء کرام کے آنے والوں میں حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کو اوّلیت دی جاتی ہے آپ کی آمد کا زمانہ ۴۳۵ھ تا ۴۳۸ھ تسلیم کیا گیا ہے لیکن سید صاحب تقریباً ۱۴ سال قبل اپنا مشن پورا کر کے ۴۲۴ھ میں بھرائچ میں شہید ہو چکے تھے۔ پیر دستگیر حضرت سید عبد القادر جیلانیؒ ۴۷۰ھ میں ۵۳ سال بعد جیلان میں پیدا ہوئے اور خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ ۱۴ رجب ۵۳۷ھ میں ۱۱۳ سال بعد سجستان میں پیدا ہوئے۔ آپ سید عبد القادر جیلانیؒ کے حکم پر ہندوستان تشریف

له ٹے تاریخ الاعوان ص۴۵-۴۶-۴۷

لائے اور اجمیر میں قیام فرمایا جو سید سالار مسعود غازیؒ کی جائے پیدائش ہے سید صاحب ۱۹ سال کی عمر میں بھرائچ میں شہید ہوئے جب کہ خواجہ صاحب نے ۶ رجب ۶۳۳ ھ میں ۲۲۹ سال بعد اجمیر میں وفات پائی اس لئے برصغیر میں حق کی آواز بلند کرنے اور باطل کو مٹانے میں سید صاحب کو اوّلیت حاصل ہے۔ ۱؎

## اعوان یا آوان

اعوان عربی زبان کا لفظ ہے اور لفظ عون سے مشتق ہے جس کے معنی مددگار کے ہیں اور آوان خالص سنسکرت کا لفظ ہے جس کے معنی محافظ کے ہیں برصغیر پاک و ہند میں حضرت علیؓ کی فاطمی اولاد کو سید اور غیر فاطمی اولاد کو اعوان یا علوی کہا جاتا ہے سب سے پہلے اعوان کا خطاب حضرت علیؓ کی اس اولاد کو ملا جنھوں نے کربلا میں سید الشہدا حضرت امام حسینؓ کی سب سے زیادہ جانی، مالی اور اخلاقی اعانت کی۔

شہادت حسین کے بعد حضرت علیؓ کی غیر فاطمی اولاد نے سادات کا بھر پور ساتھ دیا اور ان کے محافظ بن کر ان کے ساتھ رہے۔ چنانچہ سادات کی اعانت کی وجہ سے اعوان کا لفظ علویوں کے لئے مخصوص ہو گیا لیکن وقت اور حالات کے تغیر و تبدل کے ساتھ ساتھ یہ لوگ اپنے آپ کو اعوان کے بجائے علوی، محمدی، جنفی یا عمری کہلاتے رہے برصغیر میں انگریزی دور کے کاغذات مال میں بعض مقامات پر اعوان اور کہیں آوان لکھ دیا گیا اور یہ سلسلہ آج تک جاری ہے لیکن ایک بات بلا شک و شبہ کہی جا سکتی ہے کہ اعوان اور آوان ایک ہی لفظ ہے آوان کے املا غلط ہیں اس کی صحیح املا اعوان ہے۔

ملک شیر محمد کالاباغ تاریخ الاعوان میں لکھتے ہیں کہ مال کے کاغذات میں عام طور پر لفظ اعوان کو آوان لکھا گیا ہے جو سراسر غلط ہے شروع شروع میں اعوانوں کا ہندوستان میں آنے پر یہاں کے باشندوں نے محض صوتی مناسبت سے آوان کہا ہوگا

۱؎ تاریخ الاعوان از ملک شیر محمد آف کالاباغ صفحہ ۴۳ تا ۵۰، تحقیق الاعوان صفحہ ۲۵۷ تا ۲۵۹



کیونکہ ہندی زبان میں ع کوئی حرف نہیں غلط العام لفظ کثرت کے ساتھ استعمال کی وجہ سے جائز و گوارہ معلوم ہونے لگا جو کاغذات مال میں آوان درج ہو گیا۔

محمد خواص خان نے تحقیق الاعوان میں لفظ اعوان یا آوان کی تحقیق کے تحت سیر حاصل بحث کی ہے موصوف باب الاعوان کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ ہری کرشن رائے کول نے رپورٹ مردم شماری میں اعوانوں کو ہندی الاصل ثابت کرنے کی کوشش کی ہے وہ کہتا ہے کہ ع سے کتابت اعوان غلط ہے اصل میں سنسکرت کا خالص لفظ ''آوان'' ہے جس کے معنی محافظ کے ہیں بیرونی ملکوں سے مدافعت کے باعث ہندوؤں کے عہد میں آوان کہلانے لگے اور مسلمانوں کے عہد میں قطب شاہ کی تبلیغ کی وجہ سے اسلام لائے اور قطب شاہی آوان کہلائے۔ اسی طرح پروفیسر گلشن رائے بھی پنجاب کے اعوان قبائل کو آوان کہتا ہے۔ اس لئے کہ صفات و خصائل کی بنا پر پرانے ہندوستانی جنگجو لوگوں کی طرح ہیں اور آوان کا لفظ آون یا آیون سے مشتق ہے اونتی کے راجہ کا نام آون تھا جو مالوہ کے شمال میں حکومت کرتا تھا پس آوان ان سے ہیں

باب الاعوان کے مطابق بعض اہل تاریخ و نساب لفظ ''اعوان'' لکھتے ہیں اور بعض '' آوان ''۔ آئین اکبری مؤلفہ شیخ ابو الفضل میں تحصیل تلہ گنگ کو آوان محل اور لدھیانہ کے مالکان اراضی اعوان کے بجائے آوان (راجپوت) لکھے گئے ہیں۔ آئین اکبری سے پہلے لودھیوں کے زمانہ میں مؤلف تاریخ لدھیانہ آوان کا آباد ہونا ثابت کرتا ہے۔ اس کے علاوہ کوہستان نمک کو قدیم سے آوان کاری لکھا جاتا رہا ہے۔

تذکرۃ الاعوان از ملک شیر محمد خان کالاباغ کے مطابق انگریزوں نے جب بندوبست کی تشکیل کی تو اعوان قوم نے اپنا صحیح شجرہ پیش کرنے میں دلچسپی نہ لی اس لئے مہتممان بندوبست کے ذریعے متحدہ پنجاب کے اضلاع میں جو گزیٹر مرتب ہوئے ان میں اعوان قوم کے متعلق قیاس آرائیوں سے کام لیا گیا۔ چنانچہ اس قوم کے متعلق متضاد نظریات سامنے آئے۔

۱۸۸۱ کی مردم شماری کے دو ناظموں مسٹر تھامسن اور مسٹر ولسن کا خیال ہے کہ اعوان ہندی الاصل اور جاٹ قوم سے تعلق رکھتے ہیں اور برانڈرتھ اعوانوں کو یونانی النسل قرار دیتا ہے اس کا خیال ہے کہ اعوان پہلے بلخ اور اس کے مضافات میں آباد تھے اور باختری قبائل سے تعلق رکھتے تھے جب تاتاریوں نے اس علاقہ پر حملے شروع کیے تو وہ ہرات میں آگئے اور وہاں سے پنجاب میں داخل ہو کر جنجوؤں کو بے دخل کر کے ان کی زمینوں پر قابض ہو گئے۔ ا۔

جنرل کنگھم رقمطراز ہے کہ جنجوعے اور اعوان ایک ہی نسل سے ہیں کیونکہ تزک بابری کے مطابق جود اور جنجوعہ اقوام کوہستان نمک کی وادی میں آباد تھے اور ان کے سردار ملک کہلاتے تھے جنرل کنگھم اپنے نظریہ کی تائید میں کپورتھلہ کے اعوانوں کی روایت پیش کرتا ہے کہ وہ پہلے کوہستان نمک میں آباد تھے اور بابر کے ہمراہ اس طرف چلے گئے۔ ۲۔

لیپل گریفن بھی اعوانوں کو ہندی الاصل کہتا ہے ایک نظریہ یہ ہے کہ اعوان ایرانی النسل ہیں اور دوسرے نظریے کے مطابق اعوان افغان النسل ہیں جو پٹھانوں کے عہد حکومت میں کوہستان کی زرخیز وادیوں پر قابض ہو کر آباد ہو گئے۔ ۳۔

خواص خان ان تمام حوالوں کو مسترد کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ "میں بدلائل کہتا ہوں کہ اعوان حضرت علیؓ کی ان بیوں سے مختص ہو گئے ہیں جو سوائے حضرت فاطمۃ الزہرہؓ کے تھیں خواہ حضرت کے بیٹے محمد بن حنفیہ سے ہوں یا دوسرے بیٹوں امام عباسؓ یا عمر الاطرف سے ہوں خواہ پاکستان میں ہوں یا ہندوستان میں یا کسی عرب و عجم کے ملکوں میں ہوں عربی النسل ہیں۔ پاک و ہند میں وہ اعوان کہلاتے ہیں اور بعض علوی"

خواص خان مزید لکھتے ہیں کہ پاک و ہند میں متعدد گاؤں و مقامات اعوان نام کے ہیں۔ ۱۹۶۵ میں ہندوستانی فوجوں نے سب سے پہلے اعوان نامی گاؤں واقعہ گجرات

۱-۲- تزکرۃ الاعوان از ملک شیر محمد کالاباغ صفحہ ۲۶، ۲۷



پر حملہ کیا تھا۔ ڈھائے والا اعوان نامی گاؤں امرتسر سے اٹھارہ میل دور پاکستان کی سرحد پر واقع ہے جہاں کے باشندوں نے ۱۹۶۵ میں بھارتی فوجوں کی پسپائی میں بڑی ادری کا ثبوت دیا تھا۔ اسی طرح کلیام اعوان، اعوان پٹی، ڈھوک اعواناں، کیری اعوانان، اعوان آباد، سر اعوان اور اعوان کاری وغیرہ اعوان نام کی مماثلت سے پہچانے جاتے ہیں۔

انگریز اور ہندو مؤرخین تھامس، ولسن، گریفن، ریورٹی کنگھم، ہری کشن کول گلشن رائے وغیرہ سب ہی اعوانوں کو کسی ٹھوس ثبوت کے بغیر محض مفروضوں کی بنیاد پر ہندی الاصل ثابت کرنے میں کوشاں ہیں اس کی وجوہات میں سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ انگریزوں نے حکومت مسلمانوں سے حاصل کی تھی اس لئے مسلمان فطری طور پر انگریز سے نفرت کرتے تھے جبکہ ہندو انگریزوں سے تعاون کرتے تھے اسلام جس کی ابتدا سرزمین عرب سے ہوئی کی عظمت، حقانیت اور سنہرے اصولوں سے وہ خائف تھے اس لئے غیر شعوری طور پر وہ عربی النسل مسلمانوں کو دیگر قوموں کے ساتھ جوڑنے میں تسکین پاتے ہیں۔ علاوہ ازیں انگریز اور متحدہ قومیت کے پرچار کرنے والے ہندو مسلمانوں کو برصغیر کی متحدہ قومیت میں جذب کرنے کی شدید خواہش رکھتے تھے یہ دونوں مسلمانوں کی عظمت رفتہ کو مٹانے کے درپہ تھے ان دونوں قوموں کو مسلمانوں کے واضح تشخص میں پاکستان کا عکس نظر آرہا تھا۔

برصغیر کی تقسیم کے تصور سے وہ لرز جاتے تھے یہی وجہ ہے کہ انگریز اور ہندو مؤرخین اعوانوں کو ہندی الاصل ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے رہے۔

جملہ مسلمان مؤرخ دستاویزی ثبوت کے ساتھ اس بات پر متفق ہیں کہ اعوان عرب النسل ہیں اور عون قطب شاہ کی اولاد ہیں حضرت علیؓ کے فرزند محمد بن حنفیہ کی بارہویں پشت میں عون قطب شاہ تھے۔ جن کی اولاد قطب شاہی اعوان کہلاتی ہے اس کی دوسری وجہ یہ ہے کہ جب انگریز نے ۱۸۴۹ء میں پنجاب اور سرحد پر مکمل

قبضہ کر لیا تو نمک کی کانیں جو اعوانوں کے قبضہ میں تھیں خود سنبھال لیں۔ اور بندوبست اراضی کے انعقاد کے ساتھ ساتھ پنجاب اور سرحد کے قبائل کے متعلق کتابیں لکھیں گزیٹر شائع کئے اور مردم شماری کی رپورٹیں مرتب کیں تو اعوان قوم افراتفری کا شکار تھی۔ سکھوں کے ساتھ لڑائیوں میں وہ کافی کمزور ہو چکے تھے خصوصاً خاندان غزنوی کے زوال کے ساتھ اعوانوں پر بھی زوال کی سی کیفیت طاری ہو گئی۔ ان کی مرکزیت بھی متاثر تھی اندریں حالات اعوان اپنے صحیح حالات و روایات حکام بندوبست تک پہنچانے میں ناکام رہے۔ حکام بندوبست نے تحقیق و تجسس سے کام لینے کے بجائے غیر معتبر ذرائع سے جو کچھ سنا وہ اپنی رپورٹوں میں درج کر دیا البتہ ایک بات پر اتفاق ہوا کہ اعوان عون قطب شاہ غزنوی کی اولاد ہیں اور یہی انہوں نے اپنی کتابوں میں بھی لکھا۔

تاریخ اقوام ہزارہ کے مؤلف ڈاکٹر شیر بہادر پنی نے قاضی محمد عثمان بانڈھی ڈھونڈاں کے حوالہ سے اعوان نہیں بلکہ آوان لکھا ہے۔ موصوف کا خیال ہے کہ اعوان سامی النسل ہیں جن کی اولاد ۲۵۰۰ ق م میں عراق میں آباد ہوئی۔ وہ لکھتے ہیں کہ حضرت ابراہیم کا قبیلہ آوان تھا۔ ضحاک اور نمرود بھی آوان تھے اگر اسے درست تسلیم کر لیا جائے تو عرب کے قریش جو حضرت ابراہیم کے اولاد ہیں بھی آوان تھے۔ قریش کا ممتاز قبیلہ بنی ہاشم جس سے حضرت علیؓ اعوانوں کے مورث اعلیٰ ہیں "آوان" ہیں۔

ڈاکٹر پنی تاریخ ہزارہ مرتبہ مہتمم بندوبست ہزارہ کے حوالہ سے تسلیم کرتے ہیں کہ ضلع جہلم کا مغربی حصہ اعوان قوم کے قبضہ میں ہے جو مختلف علاقوں کو فتح کرتے ہوئے اڑھائی سو سال پہلے ہرات سے یہاں وارد ہوئے اور قدیم مالکان جنجوعہ قوم کے راجگان کو نکال کر خود قابض ہو گئے۔ وہ مزید لکھتے ہیں کہ اس قوم کی آبادی ہزارہ میں مختلف علاقوں میں پھیلی ہوئی ہے ابسٹن کی کتاب تاریخ اقوام پنجاب و سرحد (Casts and tribes of Pujab & NWFP) کے حوالے سے وہ کہتے ہیں کہ اعوان



سلسلۂ کوہ نمک میں پائے جاتے ہیں اور یہاں سے مشرق و مغرب اور جنوب کی جانب اور شمال میں کوہ سلیمان اور کوہ سفید کے دامن تک پھیلے ہوئے ہیں لیکن یہاں بھی وہ اعوان کے بجائے آوان لکھتے ہیں لیکن ہم کہتے ہیں کہ آوان نہیں بلکہ اعوان لکھنا صحیح اور درست ہے اور یہی حوالوں کی جملہ کتابوں میں موجود ہے۔

ڈاکٹر پنی بابا سجاول کو بھی آوان کہتے ہیں اور ان کا چار سو سال قبل مانسہرہ سے کھر کوٹ جانا مانتے ہیں۔ بابا سجاولؒ مشہور ولی اللہ جو مزمل علی کلگان بن عون قطب شاہ کی اولاد سے ہیں ان کا خاندان تقریباً پانچ سو سال قبل سون سکیسر سے ہزارہ منتقل ہوا۔ اس لحاظ سے ڈاکٹر پنی کے نظریہ کے مطابق اعوانوں کا اڑھائی سو سال قبل ہرات سے جہلم کے مغرب میں وارد ہونا صحیح نہیں ہے اعوان اس سے بہت پہلے اس علاقہ میں آئے تھے اور یہاں بھی وہ آوان نہیں بلکہ اعوان کہلاتے تھے۔

فضلداد عارف اعوان کاکوٹی نے آوان اور اعوان کے متعلق بالکل مختلف توجیہہ پیش کی ہے۔ اپنے پمفلٹ آوان القاری مطبوعہ اعوان پرنٹنگ پریس گرین وڈ سٹریٹ سیالکوٹ جو جولائی ۱۹۷۱ء میں شائع ہوا میں آوان القاری کے زیر عنوان لکھتے ہیں کہ :۔

"سرزمین پنجاب کے شمال مغربی اضلاع پر مشتمل علاقہ آوان القاری کو آوان محل اور ہونوں کے وطن نام سے متعارف کرانا تو صحیح ہو سکتا ہے لیکن اسے اعوان کاری یا اعوان محل کہلانا حقائق پر پردہ ڈالنے کے مترادف ہے اعوان اور آوان دو مختلف عربی النسل قبائل بنی خزیمہ بن ملاکہ بن الیاس بن مضر نزار بن معد بن عدنان میں سے ہیں اور یہ عدنان آل اسمٰعیل بن ابراہیم میں سے تھے۔

سادات علوی الاعوان بن کنانہ بن خزیمہ بن ملاکہ العدنانی میں سے اور بنی ہون یا حون بن خزیمہ بن مدرکہ العدانی میں سے آوان ہیں جب کہ آل قارہ ابن محلم بن غالب بن عائذہ بن یثیع بن ملیح بن حون بن خذیمہ مذکور کی اولاد "آوان القاری" لقب

سے ملقب ہوئی۔ اوران لوگوں سے منسوب "قارہ" نامی پہاڑی اور علاقہ بھی جزیرۃ العرب میں بتائے جاتے ہیں"۔

یہ عبارت الجھی ہوئی معلوم ہوتی ہے حوالہ کی کتب کے مطالعہ کے بغیر فضلداد عارف صاحب کے نظریہ کے متعلق کچھ کہنا مشکل ہے۔ البتہ ایک بات طے ہے کہ اعوان کے بجائے کئی وجوہات کی بنا پر بعض جگہ آوان لکھا گیا ہے جو عون قطب شاہ غزنوی کی اولاد سے ہیں۔

ایک نقطہ نظر یہ بھی ہے کہ عربی النسل ہونے کے ناطے اعوانوں کے نسب ناموں میں خالص عربی نام موجود نہیں بلکہ ہندوستانی نام بھی لکھے گئے ہیں جو کہ مہمل، بے معنی اور مجہول قسم کے ہیں جن سے ان کا عربی النسل ہونا مشکوک ہے اس کا جواب یہ ہے کہ جیسا کہ متفقہ تسلیم شدہ تاریخی واقعات سے ثابت ہے کہ عون قطب شاہ اور اس کی اولاد بر صغیر میں قدم رکھتے ہی مقامی آبادی میں گھل مل گئے۔ انہوں نے مقامی نو مسلم راجاؤں اور سرداروں کی دختران سے شادیاں بھی کیں۔ لہٰذا ان کا مقامی تہذیب سے متاثر ہونا قدرتی امر ہے۔ ہندوستانی نژاد بیویوں کی اولادیں بھی ان کے قومی ناموں سے مشہور ہوئیں جیسے کھوکھر اعوان، چوہان اور راجپوت اعوان وغیرہ۔ لہٰذا اس نقطہ نظر میں کوئی وزن نہیں۔

گزشتہ ایک ہزار سالوں میں ہزاروں کتب، رسالہ جات اور نسب ناموں میں اعوان قوم کے حوالہ سے لفظ اعوان ہی لکھا جارہا ہے بعض مقامی غیر اعوان، غیر مسلم اور بعض غیر ملکی لوگ محض قیاس آرائیوں کے سہارے اعوان کو آوان یا ہندی الاصل کہتے ہیں جو کسی طرح بھی درست نہیں۔ جملہ تاریخی حوالوں سے ثابت ہوتا ہے کہ اعوان ہندی نہیں بلکہ عربی النسل ہیں اور شیر خدا حضرت علیؓ کی اولاد سے ہیں۔ بعض اعوان خاندانوں کے پاس پشت در پشت سے شجرہ ہائے نسب محفوظ ہیں جو سب کے سب اعوان ہی کہلائے ہیں۔ ان جملہ دلائل پر نظر ڈالنے سے ثابت ہے کہ ملک شیر محمد



کالاباغ کی دلیل معتبر، صحیح اور درست ہے اس لئے اعوان قوم کے حوالہ سے لفظ آوان مہمل اور بے معنی ہے۔

# اعوان قطب شاہی

علویوں کو اعوان کا خطاب دینے یا کہلانے کے متعلق متعدد اقوال بیان ہوئے ہیں اول یہ کہ شہادت حسینؓ کے بعد حضرت علیؓ کی غیر فاطمی اولاد نے سادات کا بھرپور ساتھ دیا اور ان کے محافظ بن کر ان کے ساتھ رہے۔ چنانچہ سادات کی وجہ سے اعوان (مددگار) کا لفظ علویوں کیلئے مخصوص ہو گیا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ہرات کا مسند نشین شاہ حسین علوی اور اس کا بیٹا امان شاہ سادات بنی فاطمہ کی بہت مدد و اعانت کرتے تھے جس کی وجہ سے ان کی اولاد کا لقب اعوان ہو گیا۔ تیسرا قول جو اعوان قوم کی شناخت کا باعث بنا یہ ہے کہ بر صغیر پاک و ہند میں کفر و شرک کے گھٹا ٹوپ بادل چھائے ہوئے تھے۔ غزنی میں سلطان محمود کا پرچم شان و شوکت کے ساتھ لہرا رہا تھا۔ یہ ۱۰۰۱ء کا زمانہ تھا سلطان محمود نے کفر و شرک کے استحصال کیلئے ہندوستان پر لشکر کشی کا اعلان کیا تو مجاہدین وفود شوق سے علم جہاد کے نیچے جمع ہونا شروع ہو گئے۔ میر قطب شاہ بھی اپنے قبیلہ کے ہمراہ سلطان محمود کی اعانت کو پہنچے۔ سلطان نے پوچھا: کہو! قطب شاہ کیسے آمد ہوئی۔ میر قطب شاہ نے عرض کیا سلطان ذی جاہ! آپ نے کفر و شرک کو صفحہ دہر سے مٹانے اور پرچم اسلام بلند کرنے کا عزم صمیم کیا ہے۔ خدا قادر و قیوم آپ کو کامیابی عطا فرمائے بندہ اپنے لشکر سمیت اس لئے حاضر ہوا ہے کہ آپ ہمیں بھی جہاد میں شرکت کی اجازت بخشیں۔ سلطان نے کہا۔ مرحبا! قطب شاہ تم پر خدا کی سلامتی ہو۔ جس طرح اہل مدینہ نے حضور سرور کائنات حضرت محمد ﷺ کا ساتھ دیکر انصار کا خطاب پایا اسی طرح آپ لوگ میری اعانت کیلئے سر بکف ہیں اس لئے میں آپ کو "اعوان" کا خطاب دیتا ہوں۔ ۱ے

۱ے تحقیق الاعوان صفحہ ۱۴۲ تاریخ الاعوان صفحہ ۳۳، ۳۴

سلطان محمود کے منہ سے نکلا ہوا کلمہ اعوان قوم کی شناخت بن گیا۔ اعوانوں نے سلطان محمود کے ساتھ مختلف جہادوں میں شاندار کارنامے انجام دیئے۔ بالخصوص آخری معرکہ سومنات میں تو اپنی شجاعت کی ان مٹ مثال قائم کر دی۔ جب سلطان ہندوستان میں اسلام کا پرچم بلند کرنے کے بعد غزنی چلا گیا تو اعوانوں کے کچھ خاندان خصوصاً قطب شاہ کی اولاد پاکستان میں کوہستان نمک کے دامن میں اقامت گزیں ہو گئے۔ اس علاقہ میں یہ خوب پھلے پھولے اور دوسرے قبیلوں سے اقتدار حاصل کیا اور یہاں ہی سے یہ لوگ شمال میں ہزارہ پکھلی سے ہوتے ہوئے کشمیر میں داخل ہوئے جب کہ کچھ اعوان قبائل صوبہ جموں کے ملحق راستوں سے کشمیر میں داخل ہوئے۔ کوہستان نمک کے علاقہ میں ان کا اقتدار مدتوں قائم رہا۔ اب تک اس علاقہ کے تمام اعوان اپنے آپ کو بادشاہوں کی اولاد سمجھتے ہیں اور شاید اسی وجہ سے "ملک" یعنی بادشاہ کہلاتے ہیں۔



# اعوان کے حسب نسب کا تحقیقی جائزہ

جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے نسب الصالحین کا اصل ماخذ مولانا ملک حسام الدین کی کتاب "نسب الاعوان" ہے جو سابق ریاست پونچھ (کشمیر) کے جنوب اور جنوب مشرق میں آباد اعوان قبائل کے شجرہ ہائے نسب پر مشتمل ہے اور جو ۱۹۳۴ء میں شائع ہوئی۔

نسب الاعوان کا مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ فاضل مصنف نے زاد الاعوان اور باب الاعوان سے استفادہ کیا جو بالترتیب ۱۳۱۵ھ اور ۱۳۱۹ھ میں زبدۃ الحکماء حکیم غلام نبی خان امرتسری ثم لاہوری کی تحریک پر نورالدین سلیمانی قوم پٹھان ساکن کفری خوشاب نے لکھیں اور لاہور سے ہی شائع ہوئیں۔

ملک شیر محمد کالاباغ نے تذکرہ الاعوان میں سن تحریر ۱۹۱۰ء لکھا ہے۔ جبکہ ایک اور حوالہ میں انگریزی سن کے مطابق زاد الاعوان ۱۸۹۸ء اور باب الاعوان ۱۹۰۲ء میں لکھی گئی ہیں۔ ان کتب کی رو سے اعوان قوم حضرت عباسؓ بن حضرت علیؓ کی اولاد سے ہے۔ نسب الاعوان میں بھی اعوانوں کو حضرت امام عباس کی اولاد میں سے لکھا گیا ہے۔ یہ اس لئے ہوا کہ اس وقت مولوی نورالدین کی تالیفات کے علاوہ حوالہ کی کوئی مستند کتاب دستیاب نہیں تھی۔

اعوان قوم کے متعلق عربی، فارسی اور دیگر زبانوں میں درجنوں کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن اردو زبان میں تاریخی مواد اکٹھا کرنے میں مولوی حیدر علی لدھیانوی کو اولیت حاصل ہے۔ جنہوں نے تاریخ علوی کے نام سے ایک کتاب شائع کی اس کے بعد زاد الاعوان اور باب الاعوان شائع ہوئیں۔ مولوی حیدر علی کی دوسری کتاب تاریخ حیدری کے نام سے ۱۹۲۲ء میں ان کی وفات کے بعد ان کے فرزند نے شائع کی جس میں مولوی نورالدین کی دونوں کتابوں پر تنقید کی گئی تھی۔

بعد ازاں ملک شیر محمد کالاباغ نے ایک کتاب موسوم بہ تاریخ الاعوان
۱۹۵۶ میں شائع کی جس میں مولوی نورالدین اور اس کی دونوں کتابوں پر کھل کر تنقید
کی گئی تھی۔ ملک شیر محمد کی تحقیق کی روشنی میں اعوان قوم حضرت علیؓ کے بیٹے حضرت
محمد بن حنفیہ کی اولاد سے ثابت ہیں۔ اپنے دعویٰ کے ثبوت میں ملک شیر محمد نے تاریخ
الاعوان میں ''سخن ہا گفتنی'' کے زیر عنوان ضمن چہارم اور پنجم میں تحریر کیا ہے کہ
بغداد سے حضرت غوث الاعظمؒ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اپنا ایک خلیفہ موسوم بہ عون
بن یعلی کو تبلیغ اسلام کیلئے ہندوستان بھیجا جس کو اہل بغداد قطب ہند کے نام سے موسوم
کرتے ہیں۔ خلیفہ ممدوح کچھ مدت ہندوستان میں قیام کے بعد معہ اہل عیال واپس
بغداد چلے گئے۔ بغداد کی تباہی کے بعد کچھ لوگ ہجرت کر کے ہندوستان آئے اور
تجارت کے ذریعہ نفع کثیر کما کر بغداد کو واپس ہوئے۔ راستہ میں ان کی ملاقات میر
قطب حیدرؒ المعروف بہ عون قطب شاہ غزنوی کی اولاد سے ہوئی تو ان تاجروں نے
ان لوگوں کو عون بغدادی کی اولاد سمجھا۔ بدیں وجہ بغداد والوں نے اپنے سفر ناموں
میں اعوان قوم کو عون بن یعلی قطب ہند کی اولاد سے لکھ دیا۔ ملک شیر محمد اس واقعہ کو
عظیم حادثہ قرار دیتے ہیں جس کیوجہ سے اعوان قوم کی تاریخ مسخ ہوئی۔ وہ مزید لکھتے
ہیں کہ زبدۃ الحکماء حکیم غلام نبی خان نے اعوان قوم کے تقریباً پچاس نسب نامے جمع
کیے جو کلہم امام محمد حنفیہؒ سے ملحق تھے۔ مگر مولوی نور الدین مصنف نے بغدادی
مؤرخین سے متفق ہو کر اپنی تالیفات میں اعوان قوم کو حضرت عباسؓ ابن علیؓ کی اولاد
سے لکھ دیا اس طرح بعد میں وقتاً فوقتاً شائع ہونے والے اخبارات، رسائل اور معاملات
کا تمام تر ماخذ مولوی نورالدین کی تصنیفات ہی ٹھہریں۔

بعد آزاں ملک شیر محمد کالاباغ جن کا تعلق کالاباغ کے شاہی خاندان سے ہے
نے ۱۹۷۷ میں ایک کتابچہ بعنوان تذکرۃ الاعوان شائع کیا یہ کتاب ماضی کے
دبیز پردوں میں چھپے ہوئے اعوان قوم کے تاریخی واقعات کو منظر عام پر لانے کے



سلسلہ میں ان کی گراں قدر کاوش تھی انہوں نے شب و روز کی محنت اور عرق ریزی
سے جمع کئے ہوئے واقعات تذکرۃ الاعوان میں درج کئے ہیں موصوف لکھتے ہیں کہ ''
جب میں نے قوم اعوان کی تاریخ لکھی تو اس وقت مجھے زاد الاعوان اور باب الاعوان
کے مصنف نورالدین کے نظریہ سے اختلاف تھا۔ لیکن مجھے مولوی صاحب کی تصنیفی
خیانت کا علم نہیں تھا میں نے مولوی صاحب پر اعتبار کرتے ہوئے اپنی تصنیف تاریخ
الاعوان میں ایک مقام پر مولوی صاحب کے بیان کردہ ماخذ میں سے ایک کتاب تاریخ
میزان قطبی کا اقتباس نقل کر دیا تھا۔ میں نے تاریخ الاعوان میں مولوی نورالدین
سے اختلاف اس وجہ سے کیا تھا کہ مولوی صاحب کا نظریہ میرے خاندانی شجرہ جات
اور قلمی و تاریخی دستاویزات سے بالکل برعکس تھا۔ میں اپنے خاندانی شجرہ جات کو غلط
نہیں سمجھتا تھا۔ کیونکہ ہمارے خاندان کے پاس نسل بعد نسل جو تاریخی مواد چلا آرہا
ہے وہ ہر لحاظ سے مستند تھا اعوانوں کے تمام دوسرے خاندان اپنے شجروں کی صحت
ہمارے شجروں کی روشنی میں کرتے چلے آئے ہیں کیونکہ شروع ہی سے قوم کی قیادت کا
شرف ہمارے خاندان کو حاصل رہا ہے۔ میں مولوی نوالدین کی تحقیقات کو دیکھ کر
حیران ہوتا تھا اور سوچتا تھا کہ ایک غیر نسل کے فرد نے یہ نظریہ کیسے قائم کیا ہے جو
ہمارے سینکڑوں سالوں کے مستند شجرہ جات و روایات سے مختلف ہے اس پر طرہ یہ کہ
مولوی نورالدین نے اپنے نظریہ کی تائید میں ایسی کتابوں کے حوالہ جات درج کئے ہیں
جن کا نام بھی قبل ازیں کسی اہل علم نے نہیں سنا۔ چنانچہ میں نے بڑے غور و فکر کے بعد
مولوی نورالدین کی تحقیق کے ماخذ خلاصۃ الانساب، میزان قطبی اور میزان ہاشمی کا خود
مطالعہ کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ اصل کتابوں کو دیکھ کر کسی نتیجہ پر پہنچ سکوں اس لئے پہلے
میں نے اپنے قرب و جوار کے کتب خانوں میں ان کتابوں کو تلاش کیا لیکن دستیاب نہ
ہوئیں پھر میں نے برصغیر پاک و ہند کے متعدد اکابر اہل علم سے بذریعہ خط و کتابت ان
کتابوں کے بارے میں دریافت کیا لیکن ہر طرف سے یہی جواب موصول ہوا کہ ہم نے

آج تک ان کتابوں کا نام بھی نہیں سنا۔ پھر میں نے پاک و ہند کے مشہور کتب خانوں اور لائبریریوں جن میں کتب خانہ علی گڑھ یونیورسٹی، کتب خانہ سندھ یونیورسٹی کراچی ، پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور، کتب خانہ اسلامیہ کالج پشاور، کتب خانہ مولانا غلام رسول مہر لاہور، اور کتب خانہ احسان دانش لاہور سمیت کل ۵۱ کتب خانوں اور لائبریریوں کے ناظموں اور منیجروں سے بذریعہ خط کتابت دریافت کیا لیکن ان کتب خانوں سے ان کتابوں کا سراغ نہ ملا۔ موصوف مزید لکھتے ہیں کہ انہوں نے عربی اور فارسی کی بیسیوں مطبوعہ و غیر مطبوعہ فہرستوں کو کھنگال ڈالا۔ درجنوں مصنفین کی کتب ہا اور تذکروں کی ورق گردانی کی لیکن خلاصۃ الانساب میزان ہاشمی اور میزان قطبی کا کہیں ذکر نہ ملا۔

ملک شیر محمد آخر میں لکھتے ہیں کہ ایک فاضل دوست کے مشورے پر علم الانساب کے بہت بڑے ماہر اور ملک کے نامور محقق و مؤرخ حضرت پیر غلام دستگیر نامی کی خدمت میں بمقام لاہور محلہ چہل بیبیاں حاضر ہوا۔ اور ان سے تمام ماجرہ بیان کیا۔ نامی صاحب نے داستان سننے کے بعد فرمایا کہ اچھا ہوا تم میرے ہاں آگئے میں تم کو ان کتابوں کی حقیقت بتاؤں گا اگر تم یہاں نہ آتے تو ان کتابوں کی حقیقت منکشف نہ ہوتی اور تم ساری عمر ان کتابوں کی تلاش میں سرگرداں رہتے۔ نامی صاحب نے فرمایا کہ " زاد الاعوان اور باب الاعوان جن صاحب کے زیر اہتمام شائع ہوئی تھیں ان کی اقامت موچی دروازہ میں تھی انہوں نے اپنی ذاتی پسند کے پیش نظر ان کتابوں میں قوم اعوان کو حضرت محمد بن حنفیہؒ کے بجائے حضرت عباسؓ کی نسل سے ثابت کرنے کی کوشش کی۔ جب باب الاعوان شائع ہوئی تو انہوں نے مجھے اس کی ایک جلد بطور تحفہ دی تھی۔ چونکہ تاریخ اقوام اور علم الانساب سے غیر معمولی دلچسپی ہے اس لئے میں نے اس کتاب کا شوق سے مطالعہ کیا اگرچہ میں ایک لٹریری آدمی ہوں لیکن باوجود وسعت مطالعہ کے مولوی نورالدین کی اس تصنیف میں حوالہ کی کتابوں کا نام پہلی بار پڑھا۔ مجھے ان



کتابوں کے مطالعے کا اشتیاق پیدا ہوا میں نے ان کتابوں کی تلاش و جستجو میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا یہ کتابیں کہیں سے دستیاب نہ ہوئی آخر ہر طرف سے ناکام ہو کر میں نے باب الاعوان کے مصنف کو براہ راست ان کے گھر کے پتہ کفری تحصیل خوشاب ضلع شاہ پور پر خط لکھا کہ آپ سے ملاقات کا شوق ہے اگر آپ کبھی لاہور تشریف لائیں تو مجھے از راہ کرم ملاقات سے نوازیں اس کے جواب میں مولوی صاحب نے خط لکھا کہ میں غائبانہ طور پر آپکو جانتا ہوں آپ جیسے علم دوست انسان سے مل کر مجھے مسرت ہو گی میں جب بھی لاہور آؤں گا تو آپ سے ضرور ملوں گا۔ کچھ عرصہ بعد مولوی صاحب میرے غریب خانے پر تشریف لائے ذراسی دیر میں گھل مل گئے بڑے باغ و بہار انسان تھے میں نے ادھر ادھر کی باتوں کے بعد ان سے کہا کہ آپ نے اپنی تصانیف میں میزان قطبی، میزان ہاشمی اور خلاصۃ الانساب کا جو ذکر کیا ہے اس سے مجھے ان کتابوں کے مطالعہ کا شوق پیدا ہو گیا ہے آپ از راہ کرم مجھے بتائیں کہ یہ کہاں سے دستیاب ہیں مولوی صاحب نے میری بات سن کر زور سے قہقہہ لگایا اور یہ شعر پڑھنے لگے :۔

اے کہ ایں سہ کتب بہ جہاں معہ طلبی
آں قدر باش کہ عنقاز سفر باز آئید

مولوی صاحب نے کہا ہم مزدور لوگ ہیں مالک مکان جو نقشہ تجویز کر دے ہم اس کے مطابق مکان تعمیر کر دیں گے جن صاحب نے ہم سے یہ کتاب لکھوائی ہے انہیں حضرت عباسؓ بن علیؓ سے بے پناہ عقیدت ہے ان کی یہ زبردست خواہش تھی کہ ہم قوم اعوان کا شجرہ نسب حضرت محمد بن حنفیہؒ کے بجائے حضرت عباسؓ سے ملا دیں۔ [1]

چنانچہ ہم نے ان کی خواہش کو پورا کر دیا ہمیں اس سلسلہ میں حوالہ کی کتابوں کے نام اور اقتباسات خود وضع کرنے پڑے قوم اعوان کی مسلمہ تاریخی روایات کو رد کرنا اور ان کی جگہ اپنی طبع زاد روایات کو تسلیم کرانا کوئی معمولی کام نہیں تھا۔ ہم نے

ا۔ تذکرۃ الاعوان از ملک شیر محمد صفحہ ۵۴

بڑی محنت کے بعد یہ کام انجام دیا ہے۔ پیر غلام دستگیر نامی صاحب نے مولوی نورالدین کے ان ارشادات کو بیان کرنے کے بعد فرمایا کہ مولوی نورالدین نے اپنی دنیوی اغراض کی خاطر اعوان قوم کے شجرہ نسب میں تحریف و تلبیس سے کام لے کر اعوان قوم کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کی کوشش کی ہے۔

ملک شیر نامی صاحب سے یہ سنسنی خیز انکشافات سن کر محو حیرت ہو گئے۔ وہ لکھتے ہیں کہ مولوی نورالدین نے ذاتی مفاد کے پیش نظر نظریاتی اختلاف پیدا کر کے قوم اعوان کو نقصان عظیم پہنچایا ہے چونکہ نامی صاحب نے مجھے مولوی نورالدین کی بھول بھلیوں سے نکالنے کیلئے خضر راہ کا کام کیا اس لئے ان کے لیے بے ساختہ میرے دل سے یہ دعا نکلتی ہے۔

مثل ایوان سحر مرقد فروزاں ہو تیرا
نور سے معمور یہ خاکی شبستان ہو تیرا

ملک شیر محمد مکتوبات مظہر کے حوالہ سے رقمطراز ہیں کہ صوفی شاعر حضرت مرزا مظہر جان جاناں اپنے ایک مکتب میں لکھتے ہیں کہ "میں قطب حیدر کی اولاد سے ہوں اور وہ حضرت علی المرتضیٰؓ کی اولاد سے ہیں ان کی تائید خواص خان نے تحقیق الاعوان کے صفحہ ۳۹۹ پر مرزا مظہر جان جاناں کے متعلق درج شدہ مفصل مضمون میں بھی کی ہے اس سے مولوی نورالدین کے اس قول کی نفی ہوتی ہے کہ اعوان عون بن یعلی بغدادی کی اولاد سے ہیں۔

تحقیق الاعوان کے مصنف خواص خان نے اس مسئلہ پر مفصل بحث کی ہے انہوں نے زادالاعوان اور باب الاعوان پر تنقیدی تبصرہ کے عنوان سے پورا باب رقم کیا ہے جس میں دلائل اور براھین کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ اعوان حضرت عباسؓ بن علی کی اولاد نہیں بلکہ ان کے دوسرے بیٹے محمد بن الحنفیہ کی اولاد ہیں۔ اپنی طویل بحث جو صفحہ ۱۷۱ سے ۱۹۳ تک پھیلی ہوئی ہے کو سمیٹتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "پاک و ہند میں قطب شاہی اعوان اسی ایک میر قطب حیدرؒ معروف بہ قطب شاہ غزنوی کی اولاد میں

---

۱۔ تذکرۃ الاعوان از ملک شیر محمد کالاباغ صفحہ ۵۵



سے ہیں جن کا شجرہ نسب حضرت علیؓ بن ابو طالب سے ملتا ہے اور مصنف باب الاعوان اور ان کے جانشین مصنفین نے اسی غزنوی قطب شاہ کو بغدادی سمجھ لیا ہے جن کا شجرہ نسب حضرت عباس علم دار سے ملاتے ہیں یہ نظریہ اور نسب نامہ غلط ہے"۔

باب الاعوان کے صفحہ ۷ تا ۱۲ تک ان کتب کی مکمل فہرست درج ہے جن سے اس کتاب کی تالیف، تدوین و ترتیب میں استفادہ کیا گیا جن میں میزان ہاشمی، میزان قطبی اور خلاصۃ الانساب بھی شامل ہیں۔ ان تینوں کتابوں کے حوالہ کے ساتھ ساتھ بعض مقامات پر پتہ "بزبان عربی، مطبوعہ مصر" لکھا ہوا ہے جبکہ دیگر جملہ کتب کے مکمل پتہ جات حتیٰ کہ چھاپنے والے پریس کا حوالہ بھی درج ہے۔ فاضل مصنف نے باب الاعوان میں بیس سے زائد مقامات پر میزان ہاشمی، میزان قطبی اور خلاصۃ الانساب کا حوالہ دیا ہے لیکن کہیں بھی صفحہ نمبر درج نہیں کیا جبکہ دیگر کتب کے متعلق حوالہ جات کے ساتھ ساتھ صفحہ کا اندراج بھی موجود ہے اس سے قاری کے ذہن میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر زادالاعوان اور باب الاعوان کی بنیاد انہی سہ کتب پر رکھی گئی تو ان کا ذکر محض سرسری اور سطحی طور پر کیوں کیا گیا۔ اس سے ملک شیر محمد کالاباغ کا یہ نظریہ جس کی تائید خواص خان کے علاوہ دیگر مصنفین نے بھی کی کہ میزان ہاشمی، میزان قطبی اور خلاصۃ الانساب کا حوالہ فرضی اور نمائشی ہے مبنی بر حق ثابت ہوتا ہے۔

# سالار میر قطب حیدر شاہ عون علوی معروف غازی ملک

سالار میر قطب حیدر شاہ مجاہد المعروف عون قطب شاہ علوی غازی ملک میر عطاالله غازی امان شاہ کے دوسرے بیٹے اور قطب شاہی اعوانوں کے مورث اعلیٰ ہیں۔ آپ کے بڑے بھائی میر ساہو غزنوی افواج کے سالار اعلیٰ اور دولت غزنویہ کے نائب السلطنت تھے آپ سے چھوٹے میر سیف الدین تھے یہ تینوں بھائی اکثر معرکوں میں غزنی سے باہر بر سر پیکار رہتے تھے۔ غزنوی دور میں شمالی ہندوستان کا بیشتر علاقہ انہی اعوان مجاہدوں کے ہاتھوں فتح ہوا۔ غزنوی حکومت کی یہ خوش نصیبی تھی کہ انہیں علویوں کے آزمودہ کار اور پر جوش مجاہدین کی اعانت حاصل تھی۔ جو پشتوں سے مجاہد اور غازیوں کے نام سے مشہور تھے۔ ان مجاہدوں کی بہادری اور حوصلہ مندی نے محمود غزنوی کو سومنات فتح کرنے کا حوصلہ دیا سلطان محمود کو میر سالار عطاالله غازی کے تینوں بیٹوں پر بڑا ناز تھا اس لئے کہ تینوں بھائی فوجی مہموں میں پیش پیش رہتے تھے۔ سلطان کی عدم موجودگی میں بھی شمالی ہندوستان ان مجاہدوں کی سرگرمیوں سے لرزاں تھا۔ شمالی ہندوستان میں لاہور کے راجہ کے ماتحت ۵۲ ہندو راجے حکمرانی کرتے تھے۔ میر عطاالله غازی بوجہ پیرانہ سالی جب گوشہ نشین ہوئے تو سید قطب حیدر شاہ غزنی میں ہی رہ کر اپنے بوڑھے باپ کی خدمت میں مصروف رہنے لگے اور مقامی طور پر فوجی خدمات بھی انجام دیتے تھے جب کہ میر ساہو سالار اور ان کے چھوٹے بھائی سیف الدین غزنی سے باہر فوجی سرگرمیوں میں مصروف رہتے۔ جب دارالخلافہ غزنی میں ہندوستان کے اندر جہاد کرنے کا طبل جنگ بجایا گیا تو مجاہدوں اور غازیوں کے اس شہر سے لوگ جوق در جوق شریک جہاد ہونے کیلئے روانہ ہونے لگے۔

میر قطب شاہ نے سلطان کی اجازت سے اپنے لشکر لیکر دریائے سندھ کو



عبور کیا اور سرزمین پوٹھوار میں اپنی سرگرمیاں شروع کیں۔ ہندو راجاؤں کو پے در پے شکستیں ہوئیں جو تائب ہو کر مشرف بہ اسلام ہوئے وادی سون سکیسر کے راجاؤں ہارو اور کارو سے لڑائی ہوئی جو شکست کھا کر تابع فرمان ہوئے۔ سون سکیسر کے لوگ سب سے پہلے مسلمان ہوئے۔

راجہ پرتھوی راج کپور چوہان نے شکست کے بعد اسلام قبول کر لیا اور اپنی دختر میر قطب شاہ کے نکاح میں دیدی۔ اس بیوی کی اولاد چہان یا چوہان اعوان کہلاتی ہے۔ ڈھنکوٹ (کالاباغ) کا راجہ کلک شکست کھا کر اپنی رعیت سمیت مسلمان ہوا اور اپنی بیٹی میر قطب شاہ کو بیاہ دی۔ اس بیوی کی اولاد کلیلے، کلیار اور کلو کے اعوان مشہور ہیں۔

شمالی ہندوستان میں صوبہ لاہور اور پوٹھوار کا علاقہ جو سون سکیسر کی پہاڑیوں سے مری تک پھیلا ہوا ہے۔ میر قطب شاہ کے ہاتھوں فتح ہوا۔ تحقیق الاعوان کے مطابق ۴۱۲ھ تک شمالی ہندوستان مکمل طور پر فتح ہو کر سلطنت غزنویہ میں شامل ہو چکا تھا۔ ان فتوحات کے مکمل ہونے کے بعد میر قطب شاہ سلطان کی مکرر اجازت سے اپنے ہمرائیوں سمیت اطمینان سے تبلیغ دین اور اشاعت اسلام میں مصروف ہو گئے۔ ان کی دینداری، زہد و تقویٰ، عبادت و ریاضت، علم دوستی اور مشفقانہ رویہ کی وجہ سے لاکھوں مشرکین نور اسلام سے منور ہوئے اور یوں بت پرستوں کی اس سرزمین پر توحید و رسالت کا بول بالا ہوا۔ حضرت میر عطاالله شاہ غازی کے بیٹوں میں سب سے زیادہ عمر اور شہرت انہی کو حاصل ہوئی آپ کی تربیت ایسے خطوط پر ہوئی کہ آپ ایک عظیم جرنیل، کامیاب فاتح اور ولی کامل ثابت ہوئے۔ چوہدری محمد افضل کے ہیر وارث شاہ کی شرح میں بیان کردہ بائیس قطبوں میں میر قطب شاہ بھی شامل ہیں۔

شریف التاریخ میں لکھا ہے کہ حضرت قطب شاہ غوث عالم اور قطب اقطاب تھے۔ ہزاروں غیر مسلم آپ کے ہاتھ پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ تاریخ کوہستان کے

مطابق قطب شاہ کی نگاہوں میں وہ تاثیر تھی کہ غیر مسلم آپ کو دیکھتے ہی اسلام کرنے کیلئے بے چین ہو جاتے تھے۔

ہندو راجاؤں پر فتح پانے کے بعد مختلف راجاؤں کے تین بیٹیاں یکے بعد دیگرے میر قطب شاہ کے نکاح میں آئیں۔ جن میں سے کثیر اولاد ہوئی۔ بی بی عائشہ بغداون ثم ہراتن تھیں جو حضرت کے ہمراہ ہندوستان آئی تھی۔ میر قطب شاہ کی ازواج واولاد کا نقشہ اس طرح ہے۔

## نقشہ ازدواج واولاد میر قطب حیدر شاہ المعروف قطب شاہ اعوان






۱۔ بی بی عائشہ ہراتن بغداون تھیں۔ ہرات سے قطب شاہ کے ہمراہ تھیں۔ سید ابو احمد عبداللہ گولڑہ اور محمد کندلاں ان کے دو بیٹے تھے۔

۲۔ بی بی زینبؒ ہندوستانی کھوکھر راجہ کی بیٹی تھیں ماں کی نسبت سے اولاد کھوکھر اعوان کہلاتی ہے۔ زمان علی کھوکھر، جمال شاہ دریتیم اور مزمل علی کلگاں ان کے تین بیٹے اور ایک بیٹی رقیہ نام کی تھیں۔

۳۔ بی بی خدیجہؒ چوہان خاندان کے رئیس کی بیٹی تھیں۔ فتح علی کلدان، محمد علی چوہان اور نجف علی تین بیٹے تھے ایک بیٹی فاطمہ نام کی تھیں۔

۴۔ بی بی ام کلثومؒ راجپوت نسل کے راجہ طلحہ کی بیٹی تھیں ان کے تین بیٹے کرم علی، بہادر علی، نادر علی اور بیٹی کا نام حاجرہ تھا۔

تینوں ہندوستانی ازواج مختلف فتوحات کے بعد حضرت کے نکاح میں آئیں۔ میر قطب شاہ کی موت کے بعد بھی ان کے بیٹوں نے تبلیغی سرگرمیوں کو جاری رکھا۔ آخر عمر میں قطب شاہ کچھ عرصہ کیلئے آنگہ واقعہ ضلع خوشاب میں مقیم رہے۔ اور پنجاب کے مفتوحہ علاقے اپنی اولاد میں تقسیم کر دیئے۔ بعد ازاں اپنے دو بیٹوں کے ہمراہ دارالسلطنت غزنی چلے گئے۔

تاریخ الاعوان کے مطابق آپ نے درماہ رمضان المبارک ۴۳۱ھ مطابق ۲۴ ستمبر ۱۰۳۹ء جمعہ کی شب وفات پائی۔ اپنی وصیت میں انہوں نے قرآن پاک کی یہ آیت تین مرتبہ تلاوت فرمائی۔ **و عتصموا بحبل الله جميعاً** جب آپ کی روح قفس عنصری سے پرواز کر رہی تھی تو آپ کی زبان پر کلمۂ شہادت رواں تھا۔ آپ کا مزار غزنی میں ہے۔

# ابو احمد عبد اللہ گولڑہ

حضرت عون قطب شاہ کی ازدواج کا ذکر پہلے بھی ہو چکا ہے۔ حضرت کے گیارہ بیٹوں میں عبد اللہ گولڑہ سب سے بڑا تھا۔ آپ ہراتن ملی ملی عائشہؒ کے بطن سے تھے آپ کو گوہر علی گورڑہ اور گوہر شاہ بھی کہتے تھے۔ گولڑہ کی وجہ تسمیہ میں ایک قول یہ ہے کہ آپ گورے رنگ کے تھے اس لئے آپ کو گورڑہ کہا جانے لگا۔ عبد اللہ گورڑہ نے ہندوؤں سے متعدد لڑائیاں لڑی ہیں اس لئے اہل ہند اظہار نفرت کے طور پر آپ کو گورڑہ کہہ کر پکارتے تھے۔ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اردو زبان کو ترقی نصیب ہوئی تو لفظ گورڑہ ترقی یافتہ صورت میں گولڑہ مشہور ہو گیا۔ اب گولڑہ ہی مستعمل ہے۔

پنجاب میں گولڑہ نام کے کئی مقامات ہیں راولپنڈی کے نزدیک گولڑہ شریف ایک مشہور قصبہ ہے جہاں موجودہ زمانے کے مشہور ولی اللہ پیر مہر علی شاہ صاحب قدس سرہ العزیز کا مزار ہر خاص و عام کیلئے چشمہ خیر و برکت ہے۔ حضرت عبد اللہ گولڑہ نے کچھ مدت اس مقام پر قیام فرمایا۔ یہاں گولڑہ اعوانوں کی کثیر آبادی ہے۔ یہاں ہی سے گولڑہ نسل کے لوگ شمال کی جانب ہزارہ میں جا کر آباد ہوئے۔ حضرت پیر مہر علی شاہؒ کے مزار سے صرف دو میل کے فاصلہ پر گولڑہ نام کا ریلوے سٹیشن بھی ہے۔ تاریخی حوالوں سے بھی پتہ چلتا ہے کہ اعوانوں کی کثیر تعداد براستہ پکھلی داخلی ہزارہ کشمیر میں وارد ہوئی اس لئے قیاس غالب ہے کہ گولڑہ شریف سے چلنے والے گولڑہ اعوانوں میں سے بھی کچھ لوگ کشمیر پہنچے ہوں گے۔

کہتے ہیں کہ قصبہ گولڑہ کو پہلے پہل شہاب الدین گولڑہ نے آباد کیا تھا شہاب الدین گولڑہ تقریباً چھ سو سال قبل علاقہ سون سکیسر سے برائے شکار و تفریح اس علاقہ میں آئے تھے آب و ہوا کی موزونیت سے اس جگہ کو پسند فرمایا اور یہیں آباد ہو گئے۔ آگے چل کر ان کی اولاد حسنال، اتمیال فتوال، عنایت خوانی اور رستم خوانی وغیرہ



مشہور ہوئے۔ بندوبست اراضی ۱۸۶۱ء میں انتیس گاؤں شہاب الدین کی اولاد کی ملکیت میں تھے۔

گولڑہ نام کا ایک قصبہ سون سکیسر میں بھی ہے جو سون سکیسر خوشاب روڈ پر واقعہ قصبہ کنڈ سے متصل ایک بلند پہاڑی پر واقعہ ہے۔ یہاں اعوانوں نے پتھروں کا ایک بڑا ڈھیر جمع کر رکھا ہے جس کے متعلق تین روایتیں بیان ہوئیں ہیں۔ اول یہ کہ یہ مقام بابا گولڑہ کی گذرگاہ تھی لہذا بطور یادگار پتھروں کا ڈھیر قائم کر دیا گیا۔ دوم یہ کہ اس مقام پر عبد اللہ گولڑہ نے اہل ہنود سے جنگ لڑی تھی۔ اور سوم یہ کہ اس مقام پر بابا گولڑہ کی چارپائی رکھی گئی تھی۔ جو یہاں سے بغداد روانہ کی گئی۔ چارپائی کے متعلق مزید معلومات دستیاب نہیں۔ ممکن ہے یہ حضرت کی کوئی خاص چارپائی ہوئی ہو گی یا ان کا جسد خاکی مراد ہو۔

تحقیق الاعوان میں محمد افضل اعوان باغانوالہ جہلم کے حوالہ سے درج ہے کہ عبد اللہ گولڑہ سون سکیسر سے بمقام لاڈوانہ شیخوپورہ میں منتقل ہوئے۔ اپنے اہل عیال کو یہاں چھوڑ کر لاہور کی جانب روانہ ہوئے۔ ۵۸۰ھ میں مقام علوئین پر کافروں سے لڑائی کے دوران شہادت پائی اور وہاں ہی خانقاہ علوئین میں دفن ہوئے آپ کے مدفن کی وجہ سے اس قبرستان کا نام قبۃ الشہداء مشہور ہوا۔

۴۳۱ سال بعد ۱۵۱۱ء میں ڈوگر قوم کے ایک بزرگ ولی نعمت اللہ نامی المشہور حاجی دیوان علی کی ترمت قبۃ الشہداء میں بنی تو اس مقام کا نام خانقاہ ڈوگراں رکھا گیا جو آج تک اسی نام سے مشہور ہے۔ گولڑہ کی شہادت کے کچھ عرصہ بعد آپ کی اولاد نے تابوت مبارک کو وہاں سے نکال کر سون سکیسر میں ایک پہاڑی پر سڑک کے کنارے دفن کر دیا اس مقام پر آپ کے خاندان کے لوگوں نے پتھروں کا ایک ڈھیر جمع کر رکھا ہے جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ اس علاقہ میں عبد اللہ گولڑہ کی اولاد کثرت سے آباد ہے۔ اس واقعہ کے ۱۳ ماہ بعد آپ کے بھائی محمد کندلاں اور ان کے ہمراہی آپ کا

تحقیق الاعوان ص ۲۱۹

تابوت نکال کر بغداد لے گئے اور سید عبدالقادر جیلانیؒ کے مقبرہ کے قریب دفن کر دیا لیکن ایک دوسری روایت کے مطابق بابا عبداللہ گولڑہ کا آخری عمر میں اپنے کچھ بیٹوں کے ہمراہ بغداد جانا تسلیم کیا گیا ہے۔

عبداللہ گولڑہ کو سون سکیسر کا علاقہ حصہ میں ملا تھا اس لئے ان کی زیادہ تر اولاد یہاں ہی آباد ہوئی۔ اسی علاقہ سے گولڑے اعوان دوسرے علاقوں میں منتقل ہوئے۔ سون سکیسر پہاڑی علاقہ ہے جہاں پچاس ساٹھ گاؤں خالص اعوانوں کے ہیں۔ عبداللہ گولڑہ کی اولاد راولپنڈی، جہلم، چکوال، خوشاب، جھنگ، ملتان، مظفر گڑھ، میانوالی، اٹک، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور اور آزاد کشمیر کے تمام اضلاع مظفر آباد، باغ، پونچھ، پلندری، کوٹلی، میر پور اور بھمبر میں آباد ہے۔ اس کے علاوہ مقبوضہ پونچھ کے ضلع بارامولا اور مقبوضہ پونچھ کی تحصیل مہنڈر اور حویلی میں کثیر آبادی موجود ہے۔

صوبہ جموں مقبوضہ کشمیر کے علاقوں نوشہرہ، اکھنور، کھٹوعہ، بدحل اور دیگر قصبات سے ۱۹۴۷ء میں ہزاروں اعوان قبائل مہاجر ہو کر آزاد کشمیر میں داخل ہوئے۔ ان قبائل کی بڑی تعداد تحصیل بھمبر کے علاقہ برنالہ، امبڑیالہ سماہنی اور حد متارکہ جنگ کے ساتھ ساتھ نالی چتنی وغیرہ میں آباد ہیں۔

تحقیق الاعوان کے مطابق عبداللہ گولڑہ نے دو شادیاں کیں ہیں مریم بنت عقیل کے بطن سے ایک بیٹا عالم دین ہوا جو سب سے بڑا تھا عالم دین کی اولاد بر صغیر میں موجود نہیں۔ دوسری بیوی سائرہ بنت ابراہیم سے احمد علی زمان علی اور غلام علی ہوئے لیکن محبت حسین کے مطابق بابا گولڑہ نے تیسری شادی بھی کی جو کھوکھر خاندان کی لڑکی فاطمہ سے ہوئی۔ جس کے بطن سے پانچ فرزند محمد، احمد، علی، عمر اور زید ہوئے۔ عبداللہ گولڑہ کے دوسرے بیٹے احمد علی کی اولاد کثیر تعداد میں پھیلی ہے۔ آزاد کشمیر میں زیادہ تر ان ہی کی اولاد موجود ہے۔



# محمد کندلاں

میر قطب شاہ کا دوسرا بیٹا محمد کندلاں تھا۔ عبداللہ گولڑہ اور محمد کندلاں حقیقی بھائی بی بی عائشہ ہراتن کے بطن سے تھے بعض شجرہ نویسوں نے محمد کندلاں کا نام گلشاہ، محمد شاہ اور گل محمد بھی لکھا ہے۔ بعد میں یہ کندلاں سے کنڈاں مشہور ہوئے آپ کے نام کا چک کنڈاں کوہستان نمک میں ایک مشہور مقام ہے۔ قصبہ بھدراڑ جو چکوال خوشاب شاہراہ پر ایک مشہور مقام ہے آپ کے پوتے بدیع شاہ نے آباد کیا تھا بدیع شاہ کے دو بیٹے تھے ایک فروز جس کی اولاد مستال اور دوسرا مالک خان جس کی اولاد ملکال کہلاتی ہے۔ بدیع شاہ کے والد کا نام سکن تھا۔ اس کے علاوہ کندلانی، کندوال، گل شاہی، برتھ یا برتھال اور سکوال بھی محمد کندلاں کی اولاد سے ہیں۔ گل شاہی اعوان زیادہ تر جالندھر (بھارت) میں آباد ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جالندھر میں ایک علاقہ اعوان کاری کے نام سے مشہور ہے جہاں اعوان کثیر تعداد میں آباد ہیں۔

قطب شاہ کی وفات کے بعد ان کے بیٹوں نے تبلیغ اسلام کا کام جاری رکھا۔ خصوصاً عبداللہ گولڑہ اور محمد کندلاں نے نمایاں کردار ادا کیا۔ سر زمین پوٹھوار کے لوگ میر قطب شاہ اور انکے بیٹوں کی مساعی جمیلہ بابت تبلیغ اسلام اور مجاہدانہ کارناموں کو کبھی فراموش نہیں کر سکیں گے۔

# مزمل علی کلگاں

میر قطب حیدر شاہ کی ہراتن بی بی عائشہ کے دو بیٹوں عبداللہ گولڑہ اور محمد کندلاں کا ذکر ہو چکا ہے اب بی بی زنیب جو کھوکھر راجہ کی بیٹی تھیں کا مختصر ذکر آئے گا۔ مزمل علی کلگاں عون قطب شاہ کا تیسرا فرزند اور بی بی زنیبؒ کا بڑا بیٹا تھا آپ کئی ناموں سے مشہور ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ فارس کے مجوسیوں نے اظہار نفرت کے طور پر آپ کا نام کلگاں (نامبارک) رکھا۔ چونکہ آپ نے مجوسیوں سے کئی کامیاب لڑائیاں

لڑی تھیں اس لئے وہ انہیں مزمل علی کلگاں کہنے لگے اور یہی زبان زد عام ہو گیا۔آپ پگڑی میں ہمیشہ کلگی (تاج) سجائے رکھتے تھے۔ نیز گاؤں کلک کی وجہ سے بھی انہیں کلکاں کہا جانے لگا۔ مزمل علی کلکاں کی والدہ کلک کی رہنے والی تھیں اس لئے اس کے والد راجہ کلک مشہور تھے۔ مزمل علی بھی اس نسبت سے کلکاں مشہور ہوئے۔ لیکن بعد میں کلگاں کے نام زیادہ شہرت پائی جو تاریخ کا حصہ بن گیا۔آپ بزرگی، علم و تدبر شجاعت و بہادری اور جان نثاری میں سب سے آگے تھے۔ چونکہ آپ نے کافروں سے متعدد کامیاب لڑائیاں لڑی ہیں اس لئے جملہ بھائیوں میں سرخیل سمجھے جاتے تھے۔ آپ کو کالاباغ کا علاقہ حصہ میں ملا ہے اس لئے آپ کی زیادہ تر اولاد اسی علاقہ میں ہے۔ دیگر بہت سے علاقوں میں بھی آپ کی اولاد بکثرت موجود ہے۔آپ کی گیارھویں پشت میں کیٹھو خان ہوا جس کی اولاد کیٹھوال اعوان کہلاتی ہے اور موضع سور اسی تحصیل مری میں آباد ہے۔ مشہور صوفی بزرگ بابا سجاول" آپ ہی کی اولاد سے ہیں جن کا مزار سجاول شریف مانسہرہ میں ہے۔ بابا سجاول کے بیٹے شاد عرف سادم خان کی اولاد شدوال یا سادوال دوسرے بیٹے امب کی اولاد کھیال اور تیسرے بیٹے پال کی اولاد جرل اعوان کہلاتی ہے جو ضلع مانسہرہ میں ہے شاد عرف سادم خان کی اولاد مانسہرہ شدوال اور اضلاع پونچھ وباغ میں سادوال کہلاتی ہے۔ علاقہ سنگولہ ضلع باغ اور اس کے گردونواح میں سادوال بڑی تعداد میں آباد ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے ضلع بارہ مولہ کے موضع چندوسہ اور تحصیل اوڑی کے مواضعات، پیرستان، نورکھا، دردکوٹ، سماں، تھاجل اور پاوڑی میں بھی سادوال موجود ہیں۔

مزمل علی کلگاں کے چار بیٹوں کی اولاد آزاد کشمیر میں موجود ہے۔ کرم علی کوٹلہ کی اولاد ضلع مظفرآباد میں چھتر دو میل، اعوان پٹی، چھملہ بانڈی، حسن گلیاں اور دیگر متعدد دیہات میں ہے۔ ضلع باغ کے علاقہ سنگولہ، غربی و وسطی باغ کے کثیر دیہات میں موجود ہے۔ غلام علی کی اولاد ضلع مظفرآباد میں ہٹیاں بالا کے متعدد دیہات



اور علاقہ کرناہ میں آباد ہے۔

زمان علی کی اولاد ضلع راولاکوٹ کے دیہات، دھمنی، برمنگ، کالاکوٹ ریڑبن، تراڑ، کھڑک وغیرہ میں اور ضلع پلندری کے موضع گڑالہ میں آباد ہیں۔ نواب علی کی اولاد ضلع پلندری کے مقام بیٹھک اعوان آباد کے نواحی دیہات میں اور بساڑی اور کہالہ کے بہت سے دیہات میں آباد ہے۔

اعوانان پونچھ کے مشہور مذہبی و سیاسی راہنما مولانا حسام الدین بساڑوی آپ ہی کی اولاد سے ہیں۔ مشہور روحانی بزرگ صاحبزادہ شیخ محمد صدیق داتہ والے والے ضلع مانسہرہ بھی آپ ہی کی اولاد ہیں۔

## جہاں شاہ در یتیم

میر قطب حیدر شاہ کا چوتھا بیٹا جہاں شاہ در یتیم بی بی زنیب کے بطن سے تھا۔ مزمل علی کلگاں سے چھوٹا تھا آپ نے اہل ہنود سے متعدد لڑائیاں لڑیں اور بڑی سرعت کے ساتھ کامیابی حاصل کرتے رہے۔ اس لئے جہاں شاہ مشہور ہوئے۔ اصل نام در یتیم تھا۔ غیاث الدین بلبن کے عہد تک زندہ رہے۔ شیخ نظام الدین اولیاء، شیخ سعدی"، شیرازی اور امیر خسرو" ان کے ہم عصروں میں تھے۔آپ کے تین بیٹے محمود علی، محمد محسن علی اور محمد انور علی تھے۔ محمود علی کے دو بیٹے تھے۔ محمد یار علی اور محمد عثمان۔ قوم تریٹرا اپنے آپ کو محمد عثمان کی اولاد کہتے ہیں۔ راولپنڈی میں آباد کھٹر قوم کے لوگ اپنے آپ کو جہاں شاہ کی اولاد ظاہر کرتے ہیں۔ سرالبسٹن اپنی کتاب پنجاب کاسٹس میں لکھتا ہے کہ کھٹر راجپوت ہیں جبکہ سٹڈمین کے مطابق کھٹر صحیح اعوان ہیں۔ کھٹر اعوان زیادہ تر موضع میانہ گوندل، لدھیانہ (بھارت) اور سلیم پور میں آباد ہیں۔ ضلع اٹک کے علاوہ پنجاب کے دیگر علاقوں میں بھی کھٹر موجود ہیں۔

# زمان علی کھوکھر

بی بی زنیب کھوکھر راجہ کی بیٹی اور عون قطب شاہ کی دوسری بیوی تھیں۔ زمان علی کھوکھر اسی بیوی کے بطن میں سے تھا ماں کی نسبت سے آپ کھوکھر مشہور ہوئے۔ زمان علی کھوکھر قطب شاہ کا پانچواں اور بی بی زنیب کا تیسرا بیٹا تھا جو موسیٰ خیل میں آباد ہوا کچھ عرصہ بعد زمان علی کھوکھر شاہ پور کے مقام کڑانہ چلا گیا وہاں کے ہندو راجہ کو شکست دی اور اس کی دختر راجکماری بر تھ کو مسلمان کر کے اس سے نکاح کر لیا۔ اس کی اولاد قطب شاہی کھوکھر اعوان مشہور ہوئے شریف التواریخ کے مصنف شریف احمد نوشاہی کے مطابق زمان علی کھوکھر کوہ کڑانہ پر حکمرانی کرتے تھے ان کی اولاد سے سید سکندر شاہ انور اور سید برہان الدین نے علاقہ ساندہ بار پر حکمرانی کی۔ زمان علی کھوکھر آخری عمر میں علاقہ کوہستان نمک منتقل ہوا۔ جہاں سے اس کی اولاد شمال میں ہزارہ اور آزاد کشمیر میں پھیل گئی راجکماری بر تھ جس کا اسلامی نام معلوم نہیں سے دو بیٹے بجن اور وگھرایا وگھیرا ہوئے۔ بجن کے بیٹے کا نام کوٹ تھا۔ جو کثیر اولاد ہوا اس کی اولاد پورے برصغیر میں پھیلی ہوئی ہے۔ وگھیرا کا بیٹا جیسر تھا۔ جس کو جیسل بھی کہتے ہیں۔ پنجاب میں اس کی اولاد کھوکر اعوان کہلاتی ہے جبکہ پونچھ کے قطب شاہی کھوکھر مقبوضہ کشمیر کے موضعات ہوت، پلاں، رورہہ، پھنچھ اور چھانجل تحصیل حویلی اور مہنڈر کے مواضعات، ماہڑہ، کلھوتہ اور گوہلد وغیرہ میں آباد اپنے آپ کو ہاشمی اور قریشی کہتے ہیں۔ زمان علی کھوکھر کی اولاد سے ملوک شاہی، ملیال، پایال، نیکال اور بدھال مشہور گوتیں ہیں جو مغربی پنجاب، ہزارہ اور کشمیر کے اضلاع مظفر آباد اور پونچھ میں آباد ہیں مشہور صوفی بزرگان خواجہ شمس الدین سیالوی سیال گوت سے اور فقیر اللہ بجوئی ضلع ایبٹ آباد کا تعلق ملوک شاہی گوت سے ہے۔ جو زمان علی کھوکھر کی اولاد سے بتائے جاتے ہیں۔



# نجف علی، فتح علی، محمد علی

## بن سالار قطب حیدر شاہ

نجف علی، فتح علی اور محمد علی حضرت عون قطب شاہ کی تیسری بیوی بی بی خدیجہ جو چوہان خاندان سے تھیں کے بطن سے تھے نجف علی کا لقب محمد یحییٰ تھا۔ اس کی اولاد برصغیر میں زیادہ تعداد میں موجود نہیں بلکہ وسط ایشائی ریاستوں اور روس میں آباد ہونے بیان ہوتا ہے۔ محمد یحیائی اور کلدانی اعوان گوتیں ان ہی کے نام سے موسوم ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ نجف علی خود روس چلا گیا تھا۔

بی بی خدیجہ کے دوسرے بیٹے فتح علی کا لقب کلدان تھا۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بھی اپنی بھائی نجف علی محمد یحییٰ کے ساتھ روس گئے تھے اور وہاں ہی ان کی اولاد ہوئی۔ پاکستان میں موجود کلدانی یا کلتاری اپنے آپ کو فتح علی کی اولاد مانتے ہیں۔

محمد علی عون قطب شاہ کا آٹھواں اور بی بی خدیجہ چوہان کا تیسرا بیٹا تھا۔ ان کی اولاد ڈھلوال ضلع جہلم میں آباد ہے۔ کہتے ہیں کہ محمد علی چوہان سندھ چلا گیا تھا۔ اس لئے اس کی زیادہ تر اولاد سندھ میں آباد ہے۔ تاریخ کندلانی میں امام بخش اعوان کے حوالہ سے لکھا ہے کہ محمد علی کے حصہ میں قلعہ رُہتاس آیا تھا لیکن وہ خود سندھ میں جا کر آبا ہوا۔

# بہادر علی، نادر علی کرم علی

## بن

## سالار قطب حیدر شاہ

حضرت میر قطب حیدر شاہ کی چوتھی بیوی امّ کلثوم جو راجپوت راجہ طلحہ کی تھی کے بطن سے بہادر علی المشہور محمد طلحہ، نادر علی المشہور محمد عثمان اور کرم علی المشہور محمد رووٗف ہوئے۔ برصغیر پاک ہند میں طلحی اعوانوں کی تعداد بہت کم ہے۔ علی پور ضلع چکوال کے اعوان اپنے شجرہ نسب بہادر علی کے بیٹے حمزہ سے ملاتے ہیں۔

نادر علی، محمد عثمان کی سوانح کے متعلق معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ اسی طرح کرم علی لقب محمد رووٗف کے متعلق بھی کچھ معلوم نہیں۔ کہتے ہیں ان کی اولاد برصغیر میں بہت قلیل تعداد میں موجود ہے۔ کرم علی کے لقب رووٗف کی وجہ سے ان کی اولاد رووٗفی اعوان کہلاتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

# باب دوئم

# اعوان قبائل آزاد کشمیر میں

آزاد کشمیر کے شمالی اضلاع جن میں ضلع مظفر آباد، سابق ریاست پونچھ کے تینوں اضلاع باغ، راولاکوٹ اور پلندری شامل ہیں میں اعوانوں کے ورود کے سلسلے میں واضح حقائق دستیاب نہیں ہیں۔ اس لئے کہ یہ لوگ کسی منصوبہ بندی کے تحت اس علاقہ میں داخل نہیں ہوئے بلکہ زیادہ تر لوگ انفرادی حیثیت سے آئے ہیں۔ اعوانوں کا اصلی وطن کوہستان نمک کا علاقہ ہے جہاں سے یہ لوگ برصغیر کے مختلف علاقوں میں پھیلے آزاد کشمیر میں جن لوگوں نے پہلی مرتبہ قدم رکھا وہ وادی سون سکیسر چوہا سیدن شاہ اور کوہستان نمک کے دوسرے علاقوں سے نقل مکانی کر کے یہاں تشریف لائے۔ ان لوگوں کی غالب تعداد براستہ پکھلی ہزارہ مظفر آباد پہنچی۔ وہاں سے وادی کشمیر اور سابق ریاست پونچھ میں داخل ہوئے۔

زمانہ قدیم میں ایبٹ آباد، مانسہرہ کے اضلاع اور ہری پور کو ہزارہ کہا جاتا تھا۔ اکبر بادشاہ کے زمانہ میں یہ علاقہ سرکار پکھلی کے نام سے موسوم تھا لیکن بعد میں ہری پور کے میدانی علاقوں کو ہزارہ، ایبٹ آباد سے شمال کی جانب میدانی علاقہ کو روش اور مانسہرہ شہر سے شمال کی جانب پھیلے ہوئے وسیع میدان کو پکھلی کہا جانے لگا لہذا اب اسی طرح مشہور ہے اعوانوں کا ورود بھی انہی راستوں سے ہوا۔

اعوان قوم کے عروج زوال، ترقی و تنزلی اور نشیب و فراز کی داستانیں ان کی پہچان کیلئے کافی ہیں یہ قوم تاریخ کے ایک ایسے عمل سے گذر چکی ہے جس سے اس کی عظمت رفتہ جہانگیری و جہانبانی کی کہانیاں و کارنامے از خود ماضی کا حصہ بن کر تاریخ کے صفحات پر محفوظ ہو چکے ہیں۔ اعوانوں کے اسلاف دنیا میں بہترین لوگ تھے۔ برصغیر میں آمد کے ساتھ ہی تبلیغ دین اسلام اور جہاد فی سبیل اللہ وہ ایسے کام کئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بہترین بندے بن گئے۔ بزرگی و دینداری، معرفت و تصوف میں مشہور اولیاء



کرام کی سب سے زیادہ تعداد حضرت علیؓ کی فاطمی اولاد میں ہے۔ ان کے بعد غیر فاطمی اولاد میں ان کے بیٹے محمد بن حنفیہ کی اولاد کو فوقیت حاصل ہے جو اعوان کہلاتے ہیں اعوانوں کی ملک بھر میں بکھرنے کی وجہ تبلیغ دین کا جذبہ تھا جو اعوان بزرگوں کو کشاں کشاں دور دراز، دشوار گذار، غیر مانوس اور غیر واقف لوگوں کے علاقوں میں لے گیا ان پر زمین کی وسعتیں کشادہ ہوتی گئیں۔ جہاں وہ گئے وہاں مستقل ہوتے گئے۔ اعوان مبلغین اپنے مشن میں کامیاب ہوئے۔ انہوں نے اللہ کے دین کو گاؤں گاؤں، قریہ قریہ پہنچادیا لیکن وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ یہ لوگ اپنی روایات کو قائم رکھنے میں ناکام رہے۔ خصوصاً وہ لوگ جو سواد اعظم سے الگ ہو کر اللہ کی سرزمین پر مختلف سمتوں میں پھیل گئے۔ تنہائیوں کا شکار ہو کر اپنے اسلاف جیسی خصوصیات، صلاحیتوں اور جذبہ حریت کو برقرار نہ رکھ سکے۔ نتیجتاً وہ دوسروں کی چیرہ دستیوں کا شکار ہوتے چلے گئے۔ درحقیقت اعوانوں کے آباؤ اجداد کشمیر اور پونچھ میں انفرادی طور پر داخل ہوئے اور جہاں کہیں آسائش میسر آئی وہاں ہی آباد ہو گئے۔ انہیں ایک دوسرے کی خبر تک نہ ہوئی۔ وقت کے ساتھ ساتھ ان کی اولادیں پھولتی پھلتی رہیں لیکن باہمی رابطوں سے تہی دست ہی رہے۔ مشہور صوفی بزرگ بابا سجاولؒ کے بیٹے سادم خان اپنی کچھ اولاد کے ساتھ سابق ریاست پونچھ کے مقام سنگولہ پہنچے۔ ان کی اولاد سنگولہ اور اس کے گردونواح میں پھیل گئی حتیٰ کے مقبوضہ پونچھ اور کشمیر تک جا پہنچی۔ حافظ ملوک کی اولاد جو کئی پشتوں تک تسلسل سے حافظ قرآن پیدا کرتی رہی ضلع پونچھ، باغ اور مظفر آباد کے مختلف دیہات میں حاجی جان محمد کی اولاد اطراف باغ اور مظفر آباد علاقہ کھاوڑہ میں اور حاجی اللہ یار کی اولاد باغ، راولاکوٹ وغیرہ میں آباد ہوئی۔ شریف خان اور اس کی اولاد جنہوں نے اس علاقہ میں دین اسلام پھیلانے میں اہم کردار ادا کیا بھی ضلع پونچھ اور باغ کے مختلف علاقوں میں آباد ہوئے۔ غربی باغ میں آباد اعوان ہاشمی کہلاتے ہیں یہ لوگ درجنوں دیہات میں آباد ہیں لیکن آبادی کہیں بھی دس تیس گھروں

سے زیادہ نہیں۔ وجہ یہ معلوم ہوئی کہ یہ لوگ ہر گاؤں میں امام دیہہ کی حیثیت میں انفرادی طور پر وارد ہوئے۔ ضلع پلندری کے دیہات میں اعوانوں کی کثیر آبادی ہے۔ اکثریت کا تعلق گولڑہ اعوان کی بدھن گوت سے ہے۔ تاریخی حوالوں سے پتہ چلتا ہے کہ اعوانوں لوگ عام طور پر تبلیغی مقاصد کے لئے کشمیر میں داخل ہوئے۔

مظفرآباد اعوانوں کے کشمیر میں داخلہ کا پہلا پڑاؤ تھا۔ اس لئے بیشتر خاندان اسی ضلع کے مختلف علاقوں میں آباد ہو گئے۔ غیر آباد مقامات کو آباد کیا۔ اس زمانہ کی دستیاب سہولیات کے پیش نظر وہاں ہی مستقل ہوتے گئے۔ مظفرآباد شہر کے شمال میں وادیٔ نیلم کے شروع ہوتے ہی علاقہ کوٹلہ جو دریائے نیلم کے دائیں کنارے پر واقعہ ہے میں مٹ منگ، سید پور، بالسری، کڑیاں دراز، منڈل، گل پنہ، ڈمرولی اور جھنگ وغیرہ دیہات میں اعوانوں کی بڑی تعداد آباد ہے۔

مٹ منگ میں آباد اعوان میر اعوان مشہور ہیں۔ یہ علم نہیں کہ میر اعوانوں کی کسی گوت کا نام ہے یا محض تشخص قائم رکھنے کیلئے میر کا لاحقہ اختیار کیا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اعوانوں کے جد امجد حضرت عون قطب شاہ اور ان کی بھائی بھی میر کہلاتے تھے۔ میر ساہو ان کے بڑے بھائی اور میر سیف الدین چھوٹے تھے۔ بعد میں اعوانوں میں میر کا لاحقہ متروک ہو گیا۔ ان لوگوں کا اظہار ہے کہ ان کے اسلاف دو صد سال قبل مانسہرہ کے نزدیک چنڈ بٹہ سے نقل مکانی کر کے مٹ منگ میں آباد ہوئے۔ ان کا معمول تھا کہ موسم گرما میں اپنے مویشوں سمیت سرزمین کشمیر میں داخل ہوتے اور سردیوں میں واپس مانسہرہ چلے جاتے۔ ایک مرتبہ ان کا کیمپ گھوڑی کے مقام پر تھا جہاں مقامی راجگان رہائش رکھتے تھے۔ انہی دنوں راجگان کے اس گاؤں پر ڈاکو حملہ آور ہوئے۔ لوگوں کا شوروغوغہ سن کر کیمپ میں موجود لوگ اپنے ہتھیاروں سمیت جو وہ حفاظت خود اختیاری کی غرض سے ہمیشہ ساتھ رکھتے تھے مقامی لوگوں کی مدد کو پہنچے اور ڈاکوؤں کا بہادری سے مقابلہ کیا۔ مقابلہ کی تاب نہ لا کر ڈاکو بھاگ گئے اور مقامی



لوگوں کا مال و اسباب محفوظ رہا۔ یہاں کے لوگوں نے میر اعوان برادری کو اپنے محسن سمجھتے ہوئے واپس مانسہرہ جانے کے بجائے وہاں ہی رہائش اختیار کرنے کا مشورہ دیا اور حسب ضرورت زمینیں دینے کی پیشکش کی لیکن ان لوگوں نے زمین قبول کرنے کے بجائے غیر آباد علاقہ مٹ منگ میں مستقل رہائش رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا جسے مقامی معززین نے قبول کر لیا۔ چنانچہ میر اعوانوں نے مٹ منگ کو آباد کیا۔ مکانات تعمیر کئے ہر قسم کی رہائشی سہولیات حاصل کیں اور مستقل رہائش اختیار کر لی اس خاندان کے موجودہ مشاہیر میں عبدالرحمٰن اعوان سابق چیئرمین یونین کونسل، میر عزیز الحسن ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ زراعت، میر محمد بشیر اعوان صوبیدار ہیڈ کلرک پاکستان آرمی، میر مزمل علی اعوان سب انسپکٹر پولیس حاضر سروس ہیں۔ میر طفیل محمد اعوان سعودی عرب میں مقیم ہیں جبکہ میر کرامت حسین اعوان جنرل مرچینٹ ہیں۔ اس خاندان کا شجرہ نسب دستیاب نہیں ہوا۔

مٹ منگ کے نزدیک کڑیاں دراز کے گاؤں میں کلگانی اعوان بڑی تعداد میں آباد ہیں۔ کڑیاں دراز کے ملحق دیہات جن میں مٹ منگ، سید پور، بالسری، گل پنہ، مٹ نازہ اور ڈمرولی وغیرہ شامل ہیں میں اسی گوت کے اعوانوں کی غالب آبادی موجود ہے۔ یہاں کے اعوانوں میں دینی وابستگی کا یہ عالم ہے کہ بیسوں افراد حفاظ قرآن، قاری، درس نظامیہ سے فارغ التحصیل علماء و قراء، اندورن ملک اور بیرون ملک خصوصاً سعودی عرب میں دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ قاری شیخ خلیل الرحمٰن جو کڑیاں کے رہنے والے ہیں گذشتہ چالیس سال سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں حفظ و قرائت سے لوگوں کو مستفید کر رہے ہیں۔ ان کے شاگردوں سے موجودہ وقت میں بھی کچھ لوگ خانہ کعبہ اور مسجد نبویؐ میں امامت اور خطابت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ کچھ سعودی عرب سے باہر دیگر ممالک میں درس و تدریس کے کام میں مشغول ہیں۔ شیخ خلیل الرحمٰن کے شاگردوں میں سے سینکڑوں لوگ سعودی عرب

کے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھ رہے ہیں اور پڑھا بھی رہے ہیں۔ شیخ خلیل الرحمٰن کے بھتیجے قاری شفیق الرحمٰن مدینہ منورہ میں تدریس کے کام میں مشغول ہیں۔ شیخ کے چچازاد بھائی حافظ قاری محمد یوسف بھی سعودی عرب میں مقیم درس وتدریس کے شعبہ سے وابستہ ہیں۔ کڑیاں دراڑ کے مولوی حافظ عبدالخالق اور حافظ قاری بشیر احمد کراچی شہر میں تدریس کے معزز پیشہ سے منسلک ہیں۔ اس گاؤں کے قاری محمد سلیمان جو شیخ خلیل کے بڑے بھائی اور حافظ قاری شفیق الرحمٰن کے والد گرامی ہیں جید عالم اور آزاد کشمیر کے محکمہ عدل وانصاف میں ضلع قاضی (سیشن جج) کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ درجنوں حفاظ، قاری اور دیگر علماء کرام نواحی علاقوں اور ضلع مظفرآباد کے متعدد دیہات میں درس و تدریس کے پیشہ سے منسلک ہیں۔

دریائے نیلم کے بائیں کنارے علاقہ لچھرات کے مواضعات کنڈر، ہنجراں، نوسہری اور پنج کوٹ میں اعوان آباد ہیں۔ وادیٔ نیلم کے علاقہ دراوہ میں کٹھاچوگلی، بازیاں، پرنئی، فلاکن، جورا، اسلام پورہ، کٹن جاگراں، سالخلہ، پلنگ، شاہ کوٹ، بجنا، کیرن، کین گو، دونیال، شاردہ، کیل سیری، ڈوبہ اور جنود ہی وغیرہ دیہات میں اعوانوں کی کثیر آبادی موجود ہے۔ یونین کونسل کٹن جاگراں کی پانچ ہزار کی آبادی میں اعوانوں کی تعداد ساڑھے چار ہزار ہے ملک محب اللہ اعوان کئی مرتبہ چیئرمین یونین کونسل رہ چکے ہیں معروف شخصیات میں سے ہیں۔

مظفرآباد شہر کے مشرق میں بلند وبالا پہاڑی سلسلوں کے عقب میں وادیٔ لیپہ جسے سابقہ دور میں کرناہ کہا جاتا تھا کے دیہات ہملیاں، جبل دھار، انٹیاں، لیپہ، نوکوٹ اور کرناہ میں تسلسل کے ساتھ اعوانوں کی بڑی آبادی موجود ہے جن میں زیادہ تعداد حضرت عون قطب شاہ کے بڑے بیٹے عبداللہ گولڑہ کی اولاد سے بتائے جاتے ہیں۔ ان کی غالب تعداد کا تعلق گولڑے اعوانوں کی بدھن گوت سے ہے۔



مظفرآباد شہر سے تیس کلومیٹر دور دریائے نیلم کے بائیں کنارے پنج گراں کا گاؤں معروف ہے جہاں عون قطبشاہ کے بیٹے زمان علی کھوکھر کی اولاد سے کچھ لوگ آباد ہیں جو کھوکھر اعوان کہلاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ تقریباً دو صد سال قبل پنڈدادن خان ضلع چکوال سے نقل مکانی کر کے سلطان محمد نام کے ایک بزرگ کے آباؤاجداد پنج گراں میں وارد ہوئے۔ قبل ازیں یہاں بمبہ راجپوت خاندان آباد تھا۔ سلطان محمد کے بزرگوں بمبہ خاندان سے اچھے مراسم قائم کئے جس کے نتیجہ میں یہ خاندان یہاں ہی مقیم ہو گیا۔ ڈوگرہ عہد شروع ہوتے ہی سلطان محمد موصوف کو ڈوگروں کی انتظامیہ میں اعلیٰ پذیرائی ملی تو اسے چند گاؤں جاگیر کے طور پر دے کر اسے ذیلدار بنا دیا گیا اور سردار کے لقب سے بھی نوازہ گیا۔ اس خاندان کے سردار عزیز الحسن اعوان ریٹائرڈ انسپکٹر پولیس بقید حیات ہیں۔ سردار لیاقت حسین ایڈمنسٹریٹو آفیسر یونیورسٹی مظفرآباد، سردار شوکت حسین نگراں دفتر محکمہ تعلیم اور سردار مقبول حسین اعوان نگران دفتر ڈسٹرکٹ جج مظفرآباد کا تعلق کھوکھر اعوانوں کے اسی خاندان سے ہے۔

مظفرآباد کے مشرق میں وادیٔ دریائے جہلم واقعہ ہے۔ تقریباً بیس کلومیٹر دور گڑھی دوپٹہ کے نزدیک درجنوں مربع کلومیٹر لمبا اور چوڑا علاقہ اعوان پٹی کے نام سے موسوم ہے۔ جہاں خالص اعوان آبادی ہے۔ زمانہ آپ راجی میں یہاں اعوانوں کی ایک ننھی سی ریاست موجود تھی۔ اعوان پٹی کے چاروں اطراف دور دور تک اعوان قبائل آباد ہوئے۔ منڈے بانڈھی، دبن اور ملحقہ دیہات، مالسی، میرہ پپڑوسہ، لنگرپورہ اور ہملیاں میں کثرت سے اعوان آباد ہیں۔ مزید مشرق میں حد متارکہ جنگ تک اور دریائے جہلم کے دائیں کنارے دیہات جن میں چڑوئی، ریشیاں، گوجر بانڈی، میرہ بجوث، پیل، گندی گراں، ریوند، نوگراں، شاریاں، لمنسیاں، سرائی، علاقہ کنھائی کے علاوہ دریائے جہلم کے بائیں کنارے پر واقعہ دیہات میں قطب شاہی اعوان کثرت سے آباد ہیں۔ تحصیل ہٹیاں کے علاقہ چکار اور اس کے نواحی علاقوں میں درجنوں دیہات

میں اعوانوں کی آبادیاں موجود ہیں۔

تحصیل مظفرآباد کے علاقہ کھاوڑہ میں کئی درجن دیہات جن میں برسالہ، بجگا خیر آباد، صالح گلی، سہوتر، ڈنہ کچیلی اعوانی بھون، دریا کوٹی، مشمبہ، بجہ شریف، کنگر، قومی کوٹ، موسیٰ خیریاں اور جھنڈ گراں وغیرہ دیہات شامل ہیں۔ مظفرآباد شہر سے چند کلو میٹر بطرف جنوب دریائے کنہار کا سنگم ہے یہاں سے دریائے جہلم کے دائیں کنارے پاکستان اور بائیں کنارے آزاد کشمیر ہے۔ جہاں کے اکثر دیہات میں اعوان برادری کے لوگ دیگر اقوام کے بین بین آباد ہیں۔

مظفرآباد شہر اور اس کے نواحی علاقوں میں بھاری تعداد میں اعوان لوگ آباد ہیں جو مقامی آبادی پر مشتمل ہیں۔ آزاد کشمیر کے دارالحکومت کی نسبت سے مظفرآباد شہر میں ہزاروں دوسرے لوگ بھی آباد ہوئے ۱۹۴۷ء، ۱۹۶۵ء، ۱۹۷۱ء کی جنگوں کے نتیجہ میں کشمیری مہاجرین کی بڑی تعداد بھی شہر اور اس کے نواحی علاقوں میں آباد ہوئی جن میں اعوان لوگ بھی شامل ہیں۔ شہر کے مختلف حصوں جن میں چھہلہ بانڈی، پلیٹ، نالو چھی، ماکڑی، چھتر دومیل، گوجرہ، امبور اور ہیلہ نور شاہ وغیرہ شامل ہیں میں اعوانوں کی بڑی تعداد موجود ہے جن کی اکثریت کوٹلہ اور گولڑہ گوتوں پر مشتمل ہے۔

مظفرآباد کے قریب غرب میں مواضعات شیرواں اور سراڑ ہیں جہاں اعوانوں کی کثیر آبادی ہے لیکن ان لوگوں کے شجرہ ہائے نسب دستیاب نہیں ہوئے شیرواں کے لوگوں کا اظہار ہے کہ ان کے اسلاف میں سے زمان خان، منگی خان اور سنگی خان بزرگ ضلع مانسہرہ کے علاقہ بالاکوٹ کے موضع شوالاں سے سکونت ترک کر کے بہتر رہائشی سہولیات کی تلاش میں کشمیر داخل ہوئے اور موضع نوشیرواں میں مستقل ہوئے۔ یہاں ان لوگوں نے غیر آباد اراضیات کو آباد کیا اور آسودہ زندگی گزارنے لگے۔ ڈوگرہ عہد میں اس خاندان کے متعدد افراد نے سرکاری ملازمت اختیار کی اور اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے۔ سابقہ دور میں سرکاری ملازمت کو عزت و وقار کی علامت سمجھا



جاتا تھا۔ انتظامیہ میں رسائی اور اثر و رسوخ رکھنے والے خاندانوں اور ان کے افراد کو بعض مراعات بھی حاصل تھیں اس لئے دیگر شعبوں کی نسبت سرکاری ملازمت کو فوقیت حاصل تھی۔ موجودہ دور میں اس خاندان کے محمد فرید اعوان رینج آفیسر جنگلات محمد نواز اعوان رینج آفیسر، مظفر خان سٹینو گرافر لوکل گورنمنٹ، ملک گوہر الرحمٰن اعوان ایڈمن آفیسر سرکاری محکموں میں فرائض انجام دے رہے ہیں۔

موضع سراڑ میں عباسی برادری کے لوگ ہیں جو مقامی زبان میں سراڑے مشہور تھے۔ انہی کی نسبت سے اس گاؤں کا نام سراڑ مشہور ہے۔ اعوانوں کا ایک گروہ جن کا تعلق نواب آف کالاباغ کے صدقال خاندان سے ہے۔ بہتر رہائشی سہولیات کی تلاش میں کالاباغ سے چل کر سراڑ میں وارد ہوا۔ تو عباسی خاندان سے متعدد چپقلشوں کے بعد یہاں کی اراضیات پر قابض ہوگئے اور مستقل سکونت اختیار کر لی اس خاندان کے متعدد افراد آزاد کشمیر کی انتظامیہ میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ ڈاکٹر محمد نواز اعوان، ڈاکٹر محمد حنیف اعوان، گل زمان ہیڈ کلرک محکمہ پولیس، محمد فاروق اعوان سیکشن آفیسر مختار احمد اعوان زراعت آفیسر، شفیق الرحمٰن اعوان نگران ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن، محمد سلیمان اعوان ایڈمن آفیسر گورنمنٹ پرنٹنگ پریس وغیرہ کا تعلق اسی خاندان اور گاؤں سراڑ سے ہے۔ صوفی صدیق اعوان یہاں کے مشہور جنرل مرچنٹ ہیں۔

مظفرآباد شہر کے شمالی حصہ میں چھہلہ بانڈی ایک مشہور بستی ہے۔ اس میں اعوانوں کی بڑی تعداد موجود ہے اور اکثریت اعوانوں کے چہان خاندان کی ہے۔ ان لوگوں کا اظہار ہے کہ ان کے اسلاف میں سے صوبہ خان نام کا ایک بزرگ اپنے خاندان سمیت ایبٹ آباد کے نزدیک نوشہرہ کے وسط میں واقعہ چہان نام کے ایک گاؤں سے نقل مکانی کر کے گڑھی حبیب اللہ میں آباد ہوا اور کچھ عرصہ قیام کے بعد براستہ ڈب گلی نزد حسن گلیاں، چھہلہ کے مقام پر وارد ہوا۔ اور موضع چہان کی نسبت سے

چھان اعوان مشہور ہوئے۔ لیکن یہ بات قرین قیاس نہیں ہے اس لئے کہ اضلاع میر پور اور بھمبر میں صوبہ جموں سے آنے والے مہاجرین کی بہت بڑی تعداد چھان اعوانوں پر مشتمل ہے جو میر پور، بھمبر اور پاکستان کے ضلع گجرات کے درجنوں ملحقہ دیہات میں آباد ہو چکے ہیں۔ ملک عبد الرحمٰن اعوان نگران دفتر ڈپٹی کمشنر میر پور کا تعلق اسی چھاں گوت سے ہے گمان ہے کہ اس خاندان کا تعلق بھی اسی چھان گوت سے ہو گا یاد رہے کہ عون قطب شاہ کی تیسری بیوی خدیجہ راجہ پرتھوی راج چوہان کی بیٹی تھی اس کی اولاد کلیلے، کلیار، کلو کے اعوان کہلاتی ہے۔ ممکن ہے ایبٹ آباد نوشہرہ کا گاؤں ان کے بزرگوں کی نسبت سے چھان مشہور ہوا ہو گا۔ چھملہ باندی میں آباد چھان خاندان ابتدا ہی سے علاقہ میں بڑے اثر ورسوخ کا مالک رہا ہے۔ صوبہ خان کی اولاد سے نادر خان نام کے ایک بزرگ کو حکومت وقت نے سرداری کے خطاب سے نوازا تھا۔ اور اس دیہہ کی نمبرداری بھی اسی خاندان کے پاس ہے۔ اس خاندان کے متعدد افراد حکومت آزاد کشمیر کی انتظامیہ میں شامل ہیں۔ جن میں ملک محمد اسلم نگران محکمہ برقیات، محمد صدیق اعوان سیکشن آفیسر، گوہر الرحمٰن پٹواری مال، ساجد حسین رپورٹر اسمبلی آزاد کشمیر منظور حسین سابق نگران محکمہ جنگلات اور ملک علی زمان خان سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس اور پروفیسر محمد لطیف اعوان شامل ہیں۔ اس خاندان کی ایک معتبر شخصیت نمبردار حمد علی خان کے فرزند ڈاکٹر عبد الخالد محکمہ صحت آزاد کشمیر سے منسلک حاضر سروس ہیں۔ گولڑے اعوانوں کی ایک شاخ بھی چھملہ باندی میں آباد ہے جن کے اسلاف علاقہ دمن نزدیک گڑھی دوپٹہ سے منتقل ہو کر یہاں آباد ہوئے۔ یاد رہے کہ علاقہ دمن میں اکثریت اعوانوں کی بدھن گولڑہ گوت سے متعلق ہے۔ اس خاندان کے ملک عبد الطیف خان ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس محمد حنیف انسپکٹر پولیس، محمد نذیر اعوان صدر معلم، ملک محمد صادق اکاؤنٹس آفیسر، محمد ریاض لوکل گورنمنٹ، پروفیسر محمد رفیق، ماسٹر محمد فاروق سرکاری ملازمتوں میں حاضر سروس ہیں۔



ضلع مظفر آباد کے کچھ علاقوں میں ایسے افراد موجود ہیں جو آزاد کشمیر کی حکومتی مشینری میں اہم عہدوں پر فائز ہیں یا رہ چکے ہیں۔ ان افراد میں چھتر دو میل کے محمد فرید اعوان ایڈیشنل اکاؤنٹنٹ جنرل، بجہ شریف چکار کے کرنل الطاف حسین سابق ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس سروسز، ملک طارق امین ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تعلیم، علاقہ کھاوڑہ موضع کچیلی کے ملک محمد یونس اعوان سابق چیف کنزرویٹر جنگلات ملک مشتاق احمد جوش پرنسپل کالج اور سابق جسٹس محمد اکرم اعوان شامل ہیں۔ مشہور عالم دین، جید عالم ریڈیو پاکستان کے ایک مستقل فیچر پروگرام کے روح رواں، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے پروفیسر محمد طفیل ہاشمی کا تعلق بھی مظفر آباد کے اسی علاقہ سے ہے ملک محمود احمد اعوان ڈپٹی کمشنر حاضر سروس بھی کھاوڑہ سے متعلق ہیں۔ وادی نیلم کے رہنے والے ملک ظفر احمد سابق ممبر بورڈ آف ریونیو آزاد کشمیر، چھتر دو میل کے منظور حسین اعوان، مشتاق حسین اعوان دونوں تعمیرات عامہ کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز کا تعلق بھی اسی ضلع سے ہے۔ اعوان پٹی کے ملک محمد یوسف خان اعوان آزاد کشمیر میں سروسز کے سب سے بڑے عہدہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری کے منصب جلیلہ پر فائز رہ چکے ہیں کا تعلق بھی مظفر آباد سے ہے یاد رہے کہ چیف سیکرٹری کا عہدہ پاکستان سے مستعار افسروں کے لئے مختص ہے۔ ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن آف کھاڑہ ریسرچ آفیسر آکسفورڈ یونیورسٹی اور ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن پی ایچ ڈی جرمنی حال پروفیسر اٹامک انرجی یونیورسٹی آف کیلیفورنیا (امریکہ) کا تعلق بھی اسی ضلع کے مقام سراں سے ہے۔ ملک افتخار احمد اعوان المعروف علی بابا سابق وائس چیئرمین بلدیہ عظمیٰ مظفر آباد، ملک ریاض احمد اعوان اسسٹنٹ کمشنر مال، مشہور قانون دان ملک حبیب الرحمٰن مرحوم جو کشمیر کونسل کے ممبر اور بلدیہ عظمیٰ مظفر آباد کے چیئرمین رہ چکے ہیں کا تعلق ضلع مظفر آباد کے مقام چھتر دو میل سے ہے۔ ملک عرفان اعوان سابق چیئرمین بلدیہ عظمیٰ مظفر آباد جو مشہور سیاسی اور سماجی کارکن بھی ہیں۔ چھتر دو میل کے رہنے والے ہیں۔ **چھتر دو میل کے ملک علی اکبر اعوان ڈپٹی سیکرٹری کا معروف ہیں**

ضلع مظفر آباد میں ایک اعوان خاندان کے کچھ لوگ رہائش پذیر ہیں جو عرف عام میں بیگ خاندان مشہور ہے اور جو مقبوضہ کشمیر کے ضلع بارہ مولا سے ہجرت کر کے آزاد کشمیر کے اضلاع مظفر آباد اور باغ کے مختلف علاقوں میں بکھر گئے۔ تاریخ اقوام کشمیر کے صفحہ ۳۸۲ کے پیرہ دو میں محمد دین فوق نے لکھا ہے کہ اوڑی پونچھ سڑک پر موضع بلکوٹ ضلع بارہ مولا میں ایک معزز قطب شاہی اعوان خاندان کے مولوی غلام مرتضٰی رہائش رکھتے ہیں۔ ان کے پاس عربی، اردو اور فارسی کا ایک مختصر سا کتب خانہ ہے۔ مولوی مرتضٰی کے پردادا سردار محمد رحیم بیگ شہید علاقہ میں بڑی شہرت کے حامل تھے۔ فوق صاحب مزید لکھتے ہیں کہ زمانۂ سلف میں اس خاندان کو سردار کا خطاب حکومت کی جانب سے ملا تھا اور مغلوں کے ساتھ رشتہ داری کی وجہ سے بیگ مشہور ہو گئے۔ محمد رحیم بیگ سکھوں کے ساتھ ایک معرکہ میں شہید ہوئے تھے ان کے ساتھ علاقہ نامبلہ کے کھکھہ راجگان کا جد اعلیٰ راجہ بیرم خان تھا۔ اس کے پوتے راجہ صفدر علی خان نے بھی رحیم بیگ کے ساتھ جام شہادت نوش کیا تھا۔

مظفر آباد سے محمد عارف لکھتے ہیں کہ مولوی مرتضٰی کا ایک بیٹا مولوی عبدالطیف بیگ جید عالم دین ہیں جو لطیف آباد ضلع بارہ مولا مقبوضہ کشمیر میں رہائش رکھتے ہیں۔ اس خاندان کے دیگر لوگ بھی ضلع بارہ مولا کے مواضعات چندوسہ اور سلطان پورہ میں رہائش پذیر ہیں۔ اس خاندان کے جن لوگوں نے مقبوضہ کشمیر سے نقل مکانی کر کے آزاد کشمیر میں پناہ لی ان کا اظہار ہے کہ ہجرت کے دوران افراتفری میں ان کا شجرہ نسب ضائع ہو گیا۔ پناہ لینے والوں میں سردار نصرت عزیز ولد سردار عبدالعزیز خان اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ مظفر آباد، سردار فرحت عزیز ایکسئن ہائیڈرو الیکٹرک بورڈ مظفر آباد، سردار مسرت بیگ میجر پاکستان آرمی، سردار محمد فرید بیگ کیپٹن پاکستان آرمی، سردار اشفاق بیگ، مشتاق بیگ، مختار بیگ اور محمد عارف بیگ شامل ہیں جو مظفر آباد شہر میں رہائش رکھتے ہیں۔ ضلع بارہ مولا کے علاقہ چکار کے



گاؤں تمرال میں صغیر بیگ رہائش پذیر ہیں۔

ضلع باغ کی تحصیل حویلی کی یونین کونسل بھیڈی کے مواضعات سرجیواڑ میں سردار محمد انور بیگ، موضع خواجہ بانڈی میں مشتاق احمد، سکندر بیگ، الطاف بیگ گاؤں بیاڑاں میں نثار احمد بیگ موضع موہری میدان میں محمد اکرم بیگ اور سردار محمد زمان رہائش پذیر ہیں۔

مظفر آباد کے جنوب میں ضلع باغ ہے۔ اس ضلع کی تینوں تحصیلوں میں آباد اعوانوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔ وسطی باغ میں کیاٹ، سرسیداں، ڈھکپیندی، چتراٹہ، سیور متولی خان، چھم گراں اور رنگہ پانی دیہات میں اعوانوں کی بڑی تعداد آباد ہے۔ تحصیل باغ کے مشرق میں سنگولہ ہے۔ سنگولہ اور اس کے گردونواح میں کئی درجن دیہات میں تسلسل کے ساتھ کلگانی اعوان آباد ہیں جو قطب شاہ کے بیٹے مزمل علی کلگاں کی اولاد سے ہیں۔ زمانہ آپ راجی میں سنگولہ اور اس کے ملحق دیہات پر مشتمل اعوانوں کا خود مختار علاقہ تاج محمد شاہ المعروف تاجو خان کی سربراہی میں قائم تھا۔ عوام الناس کے زبردست مطالبہ اور عوام کی سہولیات کے پیش نظر سنگولہ کا علاقہ حکومت آزاد کشمیر کے ایک حالیہ نوٹیفکیشن کے تحت انتظامی طور پر ضلع راولاکوٹ میں شامل کر دیا گیا ہے۔

ضلع باغ کی تحصیل دھیر کوٹ، ہلر تگ، منہاسہ، رنگلہ، ڈھکی بڑ، جہالہ چلندراٹ، نتھ گراں، سگیزہ چلمری، ارجہ اور چیل وغیرہ دیہات میں اعوانوں کی کافی آبادی ہے۔ ضلع پونچھ کی تیسری تحصیل حویلی کے نام سے موسوم ہے جو فلک بوس پہاڑوں کو دتولی پیر، کوہ سکھ اور پیر کنٹھی کے مشرق میں واقع ہے۔ اس تحصیل کی یونین کونسل بھیڈی کے دیہات ڈوبہ، بیاڑاں، سرجیواڑ، خواجہ بانڈی، حیدر آباد اور سہرانوالی میں اعوان موجود ہیں جبکہ درہ حاجی پیر کے جنوب میں واقع دیہات حلاں، کاچرین، شادپور مندھار، فتح پور بانڈی چھیاس، بدحال، سدھروں، کالس، سوپ ناگ اور مزید

جنوب میں مدار پور سہر ککوٹہ، جھاوڑہ، منڈھول اور دیگر کئی دیہات میں اعوان آباد ہیں۔درہ حاجی پیر کے مشرق میں ڈوڈہ پہاڑ مقبوضہ کشمیر میں ہے اس پہاڑ کے دامن میں کرم علی کوٹلہ کی اولاد سے ایک بزرگ میاں ڈوڈہ مدفون ہیں جو ولی کامل ہیں شاید انہی کی وجہ سے ڈوڈہ پہاڑ مشہور ہو گیا ہوگا۔ ان کا مزار مراجع الخلائق عام ہے۔ ہندو مسلم سبھی لوگ مزار پر حاضری دیتے ہیں اور فیضیاب ہو کر واپس جاتے ہیں۔درہ حاجی پیر کے مشرق میں گرجن کی پہاڑی سے نالہبت یاڑ شروع ہوتا ہے نالہ بتاڑ کے منبع میں ہلاں نام کا ایک گاؤں جو مقبوضہ کشمیر کے دارالحکومت سرینگر کے نزدیک گل مرگ پہاڑ کے مغربی دامن جو آزاد کشمیر میں واقع ہے میں بھی اعوان موجود ہیں۔ ملک علی بہادر اعوان حلاں یونین کونسل کا چیئر مین رہ چکا ہے۔ حلاں ضلع باغ کی تحصیل حویلی کا حصہ ہے۔

آزاد کشمیر کے وسط میں سابق ریاست پونچھ کا دو تہائی حصہ جو آزاد کشمیر میں شامل ہے جس کو ۱۹۴۷ء میں ضلع پونچھ قرار دیا گیا تھا اس کی تین تحصلیں حویلی، باغ اور پلندری تھیں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ۱۹۴۷ء سے پہلے اس پورے علاقہ میں کوئی سڑک نہ تھی۔ جملہ راستے پیدل ہی ہوتے تھے۔ راولپنڈی کے ساتھ رابطوں کی آسانی کے سلسلہ میں پلندری موزوں ترین مقام تھا کہ راولپنڈی کے قریب ترین بھی تھا۔ اس لئے پلندری کو ہی ضلع کا صدر مقام قرار دیا گیا۔ جب مواصلاتی رابطے قائم ہو گئے تو ۱۹۶۴ء میں ضلعی صدر مقام پلندری سے راولاکوٹ منتقل ہوا۔ تب راولاکوٹ میں چوتھی تحصیل قائم کر دی گئی۔ ۱۹۸۶ء میں تحصیل باغ کو ضلع کا درجہ دے دیا گیا اور تحصیل حویلی سمیت اسے پونچھ سے الگ کر دیا گیا۔ ۱۹۹۶ء میں اس ضلع کو مزید تقسیم کر کے پلندری کو دوبارہ ضلع قرار دیا گیا۔ اس تقسیم در تقسیم سے اعوان برادری بھی متاثر ہوئی جس سے ان کی یکجہتی کو نقصان پہنچا۔

تاریخ میں سابق ضلع پونچھ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ ۱۹۴۷ء کی جنگ



آزادی کا آغاز اس ضلع کے مختلف مقامات سے ہوا۔ یہاں کے لوگ ۱۹۳۹ء-۴۵ء کی جنگ عالم گیر کے آزمودہ کار فوجی تھے۔ جنوبی محاذ پر انہوں نے ڈوگرہ فوج کو پے در پے شکستوں سے دوچار کیا۔ ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو پلندری کے لوگوں نے میجر مختار احمد خان اعوان نالیاں کی قیادت میں کوٹلی سے چند کلو میٹر شمال میں سرسادہ کے مقام پر بھاری اسلحہ سے لیس پلندری کی جانب بڑھتی ہوئی ڈوگرہ فوج کی ایک یونٹ کو نیست و نابود کر دیا۔ تو اس محاذ پر ڈوگروں کے پاؤں ایسے اکھڑے کہ جموں کے نزدیک نوشہرہ کے مقام پر پہنچ کر دم لیا۔ اس معرکہ میں مجاہدین کو ہتھیاروں اور گولہ بارود کی بھاری مقدار ہاتھ آئی۔ اس آپریشن میں میجر مختار احمد خان مرحوم کو میجر محمد حسین خان آف ٹاہلیان اور راجہ یحیٰ دلیل خان آف بجیڑہ کی مدد و حمایت حاصل تھی۔ مشرق میں شہر پونچھ (مقبوضہ کشمیر) کے نزدیک جنگی محاذ قائم تھا۔ جس پر اس وقت کی تحصیل باغ کی فوجیں ڈٹی ہوئی تھیں۔ سنگولہ کے کرنل غلام رسول اعوان جن کو بہادری اور اعلیٰ کارکردگی کی بناء پر "فخر کشمیر" کے خطاب سے نوازا گیا تھا اور کرنل عالم شیر خان اعوان اسی محاذ پر دشمن سے نبرد آزما تھے۔ یاد رہے کہ جنگ آزادی کے دوران ہر محاذ پر خالص اعوانوں پر مشتمل لڑاکا یونٹیں قائم تھیں۔ جبکہ ہزاروں اعوان مجاہدین مشترکہ یونٹوں میں مصروف عمل تھے۔ یہاں اعوان برادری کے بعض مجاہدین نے فقید المثال کارنامے انجام دیئے۔ مشتے از خروارے ایک واقعہ اس طرح سے ہوا کہ کوٹلی کے محاذ سے شکست کھانے کے بعد ڈوگرہ فوج جموں کی طرف بھاگ گئی لیکن راستہ میں انہوں نے اپنی صفوں کو درست کیا اور کوٹلی پر حملہ کی غرض سے کوٹلی کھوئی رٹہ، نوشہرہ روڈ پر ٹینکوں کا ایک قافلہ ترتیب دیا جو دھوئیں کی اوٹ میں سڑک پر رواں دواں تھا۔ کھوئی رٹہ کے مقام پر مجاہدین کی ایک یونٹ موجود تھی جس کی کمان لیفٹیننٹ ولی محمد خان اعوان کے ہاتھ میں تھی اور جن کے پاس دردوال رائفلیں اور ایک آدھ مشین گن تھی اور گولہ بارود کی کمی کے باعث مجاہدین موثر کارروائی کرنے سے قاصر تھے۔

جنوب میں مدار پور سر نکوٹہ، جھاوڑہ، منڈھول اور دیگر کئی دیہات میں اعوان آباد ہیں۔ درہ حاجی پیر کے مشرق میں ڈوڈہ پہاڑ مقبوضہ کشمیر میں ہے اس پہاڑ کے دامن میں کرم علی کوٹلہ کی اولاد سے ایک بزرگ میاں ڈوڈہ مدفون ہیں جو ولی کامل ہیں شاید انہی کی وجہ سے ڈوڈہ پہاڑ مشہور ہو گیا ہوگا۔ ان کا مزار مراجع الخلائق عام ہے۔ ہندو مسلم سبھی لوگ مزار پر حاضری دیتے ہیں اور فیضیاب ہو کر واپس جاتے ہیں۔ درہ حاجی پیر کے مشرق میں گرجن کی پہاڑی سے نالہبت یاڑ شروع ہوتا ہے نالہ بتاڑ کے منبع میں ہلاں نام کا ایک گاؤں جو مقبوضہ کشمیر کے دارالحکومت سرینگر کے نزدیک گل مرگ پہاڑ کے مغربی دامن جو آزاد کشمیر میں واقع ہے میں بھی اعوان موجود ہیں۔ ملک علی بہادر اعوان ہلاں یونین کونسل کا چیئرمین رہ چکا ہے۔ ہلاں ضلع باغ کی تحصیل حویلی کا حصہ ہے۔

آزاد کشمیر کے وسط میں سابق ریاست پونچھ کا دو تہائی حصہ جو آزاد کشمیر میں شامل ہے جس کو ۱۹۴۷ء میں ضلع پونچھ قرار دیا گیا تھا اس کی تین تحصلیں حویلی، باغ اور پلندری تھیں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ۱۹۴۷ء سے پہلے اس پورے علاقہ میں کوئی سڑک نہ تھی۔ جملہ راستے پیدل ہی ہوتے تھے۔ راولپنڈی کے ساتھ رابطوں کی آسانی کے سلسلہ میں پلندری موزوں ترین مقام تھا کہ راولپنڈی کے قریب ترین بھی تھا۔ اس لئے پلندری کو ہی ضلع کا صدر مقام قرار دیا گیا۔ جب مواصلاتی رابطے قائم ہو گئے تو ۱۹۶۴ء میں ضلعی صدر مقام پلندری سے راولاکوٹ منتقل ہوا۔ تب راولاکوٹ میں چوتھی تحصیل قائم کر دی گئی۔ ۱۹۸۶ء میں تحصیل باغ کو ضلع کا درجہ دے دیا گیا اور تحصیل حویلی سمیت اسے پونچھ سے الگ کر دیا گیا۔ ۱۹۹۶ء میں اس ضلع کو مزید تقسیم کر کے پلندری کو دوبارہ ضلع قرار دیا گیا۔ اس تقسیم در تقسیم سے اعوان برادری بھی متاثر ہوئی جس سے ان کی یکجہتی کو نقصان پہنچا۔

تاریخ میں سابق ضلع پونچھ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ ۱۹۴۷ء کی جنگ



آزادی کا آغاز اس ضلع کے مختلف مقامات سے ہوا۔ یہاں کے لوگ ۱۹۴۵-۱۹۳۹ء کی جنگ عالم گیر کے آزمودہ کار فوجی تھے۔ جنوبی محاذ پر انہوں نے ڈوگرہ فوج کو پے در پے شکستوں سے دوچار کیا۔ ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو پلندری کے لوگوں نے میجر مختار احمد خان اعوان ٹالیاں کی قیادت میں کوٹلی سے چند کلو میٹر شمال میں سرسادہ کے مقام پر بھاری اسلحہ سے لیس پلندری کی جانب بڑھتی ہوئی ڈوگرہ فوج کی ایک یونٹ کو نیست و نابود کر دیا۔ تو اس محاذ پر ڈوگروں کے پاؤں ایسے اکھڑے کہ جموں کے نزدیک نوشہرہ کے مقام پر پہنچ کر دم لیا۔ اس معرکہ میں مجاہدین کو ہتھیاروں اور گولہ بارود کی بھاری مقدار ہاتھ آئی۔ اس آپریشن میں میجر مختار احمد خان مرحوم کو میجر محمد حسین خان آف ٹاہلیاں اور راجہ سخی دلیل خان آف بنجیرہ کی مدد وحمایت حاصل تھی۔ مشرق میں شہر پونچھ (مقبوضہ کشمیر) کے نزدیک جنگی محاذ قائم تھا۔ جس پر اس وقت کی تحصیل باغ کی فوجیں ڈٹی ہوئی تھیں۔ سنگولہ کے کرنل غلام رسول اعوان جن کو بہادری اور اعلیٰ کارکردگی کی بناء پر "فخر کشمیر" کے خطاب سے نوازا گیا تھا اور کرنل عالم شیر خان اعوان اسی محاذ پر دشمن سے نبرد آزما تھے۔ یاد رہے کہ جنگ آزادی کے دوران ہر محاذ پر خالص اعوانوں پر مشتمل لڑاکا یونٹیں قائم تھیں۔ جبکہ ہزاروں اعوان مجاہدین مشترکہ یونٹوں میں مصروف عمل تھے۔ یہاں اعوان برادری کے بعض مجاہدین نے فقید المثال کارنامے انجام دیئے۔ مشتے از خروارا ایک واقعہ اس طرح سے ہوا کہ کوٹلی کے محاذ سے شکست کھانے کے بعد ڈوگرہ فوج جموں کی طرف بھاگ گئی لیکن راستہ میں انہوں نے اپنی صفوں کو درست کیا اور کوٹلی پر حملہ کی غرض سے کوٹلی کھوئی رٹہ، نوشہرہ روڈ پر ٹینکوں کا ایک قافلہ ترتیب دیا جو دھوئیں کی اوٹ میں سڑک پر رواں دواں تھا۔ کھوئی رٹہ کے مقام پر مجاہدین کی ایک یونٹ موجود تھی جس کی کمان لیفٹیننٹ ولی محمد خان اعوان کے ہاتھ میں تھی اور جن کے پاس دردوال رائفلیں اور ایک آدھ مشین گن تھی اور گولہ بارود کی کمی کے باعث مجاہدین موثر کارروائی کرنے سے قاصر تھے۔

تھے جوں جوں ٹینکوں کا قافلہ آگے بڑھ رہا تھا مجاہدین میں تشویش بڑھ رہی تھی۔ حوالدار فتح محمد اعوان ولد سید محمد ساکن چھبہ گلی داخلی چوکیاں پلندری نے بڑھ کر راہ پر دھاوا بول دیا غیر پختہ تنگ سڑک پر دھوئیں کی اوٹ میں ٹینک دھیمی رفتار سے آگے بڑھ رہے تھے۔ فتح محمد نے بجلی کی سی چمک کی طرح پلک جھپکنے میں ٹینک پر چڑھ کر عملے کے افراد کو گولیوں سے بھون ڈالا کچھ شدید زخمی ہو گئے ان کے ہتھیار لیکر دھوئیں کے مرغولوں کے بیچوں بیچ بھاگنے میں کامیاب ہوگیا۔ یہ واقعہ تائیدایزدی کے بغیر ممکن نہ تھا یہ اس قدر تیزی اور چابکدستی سے ہوا کہ ڈوگرہ فوجی ششدر رہ گئے اور واپس بھاگنے پر مجبور ہوگئے۔ کچھ عرصہ بعد یہ بہادر اور عظیم مجاہد دشمن کے ساتھ ایک جھڑپ میں شہید ہوگیا۔ اس کی شہادت کھوئی رٹہ کوٹلی کے نزدیک مشہور تائیں کی پہاڑی پر اس وقت ہوئی جب وہ مشین گن سے دشمن کے مورچوں پر آگ برسانے میں مصروف تھا۔

اضلاع پلندری اور راولاکوٹ کے قریہ قریہ اور گاؤں گاؤں میں بلا تخصیص اعوان موجود ہیں البتہ انتخابی حلقہ نمبر چار میں اعوان آبادی کا تناسب قدرِ کم ہے جبکہ حلقہ نمبر ایک، دو، تین، پانچ اور چھ میں کل آبادی کا ایک تہائی سے ایک چوتھائی تک اعوانوں کی آبادی موجود ہے ان حلقہ جات میں اعوانوں کا ووٹ ہنک فیصلہ کن اہمیت کا حامل ہے۔ انتخابات میں ایک سے زیادہ امیدوار ہونے کی صورت میں یہ لوگ جس امیدوار کی حمایت کریں گے وہ کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگا۔ ۱۹۹۰ء کے الیکشن میں ملک طفیل محمد اعوان نالیاں حلقہ ٦ پونچھ سے اسمبلی ممبر منتخب ہو چکے ہیں۔ تقریباً بیس ہزار کی خالص آبادی پر مشتمل سنگولہ کا علاقہ اب راولاکوٹ کے ساتھ شامل کر دیا گیا ہے۔ بدیں وجہ اب انتخابی حلقہ نمبر تین راولاکوٹ میں بھی جیتنے کا توازن اعوانوں کے ہاتھ میں ہوگا۔

ضلع پلندری جسے اب سدھنوتی کا نام دیا گیا ہے میں اعوانوں کی کثیر آبادی



موجود ہے۔ زمانہ آپ راجی میں وادی نالیاں پر مشتمل ایک خود مختار علاقہ اعوان سرداروں کے ماتحت قائم تھا۔ اسی طرح سنگولہ جو اب ضلع راولاکوٹ (پونچھ) کا حصہ ہے میں بھی تاجو خان کی سربراہی میں ایک خود مختار ریاست قائم تھی۔ ضلع راولاکوٹ کے سب ڈویژن کھیگرہ کے شرق میں حد متارکہ جنگ کے نزدیک علاقہ رکڑ ہے جہاں تسلسل کے ساتھ کئی دیہات پر مشتمل اعوان آبادی موجود ہے۔ کہتے ہیں زمانہ آپ راجی میں رونسا نام کے ایک شخص کی سربراہی میں علاقہ رکڑ پر مشتمل ایک خود مختار سرداری قائم تھی جس میں رکڑ خاص کے علاوہ پیاری، ڈلی، سرول، دھرا اور دیگر ملحقہ علاقے شامل تھے لیکن اس ننھی سی ریاست کی تفصیلات دستیاب نہیں ہیں۔

ضلع پونچھ کے جنوب میں ضلع کوٹلی واقعہ ہے اس ضلع میں آباد اعوانوں میں جموں کشمیر کے مہاجرین کے علاوہ مقامی اعوانوں کے درجنوں دیہات موجود ہیں جن میں تحصیل سہنسہ کے پوٹھہ، رملی، دھرلے، لگڑ اعواناں ناون، اینٹنی تحصیل کوٹلی کے ہجیرہ، سرساوہ، نلی، نگاہ، کیینی، کڑتی، فگوش، رولی، کنٹھی، سیری اور درجنوں دوسرے دیہات شامل ہیں اعوان برادری کے لوگ کم و بیش ہر حلقہ انتخاب و علاقہ میں موجود ہیں جن کی مکمل فہرست لکھنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ کوٹلی ضلع کی شمالی سرحد پر واقعہ مواضعات و علاقوں میں آباد اعوان زیادہ تر ضلع پونچھ سے منتقل ہوئے جبکہ دیگر علاقوں میں پنجاب کے علاقہ اعوان کاری سے براہِ راست وہاں پہنچے اور جہاں جہاں بہتر رہائشی سہولیات میسر ہوئیں مستقل ہوتے گئے۔

۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی سے پہلے ضلع میرپور صوبہ جموں کا حصہ تھا جسے ۱۹۴۷ء میں آزاد کشمیر کا ضلع قرار دیا۔ بعد میں انتظامی ضروریات کے تحت اس ضلع کو بھی سابق پونچھ کے خطوط پر کوٹلی اور بھمبر کو ضلع کا درجہ دے کر تین اضلاع میں تقسیم کر دیا گیا۔ جب کہ ضلع مظفرآباد تا حال ایک یونٹ کے طور پر برقرار ہے۔ منگلا ڈیم تعمیر ہونے سے قبل میرپور کے بعض دیہات خالص اعوان برادری پر مشتمل

تھے لیکن آبادی کی وسیع تر نقل مکانی کے نتیجہ میں دیگر لوگوں کی طرح اعوان بھی پاکستان اور میرپور کے دیگر علاقوں میں بکھر گئے۔ تحصیل ڈڈیال میں سب سے زیادہ یکجا شدہ اعوان آبادی موضع اکمر میں ہے جبکہ اس تحصیل کے مختلف دیہات جن میں ڈھک، حویلیاں وغیرہ میں اعوان برادری کے سینکڑوں کنبے موجود ہیں۔ میرپور شہر کے علاوہ ملحقہ سکھوٹ، اندرہ، تحصیل ڈڈیال کے مواضعات بلوہ، جنڈالہ، ڈھک وغیرہ میں اعوانوں کی کافی آبادی موجود ہے۔ یونین کونسل جاتلاں میں اعوانوں کی سب سے بڑی برادری موجود ہے۔ اس یونین کونسل کے سترہ دیہات میں سے دس میں اعوان بڑی اکثریت میں ہیں جن میں برسالی گوہڑہ اعونان، الغار، بڈر، نواں گراں، قاضیچک، رائے پور خورد، رائے پور کلاں، گھسیٹ پور اور چک گہیاں شامل ہیں۔

آزاد کشمیر کے انتہائی جنوب میں ضلع بھمبر ہے۔ اس کی سرحدیں جنوب میں پنجاب کے ضلع سیالکوٹ، مغرب میں گجرات مشرق میں کنٹرول لائن کے ساتھ اکھنور اور نوشہرہ کا علاقہ اور شمال میں میرپور سے ملتی ہیں۔ وادئ کشمیر کی نسبت صوبہ جموں میں اعوانوں کی آبادی زیادہ ہے جو اعوان کاری اور صوبہ پنجاب کی مشرقی سرحدی اضلاع گجرات، سیالکوٹ کے دیہات کو عبور کر کے صوبہ جموں کے مختلف علاقوں خصوصا سابق تحصیل بھمبر کے علاقوں تھاتھی گگروٹ، راجل، کلال، گاہی، چوکی، ڈھینگ، ڈنڈیسر، بھبوٹ، لمیڑی، دربالہ، چڑالہ اور کھنڈاہ وغیرہ مواضعات میں کثیر تعداد میں آباد ہوئے یہ جملہ دیہات اب مقبوضہ کشمیر میں ہیں۔ ۱۹۴۷ء میں جموں کے مسلمانوں کے ساتھ اعوان بھی بڑی تعداد میں تہ وتیغ ہو گئے لیکن اکھنور، کٹھوعہ، نوشہرہ اور دیگر علاقوں سے دوسرے مسلمانوں کے ساتھ اعوانوں نے بھی ہجرت کی اور ضلع بھمبر کے ملحقہ علاقوں میں داخل ہوئے۔ کچھ لوگ کنٹرول لائن کے ساتھ ساتھ اور اندرون بھمبر کے مواضعات نالی، چٹی، کیری اعونان، آنگہ، بھگوری پٹیاں، ڈنی، گاکڑی، تھب، چھپاڑہ، چک سلیمہ، ڈوبے، جھلن، سمکن، علاقہ ملوٹ، پڑہاڑ،



ملیے، گولڑے اور ڈھمک وغیرہ میں آباد ہو گئے۔ تحصیل سماہنی میں سماہنی، چھوا، چوکی پونہ ڈب سندوعہ وغیرہ میں بھی مقامی اور مہاجر اعوانوں کی بڑی تعداد آباد ہے۔ ان دیہات میں مقامی اور مہاجر اعوانوں کی مشترکہ آبادی موجود ہے۔ یہ جملہ معلومات ملک محمد الیاس اعوان پیرووال برنالہ نے فراہم کی ہیں موصوف کا اظہار ہے کہ مقبوضہ جموں کے درج بالا دیہات میں اعوانوں کی آبادی نوے فیصد تھی جو مہاجر ہو کر ضلع بھمبر میں اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اور متروکہ جائیدادوں پر قابض ہو کر آباد ہو گئے لیکن اعوانوں کی غالب اکثریت ضلع گجرات کے قصبہ جات و مواضعات کھاریاں، بھگوال، پہلوڑی، پنج وڑیاں، لوہاریاں، جھاٹلے، چھوریاں، گوحڑہ تیال، چکوڑہ، صبور شریف، کوٹلی کھوہار، دولت نگر، ملیے، کوٹلی مھاڑ، ملاگر، پنڈگراں، کوٹلہ، پہاڑے، پنڈی اعواناں، لالہ موسیٰ، بڑ، جنڈانوالہ، اعوان شریف، کھرانے نجاں، سرحان، پنجن، رتل، سولہ، کھوڑی، دھمہ، جلالپور، ملک پور اور سگھر وغیرہ میں آباد ہوئے یہ جملہ شہر، قصبے، دیہات اور مواضعات ضلع گجرات میں ہیں جو ضلع بھمبر کی مغربی سرحد کے ساتھ ساتھ واقعہ ہیں الیاس اعوان کا اظہار ہے کہ اعوان قبائل کشمیر میں افغان حکومت کے دور میں انہی دیہات اور علاقوں کے راستے صوبہ جموں میں داخل ہوئے اور مستقل طور پر آباد ہوئے۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ بھمبر اور گجرات میں اعوان زیادہ تر اعوانوں کی کوٹلے، ملیے، گولڑے، مرجان، نجان کھرانے، چوہان یا چہان، بورے، تھمٹ، ہرڑ اور پہاڑے وغیرہ گوتوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

جب ہم کشمیر کا ذکر کرتے ہیں تو ہماری مراد عام طور پر وادئ کشمیر ہوتی ہے وادئ کشمیر راولپنڈی سرینگر روڈ پر واقعہ شہر اوڑی سے شروع ہو کر دوسری جانب پیر پنجال تک جاتی ہے۔ جموں سرینگر شاہراہ کو پیر پنجال کے درہ بنہال سے گزرتی ہے۔ اب بھارت کی حکومت نے اس پہاڑ کے نیچے سے چار میل لمبی ایک سرنگ تعمیر کر دی ہے اس کے پیچھے جموں کا صوبہ ہے اگر پوری کشمیر کا حوالہ دینا مراد ہے تو جموں و کشمیر کہا اور

لکھا جاتا ہے۔

۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی کے نتیجہ میں سات اضلاع پر مشتمل آزاد کشمیر کا خطہ معرض وجود میں آچکا ہے جس کا رقبہ تقریباً تیرہ ہزار مربعہ کلو میٹر بتایا جاتا ہے۔ اس خطہ کی آبادی پچیس تا تیس لاکھ بتائی جاتی ہے۔ مملکت آزاد کشمیر مشرق میں حد متارکہ جنگ اور مغرب میں پاکستان کی سرحد کے درمیان شمالاً جنوباً پھیلی ہوئی ایک پٹی ہے جس کی چوڑائی کہیں سے بھی سو سوا سو کلو میٹر سے زیادہ نہیں ہے۔ ڈوگرہ عہد میں ضلع مظفرآباد صوبہ کشمیر کا حصہ تھا جب کہ میرپور صوبہ جموں کا حصہ تھا۔ وسط میں سابق ریاست پونچھ کا دو تہائی حصہ آزاد کشمیر میں آیا جس کو ضلع پونچھ کہا جاتا تھا۔ پونچھ اور میرپور کو تین تین اضلاع میں تقسیم کر دیا گیا ہے جبکہ ضلع مظفرآباد اب بھی ایک اکائی کی صورت میں موجود ہے۔

مقبوضہ جموں و کشمیر اور آزاد کشمیر کے دور دراز علاقوں میں بھی اعوان موجود ہیں آزاد کشمیر کے جنوب میں بھمبر اور شمال میں گریس کی سرحد تک مشرق میں کنٹرول لائن اور مغرب میں پاکستان کی سرحد تک کوئی گاؤں یا قریہ ایسا نہیں جہاں اعوان موجود نہ ہوں۔ آزاد کشمیر میں درجنوں قومیں، برادریاں اور قبیلے موجود ہیں۔ ان میں اعوانوں کے سوا کوئی قوم یا برادری ایسی نہیں جو ملک گیر سطح پر موجود ہو۔ جنوب میں آباد قبائل کو شمال میں کوئی نہیں جانتا۔ اسی طرح شمالی اور وسطی علاقوں میں آباد قبائل جنوب والوں سے واقفیت نہیں رکھتے۔ بعض قومیں یکجا صورت میں مخصوص علاقوں میں آباد ہیں اور انہیں مقامی طور پر اکثریت حاصل ہے۔ چونکہ آزاد کشمیر میں ایک واضح قبائلی معاشرہ موجود ہے اس لئے یکجا آبادی کے سبب حکومت کے ایوانوں تک پہنچنے والی قومیں اور برادریاں منظم، ترقی یافتہ اور اثر ورسوخ کی مالک ہیں۔ یہ امر افسوسناک ہے کہ پورے آزاد کشمیر میں جہاں پارلیمنٹری نظام حکومت رائج ہے ایک بھی حلقہ انتخاب ایسا نہیں جہاں اعوانوں کی اکثریت ہو۔ یہی وجہ ہے کہ مرکزی اسمبلی



اور دیگر منتخب اداروں میں اعوانوں کی نمائندگی موجود نہیں۔

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ آزاد کشمیر کے طول و عرض میں آباد اعوان برادری عددی حیثیت سے سب سے بڑی برادری ہے۔ اس کے باوجود سب سے زیادہ پسماندہ اور بے یارومددگار بھی یہی برادری ہے۔ اس کی وجوہات میں سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ اس برادری کی نمائندگی سیاسی اداروں میں موجود نہیں۔ جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا وزراء، ممبران اسمبلی کشمیر کونسل اور دوسرے اداروں میں صاحب اقتدار لوگ صرف اپنی ہی برادری اور قبیلوں کے مفادات کی نگرانی میں مصروف ہیں جس کا تلخ تجربہ صرف اعوان برادری کو ہی ہے۔ کہنے کو تو یہاں سیاسی جماعتیں بھی ہیں سیاسی حکومتیں بھی آتی ہیں جو اس طبقاتی فرق کو مٹانے کیلئے وقتاً فوقتاً اپنے عزائم کا اظہار بھی کرتی رہتی ہیں لیکن عملاً ایسا ہوتا نہیں ہے۔

## پونچھ کے گولڑے اعوان

حضرت عون قطب شاہ کے بیٹے عبداللہ گولڑہ کی پانچویں پشت میں بدھن نام کے ایک بزرگ تھے۔ جو بدھن قبیلہ کا مورث اعلیٰ ہے انہی کے نام سے بدھن قوم مشہور ہوئی۔ سابق ضلع پونچھ کے جنوب اور جنوب مشرق میں آباد اعوانوں کی سب سے زیادہ تعداد بدھن اعوانوں کی ہے۔

محمد دین فوق نے تاریخ اقوام پونچھ میں بدھن قوم کا ذکر الگ باب باندھ کر کیا ہے۔ موصوف نے لکھا ہے کہ ''بدھن قوم نہیں بلکہ اعوان قوم کی ایک مشہور گوت کا نام ہے جس کی کثیر آبادی راولپنڈی اور ہزارہ میں موجود ہے بدھن ان کے مورث اعلیٰ کا نام تھا''۔ موصوف نے تاریخ اقوام پونچھ کے صفحہ ۳۴۶ پر بدھن گوت کو زراعت پیشہ لکھا ہے۔

فوق صاحب نے تاریخ اقوام پونچھ کی ابتدا میں زمانہ آپ راجی کا ذکر کیا ہے

وہ لکھتے ہیں کہ پونچھ کی مختلف قوموں کے لوگ مختلف علاقوں پر قابض ہو کر خود مختار ہو گئے تھے۔ تحصیل سدھنوتی (حال ضلع پلندری راولاکوٹ) کے علاقوں پر سدھن اور بدھن قبائل متصرف ہو گئے تھے"اس سے ثابت ہے کہ ابتدا ہی سے بدھن قبیلہ کو نہ صرف اعوان قبائل میں بلکہ دیگر اقوام میں بھی امتیازی حیثیت حاصل رہی ہے۔

پونچھ میں گولڑہ اعوانوں کی کئی مشہور گوتیں ہیں جن میں سر فہرست بدھن خاندان ہے رفتار زمانہ کے ساتھ ساتھ اس خاندان سے کئی ذیلی گوتیں چلی ہیں جن کا سلسلہ وسیع تر ہوتا جارہا ہے۔

بدھن لوگ نہ صرف راولپنڈی اور ہزارہ میں موجود ہیں بلکہ پنجاب اور پاکستان بھر میں ان کی کثیر آبادی ہے۔ پنجاب میں کوہستان نمک کا علاقہ اعوانوں کا اصل وطن ہے۔ یہاں ہی سے اعوان قوم کے لوگ برصغیر کے وسیع و عریض علاقوں تک پھیلے ہیں اعوانوں کی سینکڑوں گوتوں کے لوگ اسی علاقہ سے نقل مکانی کر کے دور دراز تک گئے۔ ان میں بدھن قبیلہ بھی شامل ہے۔ صرف پنجاب میں سیالکوٹ، خوشاب، پنڈدادن خان، جھنگ، راولپنڈی، ملتان اور دیگر علاقوں میں بدھنوں کی آبادی لاکھوں میں ہے۔ صوبہ سرحد میں بدھن اعوانوں کی سب سے زیادہ آبادی ہزارہ میں ہے خصوصاً اضلاع ایبٹ آباد و مانسہرہ میں غالب آبادی موجود ہے۔ آزاد کشمیر کے اضلاع میر پور، پونچھ اور مظفر آباد کے علاوہ مقبوضہ کشمیر میں اعوان قوم کی دیگر گوتوں کے ساتھ ساتھ بدھن بھی بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ ضلع مظفر آباد میں بدھن اعوانوں کی زیادہ آبادی وادی لیپہ کرناہ میں ہے اعوان پٹی کے ملحق غرب میں ایک بڑا علاقہ دن کے نام سے مشہور ہے یہاں بدھن قبائل کی غالب آبادی ہے منڈے بانڈی اور چکو تھی میں بھی بدھن قبائل کی بہت بڑی آبادی موجود ہے۔

بابا بدھن کے تین بیٹوں ھرگن، سرجن اور محمود کے اسماء گرامی دستیاب ہیں پونچھ کے بدھن سرجن کی اولاد سے ہیں جبکہ مظفر آباد کے بدھنوں کا زیادہ تر تعلق



محمود کی اولاد سے ہے۔

ھرگن کی چھٹی پشت میں ایک بزرگ محمد انون ہوئے جن کی اولاد انوال اعوان مشہور ہیں محمد انون کی نویں پشت میں سلطان العارفین حضرت سلطان باہوؒ ہوئے ہیں جن کا مزار ضلع جھنگ میں گڑھ مہاراجہ کے نزدیک موضع باہو میں باعث خیر و برکت عام ہے۔ جھنگ اور ملحقہ علاقوں میں سلطان صاحب کے خاندان اور ان کی اولادوں کے لوگ موجود ہیں۔ خواص خان نے تحقیق الاعوان میں تفصیل سے اس خاندان کا ذکر کیا ہے اور شجرہ نسب بھی درج کیا ہے۔ سلطان صاحب کے والد بزرگوار بابا بازیدؒ اور والدہ محترمہ مائی راستی دونوں ہی اپنے وقت کے مشہور اولیاء اللہ مانے جاتے ہیں ان کا مزار شورکوٹ شہر میں ہے۔ سلطان صاحب کے مزار شریف پر حاضری دینے والے زائرین اس امر کے پابند ہیں کہ وہ پہلے شورکوٹ میں مائی باپ کے مزار پر حاضری دیں اور فاتحہ خوانی کے بعد حضرت باہوؒ کے ہاں حاضری دیں سلطان صاحب کے اسلاف میں سے کچھ لوگ وادی سون سکیسر سے نقل مکانی کر کے جھنگ میں آباد ہوئے۔ کشمیر اور پنجاب میں بندوبست اراضی کے دوران بعض لوگ کاغذات مال میں بدھن قوم کے نام سے درج ہوئے تھے جو بعد میں صحیح ہو کر اعوان تصدیق ہو چکے ہیں۔

بابا بدھن کے چھٹی پشت میں دراب نام کا ایک بزرگ تھا جس کی اولاد درابال کہلاتی ہے اس کی اولاد سے کچھ لوگ وادی سون سکیسر سے چل کر پونچھ آئے اور ضلع پونچھ کے جنوب مشرق میں مختلف مقامات پر آباد ہو گئے۔ دراب کی ساتویں پشت میں دلب نام کا ایک بزرگ تھا اس کے تین فرزند، عزیز، ساماں اور دھنگ تھے۔ دلب نے تقریباً پانچ صد سال قبل سکیسر سے رخت سفر باندھا اور براستہ پکھلی ہزارہ مظفر آباد پہنچا۔ وہاں مختصر قیام کے بعد سابق پونچھ کی تحصیل باغ کے علاقہ میں داخل ہوا لیکن بہتر رہائشی سہولیات کی تلاش میں جنوب کی جانب سفر جاری رکھا راستہ

میں وہ کہیں بھی قرار نہ پکڑ سکا تاآنکہ اس کا بڑا بیٹا عزیز ضلع پلندری کے موضع چوکیاں کے رقبہ بن میں قیام پذیر ہوا جبکہ دوسرے بیٹے ساماں نے اسی موضع کے ملحق جنوب مشرق کی جانب واقع موضع ڈھک میں اور تیسرے بیٹے دھنگ نے موضع رکڑ کو رہائش کیلئے پسند کیا اور انہی مقامات پر مستقل ہو گئے ان لوگوں نے یہاں جنگلات کو صاف کیا اور وسیع زرخیز اراضی کو زیر کاشت لایا جس سے انہیں ضروریات زندگی کا حصول آسان ہو گیا۔ کہتے ہیں اس زمانہ میں لین دین اور عام تجارت زیادہ تر اشیا کے تبادلہ کی صورت میں ہوتا تھا اس لئے اچھی پیداوار والی زرخیز زمینوں کی دستیابی ان کے لئے خوشحالی اور فارغ البالی کا پیش خیمہ ثابت ہوئی۔ دلب کے بیتوں نے اپنے اپنے مقام پر زندگی کی بہتر سہولیات حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ تبلیغی سرگرمیوں کو بھی جاری رکھا مسجدیں تعمیر کروائیں درس و تدریس کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ ان کی اولادیں پھلتی پھولتی رہیں اور مختلف علاقوں میں بہتر رہائشی سہولیات کی تلاش میں منتقل ہوتی رہی ہیں اب دلب کے بیٹوں اور ان کی اولاد کا مفصل احوال درج ہوتا ہے۔

## اولاد عزیز بن دلب

دلب کے بڑے بیٹے عزیز کے فرزند گھگا کے دو بیٹے موم اور ڈوم تھے۔ نسب الاعوان کے مطابق موم نے نقل مکانی کر کے ضلع میرپور میں سکونت اختیار کر لی جہاں اس کی کافی اولاد تھی۔ منگلا جھیل کی تعمیر کی نتیجہ میں یہ قبیلہ آزاد کشمیر اور پاکستان میں دور دور تک بکھر گیا۔ دوسرے بیٹے ڈوم کی اولاد سے کچھ لوگ واپس سون سکیسر چلے گئے۔ ڈوم کے بیٹے رتن کے ایک فرزند کا نام راج تھا۔ جس کے نو اور بعض روایات میں دس بیٹے تھے جو بن چوکیاں اور نواحی علاقوں میں پھیل گئے۔ راج کے ایک بیٹے کا نام سنو تھا جس کیلئے ثابت ہے کہ وہ اعوان کاری کے مقام سکیسر سے راولپنڈی کے مشہور



قصبہ ساگری آیا۔ وہاں مختصر قیام کے بعد چوکیاں پہنچا۔ جہاں اپنے دیگر بھائیوں کے ہمراہ سکونت اختیار کر لی۔ یہ علم نہیں کہ سنو چوکیاں سے کب اور کیسے سکیسر گیا اور وہاں کتنا عرصہ قیام کیا نیز یہ کہ وہ کن مشکلات اور دشواریوں کے پیش نظر سکیسر میں قرار نہ پکڑ سکا۔ سنو کے پوتے کا نام مصری تھا جو مصریال قبیلے کا مورث اعلیٰ ہے۔

چوکیاں برفانی اور سرد مقام تھا جہاں زندگی کی بہتر سہولیات موجود نہ تھیں۔ لہذا بابا مصری نے بہتر مقام کی تلاش میں تقریباً تین صد سال پہلے اپنے چار بیٹوں بیلی، علی شیر، نیکا اور فقیر قلی کے ہمراہ بجانب غرب رخت سفر باندھا۔ جب یہ مختصر سا قافلہ گاؤں تالا باڑی پہنچا جو بلندی پر واقعہ ہے تو انہیں نشیب میں ایک خوبصورت وادی پہاڑوں کی چار دیواری میں محفوظ نظر آئی جو قدرت کی تمام رعنائیوں کے ساتھ ان کے استقبال کو تیار تھی وادی نالیاں غیر آباد، گھنے گھنیرے جنگلات اور مختلف النوع جھاڑیوں سے اٹی پڑی تھی اس میں گذرنے کا راستہ دشوار تھا۔ ان لوگوں نے وادی کے شمال میں منوٹہ کی جانب سے راستہ صاف کیا اور بالآخر نالیاں کے مرکز میں کوٹ کے مقام پر پہنچنے میں کامیاب ہو گئے۔ یہاں درخت کاٹ کر مکانات تعمیر کیے۔ گردونواح کی زمینیں آباد کیں موسم معتدل اور خوشگوار تھا کئی درجن چشموں کا صاف و شفاف پانی وافر مقدار میں دستیاب تھا ہر قسم کی آسائش میسر تھی لہذا ان لوگوں کی اتباع میں دوسرے لوگ بھی جوق در جوق آکر یہاں آباد ہوئے۔ مصری کی اولاد سے کچھ لوگ چوکیاں اور اس کے نواح میں بھی آباد ہیں جن کے بزرگوں نے نالیاں سے نقل مکانی کی۔

وادیٔ نالیاں کے شرق، غرب اور شمال کی جانب سے ڈیڑھ درجن چھوٹے بڑے موسمی اور سدابہار نالے بہہ کر نالیاں ندی میں شامل ہوتے ہیں جو نالیاں کی شمالی سرحد سے جنوب کو بہتی ہے ان نالوں کی افراط سے وادی کا نام نالیاں مشہور ہو گیا۔ جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے ضلع پونچھ کے جنوب اور جنوب مشرق میں آباد

اعوانوں کا شجرہ نسب بابادراب کی ساتویں پشت میں دلب نامی بزرگ سے شروع ہوتا ہے۔ دلب کے تین بیٹے عزیز، ساماں اور دھنگ تھے جن کی اولادیں جاری ہیں دھنگ کی اولاد مولانا حسام الدین کے ترتیب دئے ہوئے نسب الاعوان میں درج نہیں ہے۔
عزیز کی ساتویں پشت میں مصری تھا۔ جس کے بڑے بیٹے کا نام ہیلی تھا۔ ہیلی کے بیٹے مریہ کے فرزند ملکو کے بھی چار فرزند بہادر علی، نواب، فتح شیر اور الہیا تھے۔ ان کی جملہ اولادیں نالیاں صفحہ ۲۳۵ پر آباد ہیں۔ ان میں سے قلیل تعداد نے نقل مکانی کی اور دوسرے علاقوں میں چلے گئے۔ بابا ملکو جو ملکوال خاندان کا جد اعلیٰ ہیں کے چاروں بیٹے اعلیٰ خصوصیات کے مالک تھے۔ لیکن ان کا دوسرا بیٹا نواب خان معاملہ فہمی، اور معتدل سوچ کا حامل تھا۔ ملکو کی وفات کے بعد قانون وراثت کی رو سے بہادر علی سربراہ کنبہ اور نمبردار مقرر ہوا۔ بہادر علی کے بیٹے نعمت خان کا ایک پوتا ریاست خان فوج میں حاضر سروس ہے۔ بہادر علی کے بعد ملکو کے تیسرے بیٹے فتح شیر کا فرزند منہدو خان سربراہ مقرر ہوا جو صاحب جائیداد اور بڑی خوبیوں کا مالک تھا اس نے نالیاں اور ملحقہ علاقوں میں آباد قبائل کے سربراہوں پر مشتمل کابینہ نما ایک کمیٹی تشکیل دی ہوئی تھی جس کا سربراہ وہ خود تھا۔ یہ کمیٹی علاقہ کے اندرونی وبیرونی مسائل کو حل کرتی تھی۔ عوامی تنازعات کے فیصلے کرتی تھی۔ دیگر برادریوں سے تعلقات قائم کرنے اور حکومت کی جانب سے عائد ہونے والے فرائض کی انجام دہی کی ذمہ دار تھی اس لئے علاقہ میں امن وسکون وخوشحالی کا دور دورہ تھا۔ فتح شیر کا بیٹا صوبیدار مردان علی خان اور نواب کا بیٹا شہادت خان معتبر شخصیات ہوئے ہیں۔ مشہور سماجی کارکن حاجی غلام حسین، ملک محمد شریف سابق ممبر لوکل کونسل اور چیرمین زکوٰۃ کمیٹی، حاجی محراحان، ملک افتخار حسین سابق ممبر لوکل کونسل، صوبیدار ممتاز حسین، ملک علی حسین، صوبیدار خان بہادر خان، ملک عنائت حسین خان، سائیں محمد شفاعت خان، ملک محمد کفایت اور ملک محمد احمد اسی خاندان کی چشم وچراغ ہیں۔ ملک محمد احمد صوبہ سرحد کی



ایک ٹیکسٹائل مل میں بڑے عہدہ پر فائز ہے۔ محمد احمد کا چھوٹا بھائی نور احمد بیرون ملک ملازم ہے۔ ملکو کے نچھلے بیٹے الہیا کا ایک ہی فرزند برہان خان تھا اس کے بیٹے محسن خان نے فوج میں جام شہادت نوش کیا۔ محسن شہید کا بیٹا اورنگ زیب ماہر نیلر ہے اور زمینداری بھی کرتا ہے۔

حاجی غلام حسین کا بیٹا شوکت حسین اور اسد محمود بیرون ملک ملازم ہیں جبکہ مسعود احمد بی اے بی ایڈ محکمہ تعلیم سے منسلک ہیں حاجی محراب خان کا بیٹا رفعت محمود ایم اے بی ایڈ محکمہ تعلیم میں ہے۔ ملک محمد شریف کا بیٹا قمر الحسن محکمہ برقیات میں ملازم ہے۔ صوبیدار خان بہادر خان کا بیٹا محمد حفیظ گریجویٹ تاجر ہے۔ شہادت خان کے دو بیٹے ظہیر احمد اور ضمیر احمد فوج میں حاضر سروس ہیں جبکہ اس کا پوتا شبیر احمد آرمی سکول آف ایجوکیشن مانسر کیمپ میں مدرس ہے۔ فتح شیر کے بیٹے فقیر کا فرزند حاجی محمد صادق ریٹائرڈ فوجی اور تجارت کے پیشہ سے منسلک ہے۔ راقم کا تعلق بھی اسی خاندان سے ہے راقم کا واحد بیٹا خالد محمود الیکٹریکل انجینئر بیرون ملک کاروبار کرتا ہے۔

ملک افتخار حسین کا والد نائیک لال حسین شہید کو بہادری اور جانثاری کے عوض ستارہ جرأت سے نوازا گیا ہے۔ آرمی کی جانب سے پنجاب کے ضلع فیصل آباد میں ایک مربعہ اراضی بطور انعام دی گئی ہے۔ لال حسین شہید کی جنگی کارناموں کی تفصیل پاکستان آرمی کے ریکارڈ میں نمایاں ہے اور درسی کتب میں ان کے حوالہ ایک مضمون کے طور پر رائج ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۲۳۶ پر درج ہے۔

ہیلی کے دوسرے بیٹے حسن علی کے فرزندان فیضا، ناظر، جماعت اور نگا کی جملہ اولادیں صفحہ ۲۳۹ نالیاں میں درج ہیں۔ البتہ فیضا کے ایک بیٹے مداں کی اولاد رقبہ ناڑ داخلی کہالہ صفحہ ۲۵۸ پر درج ہے۔ ملک محمد سوار خان سابق وائس چیئرمین یونین کونسل اور چیئرمین زکوٰۃ کمیٹی حلقہ نمبر ۱۶ اے۔ کے اس قبیلہ کی نمایاں شخصیت ہے فیضا کے پانچ بیٹوں میں الحاج بابا تارا صاحب کشف اور ولی وقت ہوئے ہیں آپ نے دو حج

پیدل ننگے پاؤں ادا کئے تیسرے حج کیلئے ۱۹۳۴ یا ۱۹۳۵ میں نالیاں سے بوقت روانگی الوداع کہنے والے جمِ غفیر کی موجودگی میں دعا فرمائی کہ انہیں حجاز میں ہی موت نصیب ہو تب سے واپس نہیں آئے۔

ڈوگرہ عہد میں فیضا کے بیٹے شرف علی اور بہادر علی نے نالیاں سے سکونت ترک کی اور راجواری چلے گئے ۱۹۶۵ء میں مہاجرین کی حیثیت میں ان کی جملہ اولاد ضلع کوٹلی کے مقام ناڑ میں آباد ہوئی۔ ۱۹۸۰ء کی دھائی میں شرف علی کے بیٹے غلام محمد کے فرزند خان محمد نے ناڑ سے نقل مکانی کی اور میرپور شہر کے سیکٹر ایف تھری ون میں سکونت اختیار کر لی۔ خان محمد کے بیٹے محمد اکرم محمد اشرف اور محمد قاسم سعودی عرب میں ملازم ہیں۔ ناظم حسین طالب علم ہے اس کا پانچواں بیٹا محمد اصغر الیکٹرانکس میں ماہر ہے۔ اس قبیلہ کی موروثی جائیداد نالیاں میں موجود ہے۔ ان کا شجرہ صفحہ ۲۴۰ نالیاں میں ہے۔

حسن علی کے بیٹے ناظر کی اولاد میں حاجی محمد صدیق جو راولپنڈی میں مقیم ہیں اور حاجی صابر حسین نمایاں شخصیات ہیں۔ ہیلی کے تیسرے بیٹے ڈھوڈا اور چوتھے بیٹے بستو کی جملہ اولادیں صفحہ ۲۴۲ اور صفحہ ۲۴۴ پر درج ہیں۔ بستو کے پوتے سیفو کے فرزند حاجی شان محمد گوالمنڈی راولپنڈی میں مقیم تھے ان کی جملہ اولاد وہاں ہی موجود ہے۔ ملک محمد یعقوب قاسمی، ملک عبدالعزیز مقیم نالیاں اور آفتاب احمد مقیم راولپنڈی اس قبیلہ کی نمایاں شخصیات ہیں۔

مصری کے دوسرے بیٹے فقیر قلی اور تیسرے بیٹے نیکا کی جملہ اولادیں نالیاں صفحہ ۲۴۳ پر درج ہیں۔ فقیر قلی کی اولاد میں حشمت خان ایک بزرگ اپنے وقت میں اہم شخصیت کا مالک تھے۔ وہ نڈر، بے باک راست گو، خوددار، مگر تیز و ترش طبیعت رکھتے تھے۔ انکے پوتے ملک نذیر احمد ضیاء ایڈووکیٹ کا اظہار ہے کہ تدبر اور دیانتداری سے عاری افراد کے ساتھ ان کے تعلقات کبھی بھی معتدل نہیں رہے۔ ان کی اولاد



میں ملک نذیر احمد ضیاء ایڈووکیٹ بی اے، ایل ایل بی، ملک غلام حسین سابق ممبر لوکل کونسل نمایاں ہیں غلام حسین کا بیٹا مولانا محمد الیاس بی اے بی ایڈ محکمہ تعلیم سے منسلک اور ایک جامع مسجد میں خطیب ہیں۔ فقیر قلی کی چوتھی پشت میں مولانا محمد عبدالقیوم خان مشہور اور جید عالم دین تھے۔ فقیر قلی کے بیٹے جمال کی اولاد میں حمید محمد کے پانچ بیٹوں میں صوبیدار سردار محمد ریٹائرڈ ہے ملک عبدالخالق اشرف الحکیم رفاقت اور قربان حسین رفاقت میں ملازم ہے فقیر قلی کے دوسرے بیٹے محمد عبداللہ کی اولاد میں سکندر حیات نمایاں ہیں۔ فقیر قلی کے فرزند کرم علی کی تیسری پشت میں صوبیدار وزیر محمد خان کے دو بیٹے عبدالجبار فوج میں ہے جبکہ افتخار احمد سول ایوی ایشن میں ملازم ہیں۔

مصری کے بیٹے نیکا کی چوتھی پشت میں مہر علی نام کے ایک بزرگ نے نالیاں سے نقل مکانی کر کے ضلع کوٹلی کے موضع گاہ میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ مشتاق حسین خان جو درس و تدریس کے پیشہ سے منسلک ہیں اس خاندان میں نمایاں شخصیت کے مالک ہیں اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۲۴۵ پر درج ہے۔ مصری کے بیٹے علی شیر کی اولاد نالیاں کے ملحق موضع سر کے رقبہ جات کھیرال اور گہلاں میں صفحہ ۲۴۴ پر درج ہے اس خاندان میں صوبیدار جان محمد اور علی شیر کی چھٹی پشت میں جمیل احمد معروف ہیں۔ جمیل احمد آزاد کشمیر کے مرکزی سیکرٹریٹ میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہیں یہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور صاحب الرائے شخصیت کے مالک ہیں۔

مصری کے بھائی شیر کے تین بیٹے مرزا، جت اور مراد ہوئے ہیں۔ مرزا کے پوتے بدھو کی جملہ اولاد نالیاں صفحہ ۲۴۴ پر ہے۔ ملک محمد اکرم مدرس، ڈاکٹر محمد فاروق کے علاوہ پوسٹ ماسٹر محمد اجمل نمایاں ہیں صوبیدار محمد افضل خان پاک آرمی میں حاضر سروس ہیں۔ صوبیدار محمد افضل اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور آرمی کے سیاسی چینل داخلی میں کئی غیر ملکی زبانوں میں مترجم کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ مرزا کے پوتے

نیز امد ن کی اولاد صفحہ ۲۸۳ مرقوم سر میں ہے۔ جٹ اور مراد دونوں کی اولادیں اکھروٹہ داخلی سر صفحہ ۲۲۶ پر درج ہیں شیر کے دوسرے بیٹے جٹ کے دو فرزند قادر بخش اور کرم بخش کی اولادیں صفحہ ۲۵۸ پچوکیاں میں درج ہیں۔ اس خاندان میں منشی نیک محمد خان مرحوم معتبر اور نمایاں شخصیت تھے۔ موصوف فہم و فراست میں نمایاں بے باک اور اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک تھے۔ زندگی کا معتدبہ حصہ درس و تدریس کے شعبہ میں گزارا۔ ۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی کے بعد محکمہ پولیس سے منسلک ہو گئے۔ ملازمت سے پولیس سارجنٹ کے عہدہ پر ریٹائر ہوئے۔ بعد ازاں سیاسی، سماجی اور رفاہی کاموں میں مصروف رہے۔ اعوان برادری کے علاوہ دیگر برادریوں میں بھی قابل احترام مانے جاتے ہیں۔

عزیز کی تیسری پشت میں رتن نام کا ایک شخص تھا۔ اس کے بیٹے لال کی دسویں پشت میں کالا کی اولاد نالیاں صفحہ ۲۳۸ پر ہے۔ کالا کے دو بیٹے فضل اور امام علی تھے۔ امام علی کی تیسری پشت میں کرم الٰہی کے دو فرزند صوفی محمد جمیل اور محمد منیر تاجر ہیں۔ جبکہ فضل کے بیٹے محمد دین کے فرزند محمد اعظم، محمد شریف اور محمد افسر بیرون ملک ملازم ہیں فضل کے دوسرے بیٹے فقرو کا فرزند کمال خان ہے اس کا پوتا فوج میں حاضر سروس ہے۔

لال کے بیٹے سلیم کے فرزند ہاشم کے دو بیٹے لوئیار اور پیارا تھے۔ لوئیار کی پانچویں پشت میں قاضی حشمت علی ایک بزرگ جید عالم صاحب کشف و کرامت ہوئے ہیں۔ جن کا مزار اکھروٹہ داخلی سر میں مراجع الخلائق ہے۔ قاضی حشمت علی کے پوتے حاجی محمد اسحاق اکھروٹہ سے نقل مکانی کر کے راولپنڈی میں مقیم ہیں۔ حاجی محمد اسحاق اکھروٹہ سے نقل مکانی کر کے راولپنڈی میں مقیم ہیں۔ حاجی محمد اسحاق کے تین بیٹے ظہور شہزاد، زاہد حسین اور شوکت حسین عرصہ تیس سال سے قطر میں کشمیر اسلامک ایسوسی ایشن کے ناظم اعلیٰ مورخہ



اور مختلف جہادی تنظیموں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں انہوں نے نالیاں مرکز میں ایک بڑی لائبریری قاضی حشمت علی کے نام سے قائم کر رکھی ہے جس میں حدیث، فقہ، مختلف اسلامی علوم اور تاریخی کتب کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ قاضی زاہد حسین نوجوان ہیں وہ صاحب علم، ایثار و قربانی کی زندہ تصویر اور سماجی اور رفاعی کارکن کی حیثیت سے مشہور ہیں موصوف نے ذاتی خرچ پر نالیاں مرکز کے گرد و نواح میں قرآن پاک ناظرہ کے ایک درجن سے زائد مدرسے قائم کئے ہوئے ہیں جہاں سینکڑوں بچے اور بچیاں قرآن پاک کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ قاضی زاہد حسین نے قاضی حشمت علی لائبریری کے تحت حفظ قرآن کا شعبہ کھول رکھا ہے جس میں طلبا کی تعداد روز افزوں ہے۔ حاجی محمد اسحاق اور ان کے دیگر بیٹے اس کار خیر میں معتدبہ حصہ لے رہے ہیں۔ ملک نذر محمد ڈائریکٹر محکمہ صنعت آزاد کشمیر ملک محمد رشید طاہر بی ایس سی بی ایڈ سینئر مدرس ڈاکٹر سکندر اعظم سول میڈیکل آفیسر محکمہ صحت آزاد کشمیر، ملک آصف تیر ایم ایس سی ایگریکلچر ملک نثار احمد نثار مدرس اس خاندان کی چشم و چراغ ہیں اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۲۴۸ اکھروٹہ میں ہے۔

پیارا کے بیٹے مؤتف کی جملہ اولاد مالنی داخلی کمالہ صفحہ ۲۶۵ پر ہے۔ ملک محمد نواز بی اے۔ بی ایڈ اور ملک خوشی محمد نمایاں ہیں۔ پیارا کے دوسرے بیٹے داتا کے فرزند محبت کے تین بیٹے ملاں صفحہ ۲۶۷ رقبہ گراں داخلی کمالہ، کوکا حملاڑی صفحہ ۲۷۹ اور روش علی ہڈیاں صفحہ ۲۸۱ داخلی چوکیاں میں آباد ہیں۔ مشہور ولی اللہ بابا خیر اللہ جن کا مزار نالیاں میں مراجع الخلائق ہے کا تعلق بھی اسی خاندان سے بتایا جاتا ہے لیکن حضرت کی ولدیت اور شجرہ پردۂ راز میں ہے مائی کوڑی جو بابا ملاں ساکن گراں کمالہ کی بیٹی تھی مشہور ولی اللہ ہوئی ہیں اسی خاندان سے ان کا تعلق ہے ان کا مزار رقبہ بہیل داخلی کمالہ میں ہے۔ جہاں عقیدت مندوں کا ہر وقت ہجوم رہتا ہے۔

لال کے بیٹے بجم کے فرزند مہرو کی اولاد نمب بیل صفحہ ۲۶۶ پر ہے مہرو کے

پوتے پھولا کے بیٹے مدان کی اولاد دووان صفحہ ۳۱۳ میں ہے۔ مشہور صوفی بزرگ ولی اللہ حضرت سائیں فتح دین کا مزار دووان کے مقام پر باعث خیر و برکت خاص و عام ہے۔ حضرت کے مزار پر عقید تمندوں کا ہر وقت تانتا بندھا رہتا ہے۔ اس قبیلہ کے مشاہیر میں علماء دین مولانا دل حسین اور مولانا صادق حسین شامل ہیں بھولا کے دو بیٹے کھوکی اولاد نمب بیل اور دوسرے بیٹے روشن علی کی اولاد بھی دووان میں ہے۔

رتن کا بیٹا راج کثیر الاولاد ہوا ہے۔ اس کے بیٹوں کی اولادیں پورے خطے میں موجود ہیں۔ راج کے بیٹے کھو کے پوتے بھدو کے تین فرزند تھے۔ جیتا اکھڑ وٹہ صفحہ ۲۴۵ پر درج ہے اس کے بیٹے اچھو اور مرید تھے اچھو کی اولاد میں ملک گلزار محمد بی اے بی ایڈ ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر اور صوبیدار محمد خان اور صوبیدار محمد نسیم معروف ہیں۔ جبکہ مرید کے پوتے برہان علی کے دو بیٹے خوشحال اور گلاب تھے۔ خوشحال کا بیٹا محبوب خان معروف ہے۔ گلاب کے دو بیٹے محمد آفتاب اور مہتاب ہیں۔ محمد آفتاب حکومت پاکستان کی وزارت خارجہ میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہیں اور اسلام آباد میں مقیم ہیں جبکہ محمد مہتاب بھی وزارت قانون میں ملازم ہے۔ بھدو کا دوسرا بیٹا خیر ارقبہ بسوٹہ صفحہ ۲۵۱ داخلی موضع سر میں ہے۔ ملک یعقوب معروف ہے۔ اور تیسرا بیٹا میر باز موضع بن چوکیاں صفحہ ۲۸۷ پر درج ہے۔ راج کے تیسرے فرزند عیسیٰ کی چھٹی پشت میں فضل محمد کی جملہ اولاد نگاہ ضلع کوٹلی میں آباد ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۴۵ پر درج ہے۔ عیسیٰ کی چوتھی پشت میں گھرکو نام کا بزرگ گھر کوال قبیلہ کا جد اعلیٰ ہے۔ اس کی جملہ اولاد رقبہ بن داخلی چوکیاں میں آباد ہے گھر کو کے پوتے گلاب کے پانچ بیٹے محکم دین، صوبیدار دوست محمد، ملک شیر محمد، صوبیدار دین محمد اور ملک محمد خان مشاہیر ہیں۔ صوبیدار دوست محمد خان اور صوبیدار دین محمد نے جنگ آزادی میں اہم کردار ادا کیا۔ صوبیدار دوست محمد کا بیٹا ملک گل زمان اور ملک شیر محمد کا بیٹا ملک سید احمد اس خاندان کی مشہور سیاسی اور سماجی شخصیات ہیں۔ ملک سید احمد کچھ عرصہ قبل انتقال کر



گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ صوبیدار دوست محمد کے بیٹے ملک گل زمان کا فرزند ملک طارق زمان شعبہ کیبولر سے منسلک ہوا ان کا پمپ میں واپس ہے جبکہ ملک عادل زمان بی اے ای۔ سی۔ ایس کا دفتر ارحمٰن گرامکس کے نام سے راولپنڈی شہر میں مرکزی روڈ پر قائم ہے جہاں بڑے پیمانے پر کپوزنگ کا کام ہو رہا ہے۔ اس خاندان کا شجرہ صفحہ ۲۸۷ پر ہے۔

راج کے بیٹے امین کے تین فرزند شاہ نواز، علی بیگ اور دلچ تھے۔ شاہ نواز اور علی بیگ کی جملہ اولادیں صفحہ ۳۱۷، صفحہ ۳۱۸ اور صفحہ ۲۸۸ گوراہ میں درج ہیں۔ علی بیگ کی چھٹی پشت میں غلام محمد کا بیٹا حوالدار محمد شریف مشہور سیاسی اور سماجی کارکن ہے متعدد بار لوکل کونسل کا ممبر منتخب ہو چکا ہے۔ ۱۹۶۳ میں میٹرک پاس کرنے کے بعد پٹوار مال کے طور پر کام کیا۔ کچھ عرصہ بعد فوج میں بھرتی ہو گئے اور حوالدار ریٹائر ہوئے۔ شاہ نواز کی اولاد میں قاری محمد شریف دیوان شریف گوراہ میں مقیم ہے۔ جو عالم دین، سیاسی اور سماجی کارکن اور معتبر شخصیت کا مالک ہے۔ دلچ کے بیٹے عاقل کی آٹھویں پشت میں خلیل کے تین بیٹے سمت، فضل اور محمود کی اولادیں تالاباڑی اور منوٹہ میں صفحہ ۲۷۳ پر درج ہیں۔ دلچ کے دوسرے بیٹے جو ان کا فرزند جان محمد کی اولاد ایران دھڑہ داخلی چوکیاں میں صفحہ ۳۰۴ پر درج ہے۔ اس خاندان میں حاجی محمد حسین اور ملک عبدالخالق نمایاں شخصیات ہیں۔ جو ان کی چوتھی پشت میں مولانا بہاؤالدین تاریخ ساز شخصیت تھے۔ وہ مولانا ملک حسام الدین کے دست راست تھے۔ مولانا اپنے وقت میں اعوان قوم کے سیاسی و روحانی پیشوا تھے۔ مولانا بہاؤالدین کا بیٹا مولانا محمد حسین جید عالم اور عمر بھر درس و تدریس کے شعبہ سے منسلک رہے۔ مولانا محمد حسین کے تین بیٹے ملک محمد مصطفیٰ پرنسپل کالج، مولانا محمد مرتضیٰ راولپنڈی شہر میں ایک جامع مسجد کے خطیب اور حکومت پاکستان کے محکمہ تعلیم سے بھی منسلک ہیں۔ ان کا تیسرا بیٹا طاہر بھی اسی جامع مسجد کی انتظامیہ سے منسلک ہے۔

جو ان کے دوسرے بیٹے کا نام راکھا ہے جو رکھیال خاندان کا مورث اعلیٰ ہے۔ راکھا کی تیسری پشت میں مصری کے تین بیٹے سوہنا، متین اور بخارو کی اولادیں سراں اور گراں ڈکیاں داخلی کمالہ میں آباد ہیں۔ ملک محمد عنایت، ملک محمد سلیم، ملک محمد ادریس، ملک محمد سلیمان معتبر شخصیات ہیں۔ ملک محمد سلیمان آزاد کشمیر کے محکمہ آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس میں اعلیٰ عہدے پر فائز ہیں جبکہ حاجی ملک محمد عنایت کمالہ سے نقل مکانی کر کے راولپنڈی میں مقیم ہیں۔ سوہنا کی چوتھی پشت میں ملک محمد بشیر فرنیچر کے وسیع کاروبار سے منسلک ہیں۔

مصری کا چوتھا بیٹا محمد ماجو مال، پڑی صفحہ ۳۱۱ داخلی نیریاں میں آباد ہے۔ مصری کے پانچویں بیٹے کا نام مخدوم تھا جس کے فرزند ڈھولو کی جملہ اولاد ڈکیاں صفحہ ۲۶۸ داخلی کمالہ میں آباد ہے۔ صوبیدار ملک حمداد خان اور ملک محمد اشرف نمایاں شخصیات ہیں۔

راج کے بیٹے کلو کی اولاد رقبہ بن آراں صفحہ ۲۸۸ داخلی چوکیاں میں آباد ہے۔ کلو کی تیسری پشت میں موج اللہ کا بیٹا کالو تھا۔ کالو کے فرزندان میں حاجی فضل الٰہی، منشی دین محمد سابق گرداور مال اور منشی خان محمد پٹواری مال معروف شخصیات ہوئی ہیں منشی دین محمد کے صاحب زادے محمد صدیق قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد میں ملازم ہیں ان کا بیٹا اختر معتبر شخصیات میں شمار ہوتا ہے۔ ان کا دوسرا بیٹا اظہر صدیق شعبہ کمپیوٹر سے وابستہ ہے۔

راج کے پانچویں بیٹے شمس کے بیٹے رحمت کے دو فرزند باز اور بارو تھے۔ باز کی اولاد بموہ صفحہ ۲۷۹ اور بارو کی اولاد رقبہ ڈونگا داخلی چوکیاں صفحہ ۲۹۲ پر درج ہے۔ راج کے چھٹے بیٹے سدو کے فرزند موتا اور ڈھوڈا تھے۔ ڈھوڈا کی جملہ اولاد اور موتا کے بیٹے غلام کے فرزند گنجا کی اولاد رقبہ بن صفحہ ۲۸۳ چوکیاں میں ہے راج کے ساتویں بیٹے سیدو کی اولاد گجا بموہ صفحہ ۲۸۴ چوکیاں میں ہے سیدو کی ساتویں پشت میں برہان



نتن کے پانچ بیٹوں میں ملک عبدالمجید مشہور سیاسی اور سماجی کارکن ہیں۔ راج کے آٹھویں بیٹے نوجہ کا بیٹا حقورا تھا۔ حقورا کے دو فرزند باز اور جمہ تھے۔ جمہ کے تین بیٹے محمد بخش، متولی اور پاندی تھے۔

محمد بخش کے پوتے نوازش علی کے بھی دو فرزند لال اور برہان علی تھے۔ صوبیدار میجر برہان علی (مرحوم) مشہور شخصیت تھے ان کے تین بیٹے حاجی محمد اکبر، محمد اشرف اور عاشق حسین بقید حیات ہیں۔ متولی کے دو بیٹے فضل اور فتح محمد تھے۔ فضل کے بیٹے سید محمد کے تین فرزند حوالدار گل حسین، ملک خادم حسین اور ملک میر حسین ہیں۔ ملک امیر حسین مشہور ٹرانسپوٹر ہیں۔ حوالدار گل حسین سیاسی و سماجی کارکن سابق ممبر لوکل کونسل ہیں۔ یہ خاندان چوکیاں میں مقیم ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۲۹۰ اور صفحہ پر ۲۹۱ درج ہے باز کی جملہ اولاد بن بموہ صفحہ ۲۸۹ پر درج ہے راج کے نویں بیٹے میر کا پوتا ہدایت بنجیرہ ضلع کوٹلی میں آباد ہے جبکہ میر کی نویں پشت میں متولی کی اولاد ماجو مال پڑی صفحہ ۳۱۱ پر درج ہے۔ متولی کے بھائی نواب اور حیات کی اولادیں ماجو مال صفحہ ۳۱۰ نیریاں میں درج ہے اس خاندان میں صوبیدار گلاب دین معتبر شخصیت مانے جاتے ہیں حیات کے بیٹے بہادر کے فرزند محمد دین اور فروز دین پڑی صفحہ ۳۰۹ نیریاں میں آباد ہیں۔

عبداللہ گولڑہ کی انیسویں پشت میں میلو نام کا بزرگ میلوال قبیلہ کا جد اعلیٰ ہے۔ یہ خاندان گوراہ میں مقیم ہے میلو کی چھٹی پشت میں صوبیدار محمد امیر خان سیاسی اور سماجی کارکن اعلیٰ صلاحیتوں کا مالک ہے۔ موصوف نے اعوان ویلفیئر فیڈریشن کے نام سے گوراہ میں ایک تنظیم قائم کی ہوئی ہے جو اعوان برادری اور عوام الناس کے باہمی تنازعات کو افہام و تفہیم کے ذریعے حل کرنے میں سرگرم ہے اور مثبت نتائج کی وجہ سے عوام میں کافی مقبول ہے۔

# اولاد سامان بن ولب

ولب کے دوسرے بیٹے سامان کے چھ فرزند سخال، عطا، قادر، [illegible] اور باکو تھے۔ سخال کے تین بیٹے نور، کوکا اور ہمدو تھے۔ نور کی ساتویں پشت میں سعد ام کا ایک ورگ قبیلہ سخال کا مورث اعلیٰ ہے۔ سعد کا بیٹا عالم انصاری میں آباد ہے اس کا شجرہ نسب موصول نہیں ہوا۔ سعد کے دوسرے بیٹے وتہ کے پوتے [illegible] کے دو فرزند محمد اور چھلا تھے۔ محمد کی تیسری پشت میں احمد علی کی جملہ اولاد ڈھلیاں صفحہ ۲۲۴ پر درج ہے اس خاندان میں ملک محمد امین، محمد آزاد اور ملک عدالت خان نمایاں ہیں۔ وتہ کے بیٹے موچا اور دوسرے بیٹے شورا کی تیسری پشت میں چوہڑا کی اولاد ربیہ کھر، داحل رکڑ صفحہ ۱۵۳ پر درج ہے۔ چوہڑا کے بیٹے بگا کے چار فرزند لبیا، احمد، کالا اور بہادر علی تھے۔ بگا کے بیٹے کرم علی کے بھی چار فرزند، محمد علی، [illegible]، فیروز خان اور صاحب دین تھے۔ لطافت صاحب دین اس خاندان کے معتبر شخصیت ہیں۔ انہوں نے ۱۹۶۵ کی جنگ آزادی میں کارہائے نمایاں انجام دیئے وہ فوج میں لطافت کے عہدہ جلیلہ پر فائز تھے۔ فوج سے سبکدوش ہونے کے بعد سیاست میں حصہ لیتے رہے وہ کئی مرتبہ ممبر ضلع کونسل بھاری اکثریت سے منتخب ہوتے رہے۔ لطافت صاحب دین کے تین بیٹے ہیں نصر اللہ اور ظفر اللہ سعودی عرب میں مقیم ہیں جہاں وہ کاروبار کرتے ہیں۔ تیسرا بیٹا امان اللہ بی اے بی ایڈ محکمہ تعلیم سے وابستہ تھا۔ نہایت اعلیٰ صلاحیتوں کا مالک، صاحب الرائے اور صاحب علم شخصیت کا مالک تھا جو ٹریفک کے ایک حادثہ میں شہید ہو گیا۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۱۵۳ پر درج ہے۔ رکڑ اور ٹالیاں کے علاوہ قبیلہ سخال کے لوگ گجن امرہ، [illegible] اور انصاری میں کافی تعداد میں آباد ہیں لیکن ان لوگوں کا شجرہ ہائے نسب موصول نہیں ہوئے۔

سخال کے دوسرے بیٹے کوکا کی اولاد باندیاں صفحہ ۲۵۳ موضع کہالہ میں



اور [illegible] کی اولاد چوہڑ گلی صفحہ ۲۲۱ پر درج ہے۔ [illegible] کی اولاد میں [illegible] پشت میں مراد علی کے چار بیٹے تھے جہاں [illegible] ہے۔ [illegible] اس کی جملہ اولاد [illegible] غلام حسین، ملک ارشاد احمد اور [illegible] اس خاندان میں نمایاں ہیں۔ [illegible] ارشد محمود تعلیم سے منسلک ہے۔ مراد علی کے [illegible] کی اولاد [illegible] صفحہ ۲۴۳ پر درج ہے۔

سخال کے تیسرے بیٹے ہمدو کی اولاد چوہڑ گلی ۲۳۱ پر درج ہے۔ ہمدو کے دو بیٹے دھنو اور لعل علی تھے دھنو کی تیسری پشت میں چھتا کے تین بیٹے محمد علی، گوہر [illegible] تھے۔ محمد علی کی اولاد چوہڑ گلی صفحہ ۲۳۹، [illegible] اور گوہر کی اولاد نے چوہڑ گلی صفحہ ۲۳۹ پر اور ہمدو کے دوسرے بیٹے لعل علی کی جملہ اولاد [illegible] چوہڑ گلی اور [illegible] دیہہ میں آباد ہیں ہمدو کی اولاد میں حاجی محمد صدیق، ملک [illegible] اور ملک [illegible]، ملک محمد صادق [illegible] ساکنان چوہڑ گلی، [illegible] چوہڑ گلی [illegible] معتبر شخصیات ہیں۔

سامان کے دوسرے بیٹے قادر کی پانچویں پشت میں مروہ کے تین بیٹے احمد علی، [illegible] اور [illegible] تھے احمد علی کی جملہ اولاد ڈھلیاں صفحہ ۲۴۳ پر ہے اس خاندان میں مولوی غلام مصطفیٰ اور ملک جان محمد معروف ہیں۔ مروہ کا دوسرا بیٹا [illegible] صفحہ ۲۷۶ ترار کھل میں درج ہے۔ تیسرا بیٹا [illegible] ترار کھل صفحہ ۲۷۷ پر درج ہے۔ [illegible] کے چھ بیٹے مصاحب، سعد، نواب، حیات علی، [illegible] اور زمان تھے۔ زمان کے تین بیٹے ولایت حسین، محمد حسین اور سید محمد تھے۔ زمان کا چوتھا بیٹا خان بہادر نقل مکانی کر کے راولپنڈی چلا گیا ہے ولایت خان جاب صوبیدار معتبر شخصیت کا مالک تھا۔ سید محمد کے پانچ بیٹے خادم حسین، [illegible] محمد، نذیر احمد، مولانا پروفیسر امیر اکبر اور عبدالقیوم ہیں۔ [illegible] محمد تجارت پیشہ اور سیاسی کارکن ہے وہ کئی مرتبہ لوکل کونسل کا ممبر منتخب ہو چکا ہے۔ پروفیسر امیر اکبر اعلیٰ تعلیم یافتہ پابند صوم صلوٰۃ اور دین اسلام کیلئے تبلیغی مشن کے روح

رواں ہیں۔ محکمہ تعلیم میں پروفیسر ہیں۔ موصوف منکسر المزاج انسانی ہمدردی کے پیکر، کم گو اور اپنے فرائض کی منفرد کارگردگی کے مالک ہیں۔ اوقات فرصت میں درجنوں طلبا کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے کوشاں رہتے ہیں کسی بھی طالبعلم سے فیس وصول نہیں کرتے۔ پروفیسر صاحب کی رہائش گاہ پر ایک فیض عام جاری ہے جہاں طلبا کی بڑی تعداد دن رات فیضیاب ہوتی رہتی ہے۔ اس خاندان کے حافظ ارشد حسین، حافظ مظہر حسین، حافظ شاہد محمود اور حافظ خورشید محمود کی تعلیم وتربیت پروفیسر موصوف کی دن رات محنت سے مکمل ہوئی ہے آپ سخاوت اور انفاق فی سبیل اللہ میں بھی لاثانی ہیں۔ تنخواہ کا بیشتر حصہ غریب طلبا کی نذر کر دیتے ہیں۔آپ غیر شادی شدہ انفرادی زندگی گذار رہے ہیں۔

قادی کی چوتھی پشت میں مرادو کے چار بیٹے مرید، جماعت، قاسم اور کماں تھے۔ مرید کا ذکر ہو چکا۔ جماعت کی اولاد صفحہ ۲۷۵ تراڑ کھل پر درج ہے۔ قاسم اور کماں کی اولادیں تراڑ کھل صفحہ ۲۷۶ پر درج ہیں۔ کماں کے بیٹے محمد علی کا ایک فرزند بوڑا چنبہ گلی خواص صفحہ ۳۳۹ داخلی چوکیاں میں آباد ہے۔ قادی کی تیسری پشت میں کیسری کے دو بیٹے مرادو اور مٹھا تھے۔ مرادو کا ذکر اوپر ہو چکا۔ جبکہ مٹھا کی اولاد میں صرف ایک بیٹا کماں تھا۔ کماں کے فرزند محمد علی کے دو بیٹے تھے حیات بخش بھوگودی حل داخلی چوکیاں میں ہے اور مہر بخش کی جملہ اولاد بیلہ چنیر صفحہ ۳۵۶ داخلی پچگوائی میں آباد ہے۔ قادی کے بیٹے بھوگی کا ایک فرزند مہانموں تھا۔ مہانموں کی اولاد نالیاں صفحہ ۲۴۱ پر درج ہے اس خاندان میں حاجی نذیر اور حافظ محمد اشرف نمایاں ہیں۔ مہانموں کے پوتے سیفل کا بیٹا کمو پنوچھی داخلی کہالہ میں آباد ہوا۔ کمو کے دو بیٹے تھے۔ ماڑو کی اولاد پنوچھی رقبہ کلس صفحہ ۲۵۶ پر ہے جبکہ دوسرے بیٹے دھنگ کی اولاد رقبہ منگریوٹ داخلی نیریاں صفحہ ۳۱۵ پر درج ہے۔ دھنگ کی چھٹی پشت میں باغ علی کا ایک ہی بیٹا ہے پروفیسر ڈاکٹر دل محمد ساجد عربی زبان میں پی ایچ ڈی ہیں۔آپ نے



صرف ۳۵ سال کی عمر میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ پرائمری سے ایم اے تک اول پوزیشن حاصل کرتے رہے۔آپ کو آزاد کشمیر تعلیمی بورڈ کی جانب سے گولڈ میڈل، صدر پاکستان کی جانب سے خصوصی انعام، وزارت تعلیم پاکستان کی جانب سے نشان حیدر سکالر شپ اور صدر حکومت آزاد کشمیر کی جانب سے خصوصی انعام اور ایوارڈ سے نوازا گیا۔ موصوف نے "عربی گرامر قرآن کے حوالہ سے" چار صد صفحات پر مشتمل تحقیقاتی مقالہ صرف چار سال کی قلیل مدت میں مکمل کر کے پیش کیا۔ ماہرین نے ڈاکٹر دل محمد ساجد کے مقالہ کو اسقدر اہمیت دی کہ اسے فوری طور پر پی ایچ ڈی کے نصاب میں شامل کرالیا۔

ڈاکٹر دل محمد ساجد گوناں گوں خوبیوں کے مالک ہیں آپ کم گو، منکسر المزاج، پابند صوم وصلوۃ اور نیک وصالح مزاج کے حامل ہیں۔ اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی میں آپ کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے۔ آزاد کشمیر کی اعوان برادری کی واحد اور ہمہ گیر فلاحی تنظیم الاعوان ویلفیئر سوسائٹی کی صدارت کے فرائض بھی ڈاکٹر دل محمد ساجد ادا کر رہے ہیں۔ اس انجمن کی تعمیر وترقی میں موصوف ہمہ تن مصروف ہیں۔

ساماں کے بیٹے قادی کے فرزند ماجو کی اولاد رکڑ کے رقبہ سرول میں آباد ہے۔ ماجو کی چوتھی پشت میں مراد قلی نام کا ایک شخص سرول میں آباد ہوا۔ سرول خالص جنگل اور ویران علاقہ تھا اس کی اولاد نے جنگل صاف کر کے زرخیز زمین سے بے حد فائدہ اٹھایا۔ مراد قلی دراز قد، محنتی اور خداداد صلاحیتوں کا مالک تھا اس نے سینکڑوں مویشی اور گھوڑے پال رکھے تھے۔ اس کا بیٹا فیض بخش بھی باپ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ترقی کی منزلیں طے کرتا رہا۔ اس کا دوسرا بیٹا کرم بخش نقل مکانی کر کے راولپنڈی چلا گیا۔ فیض بخش نے گجر قوم کے افراد کو سرول میں مستقل آباد کیا جو پہلے ہی اس کے کاروبار میں معاونت کرتے تھے فیض بخش نے موضع ڈھک سے جمعہ ولد

بھندا کو اور متولی کے والد محمد بخش کو بھی چوکیاں سے بلا کر سرول میں آباد کیا جن کی اولادیں آج بھی سرول میں مقیم ہیں۔ متولی کی اولاد متوال مشہور ہے جن کا شجرہ نسب صفحہ ۳۵۴ پر ہے فیض بخش کے دو بیٹے چوہڑا اور پیر بخش تھے پیر بخش کا بیٹا فضل دین بڑی صلاحیتوں کا مالک تھا۔ مہاراجہ کی تشکیل کردہ دیہی تنظیم کا ممبر تھا اس کا بیٹا خوشحال خان ایڈووکیٹ جہیرہ میں وکالت کرتا ہے جبکہ خوشحال کا بیٹا محمد ایوب محکمہ مال میں تحصیلدار کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہے۔ خوشحال خان کے دوسرے بیٹوں میں محمد یعقوب اعوان پولیس میں ملازم ہیں اور محمد محبوب انقلابی کراچی میں وکالت کرتے ہیں اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۵۳ پر ہے۔

ساماں کا تیسرا بیٹا جیتا تھا۔ جیتا کے ایک بیٹے مدو کے فرزند بوڑا اور غریب تھے۔ کہتے ہیں بوڑا کے بیٹے سرگ نے ڈھک سے نقل مکانی کر کے سسالہ داخلی کہالہ میں سکونت اختیار کی اس کے بیٹے چپ کی اولاد میں محمد محبوب انسپکٹر پولیس ہیں۔ سرگ کا دوسرا بیٹا چوہڑا تھا۔ اس کی تیسری پشت میں نصراللہ کا بیٹا میرباز، دوسرے بیٹے کالا کے فرزند کرم بخش کے دوسرے بیٹے پیر بخش کے فرزند شہامدو کی اولادیں رقبہ چترہ صفحہ ۳۰۱، صفحہ ۳۰۲ داخلی موضع ڈھک میں آباد ہیں پیر بخش کا بیٹا دوست محمد سسالہ میں آباد ہے بوڑا کا دوسرا بیٹا مراد تھا۔ مراد کے بھی دو بیٹے تھے فقیر محمد سہر صفحہ ۲۵۱ پر درج ہے۔ فقیر محمد کا بیٹا راجو بسوٹہ داخلی سہر صفحہ ۲۵۱ پر درج ہے اس کی اولاد میں حوالدار محمد خان نمایاں ہے فقیر کے دوسرے بیٹے رحمت کا فرزند چوہڑا رقبہ ڈھولان صفحہ ۲۵۵ داخلی پنوچھی کہالہ میں درج ہے۔ حوالدار میر محمد نمایاں ہیں۔ رحمت کے پوتے جھنڈا کے دو فرزند بسو صفحہ ۲۵۰ سہر اور دانا رقبہ کیری صفحہ ۲۶۴ داخلی کہالہ میں آباد ہوا۔ جھنڈا کے تیسرے بیٹے طوطا کے بھی دو بیٹے فضل اور کرم بخش تھے۔ فضل کی اولاد سہر صفحہ ۲۴۹ پر ہے۔ جبکہ کرم بخش کی اولاد سسالہ صفحہ ۲۵۵ پر درج ہے۔ مراد کے دوسرے بیٹے مرزا کے بھی دو فرزند نورا اور مندو تھے مندو کی اولاد سہر سری



صفحہ ۲۵۳ پر درج ہے۔ جب کہ مندو کے پوتے فوجدار کے فرزند محمد بخش کا خاندان رقبہ بلاں داخلی بارل صفحہ ۲۳۰ پر ہے محمد بخش قبیلہ ستال کا مورث میں ہے۔ محمد بخش کے پانچ بیٹوں میں سے دو بیٹے مولوی غلام محمد اور مولوی علی بہادر معروف شخصیات ہوئی ہیں مولوی غلام محمد المعروف گاماں کے فرزند غلام رسول کے بیٹے عبدالرؤف اور عزیزالحق محکمہ ڈاک میں پوسٹ ماسٹر ہیں۔ جبکہ تیسرا بیٹا عبدالصمد تاجر اور معتبر شخصیت ہیں۔ مولوی علی بہادر کے فرزند مولوی غلام مصطفیٰ صاحب کشف اور فقیر منش بزرگ تھے آپ کا مزار کموہ ضلع راولپنڈی کے ایک گاؤں میں مرجع الخلائق ہے۔ مولوی غلام مصطفیٰ کے بیٹوں میں عثمان غنی ریٹائرڈ صوبیدار ہیں عبدالمجید صدر معلم ہائی سکول اور عنایت اللہ محکمہ آڈٹ و اکاؤنٹس میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہے مولوی غلام مصطفیٰ کا چوتھا بیٹا عبدالحمید شاہین حکومت آزاد کشمیر کے مرکزی سیکرٹریٹ میں سیکرٹری کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہیں۔

نورا کے چار بیٹے شرفو، فتو، مستانہ اور عظیم تھے۔ نورا نے اپنی جملہ اولاد کے ساتھ ڈھک سے نقل مکانی کر کے تراز کھل صفحہ ۲۷۵ داخلی گجھری کے مقام پر قیام کیا۔ شرفو کے تین پوتے دتو، فروز، اور جمعہ تراز کھل میں ہی مستقل ہو گئے دتو کے پوتے محکم دین محمد اقبال محکمہ مال میں گرداور مال کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہے جبکہ شرفو کا پوتا بھاول اور نورا کے دیگر بیٹے فتو، مستا اور عظیم موضع نالیاں صفحہ ۲۴۰ صفحہ ۲۴۱ اور صفحہ ۲۴۲ پر مستقل ہو گئے۔ بھاول کے دو بیٹے رنگی اور اکا تھے۔ اکا نے نالیاں سے نقل ہو کر رقبہ اکھروٹہ صفحہ ۲۴۶ داخلی سہر میں سکونت اختیار کی جبکہ رنگی نالیاں میں ہی آباد ہوا۔ فتو کے تین بیٹے غریب کرم دین اور بھاول تھے۔ کرم دین کے فرزندوں میں پیر ولی کے دونوں بیٹے حشمت اور شمس الدین لاولد ہوئے۔ جبکہ بھاول نے رقبہ ناڑ داخلی کہالہ میں سکونت اختیار کی۔ بھاول کے بیٹے زمان کے دو فرزند فتح محمد اور فیض طلب نالیاں میں مستقل ہوئے۔ دوسرے دو بیٹے فقرو اور فوجدار کے علاوہ بھاول کا

دوسرا بیٹا اللہ دتہ ناز صفحہ ۲۵۸ میں ہی مستقل ہوا۔ اس خاندان میں ملک محمد یٰسین بینک منیجر، ملک محمد انور ٹرانسپوٹر اور صوبیدار محمد صدیق خان معروف ہیں۔ غریب کے چار بیٹے مداں، متولی، فضل اور منگنا تھے جو رقبہ منوٹہ صفحہ ۲۷۱ داخلی تالاواڑی نیریاں میں آباد ہوئے۔ اس خاندان میں ملک وزیر محمد بی۔اے بی ایڈ محکمہ تعلیم سے منسلک معتبر شخصیات میں شمار ہوتے ہیں۔ مداں کی تیسری پشت میں ولایت خان بینک آفیسر ہے جو راولپنڈی میں مقیم ہے۔ عظیم کے چار بیٹے محمد علی کے فرزند چوہڑا کے تین بیٹے اللہ دتہ گلاب اور فروز تھے اس خاندان میں ملک عزیز الرحمٰن مدرس نمایاں ہیں۔ یہ خاندان نالیاں میں مقیم ہے۔

نورا کے بیٹے متا کے تین فرزندوں میں ملی، بارو، حشمت علی رقبہ کرہ نالہ صفحہ ۲۵۹ صفحہ ۲۵۹ اور صفحہ ۲۶۰ داخلی کمالہ میں آباد ہیں۔ اس خاندان میں ملک محمد تاج، محمد نواز اور محمد مدارس نمایاں ہیں۔ ادر چوتھے بیٹے پھلا کے دو فرزند دیوان علی اور کالا تھے۔ دیوان علی کی اولاد رقبہ مالھے ناچھیتر صفحہ ۲۷۱ داخلی نیریاں میں آباد ہے۔ صوبیدار سخی محمد اور ملک خضر محمود ملازم محکمہ مال نمایاں ہیں۔ کالا کے بیٹے فتح دین کے تین فرزند ستار محمد فقیر محمد اور باغ علی تھے۔ فقیر محمد کے چھ بیٹے سید محمد، سلطان محمد، سلیمان، اسمٰعیل، محمد عارف اور محمد عالم ہیں۔ سید محمد کا بیٹا برکت علی محکمہ تعلیم میں ملازم ہے محمد اسمٰعیل کا بیٹا محمد رازاق برقیات میں کلرک ہے سلیمان کا فرزند خالق حسین فوج سے پنشن پر ریٹائر ہو چکا ہے محمد عارف بیرون ملک ملازم ہے۔ ستار محمد لا اولاد ہوئے جبکہ فقیر محمد اور باغ علی کی اولادیں نالیاں میں مقیم ہیں۔ باغ علی کے کل پانچ فرزندوں میں سے تین میجر مختار احمد خان، ملک طفیل محمد خان اور ڈاکٹر کرنل امیر اکبر خان مشہور شخصیات ہیں۔ میجر مختار احمد خان ۱۹۴۰ میں میٹرک کرنے کے بعد فوج میں شامل ہوگئے۔ ۱۹۴۵ء میں فوج سے سبکدوش ہوئے تو محکمہ ڈاک و تار سے منسلک ہوئے۔ ۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی میں ان کا کردار بہت نمایاں تھا آپ کی



زیر کمان ۱۴ اگست ۱۹۴۷ کو کوٹلی کے نزدیک [illegible] بڑھتی ہوئی ڈوگرہ فوج کی ایک کمپنی کو جو ہتھیاروں سے پوری طرح لیس تھی نیست و نابود کیا۔ میجر مختار احمد مرحوم پابند صوم و صلوٰۃ اور صاحب شفقت [illegible] تھے۔ نیک سیرت، متوازن، سڈول جسم اور وجیہ شخصیت کے مالک تھے۔ فوج میں [illegible] ہونے کے باوجود اپنے ساتھیوں اور ماتحت فوجیوں میں انتہائی [illegible] تھے۔ عام لوگوں کے دلوں میں آج بھی مرحوم کی یادیں تازہ ہیں۔ موصوف ۱۹۶۹ء میں فوج سے سبکدوش ہوئے تو راولپنڈی میں رہائش پذیر ہوئے وہاں سے [illegible] منتقل ہوئے بالآخر جنوری ۱۹۸۳ میں دل کا دورہ پڑنے سے ان کا انتقال ہو گیا۔ آپ [illegible] پسماندگان میں عمر رسیدہ بیوی چند سال پہلے انتقال کر چکی ہے۔ [illegible] خان کا دوسرا بیٹا ملک طفیل محمد خان آزاد کشمیر کی مشہور سیاسی شخصیت بقید حیات ہے آپ ۱۹۹۰ء میں مسلم کانفرنس کے ٹکٹ پر قانون ساز اسمبلی کے ممبر منتخب ہو چکے ہیں۔ کرنل ڈاکٹر امیر اکبر خان فوج میں جلد کی بیماریوں کے ماہر ڈاکٹر تھے۔ ۱۹۷۱ میں بنگلہ دیش میں تھے کہ ہندوستان کی قید میں صعوبتیں برداشت کیں۔ ۱۹۹۳ میں سی ایم ایچ کھاریاں میں تعیناتی کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ ملک طفیل محمد خان کے سات بیٹے ہیں۔ محمد نبیل سعودی عرب میں ڈیفنس سروسز میں ملازم ہے جبکہ نسیم اور شمیم آزاد کشمیر کی سرکاری ملازمت میں ہیں۔ محمد خلیل OGDC پاکستان میں ملازم ہے۔ طفیل محمد خان کے چھوٹے بھائی شیر محمد خان کا بڑا فرزند خالد محمود پاکستان میں تعمیرات کا ٹھیکیدار ہے ملک طفیل محمد کا چھوٹا بھائی ملک محمد حیات شعبہ تعلیم سے منسلک مدرس ہے۔ اس خاندان کا شجرۂ نسب صفحہ ۲۴۱ پر درج ہے۔

جیتا کے بیٹے مدو کے دوسرے فرزند غریب کی پانچویں پشت میں سگری نام کا ایک شخص سگریال قبیلہ کا مورث اعلیٰ ہے۔ سگری کا ایک بیٹا تھلہ تھا تھلہ کے بیٹے ٹھاکرو کے تین بیٹے احمد، کاکو اور کوکا تھے ان تینوں کی اولادیں موضع نورسہ صفحہ ۲۹۳ اور

۲۹۴ پر درج ہیں۔ البتہ احمد کے ایک بیٹے جھنڈو کے دو بیٹے محمد و اور احمد علی رقبہ موہڑہ صفحہ ۲۹۷ داخلی چوکیاں میں آباد ہیں احمد علی کے بیٹے شان کے فرزند محمد یوسف مرحوم معتبر شخصیت تھے اس کا بیٹا نثار احمد محکمہ تعلیم میں ملازم ہے۔ بنگھک اعوان آباد کے مشہور سیاسی و سماجی کارکن صوبیدار محمد زمان کا تعلق بھی اسی خاندان سے ہے لیکن انکا شجرہ نسب دستیاب نہیں۔

جیتا کا دوسرا بیٹا ڈھیڈو تھا جس کے دو فرزند سہیب کولی اور کالا تھے۔ کالا کی اولاد اکھروڑہ صفحہ ۲۴۷ پر درج ہے جبکہ سہیب کولی کی چوتھی پشت میں مرچو نام کے ایک شخص کے دو بیٹے زمان علی رقبہ سسالہ صفحہ ۲۵۲ داخلی کمالہ میں آباد ہوا۔ اس کی اولاد میں صوبیدار محمد عالم سابق ممبر لوکل کونسل اور کیپٹن محمد یونس اور ملک محمد اکرم معروف شخصیات ہیں ۔مرچو کے دوسرے بیٹے مرزا کی اولاد رقبہ دیول صفحہ ۳۳۴ داخلی سہنسہ ضلع کوٹلی میں آباد ہے اس خاندان میں ملک سید محمد معروف ہیں۔ مرزا کے ایک بیٹے محمد زمان کی اولاد موضع بلوہ علاقہ ڈڈیال میرپور میں آباد ہے۔ جیتا کا تیسرا بیٹا نیک محمد بھی سسالہ صفحہ ۲۵۴ پر درج ہے۔ نیک محمد کا فرزند نمروج اور اسکا بیٹا شہادم تھا۔ شہادم کی اولاد صفحہ ۲۸۸ بن داخلی چوکیاں میں درج ہے۔ شہادم کے بیٹے فروز کی جملہ اولاد گلہ داخلی نیریاں صفحہ ۳۱۴ پر درج ہے جبکہ شہادم کے دوسرے بیٹے بولا کے فرزند راج کے دو بیٹے امیرا اور خیرا تھے۔ خیرا کی جملہ اولاد رقبہ بن صفحہ ۲۸۸ داخلی چوکیاں میں ہے اس کی تیسری پشت میں منگنا کی اولاد رقبہ ڈونگا صفحہ ۲۹۲ داخلی چوکیاں میں ہے۔ اس خاندان کے ملک محمد رزاق ایڈووکیٹ مشہور قانون دان بقید حیات ہیں۔ منگنا کے بھائی ناصرو کی تیسری پشت میں ملک محمد اسحاق خان سابق اے ای او نمایاں شخصیت ہیں اور محکمہ تعلیم سے منسلک ہیں اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۲۹۲ پر ہے اور امیرا کی جملہ اولاد موضع ڈھک صفحہ ۳۰۰ پر درج ہے۔

جیتا کا چوتھا بیٹا میر محمد کی اولاد کولالہ صفحہ ۳۲۶ اور چہڑ صفحہ ۳۲۶ داخلی



جھنڈا بگلہ ۳۲۲ پنڈی میں ہے۔ مرود نے چوہدری شہادت علی معانی کے چند دن میں مستقل سکونت اختیار کی۔ یہ قبیلہ مرد ویال کے نام سے مشہور ہے۔ چوہدری شہادت میں اس قبیلہ کے ایک جدی آج بھی موجود ہیں جو اعلیٰ فوجی اور سرکاری عہدوں پر فائز ہیں۔ اس قبیلہ میں ملک آج حسین ایم اے بی ایڈ اور ملک میر حسین ایڈووکیٹ معروف شخصیات ہیں۔ جیتا کا پانچواں بیٹا وزیر محمد موضع ڈھک صفحہ ۲۹۹ پر درج ہے۔ اس کی جملہ اولاد ڈھک میں ہی آباد ہے۔ ساماں کے چوتھے بیٹے جا کے دو فرزند سانبلو اور متا تھے۔ متا کی اولاد منڈھول صفحہ ۳۴۶ اور صفحہ ۳۴۲ پر درج ہے۔ اس خاندان میں حاجی غلام نبی مرحوم معتبر شخصیت اور صاحب ادراک بزرگ تھے۔ حاجی غلام نبی کے والد غلام دین نے ۱۹۴۷ میں ڈوگرہ فوج سے دست بدست لڑائی کے دوران دشمن سے ایک تلوار چھینی تھی جو نشانی کے طور پر اس خاندان کے پاس اب بھی موجود ہے ۲ جون ۱۹۴۷ء کو غلام دین دشمن کے ساتھ ایک جھڑپ میں شہید ہو گئے۔ متا کی چھٹی پشت میں کالو کی اولاد سروال صفحہ ۳۵۴ رکڑ میں مقیم ہے۔ متا کی چوتھی پشت میں ناصر تھا اس کے بیٹے غلام محمد کی جملہ اولاد موضع کھوٹ مری ضلع راولپنڈی میں آباد ہے سانبلو کے بھی دو بیٹے راہبو اور کھن تھے۔ کھن کی جملہ اولاد بچھوانی صفحہ ۳۵۶ پر درج ہے راہبو کے دو فرزند باز اور انصاف تھے۔ انصاف کے چار بیٹے محمد علی، ہمتو، مست اور مہرو تھے محمد علی کی جملہ اولاد چہڑ صفحہ ۳۲۶ اور مہرو کی اولاد کولالہ صفحہ ۳۲۶ پر درج ہے مہرو کی اولاد میں ملک زیارت حسین پوسٹ ماسٹر معروف شخصیت ہیں۔ انصاف کے بیٹے ہمتو کی جملہ اولاد نکر کوٹ کوٹلی صفحہ ۳۲۷ اور صفحہ ۳۲۸ پر درج ہے انصاف کا چوتھا بیٹا مست تھا جس کی جملہ اولاد ماڑیلی اودھے صفحہ ۳۴۴ واقعہ جنجیرہ ضلع کوٹلی میں آباد ہے۔ راہبو کے دوسرے بیٹے باز کی جملہ اولاد رقبہ اکھروڑہ صفحہ ۲۴۶ داخلی سر میں آباد ہیں۔ اس خاندان میں ملک اختر حسین مدرس معروف ہیں۔

ساماں کا پانچواں بیٹا ڈھیڈا تھا۔ موضع رکڑ صفحہ ۳۴۹ پر درج ہے ڈھیڈا کی ساتویں پشت میں سانبلہ کے تین فرزند نیکو، ناظر اور کالو تھے۔ ان کی جملہ اولادیں رکڑ میں موجود ہیں نیکو کے بیٹے صاحبو کے فرزند لنگاخان آزاد کشمیر کے معرض وجود آنے کے بعد نمبردار مقرر ہوئے تھے۔ موصوف کا بیٹا ملک عبدالکریم ملازمت ترک کرکے تجارت کے پیشے سے منسلک ہے۔ نیکو کے دوسرے بیٹے بہادر کی تیسری پشت میں ملک محمد خلیل مشہور سیاسی و سماجی کارکن ہیں۔ موصوف کئی مرتبہ لوکل کونسل کے ممبر منتخب ہو چکے ہیں محکمہ تعمیرات عامہ میں ٹھیکیدار رجسٹرڈ ہیں اور تجارت کے شعبہ سے بھی وابستہ ہیں آپ درسی و دیگر کتب کے معروف ڈیلر ہیں۔ نیکو کے چوتھے بیٹے فروز کے فرزند نبی محمد کی اولاد میں ملک محمد فاروق قانون دان ہیں دوسرے بیٹے معروف و محبوب زیر تعلیم ہیں نیکو کی چوتھی پشت میں امتیاز احمد پاکستان آرمی میں میجر کے عہدہ پر فائز حاضر سروس ہیں۔ نیکو کے بیٹے ناظر کا پوتا جمعہ نام کا ایک بزرگ آزاد منش اور مجذوب اور صاحب کرامت تھا اس کی پیش گوئیاں حرف بحرف صحیح اور درست ثابت ہو نمایاں ہوئی ہیں۔

ساماں کے چھٹے بیٹے کا نام ناگو تھا اس کی چوتھی پشت میں گاگو نام کا ایک بزرگ گاگوال قبیلہ کا جد اعلیٰ ہے۔ اس قبیلہ کی اکثریت رکڑ خاص کے علاوہ ملحقہ دیہات جن میں ڈلی، ناڑ اور چوکی وغیرہ شامل ہیں میں آباد ہے گاگو خان کے دو بیٹے درگاہی اور ہرکلے تھے۔ ہرکلے کا فرزند ماڑوشاہ رقبہ چوکی میں آباد تھا ماڑوشاہ سچے عاشق رسولؐ، صاحب کرامت اور صاحب علم بزرگ تھے۔ وسیع و عریض اراضیات کے مالک ہونے کے باوجود ہمہ وقت یاد اللہ میں مصروف رہتے۔ سخاوت و فیاضی اور انفاق فی سبیل اللہ میں ان کا کوئی ہم پلہ نہ تھا۔ مسلمانوں کی فلاح و بہبود میں گہری دلچسپی رکھتے تھے ان کی اولاد نہیں ہے ہرکلے کی چھٹی پشت میں محمد خلیل وطن عزیز کا دفاع کرتے ہوئے ۱۹۷۱ء کی جنگ میں شہید ہو چکا ہے۔ گاگو خان کی چھٹی پشت میں ایک شخص عطا

[illegible]

## اولاد دھنگ بن دلپ

[illegible]

ہیں۔ فضل کے بیٹے حشمت علی کے فرزند لال دین کی اولاد منڈھول صفحہ ۳۴۶ پر درج ہے لال دین کا بیٹا محمد اعظم خلیفہ دربار نیریاں شریف تھے۔ انہوں نے رکڑ سے نقل مکانی کی اور رقبہ اندروٹ داخلی منڈھول میں سکونت اختیار کر لی۔ ان کے بیٹوں میں مولانا غلام جیلانی صاحب علم اور معروف علمأ کرام میں شامل ہیں آپ انگلینڈ کے شہر لندن کے مضافات ہائی وکم کی جامع مسجد میں خطیب ہیں۔

عون قطب شاہ کے بیٹے عبداللہ گولڑہ کی بائیسویں پشت میں الحاج نور مصطفیٰ میانوالی میں رہتے تھے۔ وہ بغرض سیر و سیاحت معہ اہل و عیال تقریباً دو صد سال قبل گھر سے نکلے اور براستہ پکھلی ہزارہ مظفرآباد پہنچے۔ مظفرآباد میں مختصر قیام کے بعد بطرف جنوب سفر جاری رکھا۔ موصوف کا یہ سفر دریائے جہلم کے بائیں کنارے پر جاری رہا لیکن انہیں اپنی پسند کا کوئی مقام ایسا میسر نہیں آیا جہاں وہ قیام کرتے۔ بالآخر پلندری کے قریب دھار دھرچھ کے فلک بوس پہاڑ جو خوبصورت مناظر اور مظاہر قدرت سے مالا مال تھا کی چوٹی پر پہنچنے میں کامیاب ہو گئے یہاں سے چاروں اطراف حد نظر تک سلسلہ کوہ قدرت کی تمام رعنائیوں کے ساتھ محو کر دینے والے نظارے پیش کر رہا تھا۔ چنانچہ موصوف نے اسی مقام کو پسند کیا اور یہاں ہی مستقل ہو گئے ان کے بیٹے حافظ اللہ دتہ کے دو فرزند امام علی اور نور بخش تھے۔ جن کی اولادیں دھار دھرچھ میں آباد ہیں امام علی کے فرزند فضل الٰہی نے دھار دھرچھ سے نقل مکانی کر کے پلندری کے شرق میں تقریباً بارہ میل دور موضع تالاباڑی میں سکونت اختیار کی۔ ان کے تین بیٹے ہیں۔ ملک محمد اشرف محکمہ تعلیم آزاد کشمیر سے وابستہ تھے اب پنشن پر ریٹائر ہو چکے ہیں دوسرے بیٹے فوج میں ملازم تھے جو سبکدوش ہو کر زمینداری کے کام میں مصروف ہیں۔ امام علی کا بیٹا صوبیدار خادم حسین سیاسی اور سماجی کارکن تھا جو فوت ہو چکا ہے اس خاندان کا ایک نوجوان خالد حسین آزاد کشمیر یونیورسٹی سے ایم ایس سی میں گولڈ میڈلسٹ ہیں اور محمد رازق محکمہ عدل و انصاف میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہیں۔ حافظ اللہ دتہ



کے دوسرے بیٹے نور بخش کا واحد فرزند صوبیدار علی بہادر تھا جس کے چار بیٹے صوبیدار اکبر حسین فوت ہو چکے ہیں کیپٹن اختر فوج سے فارغ ہو چکے ہیں اختر بیگ ضلع پلندری کے ڈسٹرکٹ کورٹ میں ہیڈ کلرک اور الطاف حسین آزاد کشمیر ہائی کورٹ میں سیکرٹری کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہیں الحاج نور مصطفیٰ کے دوسرے بیٹے مستو کے دو فرزند مستانہ اور غریب نواز تھے۔ غریب نواز کے بھی دو فرزند امیر علی اور ربان علی تھے امیر علی کی اولاد میں ملک قربان علی کمشنر مال آزاد کشمیر کے دفتر میں نگراں تھے وفات پا چکے ہیں ان کا بیٹا ملک محمد طفیل عسکری بینک میں منیجر ہے۔ ملک قربان علی کا بھائی ملک محمد یعقوب محکمہ مال میں تحصیلدار کے عہدہ جلیلہ پر فائز حاضر سروس ہیں۔ امیر علی کے پوتے عبدالرحمٰن کا ایک فرزند ملک شوکت حسین فوج میں میجر ہیں جبکہ امیر علی کا ایک پوتا بینک منیجر ہے۔ امیر علی کے دوسرے بیٹے سید محمد کے چار فرزند ملک محمد نذیر تاجر اور سیاسی و سماجی کارکن ہیں عبدالقیوم فوت ہو چکا ہے ملک محمد اسلم بنک میں میجر تھے ملازمت ترک کر کے راولپنڈی بار میں مشہور قانون دان ہیں۔ منجھلا بیٹا محمد رمضان بیرون ملک ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۲۹ اور صفحہ ۳۷۲ پر ہے۔

# جہاں شاہ در یتیم کی اولاد آزاد کشمیر میں

عون قطب شاہ کا چوتھا بیٹا جہاں شاہ در یتیم بی بی زینب کے بطن سے تھا۔ اس کی چھبیسویں پشت میں سلمان نام کا ایک بزرگ دھنی، حٹیاں بالا مظفر آباد میں رہائش پذیر تھا اس کے دو بیٹے غلام محمد اور بیرو تھے۔ جموں و کشمیر کی ڈوگرہ حکومت سے موصوف کے تعلقات کسی وجہ کشیدہ تھے چنانچہ موصوف نے اپنے ایک بیٹے بیرو کے ہمراہ دھنی سے ہجرت کر کے چکار کے مقام پر سکونت اختیار کر لی لیکن وہ یہاں بھی قرار نہ پکڑ سکا۔ یہاں مختصر قیام کے بعد سابق ریاست پونچھ کی تحصیل بلوغ کے مقام بھیٹی شریف میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ بیرو کی جملہ اولاد بھیٹی شریف میں آباد ہے۔ بیرو کی چوتھی پشت میں گل افسر منصور بنک آفیسر بیرپانی ضلع باغ کے مقام پر تعینات ہیں۔ گل افسر منصور اعلیٰ تعلیم یافتہ اور اپنے قبیلے کے سربراہ بھی ہیں۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۶۷ پر درج ہے۔ سلیمان کے دوسرے بیٹے غلام محمد کی جملہ اولاد بہتر رہائشی سہولیات کی تلاش میں ضلع مظفر آباد کے مقامات دھنی اعوان پٹی، چکوٹھی، واڑی اور حٹیاں بالا میں بکھر گئی۔ ان کا شجرہ نسب دستیاب نہیں ہوا۔



# پونچھ کے جنوب اور جنوب مشرق میں کلگانی اعوان

جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ عون قطب شاہ کے بیٹوں عبداللہ گولڑہ اور مزمل علی کلگاں کی اولادیں کثرت سے آزاد کشمیر میں موجود ہیں۔ مزمل علی کلگاں کے بیٹے نواب علی کی دسویں پشت میں نادر نام کا ایک بزرگ تھا جس کے دو بیٹے حیات اور عدیم تھے حیات کے بیٹے لودی کے چار فرزند پالو، نجو، جتو اور بھگو تھے۔ پالو کی دسویں پشت میں فتح محمد کے تین بیٹے فقیر، بھاول اور منند تھے فقیر اور بھاول کی اولادیں نالیاں صفحہ ۲۳۸ پر ہیں جبکہ منند کی اولاد رقبہ منوٹہ صفحہ ۲۷۳ داخلی تالا باڑی میں ہے۔ حیات کے دوسرے بیٹے الہ دین کی نویں پشت میں صوبیدار محکم خان ایک معروف شخصیت بیسویں صدی کے ابتداء میں ہوئے ہیں۔ کہتے ہیں کہ موصوف ڈسپلن کے بے حد پابند، ملٹری ٹریننگ میں بہترین صلاحیتوں کے مالک اور کارکردگی میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ انگلش کیڈٹ کالج مہو چھاؤنی واقعہ سابق برٹش انڈیا میں مقبول اور ہر دل عزیز تھے۔ فوج سے سبکدوش ہونے کے کافی عرصہ بعد تراڑکھل کے مقام پر فوت ہوئے وہاں ہی مدفون ہیں۔ ان کی تعزیت کے لئے سرینگر سے انگریز ریذیڈنٹ تراڑکھل آیا تھا۔ صوبیدار محکم خان کا ایک بیٹا منشی محمد سرفراز خان اپنے وقت کا ممتاز و معروف شخصیت کا مالک تھا۔ سرفراز خان کا فرزند محمد یٰسین اعوان سیاسی و سماجی کارکن مشہور ہے۔ ان کا ایک بیٹا جلیل ملک راولپنڈی شہر میں گھڑی سازی کے معروف پیشہ سے منسلک ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۲۷۳ پر ہے۔

نمبردار محمد یٰسین کا اظہار ہے کہ ان کے اسلاف قصبہ گولڑہ ضلع راولپنڈی

سے نقل مکانی کر کے موضع نزد واقع کہوٹہ میں آباد ہوئے اور وہاں سے گوراہ میں منتقل ہوئے۔ صوبیدار قصم خان گوراہ سے نقل مکانی کر کے تراڑ کھل اور تالابازی میں آباد ہوئے جبکہ اس خاندان کی کثیر تعداد گوراہ میں موجود ہے۔

لودی کے دوسرے بیٹے نجو کی نویں پشت میں مرتب نام کا ایک بزرگ ڈھوک مرزاجیاں جو اعوان پنی کے نام سے مشہور ہے اور ضلع اٹک پاکستان میں واقع ہے سے نقل مکانی کر کے موضع بریاہ تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی پہنچا اور یہاں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ اس کے تین بیٹے قابل، ماموں اور مصؤل تھے ماموں اور قابل نے راولپنڈی بریاہ سے ہجرت کر کے مقام کیری موضع کہالہ پونچھ آزاد کشمیر میں سکونت اختیار کر لی۔ قابل کے چار فرزند کہجہ سیف تارو اور مہندا تھے کہجہ کا بیٹا جہانداد خان ۱۹۴۷ء میں نمبردار دیہہ مقرر ہوا تھا۔ موصوف مشہور سیاسی اور سماجی کارکن تھا۔ جہانداد خان کا بیٹا ملک محمد یٰسین تعلیم یافتہ سیاسی اور سماجی کارکن ہے اور تجارت کے پیشہ سے منسلک ہے۔ نجو کی تیسری پشت میں الٰہی بخش کا بیٹا سرنگ موضع نارہ کہوٹہ راولپنڈی میں ہے جس کا شجرہ موصول نہیں ہوا۔

لودی کے تیسرے بیٹے جتو کی اولاد جتوال مشہور ہے اس کی نویں پشت میں کرم بخش کے پانچ بیٹے حشمت، چوہڑا، بہدہ، مت اور محکم تھے۔ حشمت کی جملہ اولاد رقبہ نری صفحہ ۲۵۲ داخلی سہر میں درج ہے دوسرے بیٹے چوہڑا کی جملہ اولاد رقبہ نجوڑ صفحہ ۲۶۱ داخلی کہالہ میں ہے۔ اس خاندان میں مولانا نیک محمد اور ان کے فرزند حافظ محمد رشید معروف ہیں۔ چوہڑا کے پوتے محمد زمان کے فرزند ملک محمد آزاد خان محکمہ تعلیم سے منسلک نمایاں شخصیت ہیں۔ کرم بخش کے تینوں بیٹوں بہدہ، مت اور محکم کی اولادیں بھی رقبہ نجوڑ صفحہ ۲۶۲ داخلی کہالہ میں ہیں۔ محکم کے پوتے فتح محمد کے فرزند ملک محمد بشیر تاجر پیشہ شخصیت ہیں۔ کرم بخش کا بھائی کا نام فیلہ تھا فیلہ کے بیٹے کالا کا فرزند حیدر تھا حیدر کے بیٹا لال محمد کے فرزند صوبیدار میجر کمال خان



معتبر شخصیت ہیں ان کا بھائی سلامت حسین [illegible] ہے۔ اس خاندان کے ملک ذوالفقار حسین بیرون ملک ملازم ہیں جتو کی ساتویں پشت میں [illegible] کے ایک بیٹا ساون کے فرزندوں کرم بخش کا ذکر اوپر ہو چکا ہے [illegible] کے دوسرے بیٹے محمد علی کی جملہ اولاد موضع نلی صفحہ ۳۳۲ علاقہ نجیرہ ضلع کوٹلی میں ہے۔ [illegible] کا باپ [illegible] کے دوسرے بیٹے جیتا، کھیا، صاحبو اور مصری تھے جیتا کی اولاد رقبہ گوبڑ صفحہ [illegible] داخلی سہر میں ہے۔ جیتا کی چھٹی پشت میں مولانا حافظ غلام رسول نمایاں ہیں۔ [illegible] کے بیٹے مستا کے فرزند گموں کی جملہ اولاد رقبہ بھاکہ داخلی تالابازی میں ہے۔ اس خاندان میں ملک محمد اسحٰق راولپنڈی میں مقیم پراپرٹی ڈیلر صاحب حیثیت ہیں اس خاندان میں مولوی نور محمد نمایاں ہیں۔ [illegible] کے دوسرے فرزند کھیا کے بیٹے قیاس کی اولاد موضع نلی صفحہ ۳۳۳ نجیرہ کوٹلی میں ہے جبکہ دوسرے بیٹے مٹھا کی اولاد کالان صفحہ [illegible] داخلی نیریاں میں آباد ہے۔ صوبیدار دیدار خان اس خاندان میں معتبر شخصیت ہیں۔ [illegible] کے تیسرے بیٹے صاحبو کی اولاد رقبہ بھاکہ صفحہ ۲۰۷ موضع تالابازی میں ہے [illegible] کے بیٹے مصری کے دو فرزند کالا اور محمد علی تھے۔ کالا کی جملہ اولاد ڈنہ نیریاں میں ہے محمد علی کے چھ بیٹے گہرو، بہادر، گجرا، نگا، منندو اور رحمت ہوئے۔ ان میں کالا لاولد تھا جبکہ منندو کی اولاد موضع دیگوار نزد پونچھ شہر مقبوضہ کشمیر میں ہے۔ گجرا کی جملہ اولاد موجوہاں داخلی نیریاں میں ہیں۔ بہادر کی اولاد ڈنہ نیریاں میں ہے۔ محمد علی کے بیٹوں میں گہرو کثیر الاولاد ہوئے ہیں ان کے بیٹے شفیع اور امام دین نرینہ اولاد سے محروم رہے۔ گہرو کے تین بیٹوں لال، فرمانہ اور بوٹا کی اولادیں رقبہ ماجوہاں داخلی نیریاں میں آباد ہیں۔ گہرو کے آخری تین بیٹوں حاجی اللہ دتہ، برہان خان اور شیر خان کی اولادیں بھی ڈنہ داخلی نیریاں میں آباد ہیں ڈنہ کا نام اب مرشد آباد ہے۔ حاجی اللہ دتہ کا ایک بیٹا حوالدار علی محمد خان ہے انہی کے تین فرزند حوالدار محمد مشتاق، ملک محمد نواز صدر معلم ہائی سکول ہیں جبکہ تیسرا فرزند ملک محمد فاروق ایڈووکیٹ معروف قانون دان ہیں۔

برہان خان کے دو بیٹے محمد حسین اور انسپکٹر پولیس ریٹائرڈ برکت حسین ہیں۔ برکت حسین فوت ہو چکے ہیں۔ گرو کے ایک بیٹے شیر خان کے چار فرزند صوبیدار سید محمد خان (ر)، صوبیدار غلام نبی خان (ر) ملک محمد شریف ہیڈ کلرک پاکستان ریلوے اور حاجی ملک محمد امیر متحدہ امارات کی ریاست قطر کے ائیر فورس میں لیفٹیننٹ کے عہدہ پر فائز رہے ہیں اور اب سیالکوٹ میں مقیم ہیں۔ صوبیدار غلام نبی خان سیاسی اور سماجی کارکن ہونے کے علاوہ اس خاندان میں صائب الرائے اور اعلیٰ فہم و فراست کے مالک مانے جاتے ہیں اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۱۶ پر درج ہے۔

بولا کے باپ سلیم کے دوسرے بیٹے روشن اور طاہر تھے۔ روشن کی اولاد پھگوانی صفحہ ۳۵۴ پر درج ہے اور طاہر کی اولاد رقبہ سرول رکڑ صفحہ ۳۵۴ پر درج ہے۔ سلیم کا باپ بدی تھا۔ اس کے دوسرے بیٹے سابل اور فزید تھے۔ سابل کے پوتے جگی کے تین فرزند نورا، فتو اور شیر تھے۔ نورا کے دو بیٹے تاج محمد اور مرزا تھے تاج محمد کے پوتے ملا کے دو فرزند متولی اور شیر محمد تھے۔ شیر محمد کے پوتے موج دین کی اولاد ڈھک میں صفحہ ۲۹۹ پر ہے۔ موج دین کے پوتے بھاول کے فرزند نور دین اور لال دین تھے نور دین کے سات بیٹے تھے ان بیٹوں میں صوبیدار خادم حسین معروف شخصیت تھے خادم حسین کے بیٹوں میں ملک محمد مشتاق نیشنل بنک آف پاکستان کے سنئیر منیجر ہیں آپ معروف سماجی کارکن بھی ہیں علاقہ میں ان کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور مرکزی تنظیم الاعوان ویلفیئر سوسائٹی آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری ہیں۔ ان کا دوسرا بیٹا ملک محمد ممتاز قانون دان ہیں لیکن اس پیشہ کو ترک کر کے پاکستان نیوی میں ملازمت اختیار کر لی ہے۔ ان کا تیسرا بیٹا محمد مختار پاکستان آرمی میں اور محمد افتخار اسلامی یونیورسٹی بھیرہ میں تعلیم حاصل کر رہا ہے۔ لال دین کے بیٹوں میں مولانا نسیم اختر معروف کاروباری شخصیت ہیں جبکہ مولانا محمد حنیف رضوی جامع رضویہ اٹک میں خطیب ہیں۔ متولی کی اولاد رقبہ مالنی صفحہ ۲۶۵ داخلی کھالہ میں ہے شیر محمد کا



ایک بیٹا محمد زمان ہے جو داخلی چوکیاں میں درج ہے۔ نورا کے دوسرے بیٹے مرزا کے تین فرزند چھتہ، امانت اور ... تھے۔ چھتہ کے بھی تین بیٹے لیفی، جان، ... اور کریم ... تھے۔ لیفی ... کی اولاد نسب علیحدہ صفحہ ۲۶۶ داخلی کھالہ میں آباد ہے۔

امیر ... کی جملہ اولاد ... صفحہ ۱۸۱ داخلی چوکیاں میں ہے۔ امیر کے بیٹے فیروز ... کے پانچ فرزند علی بہادر، محمد حسین، محمد زمان، حاجی محمد اسلم اور محمد ایوب عرف محسن ہیں۔ محمد حسین کے دو بیٹے شمیم احمد اور ریاض احمد ہیں۔ شمیم احمد سیاسی کارکن اور سماجی شخصیت ہیں۔ جبکہ ریاض احمد گورنمنٹ کالج میں ماہر مضمون انگریزی ہیں۔ فیروز کے تیسرے بیٹے محمد زمان کے فرزند مولانا حمیر احمد صاحب ہیں مولانا حمیر احمد صاحب علم بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ آپ نے یونیورسٹی ہذا سے ایم اے عربی امتیازی حیثیت میں پاس کیا ہے۔ آپ رویت ہلال کمیٹی پاکستان کے ممبر اور اسلام آباد میں ایک مشہور جامع مسجد کے خطیب ہیں۔ آپ جماعت اہل سنت پاکستان کی اسلام آباد تنظیم کے امیر بھی ہیں۔ پاکستان ٹیلی ویژن اخبارات اور دیگر ذرائع ابلاغ میں آپ کے مضامین اور تقاریر سے عوام الناس مستفید ہو رہے ہیں۔ حاجی محمد اسلم سعودی عرب میں مقیم ہیں اور ٹرانسپورٹرز ہیں۔ حاجی محمد اسلم نے ٹھٹھی اعوان آباد کے مقام پر وسیع عوامی مفاد اور دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے ایک ہسپتال قائم کر رکھا ہے۔ کرم علی کے بیٹے رحمت علی کے پانچ فرزند غلام محمد، جعفر، برہان، محمد خان اور دلاور خان ہیں۔ جعفر کے تین بیٹے صوبیدار حسن محمد، حوالدار محمد اسمٰعیل اور حکم داد ہیں۔ حاجی محمد اسمٰعیل کے فرزند حاجی محمد اکرم سعودی عرب میں ملازم ہیں۔ برہان کا بیٹا صوبیدار عبدالحسین راولپنڈی میں مقیم ہے۔ اسکا دوسرا بیٹا حوالدار محمد صادق تجارت پیشہ ہے۔ غلام محمد کے بیٹے محمد حسین کے فرزند مولانا محمد سفیر علوی عالم دین راولپنڈی شہر میں ایک معروف جامع مسجد کے خطیب ہیں۔ اور پنجاب کے محکمہ تعلیم سے منسلک ہیں۔ دلاور خان کا بیٹا صوبیدار میجر محمد افضل خان سے

اور دوسرا بیٹا حوالدار علی محمد سواں کیمپ راولپنڈی میں مقیم ہیں۔ کرم بخش کے دوسرے دو بیٹوں شرف علی اور مصدر علی کی اولادیں بھی سیونہ صفحہ ۲۸۱ پر درج ہیں۔ مصدر علی کے تین بیٹے شیر، محمد خان اور ملک سنسار محمد معتبر شخصیت ہیں۔ محمد خان کے پانچ بیٹے محمد سوار، محمد اکبر، محمد مشتاق، صابر اور عارف ہیں۔ محمد مشتاق قانون دان ہیں راولپنڈی ڈسٹرک بار کے ممبر تھے قانون کا پیشہ ترک کر کے لندن میں مقیم ہیں۔

مرزا کے دوسرے بیٹوں امانت اور مرید کی اولادیں بھی سیونہ صفحہ ۲۸۲ پر درج ہیں۔ مرید کے بیٹے حیات بخش کے دو فرزند دتو اور بہادر تھے۔ بہادر کے پانچ بیٹے فقیر محمد، اللہ دتہ، برہان علی، طالع محمد اور محمد خان ہیں۔ فقیر محمد کا بیٹا کرم خان محکمہ ٹیلیفون اسلام آباد میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہے۔ احمد خان جی ایچ کیو راولپنڈی ڈیفنس سروسز میں ملازم ہے جبکہ نور خان بیرون ملک مقیم ہیں ملک اللہ دتہ محکمہ جنگلات آزاد کشمیر میں تھا اب پنشن یافتہ ہے اس کے دو بیٹے ملک دلیل خان ٹرانسپورٹر اور ملک محمد اکرم ایم اے بی ایڈ محکمہ تعلیم میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہے۔ حاجی برہان علی کے چار بیٹے محمد عالم، سلیمان، خادم حسین اور محمد یوسف ہیں۔ محمد یوسف پاک فضائیہ میں کمیشن آفیسر تھے ریٹائرڈ ہو چکے ہیں راولپنڈی شہر میں ایک پرنٹنگ پریس کے مالک ہیں ان کا بیٹا خالد محمود پاکستان آرمی میں کپتان ہے۔

سابل کے پوتے جگی کے بیٹے نورا کی اولاد کا ذکر مکمل ہوا۔ اس کے دوسرے بیٹے فکر کی جملہ اولاد سیونہ صفحہ ۲۸۶ پر ہے۔ جگی کے تیسرے بیٹے شیر کی جملہ اولاد نلی اور چھوچھ ضلع کوٹلی میں ہے۔ اس خاندان کا اندراج صفحہ ۳۲۵ پر ہے۔

جتو کی چوتھی پشت میں بدی کے بیٹے فرید کا ایک فرزند امیرا تھا امیرا کے فرزند نتھو کے دو بیٹے شاہ باز اور محمد علی تھے شاہ باز کی اولاد سیونہ صفحہ ۲۸۹ داخلی چوکیاں میں ہے جبکہ محمد علی کی جملہ اولاد رحیم آباد صفحہ ۲۹۵ پر ہے۔ محمد علی کے دو بیٹے



کرم بخش اور حیات تھے کرم بخش کا ایک بیٹا علی مردان تھا۔ اس کے چھ فرزند حسام الدین، نواب، ستار محمد، احمد، علی اور فضل تھے ان میں مولانا ملک حسام الدین خان تاریخی شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کا مکمل شجرہ نسب کتاب ھذا کے ابتدا میں درج ہے آپ نسب الاعوان کے مصنف اور اعوان قوم کے سیاسی اور مذہبی رہنما تھے۔ آپ کا مکمل تعارف کتاب ھذا کے ابتدا میں موجود ہے۔ مولانا ملک حسام الدین کے تین فرزند عبدالرحیم، محمد منیر اور محمد مقبول ہیں۔ ملک عبدالرحیم اعوان قوم کے معروف سیاسی اور سماجی رہنما تھے۔ آزاد کشمیر کی سیاست میں وہ ذہین و فطین شخصیات میں شمار ہوتے تھے موصوف ایک شعلہ بیان مقرر اور صاحب الرائے شخصیت کے حامل تھے۔ ملک عبدالرحیم ۱۹۷۳ میں ٹریفک کے ایک حادثہ میں انتقال کر گئے تھے۔ **اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ.** ملک عبدالرحیم کا بیٹا ملک پرویز رحیم سابق ممبر ضلع کونسل پونچھ ہے۔ مولانا حسام الدین خان کا دوسرا بیٹا ملک محمد منیر راولپنڈی میں مقیم ہے اور تجارت کے پیشہ سے منسلک ہے ملک منیر کا بیٹا سراج الحق اخبار جنگ گروپ کے ایک انگریزی روزنامہ میں سب ایڈیٹر تھا۔ موصوف ملازمت ترک کر کے برطانیہ چلا گیا ہے مولانا کا منجھلا بیٹا ملک محمد مقبول بیرون ملک ملازم ہے۔

کوٹلی کے دوسرے بیٹے لالو کے فرزند پھگڑ کے بھی دو فرزند برلاس اور طاہر تھے۔ برلاس کے دو بیٹے خیر محمد کی جملہ اولاد رقبہ ناڑ صفحہ ۲۶۰ داخلی کہالہ میں ہے جبکہ بوڑا کی ساتویں پشت میں پلا کے تین فرزند سیونہ صفحہ ۲۵۸ داخلی چوکیاں محمد شریف، محمد حیات اور محمد یوسف ہیں۔ محمد شریف فوج میں ملازم ہے۔ ملک محمد حیات ایڈوکیٹ مشہور قانون دان راولپنڈی ضلع کچہری میں وکالت کرتے ہیں۔ ملک محمد یوسف پیشہ صحافت سے وابستہ تھے۔ صحافت کا پیشہ ترک کر کے اب مردان صوبہ سرحد کے ایک کالج میں لیکچرار ہیں۔ لالو کے بیٹے پھگڑ کے فرزند طاہر کی تیسری پشت میں کھیرا کے دو بیٹے محمد بخش اور مراد بخش تھے۔ محمد بخش کی جملہ اولاد منوبہ

صفحہ ۲۷۲ پر ہے۔ جبکہ مراد بخش کی جملہ اولاد ٹلی صفحہ ۳۳۵ علاقہ بخیرہ ضلع کوٹلی میں ہے۔ کوٹلی کے تیسرے بیٹے نور الٰہی کے دو فرزند فیض محمد اور محمد بخش تھے محمد بخش کی اولاد بھتیاہ پلندری میں ہے۔ اس کا شجرہ موصول نہیں ہوا فیض محمد کے بھی دو بیٹے نادو اور جمعہ تھے جمعہ کی اولاد دھار دھرچھ پلندری میں ہے۔ شجرہ دستیاب نہیں ہے نادو کے پوتے بوڑا کے چار فرزند اللہ دتہ، فضل دین، شمس دین اور میر زمان پوٹھہ صفحہ ۳۳۷ تحصیل سہنسہ میں درج ہیں۔ شمس دین پوٹھہ سے نقل مکانی کر کے اسلام پورہ صفحہ ۳۳۰ بارل میں آباد ہوا۔ فضل دین کے چار بیٹے خان محمد، گل محمد، غلام محمد اور محمد شیر تھے۔ خان محمد کا بیٹا ملک محمد نواز تاجر ہے اور دوسرا بیٹا محبت حسین اعوان محکمہ مال میں گرداور مال ہے۔ گل محمد کا بیٹا حاجی محمد زمان اور صوبیدار محمد اشرف خان دیگر بھائیوں سے مل کر تجارت کرتے ہیں جبکہ منشی خان اور امیر افسر خان بیمہ کمپنی سے منسلک ہیں۔

جتو کے دوسرے بیٹے ڈھیڈو کی جملہ اولاد رقبہ ماجو ماں صفحہ ۳۱۲ قلعاں میں آباد ہے۔ ڈھیڈو کے بیٹے قادر کا فرزند میرو تا ہے اس کی اولاد میرو ٹیال مشہور ہیں اس خاندان میں ملک میر حسین سیاسی و سماجی کارکن اور تجارت کے پیشہ سے منسلک ہیں۔

مزمل علی کلگاں کی پندرھویں پشت میں لودی تھا لودی کی پانچویں پشت بدی کا بیٹا سابل معروف سانولا موضع کہالہ کے رقبہ مالنی میں آباد تھا اس کی چوتھی پشت میں خواجہ نے پڑوچھی میں سکونت اختیار کی اس کا بیٹا ٹھلہ نقل مکانی کر کے موضع سہر کے رقبہ اکھروٹہ کے نزدیک کلر کے مقام پر آباد ہوا اس کی چوتھی پشت میں زمان علی نے یہاں سے سکونت ترک کر کے راولپنڈی شہر میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ زمان علی کا بیٹا ملک فتح محمد اعوان مشہور قانون دان راولپنڈی بار کا ممبر تھا فتح محمد کے دو فرزند قیصر پرویز اور ناصر پرویز لندن میں مقیم ہیں قیصر پرویز ایک بینک کا منیجر ہے اور ناصر پرویز مشہور صحافی پاکستان کے مشہور انگریزی روزنامہ ڈان کے نمائندہ کی حیثیت سے



لندن میں مقیم ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۴۷ پر ہے۔

خواجہ کے دوسرے بیٹے فقیر کی چوتھی پشت میں پہلوان کے دو بیٹوں فتح محمد اور صوبیدار پنوں خان پڑوچھی سے سسالہ میں منتقل ہوئے فتح محمد کا بیٹا محمد رشید ضیاء بی اے بی ایڈ محکمہ تعلیم میں سینئر ٹیچر ہے منیر احمد اور محمد حنیف سول ملازم ہیں۔ صوبیدار پنوں خان کے بیٹے محمد سلیم اور محمد عظیم پاکستان میں ملازمت کرتے ہیں۔

لودی کے چوتھے بیٹے بھگو کی آٹھویں پشت میں باغ نام کا ایک شخص تھا اس کے تین بیٹے فضل، جیم اور فیض بخش تھے فضل کی جملہ اولاد اکھروٹہ صفحہ ۲۴۸ پر درج ہے اس خاندان میں ملک محمد اعظم اور ملک وزیر محمد ماہر تعمیرات ہیں اور سماجی کارکن بھی ہیں۔ فضل کے بیٹے محمد حیات کی اولاد ناڑ صفحہ ۲۵۸ موضع کہالہ پر درج ہے۔ باغ کے بیٹوں جیم اور فیض بخش کی اولادیں صفحہ ۲۵۷ اور صفحہ ۲۵۸ پڑوچھی موضع کہالہ میں آباد ہیں۔

حیات کے بیٹے لودی کی اولاد کا ذکر تمام ہوا۔ حیات کا دوسرا بیٹا الہ دین رقبہ اکھروٹہ صفحہ ۲۴۷ داخلی سہر میں آباد ہوا۔ الہ دین کے بیٹے خوشیا کی جملہ اولاد اکھروٹہ میں ہے۔ خوشیا کی پانچویں پشت میں فتح دین کے دو بیٹے علی گوہر اور محمد اقبال تھے۔ علی گوہر کا بیٹا محمد اسلم اور اقبال کا بیٹا محمد یٰسین نمایاں ہیں۔ خوشیا کی نویں پشت میں رمضان کا بیٹا حافظ شہزاد احمد حال ہی میں کشمیر میں شہید ہو چکا ہے۔ دوسرے بیٹے خلیل کی دوسری پشت میں میکلی کے تین فرزند میوہ تنگ یا ڈھگ اور عالی تھے۔ میوہ کی چوتھی پشت میں ڈھوڈا کے دو بیٹے جتا اور مرتا تھے۔ جتا کے تین بیٹے بھنڈاری، قادر بخش اور کرم بخش تھے۔ بھنڈاری کی جملہ اولاد پڑوچھی صفحہ ۲۵۶ میں درج ہے۔ بھنڈاری کے تین بیٹے قاسم علی، نادر علی اور رنگی تھے۔ قاسم علی کے پوتے ملک غلام حسین شمشیر علوی سیاسی و سماجی کارکن ہیں۔ بھنڈاری کا تیسرا بیٹا حکیم رنگی خان حکمت میں ماہر تھے۔ ہزاروں لوگ ان کی دست شفا سے صحت یاب ہوئے۔ حکیم رنگی خان کے

واحد فرزند مولوی محمد عالم خان حکیم اور دیہہ امام تھے۔ مولوی محمد عالم کے بیٹے مولوی میر عالم حکمت کا کام کرتے ہیں درس نظامیہ کے سندیافتہ قاری ہیں۔ بابا بھنڈاری فقیر منش نہایت سادہ زندگی گذراتے تھے وہ مشہور ولی اللہ بابا گوڈزی بادشاہ کے خلیفہ اور مرید خاص تھے۔ جتا کے دوسرے بیٹے قادر بخش اور کرم بخش کی جملہ اولاد پٹوچی میں ہی آباد ہے۔ کرم بخش کے بیٹے مداں کا فرزند صوبیدار موہتا خان معروف شخصیت تھے۔ صوبیدار موہتا خان تیس کی دھائی میں فوج سے پنشن پر ریٹائرڈ ہوئے اور آخر دم تک سماجی اور سیاسی کارکن کی حیثیت سے مشہور رہے۔

ڈھوڈا کا دوسرا بیٹا مرتا تلی صفحہ ۳۳۶ علاقہ سہنسہ ضلع کوٹلی میں اور مرتا کے پوتے پاہرو کا ایک بیٹا سیغو ماہیالہ راولپنڈی میں آباد ہوا۔

مِنگی کے دوسرے بیٹے تنگ یا دھگ کا اندراج رقبہ بڑی داخلی نیریاں صفحہ ۳۰۵ اور صفحہ ۳۰۶ پر ہے۔ تنگ کے دو بیٹے پیرا اور جماں تھے۔ پیرا کی چوتھی پشت میں دندال کے بھی دو بیٹے کالا اور کلہ تھے۔ کلہ بنجیرہ ضلع کوٹلی میں آباد ہے۔ جبکہ کالا کی جملہ اولاد بڑی میں آباد ہے۔ اس خاندان میں صوبیدار لال محمد خان معروف ہیں۔ تنگ کے بیٹے جماں کی پانچویں پشت میں حشو کے چار بیٹے نادر علی، قاسم علی کڑکو اور متا تھے۔ کڑکو کے بیٹے بیرولی کے فرزند ملک سید محمد راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ میں اعلی عہدے پر فائز ہیں اور وہاں ہی مستقل رہائش رکھتے ہیں۔ متا کے بیٹے نوازش علی کا پوتا اورنگ زیب بیرون ملک ملازم ہے مِنگی کے تیسرے بیٹے عالی کے دو فرزند بچا اور بوچہ تھے۔ بوچہ کی جملہ اولاد موضع کیری صفحہ ۳۵۷ داخلی پھگوائی میں ہے۔ بچا کی چوتھی پشت میں مراد بخش کے تین بیٹے مکھن، چوہڑا اور بانکا ہیں۔ جن کی اولادیں بڑی داخلی قلعاں میں آباد ہیں۔ چوہڑا کے پوتے ملک محمد رفیق سب انسپکٹر پولیس پنشنر ہیں اور تجارت کرتے ہیں۔ سیاسی اور سماجی کارکن کے طور پر نمایاں حیثیت کے مالک ہیں۔



بوچہ کی چھٹی پشت میں ناصر نام کا ایک بزرگ تھا جس کے دو بیٹے طالع محمد اور فرمانہ تھے۔ طالع محمد کا بیٹا عبد العزیز نمبر دار، صاحب الرائے اور اعلیٰ شخصیت کا مالک بقید حیات ہے اس کے تین بیٹے شبیر احمد، عبد الحمید اور عبد الوحید ہیں۔ ملک عبد الحمید صدیقی سعودی عرب کے شہر مکۃ المکرمہ میں مقیم ہیں ہر سال حج کے موقعہ پر وہ بڑے پیمانے پر حجاج کرام کی رہائشی سہولیات کا انتظام کرتے ہیں۔ درجنوں عمارات کو کرایہ پر حاصل کر کے حجاج کو مناسب کرایہ پر دیتے ہیں۔ ملک عبد الحمید صدیقی نہایت منکسر المزاج، پابند صوم و صلوٰۃ، خدمت حجاج بلکہ خدمت خلق سے سرشار اعلیٰ خوبیوں اور صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ ناصر کے دوسرے بیٹے فرمانہ کے تین فرزند امیر محمد، محمد صادق اور محمد امین ہیں۔ امیر محمد کا بیٹا محمد انیس آزاد جموں کشمیر کے کشمیر سیل میں ملازم ہے اور راولپنڈی میں مقیم ہے۔ محمد صادق کے پانچ بیٹے ہیں ملک محمد اصغر پاکستان ائیر فورس کے ریٹائرڈ ورانٹ آفیسر ہیں وہ راولپنڈی کے شہر کی مغل مارکیٹ میں ایک پرنٹنگ پریس کے مالک ہیں فرمانہ کے تیسرے بیٹے محمد امین کے بھی تین فرزند ہیں۔ ڈاکٹر اعجاز احمد علوی محکمہ صحت عامہ آزاد کشمیر سے منسلک حاضر سروس ہیں۔

بچا کا ایک ہی بیٹا تھا جس کا نام گلاب تھا جو گلابال قبیلہ کا جد اعلیٰ ہے گلاب کے دو بیٹے مرتا اور ملا تھے۔ ملا کی جملہ اولاد موضع ماجوماں داخلی نیریاں صفحہ ۳۱۲ پر ہے۔ مرتا کے دو بیٹے ہنسا اور کالا تھے۔ یہ وہی کالا ہے جو فن گتکا گری کا ماہر اور بابا ملکو نالیاں کے فوجی شعبہ کا سربراہ تھا۔ جس نے مختلف لڑائیوں میں بابا ملکو کے ہمراہ اہم کردار ادا کیا۔ کالا کے تین بیٹے مور، حیات اور نواب علی تھے۔ مور کے چھ بیٹے فتح شیر، ملک شیر، پہلوان، مصاحب، بہند اور چھبو تھے۔ مور کی جملہ اولاد بڑی ننگی گلہ صفحہ ۳۰۸ اور صفحہ ۳۰۹ داخلی نیریاں میں آباد ہے۔ حوالدار حاجی فقیر محمد مشہور سیاسی کارکن معروف ہیں۔ حیات اور نواب علی کی اولادیں ماجوماں اور بریوٹ صفحہ ۳۱۰ داخلی نیریاں میں

آباد ہیں۔ مرتا کے بیٹے ہنس کے تین فرزند مراد بخش، بخش اور ہاشم علی تھے۔ ان سب بھائیوں کی اولادیں پڑی، دووان اور گلہ صفحہ ۳۰۶ اور ۳۰۷ داخلی نیریاں میں آباد ہیں۔ مراد بخش کے پوتے روشن دین کے فرزند فضل حسین معروف شخصیت ہیں۔

الہ دین کے فرزند سجہ کی آٹھویں پشت میں نورا کے بیٹے منگا اور دوسرے بیٹے غریبو کے بیٹے کالا کی جملہ اولادیں مواضعات ناڑ اوڑی، کانجرین اور چتن شیر خان میں صفحہ ۳۲۴ اور صفحہ ۳۲۵ پر درج ہیں۔ جبکہ غریبو کے دوسرے بیٹوں محمد بخش اور بھگو کی اولادیں گوراہ میں ہیں۔ کالا کی پانچویں پشت میں بلو کے دو بیٹے مہندو اور ملکو تھے مہندو کی چھٹی پشت میں محمد سوار کے فرزندوں سے ملک محمد اسلم زرگر مشہور ہیں۔ مرکز منگ میں ایک جنرل، سٹور کے مالک ہیں سماجی و سیاسی کارکن مشہور ہیں۔ بلو کے دوسرے بیٹے ملکو کے پوتے موتم کے فرزند غازی چھبو خان تاریخ ساز شخصیت بقید حیات ہیں۔ جنگ آزادی کشمیر میں غازی چھبو خان اعوان کی دونوں آنکھیں ضائع ہو گئی تھیں۔ ۱۹۴۷ کی جنگ آزادی شروع ہوتے ہی غازی چھبو خان سرگرم ہو گئے۔ ڈوگرہ فوجیں بھاگ کر شہر پونچھ کے نزدیک چھجہ اور ساتوال کی پہاڑیوں کے نزدیک ایک بیرک میں مورچہ بند ہو کر تینوں اطراف سے گولہ باری سے آگ برسانے لگیں۔ غازی چھبو خان جو جوان مردی اور بہادری میں مشہور تھے رینگتے ہوئے ڈوگرہ فوج کے مورچہ نما اس مکان پر چڑھ گئے جہاں سے وہ مجاہدین پر گولہ باری میں مصروف تھے۔ چھبو خان کا پٹھو گرنیڈوں سے بھرا ہوا تھا اس مکان پر واقع چمنیوں سے گرنیڈ اندر پھینکنے شروع کر دئے جس سے درجنوں ہندو فوجی مر گئے۔ بقیہ جان بچا کر بھاگ نکلے۔ اب تمام اطراف سے چھبو خان پر بھی فائرنگ ہونے لگی کئی گولیاں ان کی ٹوپی اور کپڑوں کو پھاڑ کر نکل گئیں۔ دفعتاً ایک گولی چھبو خان کی بائیں آنکھ میں لگی اور دائیں آنکھ کو چیرتی ہوئی نکل گئی۔ تب یہ مجاہد اعظم گر پڑا۔ اسی دوران مجاہدین کی بڑی تعداد نے وہاں پہنچ کر اس مورچہ پر قبضہ کر لیا۔ غازی چھبو خان



اعوان کا یہ کارنامہ بے مثال ہے۔

حیات کے تیسرے بیٹے علی محمد کی اولاد رتونہ دھڑہ صفحہ ۲۸۰ داخلی چوکیاں میں آباد ہے علی محمد کی سترھویں پشت میں بھولا کے تین بیٹے صوفی سلطان محمد اور گلزار محمد ہیں۔ صوفی سلطان محمد حکیم حاذق علاج معالجہ کے کام سے منسلک ہیں۔ آپ کے دست شفا سے ہزاروں لوگ صحت یاب ہو رہے ہیں۔ صوفی سلطان محمد سماجی اور سیاسی کارکن کی حیثیت سے بھی مشہور ہیں۔ حیات کا چوتھا بیٹا شادی کی جملہ اولاد منوڑہ سیلال باڑی صفحہ ۲۷۴ داخلی نیریاں میں آباد ہے۔ شادی کی چودھویں پشت میں متولی کے چار فرزند شیر محمد، شیر عالم، دین محمد اور حیدر تھے۔ شیر عالم کے بیٹے دل محمد کے فرزند مقصود حسین محکمہ تعلیم سے وابستہ گورنمنٹ کالج میں لیکچرار ہیں۔ دین محمد خان کا بیٹا حاجی سنسار محمد اور سنسار محمد کا بیٹا محمد افضل تجارت پیشہ ہیں۔ ان کا دوسرا بیٹا صوبیدار فضل حسین ایم اے اسلامیات پنشنر ہیں راولپنڈی کے ایک سکول کے پرنسپل ہیں۔ متولی کے بیٹے حیدر کے تین فرزند عقل حسین، صوبیدار سید محمد شہید، اور مولوی محمد اسمٰعیل ہیں۔ ملک عقل حسین سماجی کارکن اور اس کا بیٹا حاجی عبدالعزیز تاجر ہے۔ صوبیدار سید محمد شہید ایک بہادر اور باجرأت فوجی افسر تھا اس نے کشمیر کے محاذ پر بہادری اور جان نثاری کے فقید المثال کارنامے انجام دئے موصوف کو ستارہ جرات کے اعزاز سے نوازہ گیا۔ اس کی خدمات کے اعتراف میں ملتان کے علاقہ میں ایک مربع زمین بھی تحفۃً دی گئی۔ صوبیدار سید محمد شہید کا ایک ہی بیٹا محمد حبیب سیاسی و سماجی کارکن ہے اور پیشہ تجارت سے منسلک ہے اس کا شجرہ نسب صفحہ ۲۷۲ پر درج ہے۔

نادر کے بیٹے حیات کی اولاد کا ذکر تمام ہوا۔ اب نادر کے دوسرے بیٹے عدیم کی اولاد کا ذکر درج ہوگا۔ عدیم کی دسویں پشت میں شاہ عالم کے دو بیٹے کڑکو اور حسین علی تھے۔ کڑکو کی جملہ اولاد کیری داخلی کمالہ صفحہ ۲۶۳ میں درج ہے۔ کڑکو

کی چوتھی پشت میں کپتان بشیر احمد اور نذر محمد معروف ہیں نذر محمد نے یہاں سے نقل مکانی کر کے راولپنڈی شہر میں سکونت اختیار کر لی ہے۔ شاہ عالم کا بیٹا حسین علی موضع تالاباڑی صفحہ ۳۷۲ میں آباد ہوا۔ اس کے دو بیٹے بھاول دین اور اللہ دتہ تھے اللہ دتہ نے یہاں سے نقل مکانی کر کے دیول صفحہ ۳۳۴ علاقہ سہنسہ کوٹلی میں سکونت اختیار کرلی اس کی جملہ اولاد دیول میں آباد ہے۔

مزمل علی ککگاں کی بیسویں پشت میں حاجی الہ یار نام کا ایک بزرگ موضع تھلاں پنڈ دادن خان میں رہائش پذیر تھا۔ وہ معہ اہل و عیال ادائیگی حج کے سلسلہ میں مکۃ المکرمہ تشریف لے گئے اور تسلسل کے ساتھ سات سال تک وہاں ہی مقیم رہے۔ وہ ہر سال فریضہ حج باقاعدگی سے ادا کرتے رہے یہاں ان کے تین بچے ہوئے دو بچپن میں ہی فوت ہوئے تیسرا بیٹا ان کے ہم سفر رہا۔ سات سال بعد وطن لوٹے تو کچھ عرصہ قیام کے بعد سیر و سیاحت کی خاطر کشمیر کا رخ کیا اور مظفرآباد کے مقام پر پیر علاؤالدین کی خانقاہ کے قریب سکونت اختیار کرلی۔ ان کے بیٹے محمد شفیع کے دو فرزند محمد عظیم اور سلطان محمد تھے محمد شفیع نے اپنے دونوں بیٹوں کے ہمراہ مظفرآباد سے نقل مکانی کر کے موضع دھمنی چھتر ملحق راولاکوٹ میں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ محمد شفیع کے بیٹے محمد عظیم کی تیسری پشت میں حسین علی کا پوتا میجر محمد سلیم فوج سے سبکدوش ہے۔ محمد شفیع کے دوسرے بیٹے سلطان محمد کی چوتھی پشت میں صوبیدار گل شیر خان دھمنی چھتر میں آباد تھے۔ ۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی میں موصوف نے گرم جوشی سے حصہ لیا۔ اس خاندان میں حاجی علی اصغر ایک متقی اور پرہیزگار شخص تھا آپ عمر بھر درس و تدریس کے محکمہ سے منسلک رہے ہیں۔ حاجی اصغر کا بیٹا محمد بشیر واپڈا پاکستان میں اعلیٰ عہدہ پر فائز رہا ہے۔ اس کا ایک فرزند محمد جمیل ایم ایس سی ایگریکلچر ایک زرعی سکول کا پرنسپل ہے اس کا دوسرا بیٹا میجر محمد شکیل پاکستان آرمی میں انجینئر کور میں حاضر سروس ہے۔ سلطان محمد کی چوتھی پشت میں محمد امین



کا پوتا عبدالمتین ایم ایس سی راولاکوٹ ایئرپورٹ پر شعبہ ٹریفک کے سربراہ ہیں۔ حاجی علی اصغر کے بھائی محمد رفیق کا ایک بیٹا محمد افتخار بیرون ملک کاروبار کرتا ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۵۷ اور صفحہ ۳۵۸ پر درج ہے۔

سلطان محمد کے بیٹے فتح محمد کے تین فرزند نور عالم، عطا محمد اور بلوچ خان ضلع باغ میں باغ شہر کے متصل موضع کیاٹ میں رہائش رکھتے ہیں۔ بلوچ خان کا بیٹا صوفی خادم حسین مشہور سماجی اور سیاسی کارکن ہیں۔ عطا محمد کا بیٹا منیر العزیز درس و تدریس کے محکمہ سے منسلک ہے۔ منیر العزیز کا بیٹا زاہد اقبال ایم ایس سی ایگریکلچر اسلام آباد کے زرعی کالج میں ملازم ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ...... پر درج ہے۔

تاریخ اقوام پونچھ کے مطابق حاجی اللہ یار کی اولاد سے کچھ لوگ منگ بجری اور ارجہ میں آباد ہیں لیکن ان کا شجرہ نسب دستیاب نہیں۔

# دور آپ راجی کا خود مختار علاقہ نالیاں

وادی نالیاں کی ۹۹ فیصد آبادی اعوان برادری پر مشتمل ہے جبکہ اکثریت مصریال خاندان کی ہے۔اس کے شمالاً جنوباً و شرقاً غرباً جملہ دیہات کے وہ علاقے جو نالیاں سے ملحق ہیں میں بھی غالب آبادی اعوان قوم کی ہے۔ زمانہ آپ راجی میں بابا مصری اور اسکی اولاد نے اس علاقہ میں اپنی سرداری قائم کی ہوئی تھی۔ ۱۸۴۷ میں جموں وکشمیر کی ریاست ڈوگروں کو منتقل ہوئی تو یہاں بندوبست اراضیات کا انعقاد ہوا جس کے نتیجہ میں باقاعدہ انتظامیہ قائم ہوئی۔ مخالفین کی سازباز سے بابا مصری کی قائم کردہ اس ننھی سی ریاست کو تقسیم کر کے ملحقہ علاقوں میں شامل کرا دیا گیا۔چنانچہ مصری کے پوتے مرید کے فرزند ملکو جو ملکوال قبیلہ کا جد اعلیٰ ہے اپنے چند بھائیوں کے ساتھ جموں پہنچا اور مہاراجہ کے ساتھ مل کر نالیاں گاؤں کی سرداری بحال کرانے میں کامیابی حاصل کی لیکن باقی علاقے واپس نہ ہو سکے۔

نالیاں کی آبادی کے ساتھ ساتھ گردونواح کے علاقے بھی آباد ہونا شروع ہو گئے تھے۔ان علاقوں میں اعوان قبائل زیادہ تعداد میں آئے اور یہاں ہی مستقل ہو گئے۔زمانہ آپ راجی میں انہی علاقوں پر مشتمل بابا مصری نے اپنا خود مختار علاقہ قائم کیا ہوا تھا۔اعوان سرداروں نے احسن طریق پر نظام چلانے کیلئے مختلف علاقوں میں اپنے نائبین اور نمبردار مقرر کیے تھے۔دستیاب معلومات کے مطابق سمیر مل میں شاہ باز، اکمرود میں جیتا سر میں جھنڈا نامی اشخاص بطور نمبردار کام کرتے تھے۔موضع کھالہ کے گاؤں ٹھوڈ میں سانولا اور جنوب میں پنوچھی کے گاؤں میں جنا اس ریاست کے نمائندے تھے۔وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ ریاست کے نمائندے بھی تبدیل ہوتے رہے تاآنکہ ڈوگرہ عہد آ گیا۔

جیسا کی پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ محمد دین فوق نے تاریخ اقوام پونچھ میں زمانہ



آپ راجی کے دوران پونچھ کی تحصیل سدھنوتی میں سدھن اور بدھن (اعوان) قبائل کے خود مختار علاقے قائم کرنے کا حوالہ دیا ہے۔ سید محمود شاہ آزاد نے تاریخ پونچھ میں زمانہ آپ راجی کا ذکر تفصیل سے کیا ہے اور لکھا ہے کہ خود مختار سرداروں نے کوٹ اور ڈھیروں کے نام پر قلعے تعمیر کر رکھے تھے جہاں وہ رہائش پذیر تھے اور تنازعات کے فیصلے کرتے تھے نالیاں کے مرکز میں بھی ایک پہاڑی کا نام کوٹ ہے یہاں پرانی عمارتوں کے کھنڈرات موجود ہیں نالیاں کی خود مختار ریاست کا مرکز یہی کوٹ تھا۔

محمود شاہ آزاد نے خود مختار سرداروں کے متعلق داستانوں کے بعض جگر سوز واقعات اور اخلاقی قدروں کی پامالی کے متعلق بعض پہلوؤں کا بھی ذکر کیا ہے جو بے حد افسوسناک ہے۔ لیکن اعوان سرداروں نے اپنے اپنے علاقوں میں اسلامی اصولوں کے تحت اعلیٰ اخلاقی معیار قائم رکھے ہوئے تھے جن پر وہ خود عمل کرتے تھے اور اپنی رعایا سے بھی سختی سے عمل کراتے تھے۔اعوان لوگ اللہ کی سرزمین میں تبلیغ اسلام کے مقدس مشن پر آئے تھے۔اس لئے ان سے غیر اخلاقی اور غیر اسلامی حرکات سرزد ہونے کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔

وادیٔ نالیاں اور اس کے گردونواح میں ایسی قوتیں موجود تھیں جنھوں نے نالیاں کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ملحقہ علاقوں میں ضم کرا دیا تھا۔ لیکن بابا ملکو نے اپنی سرداری بحال کرا لی تو انہیں بڑا دکھ ہوا ان لوگوں نے بزور شمشیر نالیاں پر قبضہ کرنے کی ٹھان لی اور یکے بعد دیگرے دو ناکام حملے کیے۔ان حملوں کے دوران کچھ ہلاکتیں بھی ہوئیں اپنی ناکامی سے پریشان ہو کر انہوں نے بابا ملکو کو ہلاک کرنے اور نالیاں پر قبضہ کرنے کیلئے تیسرے حملے کی تیاری شروع کر دی جس کا علم بابا ملکو کو ہو چکا تھا۔ بابا ملکو نے اپنے دفاع کے سلسلہ میں فن گتکا کے مشہور ماہر اپنے پرانے ساتھی کالا ولد مرتا ساکن پڑی داخلی نیریاں کی سربراہی میں گتکا کے ماہر افراد پر مشتمل ایک لڑاکا دستہ قائم کر رکھا تھا۔ گتکا ایسے فن کا نام ہے جو لاٹھیوں اور سوٹوں سے وار کر کے دشمن کو

زیر کرنے کے عمل میں لایا جاتا ہے۔ گتکا کے ماہر تلوار کے بھی دھنی ہوتے ہیں اپنے مد مقابل پر آسانی سے فتح پاتے ہیں۔ مخالفین نے آخری حملہ آدھی رات کو کیا تاکہ سوئے ہوئے دشمن کو نیست و نابود کر دیں لیکن بابا ملکو کے سپاہی چوکنا تھے۔ مختلف سمتوں سے للکار پر دشمن مختصر سی جھڑپ کے بعد پسپا ہو گیا۔ رات کے اندھیرے میں بھاگنے والوں کا تعاقب کیا گیا۔ ان میں سے کچھ لوگ سرحد پر واقع خالی مکان میں چھپ گئے جس کی گرد گھیرا ڈال دیا گیا یہ مقام آج بھی تھانئی کے نام سے مشہور ہے۔ صبح ہوئی تو پکڑ لیے گئے اور انہیں آئندہ حملہ نہ کرنے کے وعدہ پر معاف کر دیا گیا۔ عام حالات میں ایک دن کا سفر پیدل طے کرنے کے بعد نالیاں کے مرکز میں کامیاب ہونا مشکل کام تھا یہی وجہ ہے کہ حملہ رات کی تاریکی میں ترتیب دیا گیا جو دشمن کی ناکامی کا سبب بنا۔

کہتے ہیں نالیاں پر حملہ آور ہونے والے لوگوں میں نمبردار قمر علی خان کہالہ پیش پیش تھا۔ وہی افرادی قوت کو منظم کرنے اور نالیاں کو فتح کر کے اپنی قلمرو میں شامل کرنے کی زبردست جدوجہد کرتا رہا ہے۔ مرحوم اچھی صلاحیتوں کا مالک اور نڈر تھا یہی وجہ ہے کہ اسے نالیاں کو بزور شمشیر فتح کرنے کا حوصلہ ہوا لیکن ناکام رہا۔

## بدھن اعوان اور بینس

۱۹۳۰ء کی دہائی میں جب ایکٹ انتقال اراضی کے نفاذ کے نتیجہ میں زراعت پیشہ اقوام کی فہرست میں درج ہونے کیلئے بعض اقوام کی صحتِ قوم کی تحریک زوروں پر تھی سابق ریاست پونچھ کے جنوب مغرب میں آباد بدھن قبیلہ کے بعض لوگ بطور اعوان صحیح ہونے کے بجائے دوسری اقوام میں شامل ہو گئے۔ ان میں سرفہرست چند اشخاص ایسے تھے جو قوم بینس کے طور پر صحت ہوئے۔ ضلع پونچھ کے جنوب اور جنوب مغرب میں رہنے والے کچھ خاندان ایسے بھی ہیں جو یک جدی ہونے کے



باوجود اعوان اور بینس اقوام میں تقسیم ہو گئے بلکہ بعض خاندان اس طرح تقسیم ہوئے کہ ایک بھائی اعوان ہے اور دوسرا بینس بن گیا اعوان قوم کے متعلق اس کتاب کی ابتدا میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ اعوان عربی النسل اور حضرت علیؓ شیر خدا کی اولاد سے ہیں جب کہ بینس قوم ہندوستانی الاصل اور ہندو اقوام سے متعلق ہے۔ محمد بن فوق نے تاریخ اقوام پونچھ کے صفحہ ۱۶۱ پر بینس قوم کا ذکر کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ "یہ قوم جس کے افراد کی تعداد تحصیل سدھنوتی اور مہنڈر کے مواضعات (مہنڈر کے مواضعات کی تفصیل نہیں لکھی) میں تین ہزار بتائی جاتی ہے۔ عرصہ تک تحصیل سدھنوتی میں بدھن قوم کے ساتھ رشتہ داری کی وجہ سے بدھن ہی مشہور رہی اور سرکاری کاغذات میں قوم بدھن ہی درج ہیں۔ بینس قوم کے ذی فہم افراد نے چند سال سے صحت قوم کی طرف حکام کی توجہ دلائی۔ چنانچہ مواضعات سہر، بساڑی، بریوٹ اور کہالہ میں صحت قوم کی وجہ سے اس قوم کے بعض اشخاص جو بدھن قوم میں شامل تھے اب مواضعات مذکورہ کی جمع بندیوں میں بینس لکھے جاتے ہیں"۔ وہ مزید لکھتے ہیں "بینس کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟ یہ قوم راجپوت ہے یا کسی اور طبقہ سے اس کا تعلق ہے۔ راجپوت ہے تو کس کی اولاد سے ہے اس کے متعلق اس قوم کا بیان ہے کہ وہ راجہ مل کے بیٹے بیر خان کے فرزند باسی خان کی اولاد سے ہیں جو کھیالہ ضلع جہلم جہاں جنجوعہ قوم کا اقتدار رہا ہے سے پونچھ میں آیا"۔ لیکن موصوف اس دعوے کو تسلیم نہیں کرتے کہ بینس قوم کے مورث اعلیٰ کا نام باسی خان ہے وہ کہتے ہیں کہ بینس قوم کے مورث اعلیٰ کا نام بینس خان یا بینسو خان ہو سکتا ہے۔ بینس قوم کے سلسلہ میں وہ تاریخ سیالکوٹ از منشی امین چند مطبوعہ ۱۸۶۷ جو سیالکوٹ کے بندوبست اراضی کے متعلق ہے کا سہارا لیتے ہوئے جاٹ اقوام کے ذیل میں وینس قوم کے ذکر میں لکھتے ہیں یہ قوم بھی جنجوعہ راجپوتوں میں سے مثل قوم گھمن کے ہیں اور یہ کہ لفظوں کے تغیر و تبدل، ہیر پھیر اور بہ مرور ایام وینس سے بدل کر بینس مشہور گیا۔ اس لئے ہم بینس کو وینس اور وینس کو بینس تسلیم

کر لینے میں حق جانب ہیں۔ تاریخ سیال کوٹ کے مصنف نے ونیس یا بینس کو جنجوعہ راجپوت تسلیم کیا ہے اور پونچھ کی بینس قوم کا دعویٰ ہے کہ وہ راجہ مل کی اولاد سے ہے اور جنجوعہ راجپوت ہے۔

منشی امین چند لکھتے ہیں کہ مسمی ونیس فروز شاہ بادشاہ کا ملازم تھا اور اسی کے ہمراہ سیالکوٹ آیا جس سے قوم ونیس چلی۔ یہ قوم مواضعات کورڑ، چک، خانا، ہر دو بینس اور دہندل میں آباد ہے۔ سیالکوٹ میں ہر دو بینس نامی گاؤں اسی کے نام سے موسوم ہے لیکن تاریخ فروز شاہی از ضیاء برنی کے حوالے سے فوق صاحب تاریخ اقوام پونچھ کے ۱۶۵ پر لکھتے ہیں کہ فیروز شاہ ۷۵۲ھ سے ۷۹۹ھ تک تقریباً چھ صد سال پہلے ہندوستان کا بادشاہ تھا وہ کبھی سیالکوٹ نہیں آیا البتہ اس کی اولاد سے کوئی شخص پونچھ آیا ہو گا۔ جس سے بینس قوم چلی۔ فوق صاحب یہ بھی کہتے ہیں کہ بینس قوم کے داخلہ پونچھ کے زمانہ کا تعین بہت دشوار ہے۔

محمد دین فوق صاحب جنجوعہ قوم کے ضمن میں لکھتے ہیں کہ جنجوعہ اپنا نکاس پانڈو کی اولاد سے بتاتے ہیں اور وہ جنجوعہ خاندان کا سب سے بڑا بزرگ راجہ مل کو تسلیم کرتے ہیں تاریخ اقوام پونچھ کے صفحہ ۱۶۸ پر وہ مزید لکھتے ہیں۔ کہ راجہ مل ۹۸۰ کے قریب جودھپور یا قنوج سے نقل مکانی کر کے نواح جہلم میں آیا اور ایک موضع راج گڑھ کے نام سے آباد کیا جس کا نام بعد میں اس کے بیٹے جودھ نے ملیالہ رکھا جو اب ملوٹ مشہور ہے۔ اسی راجہ کے زمانہ میں محمود غزنوی نے ہندوستان پر حملہ کیا تو راجہ مل لڑائی میں شکست کھا کر اسیر ہونے کے بعد اپنی جان بچانے اور اپنے ملک کی بادشاہی دوبارہ حاصل کرنے کیلئے مسلمان ہو گیا۔ جنجوعوں کے قول کے مطابق راجہ مل جب مسلمان ہوا تو اس کے پانچ فرزند جوان تھے جن میں باسی خان (جد اعلیٰ قبیلہ بینس) کا



باپ بیر بھی تھا۔

یاد رہے کہ اعوانوں کے آنے سے پہلے پوٹھوار کا علاقہ جو سون سکیسر سے مری کی پہاڑیوں تک پھیلا ہوا ہے جنجوعہ قوم کے سرداروں کے قبضہ میں تھا۔ جنجوعہ راجپوت واضح تاریخی پس منظر اور مضبوط روایات کی حامل قوم ہے۔ فوق صاحب کے مطابق جنجوعوں کا بیان ہے کہ جنجوعہ لفظ جنجو یعنی زنار سے نکلا ہے جو راجہ مل اور دیگر ہندو پہنتے تھے اب ہندوؤں میں زنار کا پہننا لازمی ہے۔ زنار اس دھاگہ کو کہتے ہیں جو ہندو گلے اور بغل میں باندھتے ہیں۔ عیسائی، مجوسی اور یہودی بھی ایک دھاگہ کمر میں باندھتے تھے اسے بھی زنار کہا جاتا ہے۔ جنجوعے کہتے ہیں کہ راجہ مل نے جنجو توڑا تھا تو اس کی اولاد جنجوعہ کہلانے لگی لیکن اس میں بعض مصنفین کو اختلاف ہے۔ مصنف راجپوت گوتیں لکھتا ہے کہ مل کے ایک بیٹے کا نام جودھ تھا جو بگڑ کر جنجوعہ ہو گیا۔ ایک انگریز مصنف برانڈرتھ کا بیان ہے کہ راجہ مل کے دوسرے بیٹے بیر کی اولاد جنجوعہ کہلاتی ہے۔ قبل ازیں ہم لکھ چکے ہیں کہ بینس قوم کے مطابق وہ بیر خان کے بیٹے باسی خان کی اولاد ہیں اگر برانڈرتھ کی دلیل کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو بینس اور جنجوعے ایک ہی شخص کی اولاد ہیں۔

تاریخ اقوام پونچھ کے مطابق پونچھ کے جنجوعوں کی آبادی صرف تحصیل مہنڈر کے دیہات لسانہ، پٹھانہ تیر، اڑی، کلھوتہ، کوٹان، ملکوتہ، نڑول، ہولہ، سلواہ، بھیرہ، کالابن، میدان، گورسائی، ناڑ اور علاقہ سورن میں ہے۔ لیکن ان دیہات میں بینس قوم کی موجودگی کا کوئی ثبوت موجود نہیں۔ البتہ سورن گوہلد، اڑی، کلھوتہ، ملکوتہ اور چند دوسرے دیہات میں کھوکھر اعوانوں کے کچھ

خاندان موجود ہیں۔ جو ملک یا قریشی کہلاتے ہیں۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ ضلع پونچھ کے دیہات سہر، کہالہ، بساڑی، بریوٹ، نیریاں، رکڑ اور انہاری کے علاوہ پورے پونچھ، باغ اور مظفر آباد میں ہنس قوم موجود نہیں۔ ضلع کوٹلی کے دیہات روولی، ففوش، کڑتی، اشکیالی اور چوکی وغیرہ میں دیگر اقوام کے ساتھ ہنس آبادی بھی موجود ہے اور میرپور میں میرپور شہر سے چک سواری تک پچیس میلوں کے پورے بیلٹ میں میرپور ڈیم کے کنارے واقعہ دیہات اور شہروں میں جٹ، چپ، اعوان، گوجر اور دیگر اقوام کے ساتھ ساتھ ہنس قوم کی کثیر آبادی موجود ہے۔ علاقہ جاتلاں میں ساٹھ ستر گھروں پر مشتمل ایک پورا ہنس نامی گاؤں میں خالص آبادی موجود ہے جبکہ صرف ایک سو گز کے فاصلہ پر بڈر گاؤں جو دو اڑھائی صد گھروں پر مشتمل ہے خالص اعوانوں کی آبادی ہے یہاں ہنس اور اعوان اقوام کے باہمی روابط نہایت دوستانہ اور برادرانہ ہیں۔

اگر پونچھ کی ہنس قوم کا یہ دعویٰ درست تسلیم کر لیا جائے کہ باسی خان گڑھ کھیالہ سے پونچھ آیا جس سے ہنس قوم چلی تو یہ بھی ماننا پڑے گا کہ پونچھ سے ہی کچھ لوگ کوٹلی، میرپور اور سیالکوٹ گئے ہوں گے۔ لیکن حقائق اور واقعات کی روشنی میں ایسا ہونا ممکن نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں کوئی تاریخی شہادت یا حوالہ بھی دستیاب نہیں کوٹلی اور میرپور میں ہنس ایک اعلیٰ درجہ کی ترقی یافتہ قوم ہے نیز وہ لوگ تعداد میں بہت زیادہ ہیں اس لئے قرین قیاس ہے کہ پونچھ سے نہیں بلکہ ہنس قوم کی ابتدا میرپور یا سیالکوٹ وغیرہ سے ہوئی ہوگی اور ممکن ہے وہاں سے صدیوں بعد کوئی شخص پونچھ آیا ہو۔ جس کی کوئی دستاویزی شہادت موجود نہیں۔



تحقیق الاعوان کے مصنف خواص خان نے اعوانوں کی کل ۸۳ گوتوں کا تذکرہ کیا ہے جن میں ہنس قوم کو بھی اعوانوں کی ذیلی گوت بتایا ہے لیکن اسکی کوئی وجہ نہیں لکھی نہ ہی کوئی تاریخی حوالہ دیا ہے۔ محمد دین فوق نے بھی ہنسوں کو اعوانوں کی مشہور گوت بدھن میں شامل کیا ہے۔ موصوف نے لکھا ہے کہ پونچھ کی صرف دو تہائی تحصیلوں سدھنوتی اور مہنڈر میں ہنسوں کی آبادی ہے۔ تحصیل مہنڈر کا غالب حصہ مقبوضہ کشمیر (پونچھ) میں ہے۔ اس تحصیل کے جو چند دیہات آزاد کشمیر میں شامل ہیں ان میں اعوان تو موجود ہیں لیکن ہنس آبادی موجود نہیں۔ البتہ سابق تحصیل سدھنوتی کے دیہات سہر، کہالہ، بساڑی، بریوٹ، نیریاں، رکڑ، اور انہاری وغیرہ میں ہنسوں کی آبادی موجود ہے۔ تعجب ہے کہ درج بالا دیہات میں بدھنوں اور ہنسوں کی آبادی بین بین ہے جہاں کہیں بدھن اعوان ہیں وہاں ہنسوں کی کچھ نہ کچھ آبادی ضرور موجود ہے۔ اس علاقہ میں ہنس اور اعوان صدیوں سے یک جان دو قالب کے طور پر رہتے رہے ہیں ان میں باہمی رشتے ناطوں کی روایات اس قدر گہری اور ہمہ گیر ہیں کہ ان میں پہچان بھی مشکل ہے۔ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ آبادی میں پھیلاؤ کی وجہ سے ان روابط میں اضافہ ہو رہا ہے۔ لیکن یہ امر ہنوز تاریخ کے دبیز پردوں میں مخفی ہے کہ اگر پونچھ کے ہنس باسی خان یا ہنس خان کی اولاد ہیں اور گڑھ کھیالہ ضلع جہلم سے براہ راست پونچھ میں وارد ہو کر یہاں ہی آباد ہوئے تو اپنے تسلیم شدہ اور معروف قومی تشخص کو یکدم بھول کر بدھن قوم میں کیوں اور کیسے گم ہوئے انہیں صدیوں تک اس کی خبر تک کیوں نہ ہوئی اور بیسویں صدی کی تیسری دھائی میں انہیں یکایک یہ خیال کیسے آیا کہ وہ بدھن نہیں بلکہ ہنس ہیں۔ ایک اور قابل غور نکتہ یہ ہے کہ تحقیق

الاعوان کے مطابق ۴۱۲ھ بمطابق ۱۰۲۷ء تک شمالی پنجاب کا سارا علاقہ جو پوٹھوار مشہور ہے۔ عون قطب شاہ اور اس کی اولاد کے ہاتھوں فتح ہو کر سلطنت غزنویہ میں شامل ہو چکا تھا تو یقین سے کہا جا سکتا ہے۔ کہ راجہ مل اسی دور میں مسلمان ہوا ہے اس لحاظ سے راجہ مل کا پوتا ونیس المعروف بینس یا باسی خان سیال کوٹ نہیں گیا وہ تقریباً ایک ہزار سال پہلے پونچھ آیا ہو گا۔ جبکہ اعوان لوگ جو بدھن مشہور تھے تقریباً پانچ چھ صد سال بعد پونچھ میں وارد ہوئے تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ صدیوں پہلے آباد شدہ واضح روایات کی حامل قوم نووارد لوگوں میں کیسے خلط ملط ہوئی کہ اپنا تشخص ہی کھو بیٹھی۔
اس سلسلہ میں بینس قبیلہ کے بعض صاحب الرائے اور دانشور حضرات سے بات ہوئی تو زیادہ تر لوگوں نے خاموش رہنا بہتر سمجھا۔ چند حضرات نے بات کی بھی تو نامکمل۔
بہت سے لوگوں نے اس مسئلہ کو نہ چھیڑنے کا مشورہ دیا تقسیم شدہ خاندانوں کے اعوان دانشوروں سے پوچھا گیا تو وہ بھی تقسیم کے محرکات کی نشاندہی نہ کر سکے۔ ان سوالوں اور ایسے کئی ممکنہ سوالات کا جواب تلاش کرنے کیلئے اعوان اور بینس دونوں قوموں کے اہل قلم حضرات اور صاحبان دانش و بینش کو سر جوڑ کر بیٹھنا چاہیے اور ان اسباب و علل کا پتہ لگانا چاہیے جس کی وجہ سے خون اور دودھ کے رشتوں سمیت معاشی ، معاشرتی، خاندانی، مجلسی قدروں اور جملہ دیگر روایات میں ایک ہونے کے باوجود اعوان اور بینس دو ایسی قومیں بن گئیں جن میں مشرق اور مغرب کا بُعد ہے۔ تقسیم شدہ خاندانوں کو اس سلسلہ میں خصوصی دلچسپی لینی چاہیے۔ ان دانشواروں پر لازم ہے کہ وہ حضور اکرم ﷺ کی کم از کم تین احادیث جن کا ذکر کتاب ھذا کے شروع میں ہو چکا ہے کی روشنی میں تحقیق و جستجو کے ذریعے صحیح اور بے لاگ تاریخی حقائق کو صفحہ



قرطاس پر لا کر اس تاریخی ابہام کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ اگر ہم ایسا کرنے میں ناکام رہے تو مستقبل کا مورخ ایسے مخفی حقائق کو منظر عام پر لانے میں یقیناً کامیاب ہو گا۔

تحصیل پنڈری کی یونین کونسلوں سیزنالیاں اور کہالہ کے دیہات میں آباد بینس قوم کے دو مشہور قبائل کلمنڈ اور تابلال آباد ہیں۔ یہ دونوں قبائل اپنا اپنا خاندانی پس منظر رکھتے ہیں۔ ان پر تحقیق ہونی چاہیئے تاکہ اس کے اسلاف کے متعلق واضح حالات منظر عام پر آسکیں۔ بینس صاحب قلم حضرات کو اس سلسلہ میں خصوصی دلچسپی لینی چاہیئے۔ ان قبائل میں نیک سیرت، صاحب علم اور باصلاحیت لوگ موجود ہیں۔ جو اس کام کی بطریق احسن تکمیل کر سکتے ہیں۔

# پونچھ کے صد قال

صد قال قبیلہ کی زیادہ تعداد راولاکوٹ اور اس کے نواح میں آباد ہے اور قاضی کے لقب سے مشہور ہیں اس قبیلہ کے لوگ پلندری اور ضلع باغ کے مختلف علاقوں میں بھی موجود ہیں۔ تاریخی حقائق سے ثابت ہے کہ اس قبیلہ کا تعلق کالاباغ کے نواب خاندان سے ہے جو صد قال مشہور ہیں اس قبیلہ کی بڑی تعداد ضلع اٹک کے علاقہ توت تک، تمن وغیرہ میں بھی مستقل سکونت رکھتے ہیں۔ وہاں بھی یہ لوگ زمانہ کے لحاظ سے اعلیٰ ترقی یافتہ، منظم اور وسیع اثر و رسوخ کے مالک ہیں۔ شاہ جہاں کے آخری دور میں عون قطب شاہ کے بیٹے مزمل علی کلگان کی اولاد سے ایک شخص شریف خان چوہاسیداں شاہ میں کسی بڑے عہدہ پر فائز تھا۔ کسی وجہ سے یہ عہدہ چھوڑ کر اکیلے ہی وہاں سے چل پڑا اور براستہ پکھلی ہزارہ مظفرآباد کے قریب موضع سراں پہنچا۔ یہاں مختصر قیام کے بعد براستہ چکار پونچھ (حال ضلع باغ) میں داخل ہو کر موضع خواجہ رتنوئی (اب اس کا نام سیور ہے) میں قیام کیا۔ یہ معلومات قاضی محمد ابراہیم خان مرحوم سابق سیکرٹری حکومت آزاد کشمیر نے فراہم کیں تھیں لیکن سید محمود شاہ آزاد نے تاریخ پونچھ میں لکھا ہے کہ "شریف خانی اعوانوں کا مورث اعلیٰ چوہاسیداں شاہ سے ہزارہ میں آیا۔ ان کی اولاد سے ایک شخص شریف خان پہلے مظفرآباد کے علاقہ سراں اور پھر تحصیل باغ کے موضع رتنوئی میں آکر آباد ہوا۔ اس زمانہ میں کشمیر میں پٹھانوں کی حکومت آخری سانس لے رہی تھی۔ کشمیر میں سکھوں کے قبضہ کے ساتھ ہی شریف خان کو مہتمم مقرر کیا گیا۔ اس زمانہ میں شریف خان کا شمار چوٹی کے علما میں



تھا۔ اسے سکھوں کے دربار میں بڑا اقتدار حاصل تھا لیکن سکھوں کے گورنر سے ناراضگی کے بعد دہ سراں بالکسر نام کے گاؤں ضلع مظفرآباد میں آباد ہوا۔ سکھوں نے گڑھی کے سلطان کو ہدایت کی کہ شریف خان اپنے علاقہ میں واپس نہ جانے پائے کیونکہ وہاں بغاوت کا خطرہ تھا۔ سلطان گڑھی نے شریف خان کا راستہ روکنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہا۔ کھکھہ راجگان کی مدد سے شریف خان چکار میں آباد ہو گیا۔ کھکھہ اور ہمہ قبائل میں جنگیں عروج پر تھیں اس لیے شریف خان نے سادات گیلانیہ کے کچھ بزرگوں کے ہمراہ سیور پہنچ کر وہاں ہی مستقل رہائش اختیار کر لی۔ قاضی محمد ابراہیم کا اظہار ہے کہ شریف خان نے یہاں ہی شادی کی اور درس و تدریس کے ذریعے تبلیغ اسلام کا سلسلہ شروع کر دیا وہ ایک وجیہہ، خوبصورت اور اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی فقہ اور دیگر اسلامی علوم میں عبور رکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے شریف خان کو تین فرزند عطا فرمائے۔ شریف خان نے اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی۔ انہیں زیور تعلیم سے اس طرح آراستہ کیا کہ وہ شریف خان کی تبلیغی سرگرمیوں کو نہ صرف جاری رکھیں بلکہ ان میں خاطر خواہ اضافہ بھی کریں۔ شریف خان کے بیٹوں میں محمد حیات خان، عبداللہ خان اور امراللہ خان جنہوں نے اپنی خاندانی روایات کے تحت اسلام کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی تھی تبلیغ اسلام کا کام دور دراز تک پھیلانے کا عزم کیا۔ شریف خان جو بوڑھے ہو چکے تھے نے بڑے بیٹے محمد حیات خان کو سابق ریاست پونچھ کے علاقہ راولاکوٹ کے موضع دھمنی میں تبلیغی سرگرمیوں کو منظم کر کے اسلام کی عالمگیر دعوت کو عام کرنے کیلئے بھیجا۔ محمد حیات خان نے دھمنی میں مستقل قیام کیا اور اپنا کام جاری رکھا اس کی اولاد نے بھی دعوت

حق کو پھیلانے کو اپنا مقصد حیات بنا لیا۔ چنانچہ وہ مختلف علاقوں میں پھیل گئے۔ محمد حیات خان کی اولاد ضلع پونچھ کی تحصیل راولاکوٹ کے دیہات دھمنی بر منگ ،کوئیاں ، دوتھان، ریڑین، حسین کوٹ اور تحصیل پلندری کے موضعات گڑالہ (کوٹھیاں)اور بیتراں میں آباد ہیں۔ موضع دھمنی اور بر منگ کے قاضی عبدالحسین، قاضی محمد صدیق ، قاضی منظور حسین اسمبلی رپورٹر آزاد کشمیر اور قاضی صابر حسین بی اے ایل ایل بی سیکشن آفیسر محکمہ زراعت اسی شاخ سے تعلق رکھتے ہیں۔ قاضی صابر حسین کے تین بیٹے ڈاکٹر ممتاز، محمد اقبال اور محمد امتیاز ہیں۔ قاضی صابر حسین کا بھائی محمد خورشید مدرس محکمہ تعلیم ہے موضع کوئیاں میں قاضی محمد حنیف اور قاضی محمد حمید بی اے ایل ایل بی محکمہ انکم ٹیکس راولاکوٹ، موضع دوتھان میں محمد صادق خان سب انسپکٹر پولیس صوبہ سندھ اور محمد افسر خان جبکہ ریڑین میں قاضی فیروز دین اس خاندان کی مشہور شخصیات ہیں۔ حسین کوٹ میں ایک بزرگ گذرے ہیں جن کا اسم گرامی رانجھا تھا۔ یہ ولی اللہ ہوئے ہیں ان کا مزار حسین کوٹ میں ہے ان کی اولاد سے لیفٹیننٹ محمد عظیم خان اور صوبیدار محمد حسین ہیں۔ گڑالہ میں محمد ایوب خان، محمد اعظم خان، قاضی محمد دین اور قاضی مقبول حسین ملازم محکمہ مال حکومت ریاست جموں کشمیر اسی شاخ سے تعلق رکھتے ہیں اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۶۵ پر دستیاب ہے۔

شریف خان کے دوسرے بیٹے عبداللہ کی اولاد موضع پتراٹہ اور موضع ڈھکی پنڈی ضلع باغ اور مواضعات تراڑ وتیال میرہ راولاکوٹ میں آباد ہے۔ محمد ابراہیم خان سیکرٹری حکومت آزاد کشمیر، عبدالحمید خان رجسٹرار محکمہ امداد باہمی آزاد کشمیر،



شوکت حیات اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ سپورٹس دیوتھ ، قاضی محمد امین سیکشن آفیسر محکمہ مالیات اور قاضی محمد حنیف سیکشن آفیسر ہوم ڈیپارٹمنٹ حکومت آزاد کشمیر کا تعلق عبداللہ خان کی اولاد سے ہے اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۶۶ پر موجود ہے۔

مواضعات سرسیداں و میرہ ضلع باغ میں شریف خان کے تیسرے بیٹے امر اللہ کی اولاد آباد ہے۔ قاضی محمود احمد ملازم محکمہ مال ضلع باغ اور محمد ابراہیم خان اکاؤنٹس آفیسر حکومت ریاست جموں کشمیر اسی خاندان کے چشم وچراغ ہیں اس خاندان کا شجرہ نسب دستیاب نہیں ہوا۔

# سنگولہ کے سادوال

حضرت عون قطب شاہؒ کے تیسرے بیٹے مزمل علی کلگاں کی چھٹی پشت میں اور بعض مورخین کے نزدیک ساتویں پشت میں بہیایا پہیو کے نام کے بزرگ اعوان کاری میں رہتے تھے۔ وہ اپنے خاندان میں اپنی بیوی چنن جان کے ہمراہ ہنسی خوشی زندگی بسر کر رہے تھے دونوں میاں بیوی کے شب و روز دنیاداری کے ساتھ ساتھ یاد اللہ میں بسر ہوتے تھے۔ عبادت و ریاضت، نیکی اور حسن سلوک، طہارت و پاکیزگی حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی میں وہ کوئی لمحہ فروگذاشت نہیں کرتے تھے۔ جیسا کہ مشہور ہے کہ اس زمانہ میں قبائل اور خاندانوں کے مابین رنجشیں اور دشمنیاں زوروں پر تھیں۔ محبت حسین اعوان کے مطابق ایک رات ان کے مخالفین نے شب خون مارا اور بابا بہیا سمیت ان کے خاندان کے تمام مردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ مائی چنن جان نے اپنی جان بچا کر گاؤں کے قبرستان میں رات بسر کی اس معرکہ میں مائی صاحبہ کا دیور بابا داؤد زندہ بچا جو بسلسلہ تجارت کشمیر گیا ہوا تھا۔ صبح ہوتے ہی مائی صاحبہ اپنے کنیز کے ہمراہ دریائے سندھ کے کنارے کنارے شمال کی جانب چل پڑیں اور سینکڑوں میل کا سفر طے کر کے درمند کے گاؤں سیری مثانہ پہنچیں اور محنت اور مزدوری سے اپنے گزر اوقات پر قناعت کی۔ کہتے ہیں کہ اس گاؤں میں ایک دن سخت دھوپ اور گرمی میں گندم کی فصل کاٹی جا رہی تھی اور مائی صاحبہ گندم کاٹنے والوں کے پیچھے پیچھے گندم کے خوشے اکٹھے کرنے میں مصروف تھیں تو ابر کا ایک ٹکڑا اس کھیت پر سایہ کیے ہوئے تھا جب کہ اس کے اردگرد سخت دھوپ اور گرمی تھی سب لوگ حیران



تھے کہ ایسا کس وجہ سے ہے۔ تحقیق الاعوان کے مطابق اس کھیت کے مالک نے یہ منظر دیکھ کر گندم کاٹنے والوں کو دوسرے کھیت میں بھیج دیا تو ابر کا ٹکڑا بدستور مائی صاحبہ کے سر پر سایہ افگن رہا تب اسے یقین ہو گیا کہ یہ مائی صاحبہ کی وجہ سے ہے اس لئے اسے ان کی عظمت کا یقین ہو گیا۔ ان دنوں مائی صاحبہ کا قدم بھاری تھا۔ مشہور ہے کہ مالک زمین نے مائی صاحبہ کی خدمت میں حاضر ہو کر انہیں اپنی کفالت میں لینے کی پیش کش کی لیکن مائی صاحبہ نے اسے ٹھکرا دیا اور بدستور محنت شاقہ سے اپنی ضروریات زندگی حاصل کرنے میں مصروف رہیں۔ انہوں نے کسی کے گھر بھا بیٹھ کر زندگی گذارنا گوارانہ کیا کچھ عرصہ بعد بچے کی ولادت ہوئی جو بعد میں مشہور ولی اللہ بابا سجاولؒ کے نام سے مشہور ہوئے۔ یہ حسن اتفاق ہے کہ مائی صاحبہ کی رفاقت میں جو کنیز ہم سفر تھی ان دنوں اس کا قدم بھی بھاری تھا لیکن اس کے خاوند کے متعلق معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ سیری مثانہ میں قیام کے دوران مذکورہ کنیز کے شب و روز مائی صاحبہ کی خدمت میں بسر ہوتے رہے۔ بابا سجاولؒ کی ولادت کے کچھ عرصہ بعد اس کنیز کے بطن سے بھی ایک غریب الدیار بچہ پیدا ہوا جو بابا دراب کے نام نامی اسم گرامی سے موسوم ہوا۔ محبت حسین اعوان مفتی ادریس کے حوالہ سے کہتے ہیں کہ بابا سجاولؒ نے وصیت فرمائی کہ ان کی موت کے بعد بابا دراب کی آخری آرام گاہ ان کی پائنتی کی جانب ہو کہ وہ انہیں اپنا غم خوار اور یار غار سمجھتے تھے۔ کہتے ہیں کہ کچھ مدت بعد دونوں محترم خواتین اپنے بچوں کے ہمراہ سیری مثانہ سے تحصیل مانسہرہ کے علاقہ پکھلی کے گاؤں نوکوٹ کے نزدیک شادو کنڈ یا شاہ کنڈ کے مقام پر تشریف لے گئیں اور یہاں ہی مستقل طور پر بودوباش اختیار کر لی۔ مائی صاحبہ کے نام پر علاقہ تناول میں چندور نامی

گاؤں معروف ہے یہ تو علم نہیں کہ مائی صاحبہ شاہ کنڈ سے چندور کب اور کیسے گئیں لیکن ان کا مزار اسی گاؤں میں مراجع الخلائق عام ہے۔

بابا سجاول شاہ کنڈ میں ہی سن بلوغت کو پہنچے ان کے زہد و تقویٰ اور عبادت و ریاضت کا شہرہ عام ہو چکا تھا۔ آپ کی کرامات کے چرچے دور دور تک ہونے لگے عقید تمندوں کے جم غفیر کی آستانہ عالیہ پر ہمہ وقت موجودگی سے میلے کا سماں رہتا تھا۔ فیضان عام کے چشمے جاری تھے جن سے ہر شخص فیضیاب ہو رہا تھا۔

بابا سجاولؒ نے شاہ کنڈ کے مقام پر ہی شادی کی اللہ تعالیٰ نے انہیں پانچ بیٹے تاج گوہر، امب، شاد المعروف سادم خان، نیل اور پال عطا فرمائے۔ بعض مؤرخین صرف تین، امب، شاد اور پال کو تسلیم کرتے ہیں۔ امب کی اولاد زیادہ تر ہزارہ میں آباد ہے اور کھیال اعوان مشہور ہے۔ تحقیق الاعوان کے مطابق ہری پور سے کھر کوٹ کی جانب سفر کرتے ہوئے راستہ میں ایک مزار ہے جہاں لوگوں کا ہجوم رہتا ہے اسے بابا تاج گوہر کا مزار کہا جاتا ہے۔ بابا تاج گوہر بابا سجاولؒ کے حلف الرشید تھے۔ خواص خان کہتے ہیں کہ انہیں ہزارہ کے نسب ناموں میں بابا سجاولؒ کے بھائی نیل سنگھ کا نام ملا ہے جس کی اولاد سنیال کہلائی جو ہزارہ میں کم اور مظفرآباد کشمیر میں زیادہ مشہور ہوئی۔ وہ لکھتے ہیں کہ روایات کے مطابق نیل سنگھ بابا سجاولؒ کا بھائی نہیں بلکہ ان کا بیٹا تھا جو نلسی خان مشہور ہوا اور جو اپنے بھائی شاد المعروف سادم خان کے ہمراہ کشمیر گیا جہاں ان کی اولاد سنیال کہلاتی ہے۔ یاد رہے کہ دوار، پدھی اور نور کھا وغیرہ دیہات جہاں نلسی خان کی اولاد کا آباد ہونا بیان ہوتا ہے مقبوضہ کشمیر میں ہیں۔

پچاس سال کی عمر میں بابا سجاولؒ اپنی کچھ اولاد کے ساتھ کھر کوٹ تشریف



لے گئے۔ کھر کوٹ ہری پور سے سولہ میل دور دربند روڈ پر واقعہ ایک مشہور مقام ہے وہ وہاں ہی فوت ہوئے اور وہاں ہی ان کا مزار بھی تعمیر ہوا لیکن تربیلا جھیل کی تعمیر کی وجہ سے یہ علاقہ زیر آب آگیا۔ بابا سجاولؒ کا جسد خاکی مانسہرہ کے نزدیک شمہلیہ کے مقام پر جو اب سجاول شریف مشہور ہے میں منتقل ہوا جہاں ایک عظیم الشان مزار تعمیر ہوا ہے جو عوام الناس کیلئے باعث خیر و برکت ہے۔ یہ امر ناقابل تردید حقیقت ہے کہ دین اسلام کی تبلیغ و ترقی اور اس کے دور دور تک پھیلانے میں فاطمین و علوبین نے سب سے زیادہ کام کیا۔ علوبین جو آگے چل کر اعوان مشہور ہوئے نے برصغیر کے مختلف گوشوں میں پہنچ کر دین اسلام کو مقامی لوگوں کو روشناس کرانے میں اہم کام سرانجام دیا۔

بابا سجاولؒ کا بیٹا شاد المعروف سادم خان علاقہ پکھلی ہزارہ سے براستہ مظفرآباد ضلع پونچھ کے علاقہ سنگولہ پہنچے اور یہاں ہی مستقل قیام کیا۔ بابا سادم خان کے دو بیٹے حمید اللہ عرف بڈھا بابا اور عبداللہ عرف کہانی بابا ہوئے۔ بابا سادم خان جو ہزارہ میں شاد مشہور ہیں کی کچھ اولاد پکھلی اور مانسہرہ کے کچھ علاقوں میں آباد ہے جہاں وہ شدوال اعوان کہلاتے ہیں۔ جبکہ سنگولہ میں سادم خان کی اولاد سادوال مشہور ہیں۔

کہانی بابا کا بیٹا بہرام خان تھا جس کا مزار رقبہ جھڑی یا چھروٹ متصل سنگولہ میں ہے بہرام خان کے تین بیٹے سیٹ خان، اسمٰعیل خان اور جمال خان تھے۔ اسمٰعیل خان اور جمال خان کے مزارات بمقام ناڑے سنگولہ میں ہیں جبکہ سیٹ خان کا مزار پیرستان تحصیل اوڑی مقبوضہ کشمیر میں ہے۔ اس کی اولاد درد کوٹ سماں، تھاجل پاوڑی تحصیل اوڑی اور چندوسہ ضلع بارہ مولہ مقبوضہ کشمیر میں اور ضلع باغ کے مواضعات منگ پانی، ھلہ اور چھم گراں میں آباد ہے۔ بہرام خان کے بیٹے جمال خان کی اولاد جمال کہلاتی ہے

جو جبوتہ، بکھر، کہو کوٹ، بن بیک، بھتہ پانی اور چھم گراں میں آباد ہے۔ جبکہ اسمٰعیل خان کی اولاد سنگولہ میں ہے۔ سنگولہ سے بعض لوگ مختلف اوقات میں نقل مکانی کر کے تحصیل مہنڈر، پلنگی تحصیل حویلی اور دیگر علاقوں میں منتقل ہوتے رہے ہیں۔ اسمٰعیل خان کی اولاد کا شجرہ نسب صفحہ ۳۵۹ تا ۳۶۳ پر درج ہے۔

زمانہ آپ راجی میں قبائلی رقابتیں عروج پر تھیں۔ سنگولہ کے شمال میں مغل قوم کے ملدیال خاندان کا اثر ورسوخ تھا۔ زمانہ قدیم سے ہی اعوانان سنگولہ اور ملدیال خاندان کے مابین چپقلش رہی ہے۔ ملدیال سردار سنگولہ کو حریص نگاہوں سے دیکھتے تھے اور سنگولہ پر اپنی حاکمیت مسلط کرنے کیلئے کوشاں رہتے تھے۔ ملدیالوں کا ایک سردار میر ولی خان سنگولہ کے شمال میں ساہلیاں ملدیالاں کا رہنے والا تھا۔ سنگولہ پر چڑھائی کیلئے موقعہ کی تلاش میں رہتا تھا اور موقع ملتے ہی حملہ آور ہو جاتا تھا۔ لیکن اعوانان سنگولہ کے راہنما و سردار تاج محمد شاہ المعروف تاجو خان جو بہرام خان کی گیارہویں پشت میں تھا ہمہ گیر پر عزم شخصیت کا مالک تھا۔ مرحوم نہایت بیدار مغز، اعلیٰ سیاسی و اصلاحی بصیرت اور انتظامی صلاحیتوں کا مالک تھا اس کی دلیرانہ و بے باک قیادت میں اللہ تعالیٰ نے سنگولہ والوں کو ہمیشہ فتح و نصرت سے نوازا اور ملدیالوں کو ہمیشہ شکست کا سامنا رہا تاجو خان میانہ قد، نڈر، بے باک اور خوبصورت وجیہہ خدوخال کے ساتھ بڑا متقی اور پرہیزگار بھی تھا وہ حالات کو ہمیشہ اپنی گرفت میں رکھنے کا عادی تھا اعوانان سنگولہ اپنے محبوب راہنما کی قیادت میں پر امن اور پر آسائش زندگی بسر کر رہے تھے۔ ماحول کے مطابق ہر قسم کا تحفظ حاصل تھا۔

سنگولہ انتظامی طور پر سات حصوں میں منقسم ہے جنہیں کاغذات مال میں ونڈ



کہا گیا ہے۔ ہر ونڈ کی حد بست اس طرح قائم ہوئی کہ اس دشوار گذار پہاڑی علاقے کے مختلف حصوں کے مابین باہمی روابط و میل جول میں زیادہ سے زیادہ آسانی میسر رہے۔ ونڈ بنی اور دبن تحصیل راولاکوٹ کے موضع دھمنی سے ملحق پہاڑی سے شروع ہو کر جانب شمال اراضی کی قدرتی ساخت کے تحت نشیب میں نالہ تک جاتے ہیں جبکہ چھمب اور ہماناڑی سنگولہ کے سب سے اونچے مقام سراں نی حل سے شروع ہو کر غرب میں اسی نالہ کے دونوں اطراف نشیب کی جانب اور نکر، آگرہ اور کلسن سنگولہ کے شمال کی جانب ساہلیاں ملدیالاں کے ملحق پہاڑی سلسلہ سے شروع ہو کر جنوب میں نالہ کہن کی جانب جاتے ہیں۔ ان جملہ مواضعات (ونڈوں) کا مقام اتصال یہی نالہ کہن ہے جو سنگولہ کی اونچی ٹیکری سے شروع ہو کر بطرف غرب نشیب کی جانب بہتا ہے۔

تاجو خان کی خود مختار ریاست میں سنگولہ کے علاوہ ملحقہ دیہات بن بیک، جبوتہ، کہو کوٹ، دریڑ اور دیگر علاقے بھی شامل تھے۔ جہاں جمال خان کی اولاد آباد ہے۔

تاجو خان نے انتظامی لحاظ سے ہر ونڈ اور دیہات میں اپنے نائبین اور نمبردار مقرر کئے ہوئے تھے جو تاجو خان کے دست و بازو شمار ہوتے تھے۔ ونڈ آگرہ میں منگل خان اور فتح جو فتحریال قبیلہ کا جد اعلیٰ ہے ونڈ دبن میں ملکو، مرزا اور مصرو۔ ونڈ چھمب میں راجولی۔ کلسن میں حفت خان، جالو اور نگا۔ نکر میں مستو اور تیمور۔ ہماناڑی میں منگل اور ماجو اور ونڈ بنی میں بھنڈ خان تاجو کے ہم عصر نائبین اور قریب ترین ساتھی تھے۔ اسی طرح دیگر زیر اثر علاقوں میں بھی تاجو خان کے جانثار موجود تھے۔ ملدیال

سرداروں کے ساتھ لڑائیوں میں یہی لوگ اہم کردار ادا کرتے تھے ان لڑائیوں میں خون خرابا بھی ہوتا تھا لیکن فتح و نصرت ہمیشہ سنگولہ والوں کا مقدر رہا۔ یہ سلسلہ جاری تھا کہ ڈوگرہ راج قائم ہو گیا چنانچہ مہاراجہ گلاب سنگھ کے زمانہ میں ساہلیاں ملدیالاں اور سنگولہ کو الگ الگ سرداروں کے ماتحت کر دیا گیا۔ سنگولہ تاج محمد شاہ المعروف تاجو خان کی سربراہی میں دیدیا گیا۔

سنگولہ کے اعوان مدتوں سے اپنے جد اعلیٰ سادم خان کے حوالہ سے سادوال مشہور تھے۔ سادم خان کی اولاد میں کچھ لوگ ہزارہ کے علاقہ پکھلی میں مقیم ہیں وہاں یہ لوگ شدوال مشہور ہیں۔ سنگولہ کے لوگ گوناں گوں خوبیوں کے مالک ہیں ان کی اکثریت دراز قد، وجیہہ خدوخال کے ساتھ ساتھ سادہ مزاج، راست گو، بے باک مہمان نواز، انسانی ہمدردی سے سرشار اور اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلنے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔

سنگولہ سات گاؤں اور ملحق دیہات پر مشتمل ایک بڑے علاقہ کا نام ہے۔ سنگولہ کی وجہ تسمیہ میں مختلف روایات آئی ہیں۔ محمد دین فوق نے لکھا ہے کہ یہ علاقہ سنگلاخ اور اونچے مقام پر واقع ہے جہاں عام طور پر ژالہ باری ہوتی رہتی ہے۔ سنگولہ، سنگ اور اولا کا مجموعہ ہے۔ لیکن محمد یعقوب اعوان دبن سنگولہ سے روایت ہے کہ سادوالاں والا سے بگڑ کر سنگولہ ہوا ہے۔ کچھ دیگر روایات بھی سنگولہ کی وجہ تسمیہ کے سلسلہ میں پیش کی جاتی ہیں لیکن وہ زیادہ معتبر نہیں۔ اس سلسلہ میں محمد دین فوق کا نظریہ صحیح اور درست معلوم ہوتا ہے کہ سنگ اور اولا مل کر سنگولہ ہو گیا۔



# غرلی باغ کا ہاشمی خاندان

حضرت عون قطب شاہؒ کے تیسرے بیٹے مزمل علی کلگاں کے فرزند کرم علی کوتلہ کی آٹھویں پشت میں ایک بزرگ دولمی ہوئے جن کے نام پر ضلع چکوال میں ایک علاقہ دولمیال کے نام سے مشہور ہے۔ دولمی کے تین فرزند تھے۔ نارو خان، فتح خان، اور کھمڑ خان۔ فتح خان کی اولاد دولمیال میں آباد ہے کھمڑ خان کی اولاد جموں کی جانب بتائی جاتی ہے جبکہ نارو خان کی اولاد سے ایک شخص قاضی مولانا براستہ پکھلی ہزارہ مظفرآباد آئے اور وہاں سے ضلع باغ کے شمال مغرب میں ضلع مظفرآباد کی جنوبی سرحد پر واقعہ قصبہ رنگلہ میں آباد ہوئے اور وہاں ہی مستقل قیام کیا۔ یہیں سے ان کی اولاد اطراف میں پھیلی آپ کا مزار بمقام پدر مستور نگلہ میں ہے۔

مولانا قاضی کی اولاد اپنے نام کے ساتھ ہاشمی لکھتے ہیں۔ اس خاندان کے تفصیلات اشفاق احمد ہاشمی نے فراہم کی ہیں جو حکومت آزاد کشمیر کے محکمہ مالیات میں ایک اعلیٰ عہدے پر فائز ہیں ان کے والد عبدالرشید ہاشمی محکمہ جنگلات آزاد کشمیر میں جٹ آفیسر کے عہدہ پر فائز ہیں۔

جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ اعوان لوگ تبلیغ دین اور جہاد فی سبیل اللہ کا مقصد لے کر دنیا میں پھیلے ہیں۔ قاضی مولانا بھی تبلیغ دین کا مشن لے کر وطن سے نکلے۔ رنگلہ میں قیام کے بعد انہوں نے تبلیغی سرگرمیوں کا آغاز کیا۔ ان کے شب و روز کی محنت سے سینکڑوں لوگ حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ مولانا قاضی بابا نارو کی چوتھی پشت میں تھے جید عالم ہونے کے سبب سینکڑوں لوگوں کو دولت علم سے فیضیاب کیا۔

مولانا قاضی کی چوتھی پشت میں قاضی شکور اللہ ہوئے۔ قاضی صاحب اپنے وقت کے بلند پایہ عالم اور ولی کامل تھے۔آپ کا زمانہ پیدائش ۱۰۷۱ہجری مطابق ۱۶۶۰ء ہے۔آپ نے ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی بعد میں ظاہری اور باطنی علوم میں دسترس حاصل کی۔ اس زمانہ کے علماو مشائخ سے بھی فیضیاب ہوتے رہےآپ عربی اور فارسی کے جید عالم ہونے کے ساتھ ساتھ تصوف میں بھی درجہ کمال کو پہنچے ہوئے تھے۔آپ سے کئی کرامات منسوب ہیں۔آپ کی وصیت کے مطابق آپ کی تصنیفات کی تعداد تین صد ساٹھ ہے۔ جن میں سے کچھ علماء میں تقسیم ہوئیں کچھ آپ کی اولاد میں لیکن زیادہ تر کتب ضائع ہو گئیں۔ ایک کتاب لباب الاخبار اب بھی رنگلہ لائبیریری میں موجود ہے۔ لباب الاخبار کے آخر میں حضرت نے اپنے دست مبارک سے زمانہ تحریر "در عہد خلافت فرخ سیر بادشاہ" تحریر ہے آپ کا ایک مشہور شعر بھی اس کے آخر میں درج ہے۔

لکھیا حرف تاں رہے جے لکھ جانے کو۔ لکھن ہار اجار ڑا گل گل مٹی ہو

اعوانان رنگلہ، جھولیاں، گھوڑی کیر، ڈھک، پدر مستو، پیل، مندری چلند راٹ اور چوڑ وغیرہ آپ ہی کی اولاد سے ہی ہیں۔آپ کا مزار رنگلہ کے مقام پر مراجع الخلاق ہے۔آپ کا بیٹا قاضی رحمت اللہ بھی ولی کامل اور صاحب کرامت بزرگ تھے۔ تصنیف و تالیف میں بھی بے حد دلچسپی تھی۔آپ نے قلمی نسخوں کی صورت میں بہت سی تصانیف چھوڑیں ہیں لیکن یہ ہمر ور زمانہ ضائع ہو گئیں البتہ ان کا ایک قلمی نسخہ اب بھی رنگلہ لائبریری میں دستیاب ہے۔بابا شکور اللہ کی اولاد میں درجنوں اولیا کرام و عالم و فاضل شخصیات گزری ہیں جن میں سے چند بزرگ ہستیوں کے مختصر حالات



زندگی اس طرح ہیں۔

**قاضی مولوی حمید اللہ** :۔آپ ۱۸۶۶ء میں پیدا ہوئے۔آپ علم وفضل کی بدولت دور دور تک مشہور تھے۔ علم طب میں آپ شہرہ آفاق تھے ۱۹۲۲ء میں موضع گھوڑی کے رقبہ موضع چھپر میں وفات پائی۔

**قاضی غلام قادر اعوان** :۔ آپ اعوانان رنگلہ میں بلند پایہ بزرگ ہو گذرے ہیں۔ آپ کا زمانہ پیدائش ۱۸۶۰ء بتایا جاتا ہے عبادت وریاضت، زہدو تقویٰ اور علم وتدبر میں اپنی مثال آپ تھے۔ مشہور ہے کہ آپ روزانہ ایک مرتبہ قرآن پاک ختم کرتے تھے۔ آخری عمر میں یہ عمل ہفتہ وار جاری رکھا۔ حدیث وفقہ پر مکمل عبور حاصل تھا۔ قیام پاکستان سے چند سال قبل آپ کا انتقال ہوا۔ آپ کا مزار موضع جھولیاں علاقہ رنگلہ میں باعث وخیر برکت ہے۔

**حکیم قاضی محمد یوسف اعوان** :۔ آپ قاضی غلام قادر جھولیاں والوں کے واحد فرزند تھے۔ حکمت کے پیشہ سے منسلک تھے۔زہدو تقویٰ میں آپ کا مقام بہت بلند تھا۔ زندگی بھر دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہے۔ غرباء سے ہمدردی کرتے ان کا علاج مفت کرتے۔ اپنے گھر کے ساتھ ایک مسجد تعمیر کرائی ہوئی تھی جس میں ان کے شب وروز یاد خدا میں گذرتے۔

**قاضی محمد اسماعیل اعوان** :۔ آپ کے والد کا نام قاضی حفیظ اللہ تھا۔ سن پیدائش ۱۸۸۴ء ہے۔آپ نے دینی و دنیوی تعلیم پنجاب کے مختلف اداروں میں حاصل کی۔ حضرت خواجہ محمد اکرم شاہ صاحب سجادہ نشین دربار عالیہ گڑھی افغاناں ضلع اٹک آپ

کے ہم جماعت اور دوست تھے۔ دربار عالیہ سے خلافت کے اعزاز سے بھی سرفراز تھے۔آپ اعوان قبیلہ کے سربراہ بلند پایہ عالم دین اور بڑے ہی باغ و بہار شخصیت کے مالک تھے۔ حکمران حلقوں میں آپ کا بڑا اثر و رسوخ تھا۔ جنگ عظیم اول میں آپ کی خدمات کے نتیجہ میں آپ کو انعام و اکرام سے نوازہ گیا۔ آپ کی وفات ۱۹۳۵ء میں ہوئی۔ رنگلہ کی آبائی قبرستان میں مدفون ہیں۔

**قاضی محمد حلیم اعوان** :۔آپ کی تاریخ پیدائش ۱۹۰۱ء ہے۔آپ کا شجرہ نسب چھٹی پشت میں قاضی شکور اللہ سے ملتا ہے۔آپ علاقہ کے قابل احترام بزرگ، دینی و مذہبی شخصیت تھے۔ علم و فضل میں کمال حاصل تھا۔ صوفی منش بزرگ ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت حلیم الطبع، رحم دل اور منصف مزاج تھے۔ غربا کی مدد و اعانت اور رفاعی کاموں میں ہمیشہ پیش پیش رہتے حکمت کے کام سے بھی واقفیت تھی آپ کے دست مبارک سے ہزاروں مریض شفایاب ہوئے۔آپ نے اپنے گھر کے ساتھ ایک پختہ مسجد تعمیر کر رکھی تھی جس میں آپ شب و روز یاد اللہ میں گذارتے۔آپ کا مزار موضع چلند راٹ میں ہے۔ وفات ۱۹۶۷ء ہے آپ کثیر الاولاد تھے۔ الحاج عبدالرشید ہاشمی جٹ آفیسر آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر۔ غازی عبدالرؤف پوسٹ ماسٹر اور عبدالرازق صدر معلم آپ ہی کی اولاد سے ہیں۔

**قاضی محمد خلیل اعوان** :۔ قاضی خلیل اعوان ۱۹۰۹ء میں قاضی محمد اسماعیل کے ہاں پیدا ہوئے۔آپ کا تعلیمی ریکارڈ شاندار رہا۔ جنگ آزادی کے بعد قائم ہونے والی انتظامیہ میں آپ انسپکٹر آف سکولز کے عہدہ پر فائز رہے۔آپ نے تحصیل باغ میں تعلیمی نظام کو منظم کیا۔ اپنے خاندان کا شجرہ "نسب الاعوان رنگلوی" کے نام سے ترتیب



دیا۔ آپ نے ۲۵ مارچ ۱۹۷۵ کو رنگلہ کے مقام پر وفات پائی۔ آپ کے فرزند زاہد ہاشمی ہائی سکول رنگلہ میں صدر معلم کے عہدہ پر فائز ہیں۔

غربی باغ کے گاؤں منہاسہ، ہل سرنگ، اور نمب میں اس خاندان کے کئی لوگ آباد ہیں۔ بابا نارو کے بیٹے ناگ شیر کے دو بیٹے پاستہ خان اور خاتم تھے۔ پاستہ خان کی تیسری پشت میں قاضی مولانا تھے جو دولیال سے اس علاقہ میں آئے جن کی اولاد کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ جبکہ خاتم کی چھٹی پشت میں محمد گوہر تھے۔ محمد گوہر کے دو بیٹے جان محمد اور نور محمد تھے جنکی اولاد منہاسہ ہل سرنگ اور نمب میں آباد ہے۔ اس خاندان کے اس علاقہ میں ورود کے متعلق واضح معلومات دستیاب نہیں لیکن حقائق سے ثابت ہوتا ہے کہ محمد گوہر یا اس کے بیٹے جان محمد اور نور محمد علاقہ میں آئے جن کی اولاد مختلف دیہات میں پھیلی۔ نور محمد کو چوتھی پشت میں میاں کرم دین جید عالم دین اور علم طب کے ماہر بزرگ ہوئے ہیں۔ ان کے چھ بیٹوں میں مولوی عبدالرشید نے سب سے زیادہ شہرت پائی۔ مولوی عبدالرشید فاضل دیوبند تھے۔ ۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی میں آپ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ڈوگرہ عہد میں آپ کے خلاف ورانٹ گرفتاری جاری ہوئے لیکن گرفتاری سی بچ نکلے۔ بعد ازاں پاکستان کے محکمہ تعلیم سے وابستہ ہوگئے وہاں سے فارغ ہوئے تو فریضۂ حج ادا کیا آخری عمر تک گاؤں کی مسجد میں درس و تدریس کے پیشے سے منسلک رہے۔ آپ نے ۲۸ نومبر ۱۹۸۳ کو رحلت فرمائی۔ آپ کا بیٹا رشید احمد ہاشمی محکمہ حسابات میں اکاؤنٹس آفیسر اور شبیر احمد محکمہ تعمیرات عامہ آزاد کشمیر میں اسسٹنٹ انجینئر ہیں۔

محمد گوہر کے بیٹے جان محمد کی پانچویں پشت میں محمد فرید صادم ایک مشہور اہل

علم بزرگ بقید حیات ہیں۔ فرید صادم صاحب، مولوی فاضل اور ایم اے بی ایڈ ہیں صدر معلم کے عہدہ پر فائز رہے ہیں۔ آپ بہت ہی مخلص، دیانتدار اور ملنسار پابند صوم صلوٰۃ اور نہایت سادہ شخصیت کے مالک ہیں ۔ اس خاندان کا مفصل شجرہ نسب صفحہ ۳۶۷ تا صفحہ ۳۷۱ پر درج ہے۔

قاضی مولانا کے اسلاف سے چھٹی پشت میں نعمان معروف نوئیں ایک بزرگ تھا۔ اس کے بیٹے عبدالمالک العروف مالکن کی اولاد سے تیرھویں پشت میں میاں غلام حسین موضع دعولہ ضلع چکوال سے تقریباً دو صد سال پہلے نقل مکانی کر کے مقبوضہ کشمیر کے علاقہ پونچھ کے مقام ننگالی چلے گئے اور یہاں ہی مستقل سکونت اختیار کر لی۔ میاں غلام حسین تصوف اور معرفت میں اونچے مقام پر فائز تھے۔ ان کی اولاد میں میاں فاضل، میاں عتیق اللہ، میاں ڈوڈا، میاں ولی محمد، میاں خضر، میاں عمر بخش، میاں احمد، میاں غفور اور میاں کریم بھی کامل اولیاءاللہ گذرے ہیں ان جملہ اولیاءکرام کے مزارات مقبوضہ کشمیر کے مقام ننگالی میں ہیں۔ میاں غلام حسین کی اولاد سے چھٹی پشت میں میاں الف دین نے پچاس سال قبل ننگالی سے ہجرت کر کے سید پور، اسلام آباد میں مستقل طور پر سکونت اختیار کر لی۔ اس کے بیٹے زین العابدین علوی جو راولپنڈی شہر میں مقیم ہیں نے اس خاندان کے جملہ تفصیلات فراہم کیں۔ زین العابدین علوی سی ڈی اے اسلام آباد میں سروس پوری کر کے اب پنشن پر سبکدوش ہو چکے ہیں۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۸۳ پر ہے۔



# ضلع مظفر آباد ہٹیاں بالا کا قاضی خاندان

جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ میر ساہو کمانڈر انچیف افواج غزنی کے چھوٹے بھائی حضرت میر قطب حیدر شاہؒ المعروف عون قطب شاہ مورث اعلیٰ اعوان قبائل نے جو غزنی افواج میں ایک معروف جرنیل بھی تھا۔ ۱۰۰۱ء میں ڈھنکوٹ (کالا باغ) کے مقام سے دریائے سندھ عبور کیا اور ۱۰۲۷ تک عون قطب شاہ اور اس کی اولاد کے ہاتھوں مری کی پہاڑیوں تک پھیلا ہوا پوٹھوار کا تمام علاقہ فتح ہو کر غزنی سلطنت کا حصہ بن چکا تھا۔ قطب شاہ کے بیٹوں نے اس علاقہ کے انتظامی یونٹوں کے طور پر حصے بخرے کر لئے اور یہاں آباد ہو گئے ان کا مرکز اعوان کاری کا علاقہ تھا یہیں سے اعوان لوگ مختلف ادوار میں تبلیغ دین اور جہاد فی سبیل اللہ کیلئے برصغیر کی اطراف میں پھیل گئے۔ کشمیر میں اعوانوں کا ورود زیادہ تر پکھلی ہزارہ کے راستہ ہوا۔ مزمل علی کلگاں جو عون قطب شاہ کا تیسرا بیٹا تھا کے چار بیٹوں کا ذکر کتابوں میں موجود ہے لیکن ان میں عزیز الدین نام کا کوئی فرزند نہیں۔ ممکن ہے کسی بیٹے کا یہ صفاتی یا عرفی نام ہو گا۔ مولانا قاضی غلام مرتضیٰ کا اصرار ہے کہ عزیز الدین کا کوئی دوسرا نام دستیاب نہیں بلکہ وہ اسی ایک ہی نام سے مزمل علی کلگاں کے فرزند ہیں۔ مولانا اپنے شجرہ نسب کو جو پشت در پشت سفر کرتا ہوا ان کے ہاتھ پہنچا صحیح اور درست مانتے ہیں۔ جس میں غازی عزیز الدین مزمل علی کلگاں کا بیٹا درج ہے۔ مزمل علی کلگاں کے بیٹے غازی عزیز الدین کی دسویں پشت میں ایک بزرگ قاضی محمد غیاث الدین نامی دیگر لوگوں کی طرح بالکسر ضلع چکوال سے براستہ پکھلی ہزارہ کشمیر آیا اور ضلع مظفرآباد کے موضع کھلانہ میں

سکونت اختیار کی یہاں انہوں نے دینی مدرسے قائم کیے اور وسیع پیمانے پر درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ موضع کھلانہ ہیاں بالا کے مشرق میں آزاد کشمیر کے سرحدی قصبہ چکوٹھی کے قریب راولپنڈی سرینگر روڈ پر واقع ہے۔ قاضی غیاث الدین کے تینوں بیٹے صاحب علم و کشف تھے۔ بڑا بیٹا غازی محمد عبداللہ کشتواڑ مقبوضہ کشمیر پہنچا جہاں اس نے تبلیغی مشن جاری رکھا دوسرا بیٹا حافظ امان اللہ دھنی (ملتان) چلا گیا جبکہ منجھلا بیٹا قاضی محمد فیاض المعروف محمد نیاز نے کھلانہ میں مستقل رہائش جاری رکھی اس نے کھلانہ اور گردو نواح میں تبلیغ دین کا سلسلہ جاری وساری رکھا اور یہاں ہی وفات پائی۔ قاضی محمد فیاض کا مزار کھلانہ میں ہی ہے۔

قاضی محمد فیاض کے دو بیٹے قاضی علاؤالدین اور قاضی محمد عظیم تھے۔ قاضی علاؤالدین کی اولاد نہیں تھی وہ فقیر منش اور دنیاداری سے بے نیاز تھے ان کے شب و روز یاد اللہ میں گذرتے وہ معرفت الٰہی اور تصوف میں اعلیٰ درجہ پر فائز تھے ایک دن موصوف گڑھی دوپٹہ کے نزدیک چھتیاں کے مقام پر دریائے جہلم کے کنارے وضو کرنے میں مشغول تھے کہ پھسل کر دریا میں جاگرے دریا طغیانی پر تھا بھری ہوئی لہروں نے انہیں شانوں پر سوار کر لیا اور چند کلو میٹر دور گڑھی دوپٹہ کے قریب زیریں اعوان پٹی کے موضع سلطان پور کے مقام پر دریا کے عین وسط میں خشکی کے ایک چھوٹے سے جزیرہ میں جس کی لمبائی تقریباً یکصد گز اور چوڑائی بیس پچیس گز ہے پھینک کر آگے نکل گئیں۔ ملحقہ دیہات کے ایک بزرگ کو خواب میں اس واقعہ کا علم ہوا بیدار ہو کر وہاں پہنچے تو مرحوم کا تابوت جزیرہ پر موجود پایا۔ بزرگ کو خواب میں یہ اشارہ بھی تھا کہ انہیں وہاں ہی دفن کر دیا جائے چنانچہ مقامی لوگوں نے دریا کا ایک حصہ



عبور کر کے اسی مقام پر مرحوم قاضی علاؤالدین کو سپرد خاک کر دیا جہاں ان کا مزار قائم و دائم ہے۔ مزار شریف پر ایک کہو کا درخت آج بھی موجود ہے جو اس مزار کا محافظ ہے شدید ترین طوفانوں میں دریا کا پانی کئی گز اوپر سے گزر جانے کے باوجود مزار شریف کو کوئی گزند نہیں پہنچا۱۹۹۲ کے تاریخی طوفان میں بھی یہ مزار محفوظ رہا ہے مقامی لوگوں اور عینی شاہدوں کا کہنا ہے کہ ۱۹۹۲ء کے ریکارڈ طوفان میں اس مزار کے اردگرد لکڑی کے شہہ تیر اور گیلیاں جمع ہو گئیں جن میں ریت پتھر اور مٹی پھنس کر ایک دیوار کی شکل اختیار کر لی جس سے مزار اور اس پر کھڑا درخت بالکل محفوظ رہے۔ راقم الحروف نے اس جزیرہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔

قاضی محمد فیاض کا دوسرا بیٹا قاضی محمد عظیم تبلیغی سرگرمیوں کو وسعت دینے کیلئے کھلانہ سے موضع سران کے عقب میں اسلام آباد کے مقام پر منتقل ہوا۔ اسلام آباد جاگیرداران چکار کا مرکز تھا جہاں سے قاضی عظیم نے تبلیغ دین کا سلسلہ شروع کیا وہاں کے راجگان نے انہیں اپنا قاضی مان لیا اس حوالہ سے قاضی محمد عظیم کی اولاد کے لوگ جاگیرداروں کے ہمراہ مختلف ادوار میں مختلف علاقوں کو منتقل ہوتے رہے۔ جہاں درس و تدریس کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ قاضی محمد عظیم اسلام آباد میں ہی فوت ہوئے جہاں ان کا مزار موجود ہے۔

قاضی محمد عظیم کے تین بیٹے میاں اچھا، قاضی جلال الدین اور قاضی غلام محمد تھے۔ قاضی میاں اچھا نے ملک پورہ کے عقب میں موضع نین سکھ فلائی پر قابض ہو کر وہاں ہی سکونت اختیار کی۔ میاں اچھا کا بڑا بیٹا نور حسین ضلع باغ کے قصبہ سدھن گلی کے متصل موضع اندر اسیری میں آباد ہوا جبکہ بقیہ اولاد موضع فلائی میں

موجود ہے۔

قاضی میاں اچھا کے چھ بیٹے قاضی نور حسین، محمد حسین، شمس الدین، عبدالغنی، عبدالنبی اور قاضی قطب الدین تھے۔ قاضی نور حسین مشہور ولی اللہ حضرت فقیر اللہ بھوئی کے بہوئی تھے جبکہ میاں اچھا کی بیٹی بھوئی کے عقد میں تھی اس رشتہ داری کے لحاظ سے قاضی اچھا کا خاندان تصوف اور معرفت میں یکوٹ خاندان کے ہم پلہ ثامت ہے۔

قاضی شمس الدین کے فرزند محمد سعید کے بھی چھ بیٹے تھے۔بڑے فرزند مولانا قاضی غلام مرتضیٰ مشہور عالم دین بقید حیات ہیں جو ہٹیاں بالا کے نزدیک ملک پورہ میں مقیم ہیں وہ بلند پایا خطیب اور شعلہ بیاں مقرر بھی ہیں۔انہیں فارسی، عربی کے علاوہ دیگر کئی زبانوں پر بھی عبور حاصل ہے۔آپ حکیم حاذق ہیں سینکڑوں مریض انکے دست شفا سے صحت یاب ہو رہے ہیں۔انکے تینوں بیٹوں میں مولانا محمد نسیم احمد درس نظامی کے فارغ التحصیل ہیں اور حکومت آزاد کشمیر کے محکمہ زکوٰۃ و قضا سے منسلک ہیں۔ قاضی محمد سعید کے ایک فرزند قاضی مقبول الرحمٰن مدرسہ انوار القرآن توحید نگر لاہور کے مہتمم ہیں جہاں سینکڑوں طلباء کو حفظ قرآن و تجوید کی تعلیم دی جاتی ہے۔ تیسرا بیٹا قاضی غلام مرتضیٰ بھی اسی مدرسہ سے منسلک ہے۔ قاضی شمس الدین کی اولاد میں حفاظ قرآن اور مستند علماء کی بڑی تعداد موجود ہے جو دین اسلام کی خدمت میں مصروف اور شعار اسلام کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۷۶ اور صفحہ ۳۷۷ پر درج ہے۔



# ہٹیاں بالا مظفرآباد کا مشہور قبیلہ جنداعوان

مزمل علی کلگاں کے فرزند غلام علی کے ایک بیٹے کا نام ہرن خان المعروف گاموں تھا۔گاموں کے پوتے جند کے نام پر اس کی اولاد جنداعوان مشہور ہیں۔ یہ قبیلہ ضلع مظفرآباد کے مواضعات چڑوئی، نوگراں، لیپہ، اعوان پٹی، چیلہ بانڈی، چکار اور ہٹیاں بالا میں موضع سرائی اور دیگر دیہات میں آباد ہے۔ تحصیل ہٹیاں کے موضع سرائی کے مکین صوبیدار ملک علی محمد خان اعوان سابق ممبر ضلع کونسل کا اظہار ہے کہ اس خاندان کے کچھ لوگ ۱۶۰۰ء میں جہلم چکوال کے گاؤں جنداعواناں میں مقیم تھے کسی فوجی مہم کے سلسلہ میں کشمیر آئے اور یہاں ہی مستقل ہو گئے۔ کچھ لوگ حضرو اور حسن ابدال میں رہ گئے جن کی اولادیں بڑی تعداد میں وہاں آباد ہیں۔ موصوف مزید بیاں کرتے ہیں کہ محکمہ مال کے ریکارڈ میں مواضعات چڑوئی اور نوگراں کے جنداعوانوں کو فوجدار کے لقب سے لکھا گیا ہے وہ کہتے ہیں کہ جنداعوانوں کے اسلاف میں کچھ لوگ مغلیہ دور میں اعلیٰ فوجی عہدوں پر فائز تھے جن میں پنج ہزاری اور دس ہزاری بھی تھے۔ مغلیہ دور سے قبل بھی جنداعوان فوجی مہمات میں حصہ لیتے رہتے تھے۔ صوبیدار ملک علی محمد خان ایک سیاسی، سماجی راہنما اور صاحب الرائے شخصیت ہیں ان کی معلومات یقینی طور پر مبنی بر حقائق ہیں۔ صوبیدار ملک علی محمد خان ہٹیاں بالا جو ضلع مظفرآباد کا سب ڈویژن ہیڈ کوارٹر ہے میں پیشہ تجارت سے منسلک، متعدد کاروباری ایجنسیوں کے مالک، علاقہ کے مشاہیر میں سے معتبر مانے جاتے ہیں۔ شجرہ نسب صفحہ ۳۷۸ پر ہے۔

# علاقہ کھاوڑہ مظفرآباد کے مہرال

حضرت عون قطب شاہؒ کی ستائیسویں پشت میں ایک بزرگ مہر محمد نے چکڑالہ ضلع میانوالی اعوان کاری سے رخت سفر باندھا اور براستہ پکھلی ضلع مظفرآباد کے علاقہ کھاوڑہ کے گاؤں میرا خورد میں سکونت اختیار کی۔ مہر محمد کے دو بیٹے امیر اللہ اور روح اللہ تھے۔ روح اللہ جو قاضی کے لاحقہ سے مشہور ہیں کی اولاد کا شجرہ نسب دستیاب نہیں ہے۔ روح اللہ قاضی کثیر الاولاد بزرگ ہوئے ہیں ان کی اولاد کی کثیر تعداد چیل، برسالہ اور سنبل کوٹ میں آباد ہے۔ کچھ لوگ ضلع راولپنڈی کی تحصیل مری کے گاؤں پھگواڑی چلے گئے جن کی وہاں بڑی تعداد اب بھی موجود ہے۔ امیر اللہ کے چار بیٹے ستار محمد، جموں، نور احمد اور خیر محمد تھے۔ جموں اور نور محمد کی اولادوں کے متعلق معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ خیر محمد کے تین فرزند ڈھوڈا، فقیر اور حافظ مرید تھے کہتے ہیں کہ ڈھوڈا کی اولاد راولاکوٹ پونچھ میں ہے جبکہ حافظ مرید کی اولاد صالح گلی، سیری اور میرا خورد علاقہ کھاوڑہ میں ہے۔ ان لوگوں کا شجرہ نسب دستیاب نہیں ہے۔ امیر اللہ کا چوتھا فرزند ستار محمد تھا اس کا ایک ہی بیٹا محمد نور تھا محمد نور کے تین فرزند میاں صوفی، میاں فقیر اور میاں فتح نور تینوں ہی صاحب اولاد تھے۔ فتح نور کی اولاد اعوان بھونی میں آباد ہے جبکہ میاں صوفی اور میاں فقیر کی اولادیں ڈنہ کچیلی میں بتائی جاتی ہیں۔ میاں فقیر کے فرزند میاں غلام رسول کا پوتا طاہر جاوید طاہر محکمہ تعلیم سے منسلک ہے۔ ان کے دوسرے فرزند میاں نور عالم کا بیٹا محمد شفیع اس خاندان کے مشاہیر میں سے ہے۔ میاں محمد شفیع سول انجینئر تھے۔ ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد



سیاست میں حصہ لینے لگے اپنی مقبولیت اور اعلیٰ کارگردگی کے باعث ۱۹۷۶ء میں آزاد جموں کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ موصوف کے چار بیٹے ملک محمد منیر محکمہ جنگلات میں کنزرویٹر کے عہدہ جلیلہ پر فائز تھے اب سبکدوش ہو چکے ہیں۔ ملک شبیر احمد محکمہ تعمیرات عامہ میں رجسٹرڈ ٹھیکیدار ہیں۔ محمد ارشد جنرل مرچنٹ اور محمد مصدق محکمہ خوراک آزاد کشمیر کے ڈیلر ہیں۔ میاں محمد شفیع اور ان کی اولادیں اب شہر مظفرآباد میں رہائش رکھتے ہیں۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۸۰ پر درج ہے۔

# مظفرآباد چھملہ بانڈی چھتر دومیل اور زیریں اعوان پٹی کا کوٹلہ خاندان

حضرت عون قطب شاہ کے بیٹے مزمل علی کلگاں کا ایک فرزند کرم علی تھا۔ وہ کوٹلہ اور گھلی بھی مشہور تھا۔ کرم علی کے بیٹوں میں ایک خلیل معروف کھلوا قلیل شاہ یا کیلو شاہ تھا۔ جس کی اولادیں چھملہ بانڈی، چھتر دومیل، حسن گلیاں ضلع مظفرآباد اور سنگولہ ضلع رولاکوٹ میں آباد ہیں۔ چھملہ بانڈی میں کیلو شاہ کے بیٹے امیر حیدر کی ساتویں پشت میں مور خان کے نام کا ایک بزرگ تھا جو خان پور ہزارہ میں رہائش پذیر تھا اس کے بیٹے لال خان نے خانپور سے ترک سکونت کر کے پکھلی ہزارہ میں کچھ عرصہ قیام کیا پھر پکھلی ہزارہ سے نقل مکانی کر کے مظفرآباد کے قریب حسن گلیاں پہنچا۔ اس کے دو بیٹے جیا اور مجلی خان تھے جیا کا پوتہ فتح خان جد اعلیٰ قبیلہ فتح خانی ہے۔ جیا کی پانچویں پشت میں جمعہ کے دو بیٹے میر محمد اور سبز علی تھے۔ سبز علی کی جملہ اولاد تھمپیاں پاجگراں نزد مظفرآباد اور میر محمد المعروف میرا خان کی جملہ اولاد چھملہ بانڈی میں آباد ہے۔ سبز علی

حسن گلیاں سے ٹمچیاں اور میر محمد حسن گلیاں سے سکونت ترک کر کے چھلہ بانڈی منتقل ہو گیا۔ میر محمد کے تین بیٹے فقیر محمد، بوستان، اور شیر زمان تھے۔ فقیر محمد کا پوتا عبداللطیف اور دوسرے پوتے عبدالقیوم کا بیٹا محمد عارف محکمہ جنگلات آزاد کشمیر میں فارسٹر کے عہدوں پر فائز ہیں۔ میر محمد کے فرزند شیر زمان کا بیٹا میر زمان محکمہ جنگلات سے رینج آفیسر اور علی زمان فارسٹ گارڈ ریٹائر ہوا۔ میر زمان کا بیٹا محمد اقبال اور علی زمان کا بیٹا محمد اسلم مقامی بینکوں میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ بوستان المعروف مولانا محمد بوستان جید عالم اور معروف شخصیت تھے۔آپ نے ہزارہ کے مختلف مدارس سے دینی علوم پر عبور حاصل کیا اور واپس آکر چھلہ بانڈی میں درس و تدریس کے ادارے قائم کیے ۔ آخری عمر تک اسی کار خیر میں مصروف رہے ۔ ان کا بڑا بیٹا عبد الرحمٰن زمینداری کے پیشے سے منسلک تھا جبکہ اس کا بیٹا عبداللہ ریڈیو پاکستان کے مقامی دفتر میں نگران کے فرائض انجام دے رہا ہے۔ مولانا محمد بوستان کا منجھلا بیٹا حاجی ملک گلزمان قاصد تاریخ ساز شخصیت بقید حیات ہیں۔ان کی پیدائش کے چند ماہ بعد ان کے سر سے والد کا سایہ اٹھ گیا ان کی والدہ صاحب ادراک خاتون تھیں۔ انہی کی نگرانی میں انہوں نے ابتدائی تعلیم مکمل کی اور ۱۹۴۶ء میں ایبٹ آباد سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد محکمہ تعلیم میں سروس اختیار کی۔ لیکن ۱۹۴۷ء کے انقلاب کے نتیجہ میں محکمہ خوراک سے منسلک ہو گئے آپ ۱۹۹۰ء میں ڈپٹی ڈائریکٹر خوراک کے عہدہ جلیلہ سے سبکدوش ہوئے۔ موصوف بڑی باغ و بہار شخصیت کے مالک ہیں۔ ایبٹ آباد کے غلام ربانی مرحوم سے مل کر ستر کی دھائی میں مظفرآباد میں تنظیم الاعوان کی بنیاد رکھی۔ الاعوان ویلفیئر سوسائٹی آزاد کشمیر کے معرض وجود میں آنے کے بعد اس کی



تعمیر و ترقی میں سرگرمی سے حصہ لیتے رہے ہیں۔ موصوف اس تنظیم کی صدارت کے عہدہ پر بھی فائز رہ چکے ہیں۔

حاجی گلزمان قاصد کے تین فرزند محبوب الحق محکمہ تعمیرات عامہ میں اسسٹنٹ انجینئر ہیں۔ دوسرے بیٹے منظور الحق نے نیوزی لینڈ کی ولنگٹن میسی یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی ہوئی ہے۔ قبل ازیں انہوں نے پاکستانی یونیورسٹیوں سے ایم ایس سی ایگریکلچر اور ایم ایس سی فارسٹری میں امتیازی حیثیت سے ڈگریاں حاصل کی ہوئیں ہیں ۔ آپ محکمہ جنگلات میں کنزرویٹر ہیں اور ناردرن ریسورسز مینجمنٹ پروجیکٹ سے منسلک ہیں۔ قاصد صاحب کے منجھلے بیٹے جاوید الحق تاجر ہیں۔

حاجی گل زمان قاصد درجنوں سماجی و رفاعی تنظیموں کے سرگرم رکن ہیں۔ مظفرآباد میں قائم کئی دینی تنظیموں اور مدارس میں ان کی سرگرمیاں قابل ستائش ہیں۔ اپنے جواں سال بیٹے مسعود الحق مرحوم کے نام پر مدرسہ تعلیم القرآن حنفیہ مسعودیہ چھلہ بانڈی قائم کر رکھا ہے۔ جس میں بچوں کی بڑی تعداد حفظ قرآن میں مصروف ہے، یہاں ناظرہ قرآن بھی پڑھایا جاتا ہے درس و تدریسی عملہ میں علما اور حفاظ شامل ہیں اس کی نگرانی وہ خود ہی کرتے ہیں۔ اس مدرسہ کے جملہ اخراجات بھی خود ہی برداشت کرتے ہیں۔ موصوف نے چھلہ بانڈی کے مقام پر الاعوان انڈسٹریل کمپلیکس قائم کر رکھا ہے جس میں ماربل اور لکڑی کے کارخانے قائم ہیں۔ ان کارخانوں کی جملہ مصنوعات کی کھپت دارالحکومت آزاد کشمیر میں ہی ہوتی ہے۔ یہاں آٹو موبائل کا کام بھی ہوتا ہے۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۷۳ پر درج ہے۔

لال خان کے بیٹے محلی خان کی اولاد محلی خانی کہلاتی ہے اس کے بیٹے ستار علی کے پوتے محمد علی کے چھ فرزند حمید اللہ، ہدایت اللہ، دوسا، جمعہ، مسکین اور بوستان تھے دوسا حسن گلیاں سے نقل مکانی کر کے چھتر دو میل پہنچا جہاں اس کے دوست منشی خانولی خان اعوان ڈپٹی کلکٹر نے دوسا خان کو خوش آمدید کہا۔ حسن گلیاں کی نسبت چھتر دو میل میں بہتر رہائشی سہولیات دستیاب تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ دوسا خان اپنی جملہ اولاد کے ساتھ یہاں منتقل ہوا۔

دوسا کی اولاد میں پڑھے لکھے اور حکومت وقت کے اہم مناصب پر فائز افراد آج بھی موجود ہیں۔ ان کا بڑا بیٹا ملک علی اکبر اعوان ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تعلیم تھے۔ آپ نہایت منکسر المزاج، انسانی ہمدردی کے پیکر اور اعلیٰ خصوصیات کے مالک تھے۔ مرحوم دن خدمت خلق میں اور رات یاد اللہ میں گذارتے تھے موصوف کا بیٹا افتخار اعوان اعلیٰ تعلیم یافتہ اور قانون دان ہے۔ وہ کشمیر سیل جو ایک سیاسی ادارہ ہے میں ڈائریکٹر کے اہم عہدہ پر اپنی خدمت انجام دے رہا ہے۔

دوسا خان کا دوسرا بیٹا علی اصغر اعوان حکومت آزاد کشمیر میں مرکزی سیکرٹری کے عہدہ پر فائز رہ کر پنشن پر سبکدوش ہو چکا ہے۔ آپ پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ قانون سے گولڈ میڈلسٹ ہیں۔ قانون کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد مظفرآباد میں وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ ساتھ ہی اصلاح الاعوان نام سے ایک فلاحی تنظیم کی بنیاد رکھی۔ حکومت نے ان کی مقبولیت اور ذاتی خوبیوں کے پیش نظر انہیں محکمہ عدل و انصاف میں سب جج مقرر کر دیا۔ تھوڑے عرصہ بعد ان کی حسن کارگردی کے پیش نظر انہیں مینجمنٹ گروپ میں تبدیل کر کے اسسٹنٹ کمشنر مال بنا دیا گیا۔ یہیں سے وہ



ترقی کر کے سیکرٹری حکومت بنے۔ سرکاری ملازمت کے دوران وہ اہم اور اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے۔ فرض شناسی اور انسانی ہمدردی میں پیش پیش رہے اور کبھی کسی سائل کو مایوس نہیں لوٹایا۔ سروس سے فارغ ہو کر حسن گلیاں کے مقام پر اعلیٰ معیار کی ایک جامع مسجد اور اسلامی مدرسہ کی بنیاد رکھی۔ موصوف صاحب علم، اسلام دوست اور عوام الناس میں مقبولیت کی بنیاد پر آزاد کشمیر بھر میں جانے اور پہچانے جاتے ہیں۔ دوسا خان کا چھوٹا فرزند مقامی بینک میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہے۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۷۳ پر ہے۔

کرم علی کوٹلہ کا ایک بیٹا گگ خان تھا۔ جس کی چودھویں پشت میں نور محمد نامی ایک شخص پکھلی سے حسن گلیاں پہنچا۔ اس کے فرزند رضا محمد نے دریا جہلم کے کنارے گڑھی دوپٹہ کے نزدیک مالسی کے مقام پر سکونت اختیار کر لی۔ اس کے دو بیٹے تھے صوبہ خان اور تاج محمد۔ تاج محمد نے مالسی سے رخصت سفر باندھا اور چناری کے متصل دریائے جہلم کے دائیں کنارے کٹھائی کے مقام پر سکونت اختیار کر لی۔ یہ مقام سرسبز و شاداب اور زرخیز میدانی اراضیات کا خطہ تھا۔ جو تاج محمد کی ضروریات پوری کرتا تھا۔ اس کی جملہ اولاد اسی مقام پر آباد ہے۔ ان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۷۸ پر درج ہے۔

رضا محمد خان کا دوسرا بیٹا صوبہ خان باغ و بہار شخصیت کا مالک تھا اس نے شب و روز کی محنت سے علاقہ میں اپنا مقام پیدا کر لیا تھا۔ عرف عام میں اسے صوبہ خان ذیلدار کہا جاتا تھا۔ صوبہ خان نے انیسویں صدی کی تیسری دہائی میں مالسی کو خیر آباد کہا اور اعوان پٹی میں آباد ہو گیا۔ اعوان پٹی میں پہلے ہی چند بڑے اعوان خاندان آباد تھے صوبہ خان کا ورود اعوانوں کیلئے مزید تقویت کا باعث بنا۔ صوبہ خان کے چار بیٹے فقیر محمد

، غلام محمد ، دوست محمد اور فجر علی تھے۔ یوں تو ان کی سبھی اولادیں اپنا اپنا مقام رکھتی ہیں لیکن دوست محمد خان کی اولاد میں گوناں گوں خصوصیات کی حامل شخصیات پیدا ہوئیں۔ جن میں تعلیم یافتہ لوگوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔ یہ لوگ سرکاری ملازمتوں میں بعض اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ سیاسی ، معاشی اور معاشرتی شعبوں میں ان کا اپنا مقام ہے۔ دوست محمد کا بڑا بیٹا میر محمد محکمہ مال میں تحصیل دار تھا جس کا ایک فرزند سلیم اختر آفیسر مال کے عہدہ پر فائز ہے۔ اس کا پوتہ رفاقت حسین لوکل گورنمنٹ میں سب ڈویژن آفیسر ہے۔ دوسرے بیٹے متولی کے فرزند محمد منیر اعوان ایم اے ایل ایل بی ایڈووکیٹ سابق ایم ایل اے اور آزاد جموں و کشمیر اسمبلی میں پارلیمنٹری سیکرٹری رہ چکے ہیں۔ دوسرا بیٹا محمد نذیر اکاؤنٹس آفیسر اور تیسرا بیٹا محمد یوسف سپرنٹنڈنٹ محکمہ تعمیرات عامہ ہے۔ دوست محمد کا فرزند محمد خان ڈوگرہ عہد میں رینج آفیسر تھا۔ ان کے بیٹوں میں منظور حسین قانون دان تھا جو ایک حادثہ میں وفات پا چکا ہے۔ محمد فاروق اعوان تعمیرات عامہ کے سنٹرل ڈیزائن ڈائریکٹوریٹ میں ڈائریکٹر ڈیزائن ہیں جبکہ ان کا منجھلا بیٹا محمد آصف محکمہ برقیات میں لائن سپرنٹنڈنٹ ہے۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۷۸ پر ہے۔



# مزمل علی کے بیٹے غلام علی کی اولاد مظفرآباد میں

مزمل علی کلگاں کے دوسرے بیٹے غلام علی کی گیارہوں پشت میں شہید نام کا ایک شخص تھا۔ جس کے دو بیٹے مولا بخش اور پھولا تھے۔ مولا بخش کی اولاد ڈوبال ضلع چکوال میں بتائی جاتی ہے۔ جبکہ پھولا کے بھی دو بیٹے باز اور محمد اعظم تھے۔

تاریخ اقوام پونچھ کے صفحہ ۶۵۵ پر "اعوان خاندان اعظم آباد وغیرہ" کے عنوان سے محمد دین فوق نے لکھا ہے کہ ، منڈی (مقبوضہ پونچھ) کے ایک مشہور شہر اتالکا کا نام رفتہ رفتہ اتولی مشہور ہو گیا۔ جو آج بھی اسی نام سے مشہور ہے۔ فوق صاحب لکھتے ہیں کہ ضلع جہلم کی اعوان کاری کے علاقہ سے ایک اعوان جس کا نام ملک محمد اعظم تھا یہاں آکر آباد ہو گیا اس نے اتولی کے قریب ہی ایک جدید بستی اعظم آباد کے نام سے آباد کی۔ وہی اعظم آباد اب منڈی سے ملحق ہے اور اتولی کے اوپر کی طرف الگ واقعہ ہے۔ ملک محمد اعظم خان کی اولاد سے ایک بزرگ تحصیل مظفرآباد چلے گئے جس کی اولاد پٹی آواناں (اعواناں) متصل گڑھی دوپٹہ میں موجود ہے اور اعوان کہلاتی ہے۔ میر دوسا خان اعوان اس قوم سے نمبردار رہے ہیں۔ محمد دین فوق کہتے ہیں کہ ایک بزرگ جس کا نام فیض علی تھا یہاں سے (اعظم آباد) سے تحصیل مہنڈر (مقبوضہ پونچھ) کے موضع چھجلا میں چلے گئے۔ اس گاؤں کے رقبہ رام کنڈ میں ان کی کافی اراضی موجود ہے۔ تاریخ اقوام پونچھ کے مطابق محمد اعظم خان کی اولاد کا غذات مال میں بندوبست کے دوران اعوان کے بجائے اپنے قومی لقب "ملک" کے نام سے درج ہو گئے اس لئے اب اسی طرح مشہور ہیں۔

فوق صاحب کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ محمد اعظم خان کی اولاد سے کوئی شخص مظفر آباد گیا تھا درست بات یہ ہے کہ محمد اعظم خان کے بھائی باز کا بیٹا پیارا ڈوبال ضلع چکوال سے چھتر دو میل مظفر آباد گیا جہاں سے اس کی اولاد اعوان پٹی سمیت دیگر اطراف میں پھیل گئی۔ پیارا کے بھی دو بیٹے گوگر اور کوچی تھے۔ پیارا نے اپنے بیٹوں کے ہمراہ ڈوبال سے رخت سفر باندھا اور پکھلی ہزارہ پہنچا۔ جہاں اس نے مختصر قیام کیا اور کشمیر روانہ ہو گیا۔ اس نے براستہ گڑھی حبیب اللہ حسن گلیاں کے علاقہ میں داخل ہو کر چھتر دو میل کے مقام پر مستقل قیام کا فیصلہ کیا۔ اس کے بیٹے گوگر نے دو میل سے ترک سکونت کر کے گڑھی دوپٹہ کے قریب مالسی کے مقام پر رہائش اختیار کر لی۔ کوچی کے بیٹے حیدر کی اولاد بھی اعوان پٹی مظفر آباد میں ہے دوسرے بیٹے کاچم کے بھی دو فرزند کریم بخش اور کمال تھے۔ کمال کی اولاد اعوان پٹی اور کرناہ کے گاؤں ہملیاں اور مجلی دھار میں ہے۔ کرم بخش کے بیٹے مراد بخش کے دو فرزند دیدار بخش اور خدا بخش تھے۔ خدا بخش کی جملہ اولاد مواضعات کوٹلہ کھوڑی پنج گراں اور علاقہ ٹھراٹ ضلع مظفر آباد میں ہے۔ دیدار بخش کے تین بیٹے عباسو، دلاور اور محمد شریف تھے۔ عباسو پونچھ چلا گیا اور دلاور کی جملہ اولاد چھتر دو میل مظفر آباد میں ہے۔ محمد شریف کے پوتے نمانہ کا بیٹا منگا گڑھی دوپٹہ چلا گیا۔ نمانہ کے دوسرے فرزند حسن خان کے چار بیٹے تھے۔ بہادر علی کی اولاد جملہ باندی میں ہے۔ جیون علی روشن علی اور ہاشم علی چھتر دو میل میں آباد ہیں۔ نمانہ کے تیسرے بیٹے ڈوڈا کی جملہ اولاد بھی چھتر دو میل میں ہے اس خاندان میں ملک شیر زمان اور ملک محمد زمان نمایاں شخصیات مانے جاتے ہیں۔ ان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۷۲ پر ہے۔



جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے گوگر نے چھتر دو میل کو چھوڑ کر مالسی کے مقام پر سکونت اختیار کر لی تھی۔ یہاں ہی اس کی چوتھی پشت میں خدا بخش نام کے ایک بزرگ ہوئے جس کے چار بیٹے شیر خان، نور قلی، منھو، اور پنوں تھے۔ شیر خان کی اولاد اعوان پٹی کے گاؤں نکہ میں نور قلی اور منھو کی اولادیں اعوان پٹی کے گاؤں ارناکہ میں آباد ہیں۔ منھو کی اولاد سے کچھ لوگ ہملیاں اور دڑونی دوپٹہ زیریں اعوان پٹی میں ہیں اس خاندانوں میں ملک غلام حسین وزارت خارجہ پاکستان اور ملک محمد حسین سیکشن آفیسر پاکستان سفارت خانہ ناروے قابل ذکر شخصیات ہیں۔ خدا بخش کا چوتھا بیٹا پنوں خان ایک تاریخی شخصیت کا مالک تھا اس نے اعوان پٹی اور نواحی علاقوں پر مشتمل خود مختار سرداری قائم کی جس کی تفصیل اعوان پٹی مظفر آباد ایک خود مختار علاقہ کے عنوان سے الگ دی گئی ہے۔ پنوں خان کے تین بیٹے تھے گل محمد کی اولاد سے کچھ لوگ کھٹ پورہ میں، فتح محمد کی اولاد سے کچھ لوگ پونچھی اور سرہ گلی میں آباد ہیں۔ فتح محمد کی اولاد سے کچھ لوگ وادی کاغان میں واقعہ بالا کوٹ کے علاقہ باندی اور میرادارہ میں بھی آباد ہیں۔ تیسرے بیٹے نور محمد کے پوتے مل خان کے فرزند سرانداز خان تھے۔ اس کی اولاد پکھلی ہزارہ میں ہے۔ مل خان کے بھائی ولی محمد کی چوتھی پشت میں حمد علی تھا جس کی اولاد سرونٹ موضع ہملیاں میں ہے۔ کہا جاتا ہے کہ مل خان کا پوتہ بادل خان یہاں سے نقل مکانی کر کے علاقہ کھاوڑہ چلا گیا تھا اس کی اولاد کھاوڑہ میں موجود ہے۔ بادل خان کا ایک بیٹا فقیر اعوان پٹی میں ہی رہ گیا۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۷۹ پر درج ہے۔

# اعوان پٹی مظفرآباد کا خود مختار علاقہ

مزمل علی کلاں کی اولاد سے پندرھویں پشت میں بیارا نام کا ایک شخص چکوال کے مقام ڈوبال سے چل کر اپنے اہل وعیال اور کچھ ہمرائیوں کے ساتھ پکھلی ہزارہ پہنچا۔ جہاں مختصر قیام کے بعد دیگر اعوان افراد و خاندانوں کی اتباع میں کشمیر روانہ ہوا۔ اور مظفرآباد شہر کے نزدیک چھتر دومیل کے مقام پر ڈیرے ڈال دیئے۔ یہ سترھویں صدی کا آخری یا اٹھارویں صدی کا ابتدائی زمانہ بتایا جاتا ہے۔ اعوان قوم کے لوگ انفرادی طور پر یا چھوٹے چھوٹے گروہوں میں اعوان کاری سے برصغیر کے اندر مختلف علاقوں میں دین اسلام کی تبلیغ اور بہتر رہائشی سہولیات کی تلاش میں روانہ ہوتے رہے۔ اور جہاں کہیں آسائش میسر ہوئی آباد ہو گئے۔

بابا بیارا عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ آزاد منش اور مظاہر قدرت میں بے حد دلچسپی رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اعوان کاری سے چل کر راستہ میں کہیں بھی قرار نہ پکڑ سکا۔ چھتر دومیل گاؤں کو دریائے جہلم نے تین اطراف سے گھیر رکھا ہے چاروں اطراف فلک بوس پہاڑی سلسلے کے وسط میں ایک وسیع و عریض میدان رہائشی سہولیات کیلئے بے حد مفید تھا۔ یہاں کی زرخیز و شاداب زمین انسانی ضروریات اور آسائشوں کیلئے سودمند اور قدرتی حسن سے مالامال تھی۔ چنانچہ بابا کو یہ جگہ بہت پسند آئی تو اس نے اپنے مستقبل کیلئے اس جگہ کو منتخب کر لیا۔

بیارا کے بیٹے گوگر یا گھوٹے نے دومیل سے نقل مکانی کر کے گڑھی دوپٹہ کے نزدیک دریائے جہلم کے کنارے دائیں طرف واقع مالسی کے مقام پر رہائش اختیار کر



لی۔ اعوان لوگ جہاں بھی گئے انہوں نے اپنی حفاظت کے انتظامات کے ساتھ ساتھ دین کی ترقی و ترویج کو پیش نظر رکھا لہذا گوگر نے بھی مالسی کے مقام پر تبلیغ دین کا سلسلہ شروع کیا۔ قرب و جوار کے علاقوں میں درس تدریس کے مراکز کھولے۔ مسجدیں تعمیر کروائیں اس کی اولاد کے لوگ اطراف کے دیہات میں پھیل گئے کچھ تو دین کی ترقی کے کام میں مصروف رہے لیکن غالب آباد کاروں نے زمینداری کا پیشہ اختیار کر لیا۔

اعوان پٹی کا علاقہ گڑھی دوپٹہ سے شروع ہو کر پٹی گاؤں جو نوسیری چنجوٹ کی سرحد پر واقع ہے پر ختم ہوتا ہے اس کی لمبائی تقریباً بیس کلومیٹر اور چوڑائی نالہ ہٹیاں سے نالہ جندر بہن تک دس کلومیٹر کے قریب ہے یہ دونوں نالے اعوان پٹی کے دائیں بائیں متوازی بہتے ہیں اور گڑھی دوپٹہ کے مقام پر دریائے جہلم میں گرتے ہیں۔ گڑھی دوپٹہ جس کی سطح تین ہزار فٹ کے قریب ہے سے اعوان پٹی کا علاقہ شروع ہو کر مشرق میں بتدریج بلندی کی جانب مائل ہے۔ موضع پٹی تک اس کی اونچائی چھ ہزار فٹ سے بھی تجاوز کر جاتی ہے۔ مزید مشرق میں واقعہ سلسلہ کوہ علاقہ کرناہ کو اعوان پٹی سے جدا کرتا ہے۔

گوگر کی اولاد سے چوتھی پشت میں خدا بخش کے نام کا ایک بزرگ تھا جس کے چار بیٹے شیر خان، منصو خان، پنوں اور نور قلی تھے۔ منصو خان، پنوں خان، اور نور قلی نے زندگی کی بہتر سہولیات کی تلاش میں مالسی سے نقل مکانی کر کے اعوان پٹی کی جانب رخت سفر باندھا۔ اعوان پٹی کا علاقہ سرسبز، شاداب لیکن غیر آباد تھا گھنے جنگلات سے اٹا پڑا تھا۔ جہاں کی وسیع و عریض سرزمین جو پہاڑی سلسلہ کے دامن میں

فطری ساخت کے ڈھلوانوں پر مشتمل ہے قدرت کی تمام رعنائیوں سے مزین انسانی قدموں کے بوس وکنار کی منتظر تھی یہ علاقہ ان لوگوں کی طبعی و فطری ضروریات کیلئے بے حد مفید تھا۔ چنانچہ پنوں خان نے ہاڑی کلس میں ، مٹھو خان ارتاکھ میں اور نور قلی تکہ میں اپنے لاؤ ولشکر سمیت آباد ہوگئے۔ ان لوگوں نے جنگلات تلف کئے ، زمین ہموار کی، قلبہ رانی کی، زمین کے بڑے حصہ پر فصلیں کاشت کیں اور زمین سونا اگلنے لگی تو نئے آباد کار اور ان کی اولادیں چین وسکھ کی زندگی بسر کرنے لگے۔ رفتہ رفتہ اعوان پٹی کے جملہ علاقے اعوانوں کی دسترس میں آگئے۔

خدا بخش کا بیٹا مٹھو خان صاحب کشف و کرامت بزرگ تھے۔ ان کی زندگی میں درجنوں لوگ ان کے آستانہ پر حاضر ہو کر فیضیاب ہوتے رہے۔ بابا مٹھو موسم گرما میں ارتاکھ اور سرما میں سلطان پور میں قیام فرماتے تھے۔ سلطان پور دریائے جہلم کے کنارے گڑھی دوپٹہ کے نزدیک زیریں اعوان پٹی میں واقع ہے ان کا مزار بھی سلطان پور میں مراجع الخلائق ہے۔

یوں تو خدا بخش کے تمام بیٹے گوناگوں خصوصیات کے حامل تھے لیکن ان میں پنوں خان دوسرے بھائیوں سے ممتاز حیثیت کا مالک تھا۔ وہ فن سپاہ گری میں ماہر، تلوار کا دھنی اور گھوڑ سواری میں ید طولیٰ رکھتا تھا۔ اسے اسلامی تعلیم پر سیر حاصل عبور تھا وہ اسلام دوست قوتوں کی حوصلہ افزائی کرتا اور تعلیم و تبلیغ میں بے حد دلچسپی رکھتا تھا۔ تصوف اور معرفت میں بابا پنوں بلند مقام پر فائز تھا انہوں نے مالسی اور پھر اعوان پٹی میں اپنے اور اپنے قبیلے کی حفاظت کیلئے چاک وچوبند سپاہیوں پر مشتمل ایک دستہ قائم کر رکھا تھا۔ جو گردونواح کے علاقوں پر بھی نظر رکھتا تھا۔ پنوں خان نے اپنے علاقہ



میں فن سپاہ گری کے مراکز کھول رکھے تھے جن میں تیر اندازی ، گتکا بازی اور تلوار چلانے کے گر سکھائے جاتے تھے۔ فوجی ٹریننگ کے ہر قسم کے علوم پر کام ہوتا تھا۔ وہ ہمہ وقت ہر قسم کی مشکلات سے نپٹنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ کم از کم ایک ٹریننگ سنٹر ایسا بھی قائم تھا جہاں بندوق سازی اور پتھر کی گولیاں استعمال کرنے کی ٹریننگ دی جاتی تھی۔ نصف صدی قبل تک ایسی بندوقیں ترقی یافتہ صورت میں زیر استعمال تھیں لیکن قسم اب مفقود ہے۔

اعوان پٹی پہنچ کر بابا پنوں نے اپنے حفاظتی دستہ کی تنظیم نو کی وہ بہترین منتظم تھا اس نے اس ننھی سی ریاست میں مثالی انتظامیہ قائم کر رکھی تھی۔ اعوان پٹی کے مختلف دیہات و ملحقہ مواضعات جن میں ارنیاں ، دڑنی ، دوپٹہ ، پشننی ، ہلیاں بیلہ ، حولیاں سنی کوٹ اور بانڈی جعدار اں وغیرہ شامل تھے میں انہوں نے اپنے نائبین اور مشیر مقرر کر رکھے تھے۔ جو انتظام سلطنت میں انہیں قیمتی مشورے دیتے تھے ان مشیروں میں شیر خان اور رحمت اللہ شامل تھے۔ دیگر دیہات و علاقوں سے بھی مشیران کرام بابا پنوں کی معاونت کرتے تھے لیکن ان کے متعلق تفصیلات دستیاب نہیں ہیں۔

اعوان پٹی کے متعلق زیادہ تر معلومات بابا شیر محمد خان آف ہاڑی اعوان پٹی نے فراہم کی ہیں جو کچھ عرصہ پہلے ۱۴۷ سال کی عمر میں وفات پاچکے ہیں۔ مرحوم نے اعوان پٹی کی تاریخ میں طویل ترین عمر پائی موصوف کے روئے مبارک اور سراپا پر بڑھاپے کے اثرات نمایاں تھے۔ اس کے باوجود گفتگو میں معصومانہ چاشنی تھی۔ وہ درمیانہ قد و قامت کے حامل اور سادہ مزاج رکھتے تھے۔ موصوف پابند صوم و صلوٰۃ اور صاحب ادراک بزرگ تھے۔

سلطان پلو علاقہ کا ایک بڑا جاگیر دار تھا جو عام طور پر پلو تر میں قیام رکھتا تھا۔ اس مقام کا نام غالباً سلطان کے اسم گرامی کے نام کی رعایت سے ہی "پلو تر" زبان زد عام ہوا ہو گا۔ مالسی اور لواسی میں بھی سلطان کی اقامت گاہیں موجود تھیں۔ سلطان پلو نے دو درجن سپاہ پر مشتمل ایک حفاظتی دستہ قائم کر رکھا تھا اس کی کوئی باقاعدہ فوج نہ تھی ضرورت پڑنے پر اپنی جاگیر میں آباد لوگوں سے استفادہ کرتا رہتا تھا۔ سلطان کے ساتھ بابا پنوں کے تعلقات دوستانہ اور باہمی احترام و اعتماد کی بنیاد پر پہلے سے ہی قائم تھے۔ سلطان حسب ضرورت اپنی رعایا اور کاشتکاروں کو قابو میں رکھنے کیلئے اعوانوں کی فوجی امداد سے استفادہ حاصل کرتا تھا۔ جب سلطان عمر عزیز کے آخری حصہ میں پہنچا تو اسے بیماریوں نے آن گھیرا۔ وہ بے حد کمزور اور ضعیف ہو چکا تھا۔ انتظامیہ پر اس کی گرفت ڈھیلی پڑ گئی تھی جس سے اس کی جاگیر کا نظام متاثر ہو رہا تھا۔ اس کی رعایا کے لوگ اور کاشتکار من مانی کاروائیوں پر اتر آئے تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کشمیر میں مرکزی حکومت کی جڑیں کھوکھلی ہو چکی تھیں۔ انتظامیہ انتشار کا شکار تھی ریاست بھر میں افراتفری کا دور دورہ تھا۔ دور دراز کے علاقوں میں خود ساختہ حکومتیں اور سرداریاں قائم ہو رہی تھیں۔ عرف عام میں اس زمانہ کو آپ راجی سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس صورت حال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے لیپہ کرناہ کے ایک سردار شیر احمد خان نے اپنی فوج کے درجنوں فوجی سپاہیوں پر مشتمل ایک دستے کے ساتھ **سلطان پلو پر حملہ کر دیا اور سلطان** کی کمزوری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کے کچھ علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ سلطان نے اپنی فوجی قوت کو منظم کرنے کیساتھ ساتھ بابا پنوں خان سے رابطہ کیا۔ پنوں خان اپنی فوج کے بہترین دستے کے ساتھ سلطان کی مدد کو پہنچا۔ اسکی فوجی قوت اور کامیابیوں سے راجہ شیر احمد خان



اور اس کی فوج خوب واقف تھے۔ چنانچہ پنوں خان کے وارد ہوتے ہی راجہ شیر احمد خان کے فوجیوں کے حوصلے پست ہو گئے اور وہ پسپائی پر مجبور ہو گئے۔ کہتے ہیں کہ خواجہ ترلہ کے مقام پر دونوں فوجوں کا آمنا سامنا بھی ہوا اگرچہ راجہ شیر احمد خان ایک بہادر اور جنگجو شخصیت کا مالک تھا لیکن اسکی فوج اپنے علاقہ سے بہت دور راستہ میں پڑنے والے مشکل اور دشوار گذار پہاڑی سلسلوں کی موجودگی میں لڑنے سے قاصر تھی۔ لہذا وہ بغیر لڑائی کے ان پہاڑوں کو عبور کر کے واپس اپنے علاقوں کو لوٹ گئے۔

اس شاندار کامیابی اور فتح کے بعد سلطان پلو نے خوش ہو کر اپنی جاگیر کا کچھ حصہ پنوں خان کو دینے کی پیشکش کی۔ لیکن انہوں نے اس پیشکش کو دوستانہ روابط اور جذبہ خیر سگالی کے اظہار کے طور پر قبول نہ کیا اس طرح لواسی خاندان میں اعوانوں کے اثر و رسوخ میں معتدبہ اضافہ ہوا۔

# حافظ جان محمد کی اولاد آزاد کشمیر میں

حضرت سالار قطب حیدر شاہ عرف سالار غازی کے بڑے بیٹے عبداللہ گولڑہ کی چوبیسویں پشت میں حافظ جان محمد کے بیٹے قاضی عبدالشکور نام کے ایک بزرگ کوہالہ سے چند کلو میٹر جنوب میں دریائے جہلم کے دائیں کنارے واقع گاؤں بیروٹ میں آزاد کشمیر سے نقل مکانی کر کے رہائش پذیر ہوئے۔ کہتے ہیں کہ قاضی عبدالشکور نیک سیرت اور جید عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ صاحب کشف بزرگ تھے۔ حافظ جان محمد کے پانچ بیٹے قاضی عبدالشکور معروف گوندل خان، حافظ محمود، حافظ شیخ محمد، قاضی عبدالغفور اور قاضی عبدالکریم تھے۔ اعوان مشائخ عظام نے برصغیر میں تبلیغ

دین اور اسلامی تعلیمات کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ چنانچہ حافظ جان محمد نے بھی ایسے ہی جذبوں کی تسکین کیلئے اپنے بیٹوں کی تعلیم و تربیت اس انداز میں کی کہ وہ اسلامی تعلیمات کی تبلیغ و اشاعت اور ترقی و توسیع کر کے ان کی عزت اور عظمت اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا باعث بن سکیں۔

حافظ جان محمد کے بڑے بیٹے قاضی عبدالشکور کے سات فرزندوں میں سے قاضی غلام محی الدین نے آزاد کشمیر کے علاقہ کھاوڑہ کے دیہات بھریاں اور کومی کوٹ میں مستقل سکونت اختیار کر لی اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کی اولادیں نواہی دیہات صالح گلی جھنڈ گراں اور موہری ٹراٹ وغیرہ تک پھیل گئیں جبکہ ان کے دوسرے دو بیٹوں قاضی تاج محمد اور قاضی جان محمد کی اولادیں ضلع ایبٹ آباد کے گاؤں بیروٹ میں مستقل ہو گئیں۔ قاضی تاج محمد کے دوسرے بیٹے نور محمد کی اولاد بیروٹ میں "نور محمد آل گوت" سے مشہور ہے۔ قاضی نور محمد کے پوتے محمد عبدالجلیل کے بھی پانچ بیٹے ہیں جو ہمہ گیر صلاحیتوں اور خصوصیات کے مالک ہیں۔ ان کے دوسرے فرزند محبت حسین اعوان تاریخ ساز شخصیت ہیں۔ موصوف حکومت پاکستان کے محکمہ کسٹمز میں اعلیٰ عہدہ پر فائز کراچی میں مقیم ہیں۔ محبت حسین اعوان تنظیم الاعوان پاکستان کی سپریم کونسل کے ممبر، الاعوان ویلفیئر ایسوی ایشن سندھ کے نگران اعلیٰ اور ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کراچی کے منتظم ہیں۔ آپ متعدد تاریخی کتب کے مصنف اور مؤلف ہیں۔ آپ کا شمار علم و ادب کی جانی پہچانی شخصیات میں ہوتا ہے۔ حافظ جان محمد کے بیٹوں حافظ محمود اور حافظ شیخ محمد کی اولادوں کے متعلق معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ ان کے چوتھے بیٹے قاضی عبدالغفور کے سات فرزند تھے۔ ان کے بیٹے قاضی فتح



محمد کے پسر قاضی محمد حسین کی اولاد موضع قاضی بھنہ میں اور قاضی عبدالغفور کے دوسرے بیٹے قاضی شیر محمد کے فرزند عبداللہ کی جملہ اولاد موضع جبہ شریف علاقہ چکار مظفرآباد میں ہے۔ اس خاندان میں کرنل ریٹائرڈ الطاف حسین سابق ڈائریکٹر جنرل محکمہ سول ڈیفنس آزاد کشمیر معروف شخصیت ہیں۔ حافظ جان محمد کے پانچویں بیٹے قاضی عبدالکریم کی جملہ اولاد بھی کومی کوٹ ضلع مظفرآباد میں ہے۔ اس خاندان کا شجرہ نسب صفحہ ۳۸۶ پر ہے۔

☆☆☆☆

# باب سوئم



# ۱۹۴۷ء کی جنگ آزادئ کشمیر

# میں اعوانوں کا حصہ

سابق ریاست پونچھ چار تحصیلوں حویلی، مہنڈر، باغ اور سدھنوتی پر مشتمل تھی۔ ۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی کے نتیجہ میں تحصیل مہنڈر کا دو تہائی اور تحصیل حویلی کا نصف مقبوضہ کشمیر میں چلا گیا جبکہ ریاست پونچھ کا باقی علاقہ اب اضلاع پونچھ اور باغ پر مشتمل آزاد کشمیر کا حصہ ہے۔ یہ مردم خیز خطہ ارضی جذبہ حریت اور احساس آزادی سے ہمیشہ مالا مال رہا ہے۔ یہاں آزادی پسند، غیور اور جنگجو قسم کے لوگ آباد ہیں۔ اس کا پس منظر یہ ہے کہ آٹھارویں صدی تک پونچھ کا سارا علاقہ ریاست کشمیر کا حصہ تھا۔ اندورنی بے اعتدالیوں اور بدنظمیوں کے باعث مرکزی حکومت کا اقتدار ختم ہوا تو یہاں کے مختلف قبائل نے خود مختار علاقے قائم کر لیے اور خود ساختہ نوابوں، راجاؤں اور سرداروں کے تحت اپنی اپنی حکومتیں قائم کر لیں جو اکثر ایک دوسرے سے دست و گریبان رہتے تھے۔ لوٹ مار، خانہ جنگیوں اور فسادات میں باہمی آویزشوں میں ان کی بسر اوقات ہوتی تھی اس لئے یہ لوگ ہمہ وقت جنگی اور دفاعی تیاریوں میں مصروف رہتے تھے۔ تاریخ اقوام پونچھ کے مطابق "اس عجیب و غریب اور بے ترتیب حکومت کو آپ راجی سے موسوم کیا جاتا ہے"۔ دیگر علاقوں کا ذکر کرنے کے بعد محمد دین فوق آخر میں لکھتے ہیں کہ "تحصیل سدھنوتی میں سدھن اور بدھن (اعوان) قوم کے مختلف قبائل

منحرف ہو گئے تھے"۔ ایسے حالات اور ماحول میں پروان چڑھنے والی نسلیں کسی غیر کے تسلط کو برداشت کرنے کی عادی نہیں تھیں۔

یہی وجہ ہے کہ ۱۹۴۷ء کی جنگ آزادی کی ابتدا بھی ان ہی علاقوں سے ہوئی۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ تحصیل سدھنوتی میں آباد اعوان قبائل جن میں زیادہ تر گولڑے اور کلال شامل ہیں بدھن مشہور تھے۔

انیسویں صدی کی چوتھی دھائی میں کشمیر پر ایک ہندو خاندان جسے عرف عام میں ڈوگرہ کہتے ہیں کے عمل دخل کے بعد ریاست پونچھ قائم ہوئی تو تاریخ اقوام پونچھ کے مطابق اس ریاست میں مسلمانوں کی آبادی ۹۶ فیصد تھی۔ ہندو اڑھائی فیصد اور سکھ ڈیڑھ فی صد تھے۔ مسلمانوں نے ڈوگرہ حکومت کو کبھی بھی صدق دل سے قبول نہیں کیا۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف اوقات میں اس ریاست کے مختلف علاقوں میں شورشیں برپا ہوتی رہی ہیں۔ ریاست میں غیر مسلم زیادہ تر تجارت پیشہ تھے۔ ریاستی انتظامیہ میں بھی ہندوؤں کو غلبہ حاصل تھا جبکہ مسلمانوں کی جملہ آبادی کا انحصار انگریزی عملداری کے علاقہ میں فوجی سروس، سول ملازمت اور دیگر خدمات پر تھا۔ جنگ عظیم اول ۱۹۱۴ء تا ۱۹۱۹ء اور دوم ۱۹۳۹ء تا ۱۹۴۵ء کے دوران یہاں کے لوگوں نے یورپ، افریقہ، ایشیا، مشرق وسطی اور مشرق بعید کے ملکوں میں فوجی خدمات کا شاندار ریکارڈ قائم کیا۔ دنیا کی دو بڑی جنگوں کے دوران اس علاقہ میں کوئی ایسا گھر نہ تھا جس کے فوجی خدمات کے اہل جملہ مرد فوج میں شامل نہ تھے۔ ۱۹۴۵ء میں جنگ عظیم دوئم کے خاتمہ کے بعد فوجیوں کی بڑی تعداد کو سبکدوش کر دیا گیا جو گھروں میں بیکار بیٹھے ہوئے تھے۔ یہی



وجہ ہے کہ ۱۹۴۷ء میں جنگ آزادی شروع ہوتے ہی یہ لوگ بھاری تعداد میں اٹھ کھڑے ہوئے اور ڈوگرہ فوج کے خلاف سینہ سپر ہو گئے۔ ان لوگوں نے پوری قوت اور شدت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور اسے شکست فاش دی۔ جس کے نتیجہ میں موجودہ آزاد جموں وکشمیر کی ریاست معرض وجود میں آئی۔

جوں جوں پاکستان کی منزل قریب آرہی تھی ڈوگرہ حکمران بھی ممکنہ بے چینی کیخلاف منصوبہ بندی کرتے رہے۔ وہ مسلمانوں کی اس زبردست تربیت یافتہ افرادی قوت کو بھانپ چکے تھے۔ ۱۹۴۶۔۴۷ء میں ہی ڈوگروں نے علاقہ سے جملہ ہتھیار جن میں زیادہ تعداد ٹوپی دار بندوقوں اور بارہ بور رائفلوں کی تھی جمع کروا لیے تھے۔ ریاست کے اہم راستوں پر فوجی کمک پہنچا کر وہ مطمئن تھے لیکن ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان قائم ہوتے ہی یہاں بھی بے چینی پھیلنا شروع ہوئی جو چند ہفتوں میں باقاعدہ جنگ کی صورت میں تبدیل ہو گئی۔ پاکستان نوزائیدہ مملکت تھی ابھی تک اس کے باقاعدہ دفاتر بھی قائم نہیں ہوئے تھے متحدہ ہندوستان کی جملہ دفاتر دہلی میں تھے۔ پاکستان کے مرکزی دفاتر کیلئے کراچی کو منتخب کیا گیا تھا جہاں دفتری اور رہائشی مشکلات کا سامنا تھا۔ ۱۹۴۷ء میں کراچی کی آبادی اڑھائی تین لاکھ سے زیادہ نہ تھی۔ پس ماندہ علاقہ تھا شہر کے اردگرد ایک جانب سمندر اور تین اطراف ریگستانی میدان ٹیلے اور جھاڑیاں تھیں۔ پاکستان کی مرکزی حکومت کے ملازمین کو جہاں کہیں جگہ ملی اپنی گرہ سے کاغذ پنسل خرید کر دفاتر قائم کر لئے۔ پاکستان کے پاس فوج تھی نہ روپیہ پیسہ۔ اثاثوں کی تقسیم کے تحت پاکستان کے حصہ میں آنے والا پچپن کروڑ روپیہ ریزرو بنک

آف انڈیا کی تحویل میں تھا جو پاکستان کو منتقل نہیں ہو رہا تھا کیونکہ ہندوؤں نے تقسیم ہند کو بادل نخواستہ عارضی طور پر قبول کیا تھا۔ اس لئے دہلی کی ہندو حکومت پاکستان کو ختم کرنے کے درپہ تھی۔

مشرقی پنجاب میں مسلمانوں اور سکھوں کی آبادی بین بین تھی۔ ہندو بھی بڑی تعداد میں آباد تھے۔ قائداعظم نے سکھوں کو دعوت دی تھی کہ وہ مسلم لیگ کی حمایت کریں تو ان کو ان کے اکثریتی علاقوں پر مشتمل سکھ ریاست دی جائے گی جو اندرونی طور پر خود مختار ہو گی۔ کانگرس نے بھی سکھوں کو اسی قسم کی دعوت دی بلکہ اس سے بھی زیادہ رعایتیں دینے کا وعدہ کیا۔ (تفصیلات مہاراجہ پٹیالہ کی کتاب راونڈ اباؤٹ فورٹی سیون میں درج ہیں) سکھ ہندوؤں کے جھانسے میں آگئے تو انہوں نے پوری شدت سے پاکستان کے قیام کی مخالفت شروع کر دی۔ چنانچہ اپریل ۱۹۴۷ء میں ماسٹر تارا سنگھ نے لاہور کے مقام پر پاکستان کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے ہونے کا اعلان کر دیا حالانکہ اس وقت پاکستان کی منزل صاف نظر آرہی تھی۔ پاکستان کا اعلان ہوتے ہی مشرقی پنجاب کے تمام علاقوں میں سکھوں اور ہندوؤں نے مسلمانوں پر قیامت برپا کر دی۔ دس لاکھ کے قریب افراد کو قتل کر دیا گیا جو باقی بچے وہ پاکستان آگئے۔ رد عمل کے طور پر مغربی پنجاب سے جو سکھ خاندان ہندوستان منتقل ہوئے انہیں کانگریسی ہندو حکومت نے یوپی، سی پی، بہار، مہاراشٹر اور جنوبی ہندوستان میں آباد کر دیا اور مشرقی پنجاب میں مسلمانوں کی جائیدادوں پر ہندو مہاجرین کو آباد کر دیا۔ اس طرح سکھ اقلیت میں ہو گئے۔ تب انہیں سمجھ آئی کہ ان سے دھوکہ ہو گیا۔



سکھ قوم اس غلطی کا خمیازہ نہ جانے کب تک بھگتے گی۔

پاکستان کے حصہ میں آنے والی جملہ مسلم افواج ۱۹۴۶ء میں متحدہ ہندوستان میں قائم ہونے والی عبوری حکومت کے وزیر دفاع بلدیو سنگھ، وزیر اعظم نہرو اور انگریز وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی سازشوں سے ابھی تک مشرق وسطیٰ اور مشرق بعید کے ملکوں میں ڈیرے ڈالے پڑی تھیں۔ ادھر پاکستان کا اعلان ہوتے ہی بھارت میں ہندوؤں اور سکھوں نے مسلمانوں کا قتل عام شروع کر دیا تو بھارت کے مختلف علاقوں خصوصاً مشرقی پنجاب سے خون میں نہائے ہوئے بچے کھچے مسلمانوں کے قافلے پاکستان پہنچنا شروع ہوئے۔ فوج کی چند یونٹیں جو یہاں موجود تھیں ان کی آبادکاری اور بھارت سے باحفاظت پاکستان پہچانے کے اہم کام میں مصروف ہو گئیں۔ ان حالات میں پاکستان کی جانب سے کشمیر کے لوگوں کو کسی قسم کی امداد ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ اس طرح کشمیر کی جنگ آزادی یہاں کے لوگوں کو تنہا ہی لڑنا پڑی۔ جنگ آزادی میں حصہ لینے والوں میں بلا تخصیص اس علاقہ میں بسنے والے تمام چھوٹے بڑے قبائل کے لوگ شامل تھے جنہوں نے مقدور بھر قوت سے دشمن کا نہایت بہادری اور حوصلہ مندی سے مقابلہ کیا اور اسے مار بھگایا۔

پونچھ کے مختلف مراکز سے مجاہدین نے ابتدا ہی میں ڈوگروں کو چلتا کر دیا تھا۔ میرپور اور کوٹلی کے محاذ کھلتے ہی پونچھ کے لوگ ان کی مدد کو پہنچے۔ البتہ ضلع مظفر آباد میں قبائلی پٹھانوں کے جتھے آئے۔ ان کے پاس درہ وال رائفلیں بھی تھیں جو محدود تعداد میں دیگر علاقوں میں بھی منتقل ہوئیں جس سے مجاہدین کو تقویت ملی

اور ڈوگرہ فوج تتر بتر ہو گئی ضلع مظفر آباد کے وسط سے گزرنے والی راولپنڈی سرینگر شاہراہ پر قائم شدہ اوڑی محاذ پر تحصیل باغ کے مجاہدین نے دشمن کے پے در پے حملوں کو کامیابی سے پسپا کیا۔

اس جنگ آزادی میں اعوانوں نے اپنی تعداد، قوت، مہارت اور جذبہ ایمانی سے سرشار ہو کر شاندار کارنامے سرانجام دیئے۔ جنگ آزادی شروع ہوتے ہی باقاعدہ صف بندی نہیں ہوئی بلکہ انفرادی طور پر لوگ مختلف محاذوں کی جانب دوڑ پڑے۔ بعض مقامات پر جتھے بندی بھی ہوئی۔ مختلف مراکز میں بیٹھے ہوئے بعض بزرگ فوجیوں نے مل کر "وار کونسل" کے نام سے ایک ادارہ بھی قائم کیا جس کا مرکزی دفتر پلندری کے مقام پر قائم ہوا۔ یہ ادارہ مختلف محاذوں سے حالات اور واقعات پر مشتمل رپورٹیں جمع کرتا اور ان پر غور و فکر کے بعد مختلف کمانڈروں کو ہدایات بھی جاری کرتا تھا۔ مجاہدین کی ضروریات بھی ممکنہ حد تک یہ ادارہ پوری کرتا تھا۔ اس ادارہ میں اعوان برادری کی نمائندگی موجود تھی۔ لیفٹیننٹ لال خان ساکن دھاردھرچھ جو پلندری قصبہ کے مغرب میں چند میل کے فاصلہ پر ہے اعوان برادری کا نمائندہ اور وار کونسل کا ممبر تھا۔ موصوف کے ذمہ راشننگ کا پورا انتظام اور فوجیوں کے بھرتی کے محکمے تھے۔ لیفٹیننٹ لال خان نے اپنی جملہ ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے انجام دیا۔ یاد رہے کہ شہر پونچھ اور اس کے گردونواح میں خصوصاً شمال مغربی محاذ پر لڑنے والے مجاہدین کا تعلق ضلع باغ سے تعلق رکھنے والی فوج سے تھا۔ پلندری میں قائم ہونے والی وار کونسل کا اس محاذ سے کوئی تعلق یا رابطہ نہ تھا۔ یہ کونسل جنوبی محاذ کو



کنٹرول کرتی تھی۔

جنگ آزادی کا آغاز ہوتے ہی میجر مختار احمد خان اعوان کی قیادت میں نالیاں کے مقام پر ایک جتھہ ترتیب دیا گیا جس میں نالیاں اور گردونواح کے مجاہدین شامل ہوئے۔ اس سے پہلے اطلاع مل چکی تھی کہ ڈوگرہ فوج براستہ کوٹلی پلندری پر حملہ کرنے کی سکیم پر عمل پیرا ہے۔ یہ فوج راستہ میں پڑنے والے مسلم دیہات کا صفایا کرتی جائے گی۔ چنانچہ نالیاں میں ترتیب دیا گیا جتھہ کوٹلی کی جانب روانہ ہو گیا۔ راستہ میں دیگر علاقوں کے جتھے بھی اس کے ساتھ شامل ہوتے چلے گئے۔ حتیٰ کہ ایک بڑی جمعیت بن گئی۔

کوٹلی کے محاذ پر ڈوگرہ فوج کے ساتھ پہلی مرتبہ ٹکراؤ ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو سرساوہ کے مقام پر ہوا جو کوٹلی سے چند میل شمال میں واقع ہے۔ مجاہدین کو خبر مل چکی تھی کہ ڈوگرہ فوج کا ایک دستہ کیل کانٹے سے لیس پلندری کی جانب بڑھنے کیلئے تیار ہے۔ میجر مختار احمد خان مرحوم نے راقم الحروف کو بتایا کہ وہ خود، میجر محمد حسین خان آف نالیاں اور راجہ سخی دلیل خان آف بنجیرہ موضع ۔ رہ میں ایک گھر کے اندر سوئے ہوئے تھے کہ رات کو ایک شخص آیا اور راجہ سخی دلیل خان کو جگا کر کچھ کہا اور واپس چلا گیا۔ اس کے بعد راجہ سخی دلیل خان سو گئے تو میں نے میجر محمد حسین خان کو جگایا اور یہ سارا واقعہ سنایا۔ ہم دونوں نے راجہ سخی دلیل خان کو بیدار کر کے اس شخص کے متعلق معلومات طلب کیں تو موصوف نے بتایا کہ یہ شخص ہمارا مخبر ہے انہوں نے بتایا کہ ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو کوٹلی سے ڈوگرہ فوج کا ایک دستہ پلندری فتح کرنے کیلئے وادی

بنجیڑہ سے گذرے گا۔ اس اطلاع پر مجاہدین نے سر ساوہ کے نالہ کے دائیں کنارے بھاکہ کے مقام پر اپنی مورچہ بندی مکمل کر لی تھی۔ اس سے قبل مرکز نالیاں رقبہ بانڈیاں سے حوالدار خادم حسین اور قاضی سید عالم خان رقبہ اکھر وٹہ کی قیادت میں کچھ لوگ ہتھیار حاصل کرنے کیلئے کھوٹہ راولپنڈی کے نزدیک پنجاڑ کے مقام پر پہنچے۔ ان لوگوں نے دریائے جہلم لکڑی کے تیرتے ہوئے تختوں پر بیٹھ کر عبور کیا اور ۶ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو بارہ دروہ وال رائفلیں حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو سر ساوہ کے معرکہ میں یہی ہتھیار کام آئے۔ حوالدار خادم حسین نے ایک مشین گن اور چار مارک فور رائفلیں ہندو فوج سے چھین کر اپنے کمانڈر میجر مختار احمد خان کے حوالے کیں جو اگلے محاذوں پر خادم حسین کی کمپنی کیلئے بہت کارآمد ثابت ہوئیں۔

۱۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو صبح دس بجے کے قریب ڈوگرہ فوج کی ایک کمپنی جو پوری طرح آلات حرب سے لیس تھی کے استقبال کیلئے میجر مختار احمد خان آف نالیاں، میجر محمد حسین آف ناہلیاں اور راجہ سخی دلیل آف بنجیڑہ اپنے اپنے جتھوں کے ہمراہ موضع سر ساوہ کے رقبہ بھاکھہ میں نالہ سر ساوہ کے دائیں کنارے پر موجود تھے۔ مجاہدین مورچہ بند ہو کر ڈوگرہ فوج کی آمد کے منتظر تھے کہ دفعتاً بنجیڑہ کے ذیلدار سیف علی خان کی سربراہی میں ڈوگرہ فوج کا قافلہ جس میں پیدل جوانوں کے علاوہ خچریں ،گھوڑے اور باربرداری کے دیگر جانوروں کی بڑی تعداد شامل تھی نظر آیا۔ یہ قافلہ بڑا اعتماد اور فوجی طریقہ کار پر محتاط انداز میں شمال کی جانب بڑھ رہا تھا۔ اس نالہ کے دونوں کنارے کافی اونچے تھے یہاں نالہ کی چوڑائی بھی کافی زیادہ تھی اس لئے قافلہ



والوں کو کنارے پر رک کر انتظار کی زحمت گوارہ نہیں کرنی پڑی اور وہ اسی رفتار سے نالہ میں اتر آئے۔ فوجی قافلہ جب مکمل طور پر نالہ میں اتر چکا تو مجاہدین نے گولیوں کی بوچھاڑ کر دی۔ قافلہ والوں میں بھگدڑ مچ گئی۔ زخمیوں کی چیخ و پکار سے پورا نالہ گونج رہا تھا۔ چونکہ ڈوگروں کی پوری فوج مجاہدین کی گولیوں کی زد میں تھی اور مجاہدین خود محفوظ مورچوں سے فائرنگ کر رہے تھے اس لئے دشمن کا بے حد جانی و مالی نقصان ہوا۔ نالہ کے دونوں کنارے اتنے اونچے تھے کہ گولی کی زد سے بچ کر اوپر چڑھنا ممکن نہ تھا۔ انہوں نے اپنے دفاع میں گولہ باری کی جس سے چار مجاہدین شہید ہو گئے ان تمام شہدا کا تعلق مرکز نالیاں سے تھا۔ کہتے ہیں کہ دوران کارزار مرکز نالیاں کے رقبہ ٹاہلی کے ایک مجاہد حوالدار جوانوں خان نے بڑھ کر نالہ سر ساوہ کے اوپر کی جانب واقع پن چکی کی چھپری میں مورچہ قائم کر لیا تھا۔ ڈوگرہ فوجی بدحواسی کے عالم میں پن چکی کی جانب بھاگتے رہے جو یکے بعد دیگرے جوانوں خان کی گولیوں کا نشانہ بنے۔ جب یہ مجاہد باہر آیا تو اس جگہ پر پچیس لاشیں بکھری پڑی تھیں۔ دشمن کا ایک کپتان زخمی حالت میں بچ نکلنے میں کامیاب ہو گیا۔ مجاہدین نے بڑھ کر کوٹلی شہر کے دامن میں بہنے والے دریائے پونچھ کے دائیں کنارے کے ساتھ ساتھ اونچی پہاڑیوں پر مورچے جما لیے۔ یہ انتظام آخر نومبر ۱۹۴۷ء تک قائم رہا۔ اس دوران میجر مختار احمد مرحوم آف نالیاں اس محاذ کے نگران اعلیٰ تھے۔ جب محاذ کافی وسیع ہو گیا تو وار کونسل پلندری کے ایک سینئر ممبر کرنل شیر احمد خان مرحوم نے میجر مختار احمد خان مرحوم سے چارج سنبھالا اور جتھوں کو نئے سرے سے ترتیب دیا۔

ڈوگرہ فوج جو پلندری فتح کرنے کیلئے مکمل تیاری کے ساتھ روانہ ہوئی تھی کی بربادی کی خبر کوٹلی پہنچی تو وہاں کھلبلی مچ گئی۔ ڈوگرہ فوج نے متعدد بار دریا عبور کرنے کی کوشش کی لیکن اس کنارے پوزیشن میں بیٹھے ہوئے مجاہدین نے ان کی ہر کوشش کو ناکام بنا دیا۔ اس جنگ میں مشین گنیں اور مارک فور رائفلوں کی بڑی تعداد مجاہدین کے ہاتھ لگی۔ ڈوگرہ فوج کے حوصلے پست ہو رہے تھے اور ہندو آبادی کوٹلی شہر خالی کر کے جموں کی جانب بھاگ رہی تھی۔ کہتے ہیں کہ زخمی کپتان جس کی ایک آنکھ میں گولی لگی تھی نے کوٹلی میں بیان کیا کہ اس کی آنکھ میں لگنے والی گولی سیدھی نہیں آئی بلکہ گھوم کر اس کی آنکھ میں پیوست ہو گئی۔ جس سے ہندو فوج میں زبردست سراسیمگی پھیلی۔

عینی شاہدوں کا بیان ہے کہ بلدیو سنگھ پٹھانیہ جو جموں کا گورنر تھا ان دنوں پونچھ کے علاقہ میں تھا وہ یہاں سے ایک بڑی فوج لے کر کوٹلی کی جانب بڑھا جب وہ کوٹلی شہر میں داخل ہو تو مجاہدین نے دریا عبور کر کے کوٹلی شہر کا محاصرہ کر لیا۔ اپنے گورنر اور محصور فوج کو چھڑانے کیلئے دیگر تدابیر کے علاوہ کوٹلی کے بڑے میدان میں ہوائی جہاز بھی اتارنے کی کوشش کی گئی لیکن ہر تدبیر ناکام ہوئی۔ ہندوؤں کو جب یقین ہو گیا کہ مجاہدین کے پاس ٹینک شکن ہتھیار نہیں تو وہ ٹینکوں کے ایک قافلے کی مدد سے محصور فوج اور ہندو سویلین آبادی کو آسانی سے نکال لے جانے میں کامیاب ہو گئے۔

جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ جنگ آزادی میں بلا تخصیص و تفریق اس علاقہ میں رہنے والے جملہ چھوٹے بڑے قبائل نے حصہ لیا۔ بارل، چھے چھن اور نواحی



دیہات کے لوگوں نے صوبیدار محمد شیر خان آف بارل کی قیادت میں علم جہاد بلند کیا۔ حوالدار حاجی مصری خان اعوان تمغۂ مجاہد حیدری انعام یافتہ کا اظہار ہے کہ جنگ آزادی میں ان کے علاقہ میں رہنے والے سدھن، اعوان، کشمیری، بھٹی اور گکھڑ وغیرہ برادریوں نے مشترکہ طور پر حصہ لیا۔ وار کونسل پلندری کی جانب سے صوبیدار محمد شیر خان آف بارل کو حکم دیا گیا کہ وہ پنجاڑ سے درہ وال رائفلیں حاصل کرے۔ موصوف نے اعوان برادری کے مولوی بلاول خان اور حوالدار مصری خان کی قیادت میں اعوان قبیلہ کے کچھ اشخاص کو پنجاڑ تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی روانہ کیا۔ کیونکہ افراتفری کی اس دور میں یہی لوگ اس کے اعتماد پر پورا اترتے تھے۔ بعد میں دیگر لوگ بھی اس مہم میں شامل ہو گئے۔ ۳ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو بارل سے چل کر پانہ گاؤں نزد آزاد پتن پہنچے اور وہاں کے مقامی تیراکوں کی مدد سے تیرنے والے تختوں کے ذریعے دریائے جہلم عبور کیا۔ دریا سے پنجاڑ کا راستہ پیدل چل کر چند گھنٹوں میں طے ہو گیا۔ پنجاڑ میں رائفلیں حاصل کرنے کیلئے ہمیں تین دن انتظار کرنا پڑا۔ اس دوران روپیہ پیسہ ختم ہو گیا۔ آخری دن سردار خان نامی ایک شخص کا گھاس کاٹ کر دو وقت کا کھانا حاصل کیا۔ تین دن بعد اونٹوں کا ایک قافلہ راولپنڈی کی جانب سے آیا جس پر رائفلیں لوڈ تھیں۔ یاد رہے اس زمانہ میں راولپنڈی سے کہوٹہ تک ایک غیر پختہ سڑک موجود تھی اس کے آگے تمام راستے پیدل ہی تھے۔ ۶ اکتوبر کو رائفلیں حاصل کی گئیں پنجاڑ سے رائفلیں حاصل کرنے میں مرکز نالیاں کے لوگ بھی موجود تھے۔ ہر شخص کو چار رائفلیں دی گئیں یہ اسلحہ لے کر ہم دریا کے کنارے پہنچے اور حسب سابق دریا عبور کیا۔

بارل پہنچنے پر ہتھیار تقسیم کیے گئے۔ تمام لوگ ہتھیار بند ہو کر جتھہ کی صورت میں پلندری پہنچے۔ ۶ اکتوبر کو جہاد کا آغاز ہوتے ہی پلندری اور آزاد پتن میں متیم ڈوگرہ فوج بھاگ چکی تھی۔ چنانچہ صوبیدار محمد شیر خان کی قیادت میں لوگوں نے ڈوگرہ فوج کا تعاقب کیا اور تھیرہ کے جنوب مغرب میں ایک اونچی پہاڑی دیوی گلی پہنچے۔ دشمن تھیرہ میں کیمپ لگائے ہوئے تھا اور چوکنا تھا۔ پہاڑی کے سامنے سے مجاہدین گزرنے لگے تو وہ مقام ہندو افواج کی فائرنگ کی زد میں تھا۔ چنانچہ ان کی فائرنگ سے ہمارے جتھے میں شامل قریش قبیلہ کا ایک مجاہد عبدل خان شہید ہو گیا۔ وہاں ایک اور رات قیام کے بعد ہم لوگ پلندری واپس آگئے۔ یہاں پہنچنے پر ہمیں بتایا گیا کہ ذیلدار سیف علی خان آف بنجیرہ کی قیادت میں ڈوگرہ فوج پلندری پر حملہ کرنے کی تیاری کر رہی ہے جو براستہ کوٹلی سرساوہ پلندری کی جانب بڑھے گی۔ اس اطلاع پر تمام مجاہدین کو دوبارہ منظم کیا گیا اور کوٹلی کی جانب روانہ ہوئے۔ سفر پیدل ہی تھا۔ راستہ میں ہمیں معلوم ہوا کہ سیف علی خان وغیرہ معہ فوج کے مجاہدین کے ساتھ جنگ میں سرساوہ کے مقام پر ہلاک ہو چکا ہے تو ہمارا جتھہ کوٹلی شہر کا محاصرہ کرنے والی فوج میں شامل ہو گیا۔

پلندری اور ملحقہ علاقوں میں جہاں ڈگرہ فوج کے دستے موجود تھے بے چینی شروع ہونے کے ساتھ ہی فوجی تیاریاں شروع ہو گئیں تھیں۔ موضع چوکیاں کے مقام بنھک اعوان آباد سے صوبیدار میجر برہان علی خان صوبیدار دوست محمد خان اور صوبیدار دین محمد خان و متعدد جونیئر کمیشن آفیسران نے سابقہ اعوان فوجیوں کو جمع کر کے دو پلاٹونوں میں منظم کیا اور انہیں فوجی ٹریننگ دی۔ اکتوبر ۱۹۴۷ء کی ابتدا میں یہ



معلوم ہونے پر کہ دیوی گلی کے مقام پر مجاہدین کا اجتماع ہونے والا ہے یہ جتھہ تزار کھل کی جانب روانہ ہو گیا۔ راستہ میں اطلاع ملنے پر کہ صوبیدار فروز خان ساکن تالاباڑی بھی چند افراد کے ساتھ اور حوالدار رائے سلطان محمد خان ساکن نیریاں ایک پلاٹون کے ساتھ ڈنہ میر خاں میں موجود ہیں۔ صوبیدار میجر برہان علی خان جو اس وقت حوالدار میجر تھے کی کمان میں یہ جتھہ جو دو پلاٹونوں پر مشتمل تھا ڈنہ میر خان پہنچا۔ صوبیدار فروز خان جو بعد میں بٹالین کمانڈر ہوئے سے مل کر دیوی گلی پہنچے۔ وہاں ہندو فوج موجود تھی۔ مجاہدین کے ساتھ پہلی جھڑپ میں ہی یہ فوج تھیرہ کی جانب پسپا ہو گئی۔ تھیرہ پہنچ کر ڈوگرہ فوج نے اردگرد کی تین پہاڑیوں پر مشین گنیں نصب کر دیں۔ پلندری کی جانب سے کچھ مجاہدین دیوی گلی پہنچ چکے تھے یہاں ڈوگرہ فوج کے ساتھ جھڑپیں جاری تھیں کہ پلندری میں قائم شدہ وار کونسل کا پیغام ملا کہ چوکیاں کی دونوں پلاٹونیں پلندری رپورٹ کریں۔ پلندری پہنچنے پر میجر حسین خان آف گوراہ اور لیفٹیننٹ لال خان اعوان آف دھار دھرچھ نے دونوں پلاٹونوں کو درہ وال راشن فراہم کر کے صوبیدار میجر برہان علی خان کو حکم دیا کہ ایک پلاٹون کے ساتھ وہ سہنسہ چلے جائیں۔ صوبیدار دین محمد خان نے یہ جملہ معلومات بتاتے ہوئے کہا کہ مجھے دوسری پلاٹون کے ساتھ سرساوہ میں میجر مختار احمد خان کو رپورٹ کرنے کا حکم ملا۔ ہم پلندری سے پیدل چل کر ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کی شام کو سرساوہ پہنچے تو دیکھا کہ وہاں ڈوگرہ فوجیوں کی لاشیں بکھری پڑی ہیں۔ تب ہم میجر مختار احمد خان کی فوج میں شامل ہو گئے۔

کوٹلی کے محاذ پر اعوانوں کی تین باقاعدہ کمپنیاں اور سینکڑوں سپاہی متفرق یونٹوں میں مصروف جہاد رہے ہیں۔ اعوان مجاہدین کی کمان میجر مختار احمد خان، لیفٹیننٹ ولی محمد خان، لیفٹیننٹ خان محمد خان، کپتان لکھن خان، صوبیدار نور محمد خان، نائب صوبیدار مردان علی خان، نائب صوبیدار سخی محمد خان اور نائب صوبیدار فروز دین خان جیسے کہنہ مشق لوگوں کے ہاتھوں میں تھی جو جنگ عظیم دوئم میں یورپ، افریقہ اور مشرق بعید میں اپنی بہادری کا لوہا منوا چکے تھے۔ یہ جملہ لوگ مرکز نالیاں سے منسلک تھے۔

کوٹلی کا محاصرہ اور یہاں سے ڈوگروں کا بھاگنا، مجاہدین کی پیش قدمی، مشہور قصبہ سریاہ کا فتح ہونا اور نوشہرہ تک پہنچنے میں جنگی اہمیت کے بے شمار دلچسپ جنگی اور فوجی واقعات رونما ہوئے ان کا مفصل تذکرہ مضمون ھذا کی طوالت کے پیش نظر یہاں بیان کرنا ممکن نہیں۔ لیکن یہاں میں ایک ایسا واقعہ بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں جو بے مثال ہے اور لاجواب بھی۔

جنگ آزادی کے دوران اس علاقہ میں ایک ہی سڑک تھی وہ بھی غیر پختہ۔ جو جموں سے نوشہرہ بیری پتن، سریاہ، کھوئی رٹہ، اور کوٹلی سے ہوتی ہوئی پونچھ شہر کو جاتی تھی اور وہاں سے براستہ علی آباد درہ حاجی پیر کو عبور کر کے اوڑی کے مقام پر راولپنڈی سرینگر شاہراہ سے مل جاتی تھی لیکن شہر پونچھ کے جنوب اور شمال مغرب میں چند میلوں کے سوا یہ تمام سڑک کھوئی رٹہ سے اوڑی تک مجاہدین کے قبضہ میں تھی جس سے دشمن کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ دشمن نے اس سڑک پر قبضہ کرنے



کیلئے ۱۹۴۷ء کے آخر میں ٹینکوں پر مشتمل ایک دستہ سریاہ سے کھوئی رٹہ کی جانب روانہ کیا جو دھوئیں کے غبار کے پردہ میں اس غیر پختہ اور تنگ سڑک پر آہستہ آہستہ مگر اطمینان سے آگے بڑھ رہا تھا۔ دشمن کو علم تھا کہ مجاہدین کے پاس ٹینک شکن ہتھیار نہیں ہیں اس لئے انہیں یقین تھا کہ وہ کوٹلی پر جو یہاں سے بیس بائیس کلو میٹر دور ہے بلا روک ورکاوٹ قبضہ کر لیں گے۔ اس قافلہ کو روکنے کیلئے بظاہر ہتھیاروں کی جنگ کا کوئی امکان بھی نہیں تھا۔ ٹینکوں اور بکتر بند گاڑیوں کا یہ دستہ اگر مجاہدین کے حصار کو عبور کر لیتا تو کوٹلی سے پہلے اس کا روکنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور تھا۔

جب یہ قافلہ کھوئی رٹہ سے چار میل جنوب میں کیلٹھی کے مقام پر پہنچا جہاں لیفٹیننٹ ولی محمد خان اعوان کی کمپنی تعینات تھی تو اس کمپنی کی پلاٹون تین کا ایک مجاہد فتح محمد اعوان نمبر ۳۳۲۲۷ بھی فرنٹ لائن میں ڈیوٹی پر تھا۔ وہ آگے بڑھا اور دھوئیں کے غبار میں جست لگا کر راہبر ٹینک پر چڑھ گیا اور عملہ کو ہلاک کر کے ان کے ہتھیاروں سمیت دھوئیں کی اسی چادر کی اوٹ میں خیر و خوبی واپس آگیا۔ اگلا ٹینک رکنے سے سارا قافلہ رک گیا جب ہندو افواج کو اپنے عملہ کی ہلاکتوں کا علم ہوا تو وہ واپس لوٹ گئے۔

یہ کارنامہ جو بہادری اور جانثاری کی بہت بڑی عمدہ اور اعلیٰ مثال ہے وہاں جذبہ حریت، وطن اور قوم پر قربان ہونے اور خدا کی راہ میں جان دینے کی مومنانہ فراست اور عزم اور حوصلہ کا روح پرور منظر بھی ہے۔

فتح محمد اعوان نیک سیرت، راست گو، پابند صوم و صلوٰۃ اور دلیری اور

حوصلہ مندی کا پیکر تھے۔ اس کے کمانڈر لفٹیننٹ ولی محمد اعوان مرحوم نے راقم کو بتایا تھا کہ فتح محمد اعوان جذبہ حریت سے بے حد سرشار تھا۔ وہ مشکل سے مشکل مہم پر جانے کیلئے ہمہ وقت تیار رہتا تھا۔ وہ گن مین تھا ۱۹۴۸ء کی عید الفطر کا چاند نظر آیا تو ۱۷۱۰ پہاڑی واقع علاقہ سریاہ کھوئی رٹہ کے مورچہ سے دشمن پر آگ برسا رہا تھا۔ دشمن بھی پوری شدت سے اس پہاڑی پر فائرنگ جاری رکھے ہوئے تھا کہ دفعتاً ایک برسٹ آیا اور فتح محمد مجاہد کے سینے سے پار ہو گیا۔ اس کی میت کو عید الفطر کے دن اس کے آبائی گاؤں چنہ گلی واقع یونین کونسل چوکیاں ضلع پونچھ میں اس کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

سابق ریاست پونچھ کا جنوب مشرقی محاذ جس میں تحصیل مہنڈر اور اس کے ملحقہ علاقے شامل تھے میں بھی اعوان مجاہدین نے دشمن کیخلاف متعدد لڑائیوں میں حصہ لیا۔ پلندری میں بے چینی پیدا ہونے کے ساتھ ہی ہجیرہ کے علاقہ میں دشمن کے خلاف سرگرمیاں شروع ہو گئیں۔ صوبیدار صاحب دین اعوان جو جنگ آزادی دوئم میں افریقہ اور یورپ کے محاذوں پر متعدد لڑائیوں میں حصہ لے چکے تھے آزمودہ کار سپاہی کی حیثیت سے میدان میں کود پڑے۔ رکڑ، منڈھول، گکوٹہ اور پھگوائی کے لوگوں پر مشتمل مجاہدین کا جتھہ ترتیب دیا اور دوارا ندی اور رکڑ کے درمیان ایک اونچی پہاڑی کناس پر مورچے جما لیے۔ صوبیدار صاحب دین کی ہدایت پر موضع نری کے نزدیک پہاڑی پر بھی کچھ مجاہدین مورچہ بند ہو گئے۔ یہ جتھہ سینکڑوں لوگوں پر مشتمل تھا جس میں جملہ برادریوں کے افراد شامل تھے اور اعوان قبیلہ کے لوگ غالب



اکثریت میں اس محاذ پر موجود تھے۔ پلندری اور مغربی علاقوں سے پونچھ شہر کی جانب بھاگنے والی ڈوگرہ فوج ہجیرہ میں جمع ہو رہی تھی۔ صوبیدار صاحب دین اعوان نے مدار پور ہجیرہ سڑک پر قبضہ کر کے ہجیرہ میں موجود فوج کا محاصرہ کر لیا تھا۔ یہ سڑک نری گاؤں سے گذر کر ہجیرہ جا رہی تھی۔ ادھر پلندری کے لوگ ڈوگرہ فوج کے تعاقب میں دیوی گلی پہنچ چکے تھے۔

دیوی گلی ہجیرہ کے جنوب مغرب میں واقع ایک اونچی جگہ کا نام ہے۔ دیوی گلی میں موجود ہندو فوجی بھاگ کر ہجیرہ آ گئے تھے۔ اس محصور فوج کی مدد کیلئے پونچھ شہر کی جانب سے ایک فوجی دستہ ہتھیاروں سے لیس تین ٹرکوں اور راشن سے لدی ہوئی خچروں سمیت نری سے گذرنے لگا تو مجاہدین نے فائر کھول دیا۔ اس معرکہ میں درجنوں ہندو فوجی مارے گئے اور تینوں ٹرک بھی تباہ ہو گئے۔

مجاہدین کے پاس ضرورت کے مطابق ہتھیار نہ تھے۔ تربیت یافتہ افراد کی کمی تھی۔ دشمن فوج جانی اور مالی نقصان اٹھانے کے باوجود ہجیرہ پہنچنے میں کامیاب ہو گئی۔ اب ڈوگروں کی متحدہ فوج سے مقابلہ ممکن نہ تھا۔ ڈوگرہ فوج نے مدار پور کے مقام سے دریائے پونچھ کو عبور کیا تو دریا کے بائیں کنارے مورچے بنا لئے۔ مجاہدین نے بھی دریا کے دائیں کنارے مورچہ بندی کر لی تھی۔ کناس پہاڑی سے مجاہدین مدار پور کی جانب بڑھے تو ڈوگرہ فوج اپنے مورچے چھوڑ کر رات کی تاریکی میں شہر پونچھ کی جانب پسپا ہو گئی۔ یہ معرکہ جاری تھا کہ مہنڈر سے محمد افضل نامی شخص نے ڈوگرہ فوج کے خلاف مدد کی اپیل کی۔ چنانچہ صوبیدار صاحب دین اعوان نے اپنے بھائی فروز خان

اور صوبیدار شیر محمد خان اعوان کی زیر کمان ایک دستہ مہنڈر روانہ کر دیا جس نے دھرمسال پہنچ کر تحصیل مہنڈر کے دفاتر اور ہیڈ کوارٹر پر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ اکتوبر ۱۹۴۷ء کے پہلے ہفتہ میں پیش آیا۔ صوبیدار صاحب دین اعوان کی اعلیٰ کارگردگی اور کامیاب کارناموں کے نتیجہ میں تمغۂ شجاعت دیا گیا۔

اس واقعہ کے بعد پلندری میں قائم وار کونسل کی جانب سے صوبیدار ہدایت خان جو بعد میں بٹالین کمانڈر ہوئے ایک پلاٹون کے ساتھ وارد ہوئے اور گکودہ کے مقام پر اپنا ہیڈ کوارٹر قائم کر لیا۔ اور صوبیدار صاحب دین اعوان کی فوج کے ساتھ لڑائی میں شریک ہو گئے۔ صوبیدار صاحب دین اعوان اور صوبیدار ہدایت خان نے بڑھ کر درہ دلیاں، کھنجر اور کوئیاں کے علاقوں میں مورچے سنبھال لیے۔ یہاں ڈوگرہ فوج کے ساتھ ایک معرکہ میں صوبیدار صاحب دین کے سکیال دھڑہ کے مرزا محمد اکرم شہید ہوئے۔ یہاں ہی جتھوں کو منظم کر کے پلاٹون، کمپنیاں اور بالآخر بٹالین کو معرض وجود میں لایا گیا۔ صوبیدار ہدایت خان کو بٹالین کمانڈر اور صوبیدار صاحب دین کو ڈی کمپنی کی کمان دی گئی۔ حکومت آزاد کشمیر کے معرض وجود آنے کے بعد صوبیدار ہدایت خان کو کپتان اور صوبیدار صاحب دین کو لیفٹیننٹ بنا دیا گیا۔

لیفٹیننٹ صاحب دین اعوان اس محاذ کے نزدیک ترین رہنے والے واحد فوجی افسر تھے جو اس محاذ کے جملہ نشیب و فراز کو اچھی طرح جانتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی کوششوں اور کارگردگی سے تحصیل مہنڈر کا بہت سا علاقہ فتح ہو کر آزاد کشمیر میں شامل ہوا۔



لیفٹیننٹ صاحب دین اعوان نے جنگ عظیم دوئم میں مصر، لیبیا اور سوڈان میں فوجی خدمات سرانجام دیں۔ وہ یورپ میں آسٹریا اور پیرس میں بھی تعینات رہے۔ آخر میں ان کی پوسٹنگ مشرق وسطیٰ کے ملک شام میں ہوئی جہاں سے وطن واپس آئے اور فوج سے سبکدوش ہوئے۔ موصوف کے طویل فوجی اور جنگی تجربہ کی وجہ سے بہتر منصوبہ بندی ہوئی جس کے نتیجہ میں سابق ریاست پونچھ کی تحصیل حویلی اور مہنڈر کے بہت سے علاقے آزادی کی نعمت سے مالا مال ہوئے جو اب آزاد کشمیر میں ہیں۔

# جنگ آزادی میں سنگولہ کے اعوانوں کا کردار

پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے پہلے ہی ریاست جموں وکشمیر کے مہاراجہ نے راولاکوٹ اور سابق ریاست پونچھ کے دیگر مقامات پر اپنی فوج تعینات کر دی تھی۔ راولاکوٹ میں ڈوگرہ فوج کی تعداد کم وبیش ایک بریگیڈ پر مشتمل تھی۔ عوام کو ہراساں کرنے کے لئے راولاکوٹ سے دن کو فوجی کالم نکل کر گردونواح کے دیہاتوں میں لوٹ مار اور آتش زنی کی وارداتوں میں مصروف رہتے تھے۔ اس سلسلہ میں مقامی ہندو اور سکھ ڈوگرہ فوج کی معاونت کرتے تھے۔ مسلمانوں نے اپنے بچاؤ کے لئے ہر دیہہ میں سابق فوجیوں پر مشتمل رضاکار دستے تعینات کئے ہوئے تھے۔ جن کے پاس تلواریں، کلہاڑیاں، توڑا دار بندوقیں ہوتی تھیں بعد میں کچھ درہ وال رائفلیں بھی مل گئی تھیں۔

ڈوگرہ فوج کی راولاکوٹ میں موجودگی سنگولہ کے عوام کے لئے بھی اسی قدر خطرے کا باعث تھی جتنی راولاکوٹ کے ملحق دیگر علاقوں کے لئے تھی۔ سنگولہ کے اعوان فطری طور پر جنگجو تھے وہ فوجی کلچر سے خوب آشنا تھے۔ اس لئے وہ وقت ضائع کئے بغیر اپنے دفاع اور اپنی حفاظت کے لئے کمربستہ ہو گئے۔

علاقہ سنگولہ جس میں درجن بھر دیہات شامل ہیں سابق ریاست پونچھ کی تحصیل باغ کا حصہ تھا جہاں کی آبادی خالص اعوان برادری پر مشتمل ہے۔ اس کی سرحد راولاکوٹ شہر سے صرف تین کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ راولاکوٹ میں مقیم ڈوگرہ فوج سنگولہ کو بھی اپنے ظلم وستم کا نشانہ بناتی رہتی تھی۔ اپنے دفاع اور حفاظت کیلئے



لوگوں نے سابقہ فوجیوں پر مشتمل رضاکار دستے تیار کیے اور انہیں راولاکوٹ سے ملحق سرحد پر تعنیات کر دیا۔ ساتھ ہی غیر تربیت یافتہ افراد کی فوجی ٹریننگ شروع کر دی۔ چند ہفتوں کے اندر سنگولہ میں اس قدر تربیت یافتہ افرادی قوت تیار ہو گئی جو سنگولہ کے علاوہ گردونواح کے دیہات کی بھی حفاظت کرنے کے قابل تھی۔ رضاکار دستوں کو منظم کرنے اور تربیت دینے کے سلسلہ میں کیپٹن علی اکبر خان اعوان اور صوبیدار محمد اکبر خان اعوان سرگرمی سے حصہ لے رہے تھے۔ ان رضاکاروں کے حوصلے بہت بلند تھے۔ راولاکوٹ کے کیپٹن حسین خان کی وساطت سے انہیں چند درّہ وال رائفلیں بھی مل چکی تھیں۔ ان دستوں نے ڈوگرہ فوج کو راولاکوٹ میں ہی محصور رکھا۔

سنگولہ کی شمال مغربی سرحد پر کرنل عالم شیر خان اعوان کی کوششوں سے رضاکار دستے تیار ہو چکے تھے جو باغ کی جانب سے آنے والی ڈوگرہ فوج پر نظر رکھے ہوئے تھے۔ ان حالات میں ہر آنے والا دن ڈوگرہ فوج کیلئے سوہان روح تھا۔ بالآخر فوج نے ہندو آبادی کو باحفاظت علاقہ سے نکالنے اور خود بھی راولاکوٹ سے بھاگنے کا پروگرام طے کیا۔ چنانچہ ۸، ۹ نومبر ۱۹۴۷ء کی درمیانی شب کو سول آبادی کا قافلہ راولاکوٹ سے براستہ سنگولہ اتولی پیر پونچھ شہر کو روانہ ہوا جس کی حفاظت پر ڈوگرہ فوج مامور تھی۔ جدید ترین اسلحہ کے زور پر ہندو فوج نے مجاہدین کا محاصرہ توڑ دیا تو یہ قافلہ پونچھ شہر کی جانب نکلنے میں کامیاب ہو گیا۔ سنگولہ کے مجاہدین ڈوگرہ فوج کا تعاقب کر رہے تھے۔ باوجود بے سروسامانی کی دشمن کو کافی جانی نقصان پہنچایا۔ رضاکاروں کو

دھوکہ دینے کیلئے ڈوگرہ فوج نے رات کے اندھیرے میں نعرۂ تکبیر بلند کیا جس پر رضا کار انہیں اپنے ساتھی سمجھ کر ان کے قریب ہو گئے تب ڈوگرہ فوج نے ان پر فائر کھول دیا جہاں محمد ریشم خان اعوان سمیت کچھ مجاہدین شہید ہوئے اور ایک مجاہد محمد شریف اعوان کو گرفتار کر کے اپنے ساتھ لے گئے۔ ڈوگرہ فوج نے اپنی لاشیں جلانے کیلئے راستہ میں پڑنے والے دیہات دبن اور ہماناڑی کے درجنوں مکانات نذر آتش کر دیئے۔

کرنل غلام رسول اعوان مرحوم جو بعد میں بٹالین کمانڈر ہوئے سنگولہ کے ملحق قصبہ بن بہک کے رہنے والے تھے۔ وہ دکن حیدر آباد کی فوج میں تھے جہاں سے سبکدوش ہو کر ۱۹۴۷ء میں گھر آگئے۔ وہ نڈر، تجربہ کار، بہادر اور اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک فوجی آفیسر تھے۔ ان کے آنے سے پہلے ہی ڈوگرہ فوج تتر بتر ہو کر علاقہ سے جا چکی تھی۔ کرنل غلام رسول نے کرنل عالم شیر، کیپٹن علی اکبر اور صوبیدار محمد اکبر خان کے علاوہ دیگر فوجی آفیسران سے صلاح مشورہ کیا اور جملہ رضاکار دستوں کو ساتھ لے کر ہاڑی گہل کیمپ میں چلے گئے جہاں تنظیم نو کا آغاز ہوا۔ تنظیم نو کا عمل کرنل تجمل حسین کی نگرانی میں مکمل ہوا۔

تنظیم نو کے بعد باغ میں چھ بٹالین پر مشتمل فوج تیار کی گئی۔ بٹالین نمبر ایک کی کمان محمد سعید خان آف دھیر کوٹ اور بٹالین باغ دو کی کمان منصب داد خان آف کہوٹہ (پاکستان) کو دی گئی جو انڈین نیشنل آرمی کے آزمودہ کار فوجی آفیسر تھے۔ بٹالین باغ تین کی کمان کیپٹن عالم شیر خان اعوان آف سنگولہ کو اور فورتھ بٹالین کا کمانڈر کرنل غلام رسول آف سنگولہ کو مقرر کیا گیا۔ بٹالین باغ تین اور چار میں غالب اکثریت سنگولہ



کے اعوانوں کی تھی۔ بٹالین باغ پانچ کے کمانڈر سید ابراہیم شاہ اور بٹالین باغ چھ کی کمان میجر محمد ایوب خاں آف باغ کو دی گئی۔ اس کے علاوہ تحصیل حویلی اور قبائلی پٹھانوں پر مشتمل دو بٹالین فرسٹ فاروقی بٹالین اور سیکنڈ فاروقی بٹالین بھی منظم ہوئیں۔ جن کے کمانڈر بالترتیب میجر خزین شاہ اور مبارک شاہ دو قبائلی پٹھان تھے۔ تنظیم نو کے بعد کل آٹھ رجمنٹس معرض وجود میں آئیں۔ باغ فرسٹ، باغ سیکنڈ، فاروقی فرسٹ اور فاروقی سیکنڈ پر مشتمل باغ میں بریگیڈ قائم ہوا جس کی کمان بریگیڈیئر نصر اللہ خان کو سونپی گئی اس بریگیڈ کو پونچھ محاذ پر تعینات کیا گیا جس کی مختلف یونٹیں سی بن، سیڑھیاں، دیگوار، چھڑی بن، شاہ پور، مندھار اور منڈی وغیرہ کے علاقوں میں تعینات ہوئیں۔ سیکنڈ باغ بٹالین کی سی کمپنی کے کمانڈر کیپٹن علی اکبر اعوان کا تعلق بھی سنگولہ سے تھا اس بٹالین کی دوسری کمپنیوں میں بھی کثیر تعداد میں سنگولہ کے فوجی موجود تھے جن میں صوبیدار محمد افسر خان آف بنی، صوبیدار لال خان آف چھب، نائب صوبیدار محمد اکبر (شہید) صوبیدار محمد امیر خان آف دبن نائب صوبیدار محمد فاضل (شہید) آف ہماناڑی، صوبیدار محمد اکرم خان اور صوبیدار شیر احمد خان آف اگرہ قابل ذکر ہیں۔

کرنل غلام رسول باغ فورتھ بٹالین کے کمانڈر تھے جس کا کوڈ نام چاند تھا جو بعد میں ۱۳۲ اے کے رجمنٹ مشہور ہوئی۔ کرنل غلام رسول کی اعلیٰ صلاحیتوں اور فقید المثال شہرت کے پیش نظر باغ تھرڈ اور ففتھ اور سکستھ بٹالین کو انتظامی طور پر ان کی تحویل میں دے کر انہیں اوڑی محاذ پر تعینات کر دیا گیا۔ یہاں کرنل موصوف نے

شاندار کارنامے سرانجام دیئے۔

آزاد کشمیر میں قائم جملہ محاذوں میں اوڑی کا محاذ زیادہ اہمیت کا حامل اور حساس علاقوں پر مشتمل تھا۔ راولپنڈی سرینگر شاہراہ اسی محاذ کے بیچوں بیچ گذرتی ہے۔ مئی ۱۹۴۸ء کے اوائل میں ہندوستانی فوجوں نے چکوٹھی سے صرف چھ میل آگے حملہ کیا تو کرنل غلام رسول کے زیر کمان مجاہدین دشمن پر ٹوٹ پڑے۔ دشمن بھاری نقصان اٹھا کر پسپا ہو گیا۔ یہاں چھ مجاہدین شہید ہوئے۔ کرنل غلام رسول اعوان نے بوسیوں، مورا، کوبرا پہاڑ، کوہ قاضی ناگ اور دیگر اہم محاذوں پر فقید المثال کارنامے انجام دیئے۔

۲۱، ۲۲ مئی کی درمیانی شب سرینگر مظفرآباد شاہرہ پر دشمن کا دوسرا زبردست حملہ ہوا جس میں ۶/۴ راجپوت رجمنٹ اور ۱۱ سکھ رجمنٹ نے حصہ لیا۔ جب دشمن مجاہدین کے علاقہ میں داخل ہوا تو کرنل غلام رسول کے زیر کمان بٹالین کی ایک کمپنی جو کپتان نور حسین اعوان کے زیر کمان تھی نے اللہ اکبر کا نعرہ بلند کیا تو دشمن کے ساتھ دست بدست لڑائی شروع ہوئی جس میں دشمن کے درجنوں فوجی مارے گئے۔ بھرتی مالی کی پہاڑی پر دشمن کی لاشوں کے ڈھیر لگ گئے۔ دشمن بھاری جانی نقصان اٹھا کر پسپا ہو گیا۔

اس خوف ناک معرکہ میں صرف ایک سپاہی سید محمد اعوان ساکن بکھر سنگولہ شہید ہوا۔ بعد ازاں پیر کنٹھی، لیدی گلی اور عیسٰی کھلا کے پہاڑی مورچوں پر دست بدست لڑائیوں میں مجاہدین نے فتح و نصرت کے جھنڈے گاڑ دیئے۔ عیسٰی کھلا



پہاڑ پر دشمن کی سینکڑوں لاشیں رہ گئیں اور دشمن پسپا ہو گیا۔ اس لڑائی میں ۱۹ مجاہدین شہید ہوئے۔ اس معرکہ میں کرنل غلام رسول اعوان کو فخر کشمیر اور شیر جنگ کے اعزازات سے نوازا گیا۔

ملک محمد یعقوب اعوان آف سنگولہ نے ۱۹۴۷ء، ۱۹۶۵ء اور ۱۹۷۱ء کی جنگوں میں اعوانان سنگولہ کے شہیدوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے لکھا کہ ۱۹۴۷ء میں چالیس، ۱۹۶۵ء میں تیس اور ۱۹۷۱ء کی جنگ میں انیس افراد شہید ہوئے۔ ان میں ایک صوبیدار، چار نائب صوبیدار، چار حولدار، پندرہ نائیک، چھیالیس سپاہی اور انیس مجاہد کل ۷۹ افراد شہید ہوئے۔ ان سب شہدا کا تعلق اعوان برداری اور صرف سنگولہ سے ہے۔ آزاد کشمیر میں کوئی ایسا علاقہ موجود نہیں جہاں کے لوگوں نے وطن اور قوم کی آزادی کی خاطر اتنی بڑی قربانی پیش کی ہو۔

کتاب ''شیر جنگ'' مرتبہ پروفیسر غلام مرتضٰی بن بہک سنگولہ میں کرنل غلام رسول مرحوم کی زندگی کے حالات درج ہیں۔ ''شیر جنگ'' کے مطابق کرنل غلام رسول ۱۸۹۸ء میں بن بہک سنگولہ کے ایک معزز خاندان میں زمان علی خان اعوان کے گھر میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۱۶ء میں بلوچ رجمنٹ میں بھرتی ہوئے۔ جنگ عظیم اول کے دوران اور بعد میں بغداد، مصر، فرانس، چین اور مشرقی افریقہ میں تعینات رہے آپ نے ہانگ کانگ اور شنگھائی میں بھی فوجی خدمات انجام دیں۔ آپ افغانستان میں بھی تعینات رہے۔

۱۹۳۴ء میں ان کی خدمات [illegible] دی گئیں۔ ان کی

# باب چہارم



پوسٹنگ فرسٹ انفنٹری بٹالین کی کمپنی نمبر ایک آصف صابعہ میں بطور نائب صوبیدار ہوئی۔ ۱۹۳۳ء میں صوبیدار اور ۱۹۳۵ء میں صوبیدار میجر ہوئے۔ مارچ ۱۹۳۸ء میں انہیں لیفٹیننٹ کے عہدہ پر ترقی دی گئی۔

جنگ عظیم دوئم میں دکن حیدر آباد کی فرسٹ بٹالین کو انگریزی کمان میں دیا گیا تو ان کو کیپٹن کے عہدہ پر ترقی دے کر بٹالین کمانڈر بنا دیا گیا۔ برما محاذ پر جنگی قیدی ہو گئے تو انہیں ٹوکیو کی ایک جیل میں منتقل کر دیا گیا۔ انہوں نے سبھاش چندر بوس کی انڈین نیشنل آرمی میں شامل ہونے سے انکار کر دیا تھا۔ پروفیسر غلام مرتضیٰ کے مطابق کرنل غلام رسول اعوان جنگی حکمت عملی کے ماہر مانے جاتے تھے۔ وہ جنگ عظیم اول اور دوئم کے آزمودہ کار فوجی آفیسر تھے۔

جنگ آزادی کے دوران مرحوم کے دلیرانہ اقدامات اور بہترین حکمت عملی سے جموں وکشمیر کے اوڑی محاذ کا بہت سا علاقہ فتح ہوا جو اب آزاد کشمیر کا حصہ ہے۔

☆☆☆☆

# سالار سید میر قطب حیدر شاہ
# المعروف عون قطب شاہ

- حیات
- لودی
- جتو
- کوئلی
- لسو
- کلو
- بدی
- فرید
- امیرا
- نتھو
- محمد علی
- کرم بخش
- علی مردان
- مولانا ملک حسام الدین

- مزمل علی کلگاں
- نواب علی
- کلاب
- نمر
- نور
- قادر
- کالا
- دلیپ
- عادی
- تاج ناصر
- نادر

- سید ابو احمد
- عبداللہ گوڑہ
- احمد علی المشہور بدر دین عرف بڈھو
- حسن دوست معروف سندوج یا نجوت
- سگر المشہور سگرا
- تریڑ
- بدھن
- سرجن
- بانموا
- دائم
- لہب
- سید عالم
- دراب
- امیر
- شیر
- دادن

- قائم
- مہندی
- مراد
- دلب
- عزیز
- کھگا
- ڈوم
- رتن
- راج
- ستو
- بچا
- مصری
- بیلی
- مرید
- ملکو
- فتح شیر
- مردان علی
- الحاج جہانداد اعوان



۲۳۴ صـ سے

دلب — اس کا بیٹا سامان صـ ۲۳۷ دھنگ صـ ۲۴۱

عزیز

گھکا — اس کا بیٹا موتن نقل مکانی کرکے میرپور چلا گیا

ڈوم

رتن — اس کا بیٹا لال صـ ۲۳۸

راج — اس کے بیٹے ملکو صـ ۲۴۵ عیلی صـ ۲۸۷ امین صـ ۲۶۸ جگیس صـ ۲۷۹ سرور صـ ۲۸۳ سید صـ ۲۸۴ زجہ صـ ۲۸۹ بیر صـ ۳۱۰

ستو

بچا — اس کا بیٹا شیر صـ ۲۴۲

مصری (جدِ اعلیٰ قبیلہ مصرال) — اس کے بیٹے فقیر کلی، نیکا صـ ۲۴۳ اد علی شیر صـ ۲۴۴

بیلی

مرید

ملکو — جدِ اعلیٰ قبیلہ ملکوال

بہادر علی ، نواب ، فتح شیر ، الہیا

جملہ بھائی صـ ۲۳۶ پر


۲۲۵ سے
ملکو
پڑاں / نالیاں
بہادر علی
نواب
فتح شیر
الٰہیا
نعمت علی
شہادت خان
سندر
نفر
مردان علی
صحبت علی
برہان
ستار محمد
محمد صادق
وزیر محمد
خان بہادر
محمد ریاست
محمد حیات
محمد اکرم
فرقان
شاکر
شیر محمد
کرم الٰہی
نور احمد
محمد احمد
محمد عنایت
جہانداد
خالد محمود
شوکت حسین
عثمان علی
کامران علی
ولی محمد
طالع محمد
سکھن
محمد شفیع
محمد منشاء
شاہباز
محمد مصطفےٰ
محمد مشتاق




۲۳۴ سے
نالیاں / پڑاں
۲۳۵
ساماں
سیفل
قادری
نور
کلا
روشن
دورین
رحیم
جعفر
پیر
ملک
احمد علی
متولی
فیروز
میر احمد
جان محمد
حیدر
زرین
رشید
سلیم
فرید احمد
غلام مصطفےٰ
محمد دین
سکھن
کامران
عمران
فیراز
پرویز
محمد حسین
خان محمد
بلوچ
حیات
حشمت
ستار محمد
محمد امین
طالع محمد
منظور حسین
شفیع
جمال
لال خان
فیروز دین
حفیظ
ذوالفقار
فاروق
اختر
حنیف
محمد زاہد
میر افسر
علی اصغر
علی اکبر

# نالیاں






# نالیاں



# نالیاں






# نالیاں/اچھ



# اُچھ




نوٹ :- نسب الاعوان کے صـ ۲۷ پر دائیں لائن میں شیر حیات بخش کا بیٹا درج ہے جو درست نہیں بلکہ اس کے دادا بکھو کا چچا احمد مرزا کا بیٹا ہے نسب الاعوان کے صـ ۴۳ اور صـ ۴۴ پر واضح ہے ۔



# اُچھ نالیاں



# اُچھ / سیرہل گھلاں






# اکھروٹہ




اکھروٹہ
۲۳۷ صہ سے
سامان
بیجا
اسکا بیٹا جبار ۲۴۶
مالیو
اسکا بیٹا بھکن صہ ۲۵۶
راجو
اسکا بیٹا انصاف صہ ۲۷۸
باز
کماں
ملی
فتو
محمود
علی بخش
محمد حسین
غلام محمد
شیر محمد
اللہ دین
فقیر
علی اکبر
محمد افسر
ماجد
قدوس
محمد شفیع
محمد اسمٰعیل
قاسم
سلیم
غفار
ابرار
محمد رمضان
اختر حسین
کرامت حسین
محمد افضل
عبدالرحمن
عبدالشکور
۲۴۳ سے
۲۴۰ صہ سے
بھادل
محمد دین
شیر
منیسا
رشید
طالب
محمد اسلم
اسکا بیٹا نادر بخش اور کریم بخش صہ ۲۸۵
پہلوان
زاہد حسین




اکھروٹہ
۲۳۸ صہ سے
۲۴۰ صہ سے
حیات
بیتا
اسکا بیٹا حبیب قولی صہ ۲۵۲
اسکا بیٹا جلیل صہ ۱۵۶ شجرہ صہ ۳۱۹
مراد
جتو
علی گوہر
صہ ۲۵۴ سے
طلہ
ہنسو
ہست
لیہ
زمان علی
فتح محمد
تیمور پرویز
ناصر پرویز
شہزاد
شاہباز
شاہ فیروز
یہ کاپٹ زمان علی اکھروٹہ (کلر) سے نقل مکانی
کرکے راولپنڈی شہر میں آباد ہوا۔

# اکھروٹہ


۲۳۸
لال
سلیم
ہاشم
ہوشیار
بڑا
چوہڑا
فتو
سلطان
حشمت علی
۲۵۷
۲۵۸



# سہر


۲۴۰
مراد
۲۵۱
رحمت
۲۵۵
۲۵۰
۲۶۳
۲۵۵
غریب

# سہر






# سہر لبوٹہ



## گوہر ٹشری سالہ






## بانڈھیاں، سہر ٹسری، گوہر ڈکیلی بن




شجرہ سالہ
صہ ۲۴ سے
بوڑا
صہ ۲۴۰
جیتا
نیک محمد
اسکا بیٹا
عزیز ۲۹۷ پر
چوہڑا
سالت
محمد علی
نور محمد
بوڑا
پیرا
ہاشو
زمان علی
پیر بخش
دوست محمد
خوشی محمد
محمد رحیم
مشتاق
اشتیاق
مدار
عزیز
اسکا بیٹا حسین صہ ۳۵۴
موج دین
اسکا بیٹا عمر صہ ۳۴۴
صہ ۲۶۵
سائیل معروف سانولا
خدا بخش
بارو
فیض بخش
شیر
کیلا
محمد خان
علی شان
غلام محمد
لال
فاروق
اکرم
خالد
ساجد
محمد سرور
یوسف
مشتاق
ہدایت
منشی
اشرف
اقبال
میر اکبر
افضل
وحید
آصف
طائف
محمد انور
علی اصغر
حمید
واجد
اکبر
بھولا
پہلوان
فتح محمد
محمد رشید
محمد حنیف
منیر احمد
محمد سلیم
محمد اعظم
محمد حلیم
محمد نقیب
اسرار الحق
انوار الحق
نامر منیر
نوید احمد
نجیب احمد




شجرہ سالہ ڈھولان
صہ ۲۴۹ سے
صہ ۲۵۴
طوطا
اسلو
کرم بخش
منگا اس کا بیٹا شاہ باز صہ ۳۰۳
کالا
جعفر
امیر علی
چھتو
محمد علی
فقیر
فتح دین
جلال
جہان
محمد فاروق
اختر
عبدالرحمن
اشرف
جاوید
اسلم
عابد
زاہد
شفقت
الطاف حسین
مشتاق حسین
طارق
ظہیر
فرمانہ
فتح محمد
فاضل
عارف
اسلم
تنویر
محمد صدیق
وقاص
قاسم
محمد
شاہ محمد
محمد شریف
حسن محمد
فیروز
میر محمد
فقیر
ڈھولو
صاحب دین
ساجد
شکر محمد
جمال دین
عمران
محمد اسلم
محمد افضل
محمد ریاض
سعید اسلم
ظہیر احمد
آفتاب
افتخار
محمد ادریس
عبدالغنی
ساجد
عقیل
عمران
کامران
عدنان
عرفان
شاہ باز
شعیب
امجد
محمد شفیق
محمد شبیر
محمد شکیل
محمد فقیر
محمد الیاس
نوٹ:- صاحب کے بیٹے محمد شریف اور حسن محمد کے بیٹے سخاوت حسین کی جگہ اولاد گوجر خان جھنڈا میں آباد ہے

# پٹوچھی






# پٹوچھی



## پٹھوچھی نارڑ دانلی کھالر






## کمرہ نالر



# کمرہ نالہ ناڑ






# بن جوہڑ



# بن جوڑہ


۲۵۲ سے
کرم بخش
مرزا خان اپنی اولاد سمیت نقل مکانی کر کے ڈڈیال ضلع میرپور میں آباد ہے
۲۶۳ سے



# کیری


۲۳۸ سے
۲۳۸ سے
۲۷۳
۲۷۳

# کیری


۲۴۹ سے
جھنڈا
دانا
فقیر
منگا
حیات
حسین علی
محمد علی
کالو
نیبوں
کالو
فضل صہ ۲۷۳
رستم
موتبا
دت
شیر محمد
دین محمد
محمد صابر
محمد صدیق
عبدالغفور
محمد یونس
محمد اقبال
عبدالعزیز
محمد منیر
محمد نذیر
جاوید اقبال
ظفر اقبال



# مالنی


۲۴۸ صہ سے
۲۵۲ صہ سے
ہاشم
پیارا
بدری
سائیل معروف سانولا اس کا بیٹا کیمان صہ ۲۵۴
اس کا بیٹا دانا ۲۶۷ پر
نورا اسکا بیٹا مرزا صہ ۲۶۶
تاج محمد
فیض محمد
مراد علی
شادباز
امام بخش
محمد علی
فتح شیر
فتح محمد
کالو
علی محمد
امیر محمد
محمد دین
انسر خان
دوست محمد
جلال
محمد حسین
صہ ۲۴۰
خان محمد
محمد صادق
محمد محبوب
محمد اسحق
محمد نواز
عتیق الرحمان
عقیل الرحمان
محمد جاوید
محمد پرویز
اسمٰعیل
الطاف حسین
محمد فاروق
محمد عارف
محمد حلیم
عبدالغفور
محمد انسر
محمد سرور
قربان حسین
محمد نذیر
خوشی محمد
محمد شریف
نور حسین
محمد اکبر
ذوالفقار
عبدالقیوم
محمد افتخار
سجاد حسین
ارشاد احمد
نثار احمد
اسرار احمد

# نسب بنیل

نوٹ۔ جان محمد کی اولاد گراں ڈمکیاں میں آباد ہے



# گراں ڈمکیاں



# بدھانالہ ۔ ڈمکیاں ۔ بن لہٹنڈ






# گراں ڈمکیاں ۔ کہالہ



## بہناکھ

صہ ۲۵۲ سے






## منوٹر، مالھے، ناچھیتر

صہ ۲۴۱ سے




صہ ۲۴۱ سے



# منوٹہ، سیلال ناڑی






# تالاباڑی، منوٹہ



# منوٹہ سیلال باڑی






# ترار کھل داخلی کنجہیری



# ترالڑ کھل






# ترالڑ کھل



# ترار کھل، چھڑ پلندری






# لسوڑہ جلماڈی



## اتونہ دھڑہ چوکیاں، بھوگڑدی ہل






## چوکیاں، رقبہ بنڈیاں، سیونہ۔ بن




سلوبنہ
۲۶۶ صہ سے
مرزا
امانت اس کا بیٹا پہلا صہ ۳۴۳
مرید
دھدو
کرم اللہ
حیات بخش
فضل
احمد علی
منصبدار
حیدر
غلام حسین
علی محمد
فتح علی
علی
دلو
